Presented by: Rana Jabir Abbas

اطلاع یہ کتاب فوائد مذہبی شیعہ کے غرض سے چھپی ہے اہلسنت نہ خریدیں نہ ملاحظہ کریں ۔

جاء الحق وزهق الباطل ان الباطل كان زهوقا

بیمن مفضلات خالق الارضین والسموات درین زمان
سعادت آیات رسالہ شریفہ وعجالہ منیفہ متضمن جواب آیات بینات
موسوم بدفع التحریفات و رفع التلبسات وملقب بہ

رمی الجمرات

از افادات ملکی ملکات قدسی صفات قاطع اعناق الجاحدین
قامع اساس الضالین المتعب نفسہ فی حمایۃ الدین المقتفی لآثار
آبائہ الطاہرین جناب الخال المعظم مدظلہم تصحیح التمسک بذیل الثقلین عباد حسین

در مطبع بستان مرتضوی حیدرآباد طبع پذیرفت

Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

Presented by: Rana Jabir Abbas

بِسْمِ اللّٰهِ الرَّحْمٰنِ الرَّحِيْمِ

نَحْمَدُكَ اللّٰهُمَّ يَا مُلْهِمَ الْخَيْرَاتِ وَمُجِيْبَ الدَّعَوَاتِ وَمُقِيْلَ الْعَثَرَاتِ عَلٰى مَا وَفَّقْتَنَا
لِدَفْعِ التَّحْرِيْفَاتِ وَرَفْعِ التَّلْبِيْسَاتِ عَنِ الْاٰيَاتِ الْبَيِّنَاتِ وَإِزَاحَةِ الشُّبُهَاتِ
بِتَاوِيْلِ الْمُتَشَابِهَاتِ إِلَى الْمُحْكَمَاتِ وَأَنْقَذْتَنَا مِنْ شَفَا جُرُفِ الْهَلَكَاتِ
بِرُكُوْبِ سُفُنِ النَّجَاةِ وَاتِّبَاعِ اَهْلِ بَيْتِ نَبِيِّكَ خَيْرِ الْبَرِيَّاتِ الْمُطَهَّرِيْنَ
عَنْ رِجْسِ الْخَطِيْئَاتِ عَلَيْهِ وَعَلَيْهِمْ اَفْضَلُ الصَّلَوٰتِ التَّامَّاتِ الزَّاكِيَاتِ
الْفَائِقَاتِ وَاَكْمَلُ التَّحِيَّاتِ الطَّيِّبَاتِ النَّامِيَاتِ وَعَلٰى اَصْحَابِهِ الْاَخْيَارِ
السَّابِقِيْنَ فِي الْخَيْرَاتِ الْمُتَمَسِّكِيْنَ بِالثَّقَلَيْنِ فِي الْفِتَنِ الْمُضِلَّاتِ
وَالْمُفْتَحِمِيْنَ فِيْ وَرْطَاتِ الضَّلَالَاتِ الْمُخْرِجِيْنَ مِنَ النُّوْرِ
إِلَى الظُّلُمَاتِ الْمُؤْمِنِيْنَ بِاَفْوَاهِهِمْ دُوْنَ صِدْقِ النِّيَّاتِ الْمُتَنَافِسِيْنَ
فِي الدُّنْيَا الدَّنِيَّةِ وَمَا يَحْوِيْهَا مِنَ اللَّذَّاتِ الْمُوَقِّرِيْنَ ظُهُوْرَهُمْ بِاَوْزَارِ الْاٰثَامِ
وَالتَّبِعَاتِ مَا دَامَتِ السَّمٰوٰتُ حَوْلَ الْاَرَضِيْنَ دَائِرَاتٍ ذَرَّاتِ الذَّارِيَاتِ

امابعد حمد وثنای ایزد منعام واہدای ہدایای صلوٰۃ وسلام بحضرت
خیر الانام وآلہ الکرام اوپر منصفین اہل ایمان واسلام کی مخفی ومحتجب نہیں کہ باعث
ایک رسالہ آیات بینات نام تصنیف عظیف قمقام عالی مقام والاحتشام
جناب سیّد مہدیعلی صاحب ہداہ اللہ الی سبل السلام اس عبد ستہام اقل
الانام کی نظر سی گذرا دیکھا ہے کہ تمام مملو از اتہام اور مبتنی اوپر خیالات خام اور تقریرات
مختل النظام کی ہی اور ہرگز صلاحیت اسکی نہین رکہتا کہ خدام علمای کرام
متوجہ اُسکی نقض وابرام کی ہون اور کیونکر ایسا نہو حالانکہ بعد اسکی ظاہر ہوگا
کہ مصنف رسالہ فہم عبارات فارسیہ مین قاصر اور اصطلاحات علوم رسمیہ سے
مطلقا غیر ماہر ہین اور زیور علم وکمال سے بالکل عاری اور عاطل اور اپنی تئین
صاحب لیاقت منصب تصنیف سمجہنا اُنکا محض خیال خام اور ہوس باطل ہی
اور علمای فن مناظرہ وکلام اور قدمائی کملای والامقام نے فرمایا ہی
کہ ضرور ہی کہ ایسے حضرات سے مخاطبہ اور محاورہ متروک ہو چہ جای انیکہ
مسلک مجادبہ ومناظرہ مسلوک ہو مگر چونکہ یہ رسالہ اونکا بزبان اُردو موجب
فریب عوام الناس اور ہیجان وسواس اُن لوگون کا ہی جو تفاصیل دلائل اور
اصول مسائل سی آگاہ اور ماہر نہین اور طریقی تحقیق حقائق اور تنقیب دقائق کے
اُن پر ظاہر نہین اور مقاصد کلام اور غایات مرام اور مواضع اتہام اور کجی افہام
اور تخیلات خام اور اباطیل اوہام سے بیخبر ہین لہذا ضرور ہوا کہ حقیقت حال
اور کجای ہر مقال سے اُنکو آگاہی دیجاوے تا قطاع الطریقان راہ دین وایمان سے
بچین اور درمیان ضالین اور مضلین اور ہادیان راہ دینکے تمیز دین اور دین

عین نہ آوین اور بناوانی دہوکا نہاوین بدین لحاظ اس خاکپای طلاب مومنین
وتراب نعال ارباب دین ویقین نے یہ چند سطرین بسبیل فی اللہ واسطی کشف تمویہات
وتلبیسات وازالہ تلمیعات وتدلیسات صاحب رسالہ کے لکھین لیکن افسوس
دو امر کاہی ایک یہ کہ معروف ومشہور ہی کہ لطف خطاب ساتھہ مخاطب صحیح کی
ہوتا ہی اور ہماری حضرت مخاطب قطع نظر عدم استقامت فہم اور اعوجاج طبع کی
مصطلحات فن میزان ومناظرہ سے بہی بالکلیہ کوری ہین اور ماہرین فن پر بخوبی
ظاہر اور روشن ہی کہ طرح مناظرہ جیساکہ مخاطب نی کی ہی جز عوام کی تبقریر عاجزانہ
اہل علم سی نہین ہوسکتی دوسری اس زمانہ مین کوئی ایسا مرد میدان مباحثہ ومناظرہ
نہین نظر آتا کہ سختیان حملات ضربت حیدریہ اور صدمات بوارق موبقہ غضنفریہ
اور طعن رماح فرقہ جعفریہ اور کرسی چوبین صمصام اور صوارم متکلمین اثنا عشریہ کی اٹہائے
اور پہر متحمل اسکا ہو جای اور واغوثاہ واغوثاہ زبان پر نہ لائی ہان صاحب رسالہ
بسبب اسکی کہ خودبادی بدرشتی ہی شاید متحمل کو کام فرمائی اور جواب ترکی بہ ترکی
سنگریشانی شریف پر شکن نہ لائی لیکن ہم اکثر ان دشتیہای بجا سی جو صاحب رسالہ نی
شیعون کی حق مین کی ہی چشم پوشی کرتی ہین اور بمقتضای قولہ قولا لینا جواب سختی
بلائمت دیتی ہین اور امید خدا سی ہی کہ انصاف کو کام فرماکی ہدایت پادی اور
راہ باطل سے پہر راہ حق پر آوی ـــ واللہ ولی التوفیق وما علینا الا البلاغ ـــ

من آنچہ شرط بلاغ ست باتو میگویم ✻ تو خواہ از سخنم پند گیر خواہ ملال ✻ اومید ہی

کہ ہمنی اس رسالہ کو ساتھہ دفع التحریفات ورفع التلبیسات کی اور ملقب کیا ساتھہ
رمی الجمرات کی وہ انا اشرع فی المقصود متوکلا علی فیض الخیر والجود

شارہ ۱ است بعزت
یکہ درین زمانہ حضرات
درشتیہای بجا میکنند
اگر اصدی از اہل تشیع
بمقتضای آنکہ جواب تلخ
بتلخی نشنیدہ جوابش بگلم
نرم داد چون قوت بخش
آزرد بر ایشان
ست وبای مظلومانہ
ع لبدلت می آرند
بی انصافی از بادی
چشم می پوشند ۱۲
۱۲
۱۲

قال المخاطب المقام ہداہ اللہ سبل السلام

الحمد للہ رب العالمین والصلوٰۃ والسلام علی نبیہ وحبیبہ سید المرسلین محمد

وآلہ واصحابہ وازواجہ وامتہ اجمعین ۵

یقول المتمسک بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ السلام

واضح رہی کہ معرکۂ مناظرہ مین قدم رکھنا اور علم کلام مین تصنیف کرنا کام اُن علمائے اعلام کا ہی جو اسکی لیاقت اور اس فن مین حذاقت رکھتی ہون نہ ہر صاحب عقل خام اور عامی عامی کالانعام کا علمای اہلسنت وجماعت سی جو اصحاب فہم وبراعت اور حاذقین فی الصناعۃ تھی اور جملہ اہل سنّت کو اُنکی فضائل اور کمالات کا اقرار اور اونکی افادات کا اعتبار اور اونکی تحقیقات اور تدقیقات پر افتخار ہی وہی لوگ مصنفین علم کلام ہین وعلی ہذا القیاس امامیہ اثنا عشریہ سی بھی اس فن کی متکفل اور حامل وہ علمای اعلام ہین جو علمای اہلسنت کی نزدیک صنوف علوم مین پیشوا اور امام ہین اور جمیع فنون کمال مین رئیس اور مقدام ہین جسطرح جناب سیّد مرتضیٰ علم الہدی جنکو امام یافعی نی اہلسنت کی ان الفاظ سی اپنی تاریخ مرۃ الجنان وعبرۃ الیقظان مین یاد کیا ہی — کان اماما فی علم الکلام والادب والشعر اور ابن بسام اندلسی نی کہ اعظم علمای اعلام اہلسنت سی ہین علی ما نقل عن کتابہ الذخیرۃ اُنکی شان مین لکھا ہی کہ امام ائمۃ العراق الیہ فرجع علمائہا وعنہ اخذ عظمائہا — اور جناب محقق نصیر الدین طوسی علیہ الرحمہ اونکی شان رفیع مین علامہ قوشجی اہلسنت کی یہ الفاظ آغاز شرح جدید تجرید مین لکھتی ہین — المولی الاعظم والحبر المعظم قدوۃ العلماء الراسخین اسوۃ الحکماء المتالہین نصیر الحق

والدین محمد بن محمد الطوسی قدس اللہ نفسہ وروح رمسہ اور اسی طرح بیشتر اہلسنت
اونکی کمال عدیم المثال کی معترف ہین اور اونکی بحور افادات سی آجتک متعرف
اور جو شخص کہ رتبۂ کمال کو نہ پہونچا ہو اور تحصیل مبادی اور بوادی ضروریہ نکر چکا ہو
اُسکو اس معرکہ مین قدم رکھنا اور مطالب کلامیہ اور فنون اصول اسلامیہ مین
بحث وکلام کرنا نہایت ممنوع ہی بلکہ غیر مشروع امام ہمام اہلسنت کی امام محمد غزالی
رابع اول احیاء العلوم مین فرماتی ہین ـــ یحترز الخائض فی العلم فی مبدء الامر
عن الاصغاء الی اختلاف الناس سواء کان ما خاض فیہ من علوم الدنیا او من
علوم الاخرۃ فان ذلک یدہش عقلہ ویحیر ذہنہ ویفتہ رایہ ویؤیسہ من الادراک
واطلاع الی ان قال ومنع المبتدی عن الشبہ یضاہی منع الحدیث العہد بالاسلام
عن مخالطۃ الکفار وندب القوی الی النظر فی الاختلافات یضاہی حث القوی علی
مخالطۃ الکفار ولہذا یمنع الجبان عن التہجم علی صف الکفار ویندب الشجاع الی
ان قال وتشبیہ الضعیف بالقوی فیما یری من ظاہرہ انہ ہفوۃ یضاہی عثرار
من یلقی نجاسۃ یسیرۃ فی کوز ماء ویعلل بان اضعاف ہذہ النجاسۃ قد یلقی
فی البحر والبحر اعظم من الکوز فما جاز للبحر فہو للکوز اجوز ولا یدری المسکین ان البحر
بقوتہ یحیل النجاسۃ ما لم تنقلب النجاسۃ باستیلائہ علی صفتہ والقلیل من النجاسۃ
یغلب علی الکوز ویحیلہ علی صفتہا انتہی باسقاط الزوائد والتقاط الفوائد خلاصہ آن افادات کا
باختصار واقتصار یہ ہی کہ جو شخص مبتدی ہو اُسی اختلافات مذاہب مین دخل دینا
نہ چاہئی اسلئی کہ اگر دخل دیگا تو عقل اُسکی مدہوش اور ذہن اوسکا حیران
اور رای اُسکی سست ہوجاویگی اور اُسکو یاس ہوجاویگی اطلاع وادراک

حقائق سی اور مبتدی کو جو منع کیا گیا ہی تو ویسا ہی ہی کہ جیسا نو مسلم کو کفار کی
مخالطت سی منع کرتی ہین اور قوی کو یعنی شخص کامل کو جو اجازت اختلاف مذاہب کے
دیکھنی کی دیتی ہین تو یہ مثل اسکی ہی کہ قوی شخص کو مخالطت کفار کی بھی اجازت دیجاتی ہے
اور اسی وجہ سی بودی کو مقابلہ سی کفار کی منع کرتی ہین اور شجاع کو اُس معرکہ مین
پیش قدم کرتی ہین اور اگر کوئی یہ خیال کری کہ ضعیف العقل وکم علم اگر اختلافات
مذہبی مین دخل دی تو کیا مضائقہ ہی اسلئی کہ عالمون کو اور متبحرون اور ماہرون کو
اجازت ہی تو یہ خیال ویسا ہی ہی کہ جیسا کوئی شخص ایک انبخوری مین تھوڑی نجاست
ڈال دی اور یہ کہی کہ اس سی کئی مرتبہ زیادہ اور مضاعف نجاست دریا مین پڑتی ہے
اور دریا نجس نہین ہوتا تو اگر تھوڑی سی نجاست آبخوری مین پڑگئی تو آبخورہ کا ہی کو
نجس ہوگا یہ خیال کرنیوالا نادان اور بیاہ یہ نہین سمجھتا کہ دریا ایسی قوی چیز ہی کہ
نجاست کو اپنی صفت پر کھینچ لاویگا اور آبخورہ بہر پانی اتنا بیمقدار ہی کہ خود نجس ہوجائیگا
یہی حال کم علم آدمی کا ہی انتہی محصلاً مخفی نرہی کہ حضرت مصنف رسالہ اگرچہ
عہدہ ہای جلیلہ انگریزی پر ممتاز ہین اور قانون فہمی کی لیاقت بدرجۂ کامل رکھتے ہین
مگر علوم اسلامیہ اور فنون کلامیہ سی اسدرجہ ابتلک دور ہین کہ خبر متواتر اور اخبار آحاد کی
معنی بھی نہین جانتی جو طالب علم تہذیب خوان بھی جانتا ہی بلکہ فارسی عقائد کی
کتابین جنہون نی پڑہی ہین وہ بھی اسی جانتی ہین جیسا کہ حدیث نجوم مین واضح ہوگا
اور جو کچھہ دقیقہ سنجی اور نکتہ شناسی اُنکی اس کتاب کی معائنہ سی واضح ہوئی ہی اُسکا بیان
بقدر ضرورت آئندہ ہوتا رہیگا ایسی بزرگوار کو ارباب کمال مبتدیون مین بھی شمار کرنہین
تامل فرماوینگی چہ جای اینکہ اس سی زیادہ رتبہ اُنکا بڑہا دین پس حضرت نی جو اس

استعداد علمی اور لیاقت پر ارادہ کیا کہ جو نزع اور مباحثہ فیما بین اہل سنت آور امامیہ
کی ہی اسکو طی فرماکی امور متنازعہ مین احقاق حق کرین تو حضرت کا وہی حال ہوا
جو امام غزالی نی بیان کیا ہی اور کاش بعد اختیار مذہب اہلسنت کی امام غزالی کی
کلام پر عمل فرماتی تو اس آفت سی محفوظ رہتی کہ جسطرح پہلی بقول خود شیعہ سی سنی ہوئی
ویسا ہی اب بقول فحول علمای اہل اسلام جنکی فتاوی اور افادات اخبار نور الآفاق
وغیرہ مصنفات ومنمقات مولوی امداد علیخان صاحب ڈپٹی کلکٹر وغیرہ مین مذکور
اور مسطور ہین دائرہ اسلام سی قدم اٹھاکر اس احاطہ مین رکھا ہی جسکو یہ سب علما
حظیرۃ الکفر قرار دیتی ہین بہرکیف اگر کوئی شخص شہرۂ جاہ وجلال حضرت مصنف
سنکر استبعاد اور استغراب کری کہ ایسا جلیل الرتبہ کیونکر استعداد علمی سی بی بہرہ
ہوگا تو الطاف خفیہ ربانیہ سی یہ امر ہی کہ اس شخص کو زیادہ اس کتاب کی سیر کی احتیاج
نہین یہی خطبہ یک سطری اس رسالہ کا دیکھ لے اور سمجھ جاوی کہ بیان اس اسم
ضعیف البنیان کا بلاکم وکاست صحیح اور درست ہی اسلئے کہ تعمیم صلوۃ تمام امت پر
کہ جس سی متبادر کل وہ لوگ ہین جو شہادتین زبان پر جاری کرین اگرچہ بمصداق
لما یدخل الایمان فی قلوبہم کی ہون اور داخل زمرۂ — یقولون بافواہہم مالیس فی
قلوبہم — کی ہون اور گو کہ اصحاب فسق وفجور اور ارباب شیطنت وزور سی ہون
یا اہل بدعت وغرور سی ایسی قباحت بکمال وضاحت رکتی ہی کہ اگر تھوڑا سا بھی علم
وفہم انسان رکھتا ہو تو سمجھ گا کہ مبتدیان طلبہ بھی جسارت تسطیر ایسی عبارت کی نکرینگی
اگر تحصیل دنیا لانع تکمیل وتحصیل علوم نہی تو تماش قرآن مین فقط آیہ — ولا تصل علی
احد منہم مات ابدا — ساتھہ ضمیمہ اس بیان مفسرین کی کہ صلوۃ سی یہان مصطلح

شمر ہی مراد نہین بلکہ مطلقاً دعای رحمت مراد ہی ملاحظہ فرماتے اور لفظ اجمعین جو تاکید مفید
استغراق ہے نہ لاتی اور منافقین امت کو قابل صلوۃ نہ ٹہراتے اور اگر فوج یزید اور
قاتلان امام مظلوم شہید کو کہ سب امت سول سی سعدو ہین اور اونہین کی شان مین
جماعۃ من امتی لایالہم اللہ شفاعتہ وارد ہی مورد صلوۃ اور مرجع تحیات ٹہراتا
حضرت مصنف پر کمال تسنن تازہ سے شاق نہو تو کوئی جائی استعجاب نہین ہے
اسلئی کہ امام غزالی نے بہی یزید کی بارہ مین لکہا ہی علی ما نقل عنہ فی حیوۃ الحیوان للدمیری
تحت لغۃ الفہد اما الترحم علیہ فجائز بل مستحب بل داخل فی قولنا اللہم
اغفر للمومنین والمومنات فانہ کان مومنا یعنی رحمت بہیجنا یزید پر جائز ہی بلکہ مستحب
ہی بلکہ یزید داخل ہے ہماری اس قول مین کہ خداوندا تو مغفرت کر سب مومنین اور مومنات
کی اور یہ بات محقق ہی کہ یزید مومن تہا تمام ہوا کلام امام غزالی کا حالانکہ یزید وہ پلید ہی
کہ جسکی حق مین جناب علامہ لاثانی سعد الدین تفتازانی شرح عقائد نسفیہ مین ارشاد فرماتے
ہین کہ ومنہا ان الذی ثبت بالتواتر انہ امر بقتل الحسین واستبشارہ بذالک واہانتہ اہل البیت
النبی مما تواتر معناہ وان کان تفاصیلہ احادا فنحن لا نتوقف فی شانہ بل
فی ایمانہ لعنۃ اللہ علیہ وعلی انصارہ واعوانہ یعنی حق یہ ہے کہ یزید
کا خوش ہونا امام حسین کو قتل کر کے آنحضرت اس فعل پر راضی ہونا اوسکا اور اہانت کرنا اوسکا
اہلبیت نبوی کی اون امور سی ہے کہ جسکی خبر متواتر معنوی ہے اگرچہ تفاصیل احادیث
سی معلوم ہوئی ہون ہم نہین توقف کرتی اوسکی شان مین بلکہ اوسکے ایمان مین لعنت
خدا اوسپر اور اوسکی اعوان اور انصار پر انتہی لیکن قیامت بپا ہوئی ہی کہ قاتلان
حضرت عثمان بن عفان اور شجاع الدین ابولؤلؤ قاتل حضرت عمر ابن الخطاب سب

Presented by: Rana Jabir Abbas

سورہ رحمت ٹھہر گئی معلوم نہین کہ اگر حضرات مقتولین مقبولین اہل سنت زندہ ہوتے
تو اونکی قاتلون پر رحمت اور صلوٰۃ بھیجنی پر حضرت مصنف سی کس طرح پیش آتی غالباً
فرماتا امام غزالی کا وہ مہم منتصب لابی بکر الصدیق و لو سراۃ لکان اول عدو لہ
صادق آجاتا اور تعجب یہ ہی کہ یہ فقرات معمولی ہین ہزارہا مصنفین و مسج کتب خطب
کرتی ہین مگر یہ ترقی و اضافہ و تسلیم صلوٰۃ جو حضرت نبی کے ہی کسینے بھی نہین کے
حضرات اہل سنت کا عجب حال ہے کہ کبھی تو صلوٰۃ مین ایسا مضائقہ ہوتا ہے
کہ آل محمد پر بھی نقطے پر اعتراض ہوتا ہی چنانچہ مناظرہ بعض علمای شیعہ کا ساتھہ بعض فضلاے
اہلسنت کی کہ مدعی سیادت تھی مشہور اور بعض کتب مین بطور لطیفہ مذکور ہی کہ عالم
شیعی نے آل محمد پر صلوٰۃ بھیجی فاضل سنی نے فرمایا کہ کیون صلوٰۃ بھیجتی ہو کیا دلیل
ہی واسطے جواز صلوٰۃ کی غیر انبیا پر عالم شیعی نے کہا کہ دلیل آیۂ کریمہ اذا اصابتھم
مصیبۃ قالوا انا للہ و انا الیہ راجعون اولئک علیھم صلوات من ربھم و رحمۃ
ہی فاضل سنی نے از راہ کمال عناد بلا لحاظ عقوق آبا و اجداد کی کہا کہ علی ابن ابیطالب
اور اونکی اولاد کو کیا مصیبت پہونچی جو مصداق اس آیہ کی ہو سکین عالم شیعی نے ذکر
مصائب اہلبیت کو نظر بشہرت ترک کر کے واسطے زیادتی تخجیل مناظر کی فرمایا کہ اس سے
زیادہ کیا مصیبت ہو گی کہ تم سے ناخلف فرزند اونکی اولاد مین پیدا ہوا ہی کہ بعض مناقب
کو اون پر ترجیح اور تفضیل دیتا ہی اور اپنی آبا و اجداد پر صلوات بھیجنی کا بھی روادار نہین
ہوتا ہی اہل مجلس اس لطیفی پر ہنسے اور فاضل سنی منفعل اور خفیف اور خجل ہوئی اور
بعض شعرانی جو حاضرین مجلس تھی یہ اشعار تضمین کیی اذا العلوی تابع ناصبیا ... فما ھو من ابیہ و ان الکلب خیر منہ طبعا ... فان الکلب یلبع ابیہ فیہ ... او کہی بلحاظ اسکی کہ شیعہ

صلوۃ آلِ محمدؐ پہنچتی ہین یہ امر ایسا ناگوار خاطر ہوا کہ حضرت مصنف نی استدراد سکو ازالہ
اور بی حقیقت کردیا کہ قاتلان جگر گوشہای رسولؐ خدا بلکہ کشندگان مقتدایان باغوا علا
حضرت مصنف کی بہی اوسمین دخل ہوگئی اور یہ بہی لطیفہ قابل ملاحظہ ہی کہ وہان
جو صاحب مانع تصلیہ آل رسولؐ تہی وہ بہی مدعی سیادت تہی اور یہان جو صاحب صلوۃ
کو اس درجہ بی قدر اور ارزان کرتے ہین وہ بہی ادعای سیادت رکہتی ہین الحاصل
یہ عبارت فصیح و بلیغ جو مخاطب نی تحریر فرمائی مخدوش ہی بچند وجہ اول یہ کہ آلہ کو صحابہ
پر مقدم کرنا خلاف مذاق جمہور اہل سنت وجماعت ہی اسلئی کہ اونکی عقیدی مین تو بعد
جناب رسولؐ خدا کی کل خلایق پر من حیث الثواب والرتبہ تفضیل شیخین کو ہی جیسا کہ
عقائد نسفی مین جو معتبر کتاب اہل سنت کی ہی موجود ہی افضل البشر بعد نبینا ابوبکر الصدیق
ثم عمر الفاروق انتہی بلکہ ظاہر عبارت تفضیل انبیای اولی العزم پر بہی ہی فما ظنک بغیرہم
اور ہرگاہ مخاطب نی دامن آل کا چہوڑا اور صحابہ ثلثہ کا محکم پکڑا ہی تو لازم تہا کہ
لفظ آلہ کو صحابہ پر مقدم نکرتا تاکہ زبان ساتہہ قلب و جنان کی موافق اور مطابق ہوتی
یہ نہین کہ فریب عوام کی لئی دلمین کچہہ اور زبان پر کچہہ دوسری لفظ صحابہ عام ہی
شامل ہی کل صحابہ کو کسیکو استثنا نہین کیا بلکہ لفظ اجمعین سے تاکید شمول کر کی سبکو
گہیر لیا حالانکہ بعض صحاب ایسی ہین کہ جنکی حق مین جناب رسول خدا نی فرمایا کہ
من الاصحاب من لایراانی بعد ما یفارقنی یعنی بعض صحاب ایسی ہین کہ بعد اسکی
مجہسی مفارقت کرینگی پہر مجکو نہ دیکہینگی اور حضرت خلیفہ ثانی حضرت ام سلمہ سے
پوچہتی تہے کہ آیا مین بہی اونہین مین سے ہون جیسا کہ نہایہ ابن اثیر مین کہ معتبر کتاب
اہل سنت کی ہی موجود ہے اور بہی اصحاب مین ہین وہ لوگ جنکا ذکر حدیث حوض

ین سے یعنی فرشتے اونکو حوض کوثر پر سی دور کردینگے جیسا کہ صحیح مسلم اور صحیح بخاری اور
دیگر صحاح مین ہے اور محصل بعض طرق حدیث کا یہ ہی کہ بعض صحابہ کو ذات الشمال
یعنی فرشتگان عذاب گرفتار کرلین گے پس جناب رسول خدا اون ملائکہ سی فرمائینگے
کہ اصحابی اصحابی یا اصیحابی اصیحابی یعنے یہ اصحاب میری ہین پس ملائکہ عرض کرینگے
کہ جس روز سی آپنے انسی مفارقت کی اوسی روز سی یہ مظہر ارتداد ہوئی اور الٹی پاؤن
راہ کفر پہیری پس رسول خدا اون اصحاب کی حق مین سحقا سحقا فرمائینگے یعنی رحمت
خدا سے انکو دوری ہو اور یہی معنے ہین لعنت کی بالجملہ اگر ان سب صحابہ پر حضرت
مخاطب صلوات بھیجتی ہین تو اونکو اختیار ہی اور اگر کچھ لوگونکو مستثنے کرتی ہین تو یہہ استثنا
کالمعنی فی بطن الشاعر ہوگا تیسری لفظ ازواجہ شامل ہی جمیع ازواج کو شیعون کو
آمین اور کچھ جای کلام نہین ہے مگر اسیقدر کہ بعض ایمن سی جو مصداق آیۂ فقد صغت
قلوبکما ہین یعنی ای عائشہ وحفصہ تم دونون کی دلون نی میلان بہ بدی کیا ہی پس کوئی
خبر مثل خبر قرآنی کے اوپر حسن حال اور حسن مآل انکی قائم کرنے چاہیئی حالانکہ حسن حال
ومآل مخالفت نص قرآنی وَقَرْنَ فِی بُیُوتِکُنَّ سی ظاہر ہی کہ خدا نی تو حکم کیا کہ گہر سی
باہر نہ نکلو اور حضرت ام المؤمنین عائشہ صدیقہ مجتہدہ تا بصرہ کہ مدینہ سی منزلون دور
ہی تشریف لیگیین اور درمیان فوج کثیر کے معرکہ آرا ہوئین اور سگہای دنیا کی حمایت
مین حدیث تنبحها کلاب جوآب دایاک ان تکونی یا حمیرا پر عمل نہ فرمایا اور فریب شیاطین کہایا محصل حدیث علی ہذا فی النہایہ یہ ہی کہ جناب رسول خدا
فرماگئی تھے کہ ایک زن میری ازواج سی لڑنی کو نکلی گے اور کتی حواب کی کہ وہ
ایک مقام ہی درمیان مدینہ اور بصرہ کی اسکو دیکھکر بھوکین گے پہر او حضرت

نی خود حضرت عائشہ سی مخاطب ہوکر فرمایا کہ ڈراس بات سی کہ وہ تو ہی ہوای حمیرا
لیکن باین ہمہ باغوای طلحہ وزبیر قدم معرکہ جدال وقتال مین رکھا اور نفس رسول سے
جنکی شمایمین خرمکت حزبی مشہور ومعروف ہی لڑین یہانتک کہ قیس ہزار مسلمانون کو
قتل کرواڈالا اور بعد خرابی بصرہ مدینہ کو پھیرین اور عذرات اہل سنت اسمقام پر قابل
تماشای اہل انصاف ہین کبھی کہتے ہین کہ یہ معرکہ عظیم لاعن قصد وشعور برپا ہوا کہ جسکی
بانی صبیان تھے وھذا ممایضحک علیہ الصبیان کبھی عذر خطا فی الاجتہاد بیان فرماتے
ہین اگرچہ یہ اجتہاد مخالف نصوص قرآن وحدیث ہو کہ بالاتفاق جائز نہین اور کبھی عذر
توبہ وندامت پیش لاتی ہین اور کلام اولاً اوسکے ثبوت مین ہے اور ثانیاً اوسکی مقبولیت
مین خصوصاً نظر بحقون ناحق مسلمانان کہ متعلق بحقوق الناس ہی چوتھی لفظ امتہ جو ایجاد
طبع زاد مخاطب ہی اسمین جو قباحتین ہین پیشتر اس سے معرض بیان مین آئین کہ منافقین
امت اور قاتلین ذریت حضرت رسالت بلکہ قاتلین بنقتہ ایمان سنیان مثل قاتلان عمر و
عثمان سب اسمین داخل ہین کسیکو استثنا نہین کیا بلکہ لفظ اجمعین نے سبکو گھیرلیا اب ہمین
مقام پر بطور لطیفہ یہ گذارش ہوتا ہی کہ خود ہی حضرت مخاطب نی بعد چند سطرون کی
اشارہ طرف حدیث متفرق امتی کی فرمایا ہی یعنی جناب رسول خدا نے فرمایا کہ میری
امت کی تہتر فرقہ ہونگی اور جزا ایک کی کلہم فی النار ہین پس جب لفظ امتہ اجمعین سے یہ
کل فرق امت مورد صلوۃ ہوی تو شیعونکو شکر گذار اسکا ہونا چاہئے کہ حضرت مخاطب
فی ہمکو بھی قابل صلوۃ جانا لیکن مقام افسوس یہ ہی کہ ہم اسکی مقابلہ مین بجز اون صلواتون
کے جو مقابل صلوۃ ہین کچھ کہہ نہین سکتے اسلئے کہ مخالف کلہم فی النار ہوجاویگا اور
ایسان بحدیث نبوے مثل مخاطب کی ہاتھ سے جاویگا پس امید ہے کہ

کہ اس بارہ مین ہمارا عذر قبول ہو ۔ ۔ ۔ والعذر عند کرام الناس مقبول +

فقال المخاطب المقام ہذا وانا للہ سبل السلام بعد حمد وصلوٰۃ کی جانا چاہیے

کہ خدای عزوجل نی ہماری ہدایت کیواسطے اپنا محبوب پیغمبر بھیجا اور اپنا خاص کلام اسپر

نازل کیا اور چراغ رہنمائی کا اوسکی ہاتھہ مین دیا اور اپنی کمال مہربانی سی شرک اور کفر

کی تاریکی سے نکال کر ہماری دلونکو نور ایمان سی روشن کیا پس ایمان اور اسلام

ایک ایسی اوسکی نعمت ہی کہ ہم اوسکا شکر ادا نہین کرسکتی لیکن شیطان نی بعد ایمانکے

اکثر مسلمانون کو بہکایا اور اونکے دلون کو طل عقیدون سے پہر تاریک کردیا اور

مسلمانون مین ایسا تفرقہ ڈال دیا کہ بہتر فرقے گمراہ ہوگئی جنکی نسبت ہمارے

رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نی پہلی ہی سی خبر دی تہی پس ہم لوگون کو فقط اسلام

کے نام پر خوش ہونا اور صرف توحید اور نبوت کی اقرار پر اپنی آپکو ناجی سمجہنا نہایئی

بلکہ ہر عقیدی کے تحقیق کرنا اور ہر اعتقادی مسئلہ کی تطبیق کتاب اللہ اور کتاب

الرسول سی دنیا ضرور ہی اور یہ ممکن نہین ہے کہ جو شخص اپنی سمجہی اور صاف دل سے

صرف اپنی نجات کی امید پر خدا کی کتاب کو دیکہی اور تعصب اور عناد کو دخل نہ دے

وہ حق اور طل مین تمیز نکر سکے اور ایسی حق کے طالب کو خدا گمراہی مین پڑا

رکہی ہان جو کوئی پہلے ہی سی سچائی کا طالب نہو اور مذہبی تعصب مین گرفتار ہو اور

سوای مجادلہ اور مکابرہ کی اوسی اور کچہہ منظور نہ ہو اور اپنی آبائی دین اور مذہب

کو تقلید اہی جانتا ہو اور انا وجدنا اٰباءنا علی امۃ وانا علی اٰثارہم مقتدون

کہتا ہو وہ بیشک اپنی گمراہی مین پڑا رہی گا اور دل کو طل عقیدون سی کبہی پاک

وصاف نہ کرسکی گا بقول کمہتک بولا یہ علی ابن ابیطالب علیہ السلام

یہ بھی جاننا چاہیئے کہ جب خدا نے چراغ رہنمائی اپنے پیغمبر کے ہاتھہ مین دیا تو اوسکی روشنی سے
لوگ تین قسم پر ہوئے ایک تو کافر محض جنکی بصر بصیرت پر عصبیت کی پردی پڑے
ہوی تھے پس اس چراغ ہدایت سے اونکو کچھہ نفع نہ ہوا اور وہ لوگ محض ضلالت
وغوایت وجہالت مین پڑی رہ گئی جیسے اشال ابوجہل وابولہب وغیرہ دوسری مومن
محض کہ جنہون نے اقرار بالسان اور تصدیق بالجنان بلکہ عمل بالارکان بھی کیا
اور ظاہر اور باطن اونکا از سر تا پا نور ایمان اور ضیاء ایقان سے منور ہو گیا اور جنکو
یقین اعتقاد جازم ثابت مطابق للواقع ہے پس ممکن الزوال نہوگا تیسری وہ لوگ
کہ جنکی زبان پر کلمہ ایمان جاری ہوا لیکن تصدیق جنانی سے عاری تھی پس ظاہر
اونکا تو نور ایمان ظاہری سے منور تھا مگر باطن اونکا ظلمت کفر وشک وریب سے
تیرہ وتار رہا اور یہ لوگ مذبذبین بین ذلک لا الی ھؤلاء ولا الی ھؤلاء
رہے چنانچہ ابتدای کتاب خدا مین ان تینون قسمون کی لوگون کا ذکر ہی اور مثل
مین اس قسم ثالث کی جو مصداق فی قلوبھم مرض کی تھی جناب باری نے
نہایت مبالغہ فرمایا ہی اور اونکے توضیح حال کی لیئے مثالین لطیف اور نادر بیان
کی ہین چنانچہ فرمایا ہی مثلھم کمثل الذی استوقد نارا فلما اضاءت ما حولہ ذھب اللہ
بنورھم وترکھم فی ظلمات لا یبصرون پھر فرمایا او
کصیب من السماء فیہ ظلمات ورعد وبرق تیسری آیہ فرمایا یکاد البرق یخطف
ابصارھم کلما اضاء لھم مشوا فیہ واذا اظلم علیھم قاموا الطف ان تمثیلون کی تفاسیر مین مثل بیضاوی
وغیرہ کی بوجہ احسن مذکور ہین کہ جس سی ثابت ہوتا ہی کہ ایسے لوگون کا نور ایمان
ناقص ہی کو بسبب ایمان ظاہری کے فوائد ایمانی ودینوی سے متمتع ہوی اور مال غنیمت

وزکوٰۃ کو پایا اور جان و مال اپنا بچایا کہ حقیقت مین ظلمات ضلالت اور غوایت
مین گرفتار رہی پس یہہ اصحاب ایمان ناقص منافقین امت تہی کہ داخل زمرہ اصحاب
رسول اللہ تہی جیسا کہ بعد اسکی امام نووی سی شرح مسلم مین نقل ہوگا کہ انہم کانوا
معدودین فی اصحابہ یجاہدون معہ اما حمیۃ او لطلب الدنیا یعنے منافقین
امت اصحاب رسول خدا مین معدود اور محسوب تہی اور آنحضرت کی ساتہہ
جہاد و غزا مین شریک ہوتی تہی یا بحمیت یا بطلب دنیا پس ایسی ہی لوگ سبب اور
اوینکا کل فسادات کی ملت اسلامیہ مین ہوے اور انہین لوگون کی شبہات
شک و ریب سی ایک فرقہ کی تہتر فرقی ہوی کہ جنکی شان مین کلہم فی النار الا
واحدۃ ہی جیسا کہ اوائل کتاب اہل انجیل مین کہ معتبر کتاب اہلسنت کی ہی بیان
شبہات ملت اسلامیہ مین مذکور ہی ان شبہاتہا فشأت کلہا من شبہات
منافقی زمن النبی اذ لم یریضوا بحکمہ فیما کان یامر وینہی یعنے کل شبہات ملت اسلامیہ
منافقین زمانہ رسول خدا ہی پیدا ہوی جسوقت کہ وہ منافقین حکم جناب رسول خدا پر
راضی نہوی اور اونکی امر و نہی کو نہ مانا بعد اسکی چند مثالین ذکر کرین کہ منجملہ اوسکی جملہ
اوس منافق کا ہی کہ جسنی جناب رسول خدا کو تقسیم غنائم مین عیاذاً باللہ بے انصافی
متہم کیا اور کمال وقاحت سی برروے آنحضرت کی کہا اعدل یا محمد فانک لم تعدل
یعنی انصاف کرو ای محمد کہ تمنی تقسیم مین بی انصافی کی ہے اور اوسکو آنحضرت نے
کمال خلق سی جوابمین اسیقدر فرمایا ویحک فمن یعدل اذا لم اعدل یعنی اوی وای تجہہ پر
اگر مجہے سی بی انصافی ہوگی تو پہر دنیا مین کون انصاف کریگا صحیح مسلم و بخاری
مین ہے کہ بعض صحابہ نی اجازت چاہی کہ اوس منافق کو قتل کرین پس آنحضرت

نی فرمایا دعہ لا یتحدث الناس ان محمدا یقتل اصحابہ یعنی چھوڑدی اسکو تاکہ
لوگ نہ کہین کہ محمد اپنی اصحاب کو قتل کرتے ہین بعد ذکر اس منافق کی صاحب ملل
فرماتی ہین کہ اس منافق لعین کا معترض ہونا جناب رسول خدا پر نہ تہا مگر اس راہ سی کہ
اپنے قیاس اور استحسان عقلی کو مقابل مین نص کے جاری کیا یعنی جسطرح شیطان
نے مقابل حکم خدا بسجدہ آدم اپنی عقل کو دخل دیا اور حکم خدا نہ مانا اوسیطرح منافقین بہی
حکم رسول خدا پر راضی نہوتی تھے اور مقابل نصوص صریحہ اپنی عقلون کو دخل دیتے
تہی یہانتک کہ فرماتی ہین کہ فہذا ما کان فی زمانہ وہو علی شوکتہ وقوتہ وصحتہ والمنافقون
ینخادعون فیظہرون الاسلام ویبطنون النفاق یعنی بس یہ تہا حال منافقین صحابہ کا آنحضرت
کی زمانہ مین جسوقتمین وہ حضرت اپنی شوکت اور قوت اور صحت بدنی پر تہی کہ یہ منافقین
خدع وفریب کرتی تہی اور اسلام کو ظاہر کرتی تہے اور نفاق کو دلونمین چہپای ہوئی
تہی انتہی الحاصل جب حال منافقین کا آن حضرت کی حالت صحت اور قوت مین یہ تہا
کہ سرتابی اونکی احکام سے کرتی تہی تو قیاس کرنا چاہئی کہ حالت ضعف اور مرض مین
اور بعد اونحضرت کی بدرجہ اولی سرتابی کی ہوگی اور کیا فرق ہی درمیان ان
منافقون کی اور راون منافقون کی جو مانع کتابت وصیت نامہ ہوئی اور جب آنحضرت
نی کاغذ ودوات واسطی لکھنے وصیت نامہ کی طلب فرمایا تو لانی مذیا اور نسبت
ہذیان العیاذ باللہ اونکی طرف دی اور کہا کہ اس شخص پر درد نی غلبہ کیا ہے اور
کتاب خدا ہمکو کافی ہے اور اسیطرح جب اون حضرت نی فرمایا کہ جہزوا
جیش اسامۃ لعن اللہ من یتخلف عنہا یعنی سامان کرو لشکر اسامہ کی ساتھ
جانیکا خدا لعنت کری اوسپر جو لشکر اسامہ سی پیچہے رہجاے پس اس باب مین

اونحضرتؐ کی حکم کی تعمیل نہ کی اور اپنی عقل وقیاس کو مقابل نص کے جاری کیا چنانچہ جناب
ملل سنے اون مخالفتونکا بھی ذکر بعد اسکی کیا ہی اور بسبب حسن ظن کی اپنی خلفا رسی
اسکو اختلافات اجتہادی قرار دیا ہی حالانکہ یہ اجتہادات بھی مثل اجتہادات سابقہ
کی مقابل نص صریح کے تھی بہرکیف جو کچھ حضرت مخاطب اسمقام پر ارشاد فرماتی ہین کہ
مسلمان بعد ایمان کی راہ ایمانی سی منحرف ہوگئی اگر غرض یہ ہی کہ اصحاب ایمان
ناقص منحرف ہوگئی تو مسلم ہی لیکن اونکی دل تو کبھی نور ایمان سے منور ہی نہین ہوئی
تھی بلکہ ظلمت وشک وریب سی ہمیشہ تیرہ وتار رہتے ہان زمانۂ اول وآخر مین بیقدر
فرق ہوا کہ حالت قوت اور شوکت اور صحت جناب رسولؐ خدا مین مجال سرتابی کم
تھی اور بعد اونحضرتؐ کی بالکل خلیع العذار اور گسستہ مہار ہوگئی اور بی خوف وخطر
مطابق اپنی خواہشہای نفسانی کی کاربند ہوی قولہ لیکن شیطان نے بعد ایمان
کی اکثر مسلمانونکو بہکایا اقول ہم آپکی بہت تعریف کرتی ہین کہ یہ بات آپنے
خوب تحریر فرمائی ہے یہ فرمانا خیال مین رہی انشاء اللہ آگی کام آویگا ہم یہ
کہتی ہین کہ بہت لوگ ایمان لائی اور بعد اغوای شیطان منحرف ہوگئی اور انجام
منجر بارتداد ہوا اور ظاہر ہی کہ شیطان کا بہکانا مخصوص ساتھ کسی وقت کی نہین
ہی بلکہ از عہد آدمؑ تا ایندم جاری ہی جیسا کہ سابق مین لوگ راہ ایمان سے بہکی
ویسا ہی اب بھی راہ حق چھوڑکر راہ باطل اختیار کرتے ہین قولہ اور صرف توحید
اور نبوت کی اقرار پر اقول صفحہ ۹ کی آخر مین آپ اپنی کتاب کی لکھتے ہین کہ
جب پیغمبرؐ صاحب نی نبوت کا دعوا کیا اور اسلام کی دعوت فرمائی اوسوقت خدا
کی توحید اور اپنی نبوت کی تصدیق ایمان کی علامت رکھی تھی موضع المحاجہ پس جب

ایمان کی علامت صرف اقرار شہادتین ٹھرا تو اس مقام پر یہ لکھنا کہ صرف توحید اور
نبوت کی اقرار پر اپنے آپکو ناجی نہ سمجھنا چاہیئے اسکی کیا معنی ہین ؎
این تناقض در تکلم کی روا ست ٭ قولہ کتاب اللہ اور کتاب الرسول
اقول کتاب اللہ تو ہم بھی مگر کتاب الرسول کی کیا معنے ہین اگر مراد وہی کتاب اللہ
ہی تو تکرار بیکار ہی اگر مراد اہلسنت کی صحاح ہین تو شیعون کے نزدیک اسقام ہین
اور اگر مراد وہ کتاب ہی کہ جسکی لکھنے سی حضرت عمر مانع ہوئی تو وہ لکھی ہی نہین
گئی اوسکو کوئی کیا جانے چنانچہ صحیحین وغیرہ مین تفاوت الفاظ موجود ہی کہ آنحضرت
نے فرمایا ائتونی بدواۃ وقرطاس اکتب لکم کتابا لن تضلوا بعدی ابدا
یعنی آنحضرت نی وقت وفات فرمایا لاؤ میری پاس دوات و کاغذ کہ لکھون مین
واسطی تمہاری ایک کتاب کہ نہ گمراہ ہو بعد میری کبھی پس حضرت عمر نی ان الرجل
لیھجر و ما نی سناہ فرمایا اور حسبنا کتاب اللہ کہا یعنی اس شخص کو معاذ اللہ ہذیان ہے
ہمکو کتاب اللہ کافی ہے آری اگر کتاب اللہ کو مقارن باقوال عترت طاہرہ کرتی
تو البتہ حدیث متفق علیہ انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی کے
مطابق ہوتا یعنی آنحضرت نی فرمایا کہ مین تم مین دو چیزین بزرگ چھوڑی جاتا ہون
ایک کتاب خدا اور دوسری اہلبیت میری ما ان تمسکتم بھما لن تضلوا بعدی
کہ اگر ان دونون کی ساتھہ تم متمسک ہوگی تو بعد میری گمراہ نہوگی فانھما لن یفترقا
حتی یردا علی الحوض پس تحقیق کہ یہ دونون آپس سے جدا نہونگی یہانتک کہ میرے
پاس حوض کوثر پر آئین لیکن جب خود حضرت عمر نے حسبنا کتاب اللہ فرمایا اور عترت سے
ہاتھہ اوٹھایا تو اتباع اونکی کتاب نے کیونکر کرنی قولہ سچی اور صاف دل سی

اقول تعجب ہی کہ سچائی اور صاف دلی کو آپ واسطی احقاق حق کے ضرورے
سمجھتے ہین اور پھر خود اوسکی مطلقاً کاربند نہوے اور تحریفات اور تلبیسات اور خیانت فی
نقل العبارات عمل مین لائی جیسا کہ آیندہ واضح ہوگا علاوہ اسکی محض سچائے اور
صاف دلی کافی نہین ہے بلکہ لیاقت فہم مقاصد عبارات قرآنی اور خطابات
یزدانی بھی ضرور ہی جو بمراحل آپ سی دور ہی اور اگر محض تبدیل مذہب پر مدار ہے
تو ہزارون سنی سے شیعہ ہوجاتی ہین بلکہ بہت مسلمان کرسٹان بھی ہوجاتی ہین خدا
سمجھے کہ آپ بھی اونہین سی ہون قولہ تمیز نکرسکی اقول لاریب تمیز مین ایسی والبال
ہر ذی عقل کو لازم ہی ورنہ حجت خدا تمام نہو اور لِلّٰهِ الْحُجَّةُ الْبَالِغَةُ غلط ہوجاوے
گر جَحَدُوا بِهَا وَاسْتَيْقَنَتْهَا أَنْفُسُهُمْ کا کیا علاج ہی قولہ آبائی دین ومذہب کو
تقلیداً سچ جانتا ہو اقول الحمد للہ فرقہ حقہ شیعہ اپنی مذہب کو تقلیداً سچ نہین جانتا
بلکہ تحقیقاً سچ جانتا ہی اسلئی کہ اول مسئلہ انکی کتب کلامیہ کا یہی ہی کہ تقلید مسائل
اصول دینیہ مین جائز نہین ہے اور بالاتفاق اسمین تقلید باطل ہی پس ایسے
فرقہ کی سامنے ذکر اِنَّا وَجَدْنَا آبَاءَنَا کا محض لغو اور بیکار ہی برخلاف اون لوگون
کے جنہون نی تقلید علما کی فی الاصول جائز رکھی ہی اونکی سامنے اِنَّا اَطَعْنَا سَادَتَنَا
وَكُبَرَاءَنَا فَأَضَلُّونَا السَّبِيلَا پڑہنا چاہئی اور اگر حضرت مخاطب کو معلوم نہو کہ
تقلید فی الاصول کسنی جائز رکھی ہی تو ہم سی سنین کہ وہ ائمہ اہلسنت اور سلف صالح
اونکی ہین جنہون نی فرمایا ہی کہ اَلنَّظَرُ فِيهَا مَظِنَّةُ الْوُقُوعِ فِي الشُّبْهَةِ وَالضَّلَالِ لِاخْتِلَافِ
الْأَفْكَارِ بِخِلَافِ التَّقْلِيدِ فَإِنَّهُ طَرِيقُ أَمْنٍ فَوَجَبَ احْتِيَاطًا وَلِوُجُوبِ الِاحْتِرَازِ عَنْ مَظِنَّةِ
الضَّلَالِ اِجْمَاعًا یعنی اصول عقائد مین فکر وغور کرنیسی احتمال ہی کہ آدمی ضلالت وشبہ

مین پڑجائے اسلئی کہ نظرین مختلف رہتی ہین برخلاف تقلید کی کہ وہ ایک امان کا
طریقہ ہی واضح رہی کہ یہ استدلال ان بزرگوارون کا بعینہ وبعبارۃ شرح مختصر الاصول
علامہ تفتازانی مین مذکور ہی اور اوسی سی ہمنی نقل کیا ہی اور ائمہ اربعہ اہلسنت کیطرف
یہی مذہب منسوب ہی اور اکابر محدثین اور ائمہ متقدمین سی یہی الفاظ ماثور ہین بخوف
تطویل نقل اونکی عبارتونکی نہین کی گئی تفصیل اسکی ملاحظہ کنا قواعد العقائد احیاء العلوم
امام غزالی سی معلوم ہوسکتی ہے بلکہ خود امام غزالی بہی اسیطرف مائل ہین چنانچہ احیاء العلوم
مین فرماتی ہین کہ اعتقاد العامی فی الثبات کالنظر والشامخ لانہ کہ اللہ وما ہنے
والصواعق وعقیدۃ المتکلم المحارس اعتقادہ تشبہات الجدل کخیط مرسل فی الہواء
یصیبہ الریاح مرۃ ہکذا ومرۃ ہکذا الا من سمع منہم معتقدہ تقلیدا کما یتلقف عض العقاد
یعنی عامی جاہل کا اعتقاد ثبات مین ایسا ہی جیسا کہ ایک پہاڑ کہ جسکو کوئی ہٹا
نہین سکتا اور متکلم کا اعتقاد جیسی ہوا مین ایک ڈورا لٹک رہا ہی کہ ہوا سی اوڑکر
ادہر ادہر ہوجاتا ہی مگر یہ کہ متکلم دلیل کو تقلید سے اعتقاد کرے جیسا کہ اصل مسئلہ
کو عامی نے تقلید سی اعتقاد کرلیا ہی انتہی خلاصۃ کلام الغزالی قال المخاطب
الفقہ ہداہ اللہ سبل السلام بعد اس تمہید کی بندۂ گنہگار مہدی علی بن سید ضامن علی
غفر اللہ ذنوبہ اپنی بہائیون کی خدمت مین التماس کرتا ہی کہ منجملہ مذاہب مختلفہ مسلمانون
کے دو مذہب زیادہ جاری ہین ایک اہل سنت وجماعت دوسرا امامیہ دونون
اپنی مذہب کو حق اور دوسری کی مذہب کو باطل کہتے ہین اور اپنی اپکو ناجی اور دوسرے
کو ناری سمجھتے ہین ہزارون کتابین تالیف ہوگئین اور صدہا رسالی تحریر ہوئے
مگر یہ جھگڑا ابتک طی نہوا جسکا جو عقیدہ تہا وہ اوسپر قائم رہا بہت کم ایسے ہین جنہون

غضبت فاطمة ولم تكلمه حتى ماتت او سارة للفاطمة بضعة مني من اغضبها فقد
اغضبني ومن اغضبني فقد اغضب الله کی کما فی البخاری وغیرہ ملا کرو تیجہ نکالتے
ہین کہ جسپر بطلان خلافت ایکطرف بطلان ایمان ہی ہوا جاتا ہی اور بعد اسکی رکوع اول
سی وہی الناس من یقول امنا بالله وبالیوم الاخر وما هم بمؤمنین یخادعون
الله والذین امنوا وما یخدعون الا انفسهم وما یشعرون فی قلوبهم
مرض فزادهم الله مرضا ولهم عذاب الیم الایات لیکر تا من الجنة والناس
جتنی آیات منافقین کی شان مین ہین اوسکا راس ورئیس حضرات ثلثہ کو ثابت کرتی
ہین اور جتنی آیات مؤمنین کی شان مین ہین سبکا راس ورئیس امیر المومنین اور اولاد
طیبین اونکی کو سمجھتی ہین تو صورتمین آپکا مخالف یا موافق سمجھنا شیعونکی کیا کام آتا ہی ہان آپکی
ہم مذہب حاکمین اور علماء اور دلالین جنکو ہر ورق مین تمیز نہین ہی آپکی باتین سنکی
البتہ خوش ہونگی اگر آپ بڑی مدعی موافقت کتاب اللہ مین تو ایک مختصر بات قصہ
غصب فدک ہی جو صحاح اور غیر صحاح سب مین موجود ہی آپ اوسکو مطابق آیات
کلام اللہ کر دیجئی اسلئی کہ جب جناب سیدہ صلوات اللہ علیہا طالب میراث رسول اللہ
ہوئین کہ اوسمین باغ فدک بھی تھا جیسا کہ کتاب الجہاد صحیح مسلم اور صحیح بخاری مین ہی
جبکہ موجود ہی بعد اسکے کہ اولاً دعوای ہبہ کیا تھا چنانچہ شرح مواقف مین اور صواعق محرقہ
اور دیگر کتب معتبرۂ اہلسنت مین موجود ہی کہ ابوبکر نی شہادت علی وحسنین وام ایمن کو
اس بارہ مین رد کیا تب اوس معصومہ نی وراثۃً دعوی کیا اور فرمایا کہ ای ابوبکر کتاب اللہ
کے خلاف ہی کہ تو وارث ہو اپنی باپ کا اور مین نہ وارث ہون اپنی پدر بزرگوار
کی تب خلیفہ صاحب سے بجز اسکی کہ جواب مین ایک جھوٹی حدیث بنائی اور کچھ نہ بن پڑی فرمایا

کہ جناب رسول خدا نی ارشاد کیا ہی کہ نحن معاشر الانبیاء لانرث ولا نورث یعنی ہم گروہ
انبیاء نہ ورثہ لیتی ہین نہ ورثہ دیتی ہین اب آپ اس جھوٹی حدیث کو مطابق کلام اللہ کرکے
حالانکہ قرآن مجید مین خداوند تعالی نے فرمایا ہی وَوَرِثَ سُلَيْمَانُ دَاوُدَ یعنی
وارث ہوئی حضرت سلیمان پیغمبر حضرت داؤد پیغمبر کی اور بیضاوی نی اپنی تفسیر مین
لکھا ہی کہ حضرت سلیمان نی ہزار گھوڑی ورثہ مین پائے تھی کیون حضرت لانرث
ولانورث دونون باطل ہوگئی یا نہین اور اسیطرح اور بہی آیات ہین مثل رَبِّ
هَبْ لِي مِنْ لَدُنْكَ وَلِيًّا يَرِثُنِي وَيَرِثُ مِنْ آلِ يَعْقُوبَ چنانچہ صنادید مفسرین السنت
مثل ابن عباس وحسن وضحاک وسدی ومجاہد وشعبی بلکہ خود امام فخر رازی کہا
فی التفسیر الکبیر قائل بوراثت مالیہ ہوئی ہین الغرض عدم وراثت انبیا محض کذب
اور دروغ بیفروغ ہے کہ کسیطرح مطابق کتاب اللہ نہین ہوسکتی اور لاف و
گذاف بدعویہای لسانی اور بات ہی اور اثبات اوسکا اور بات قولہ اپنی آبائے
دین کی چھوڑنے مین اقول مشیریہ امر گذارش خدمت شریف ہوا کہ آپ خود معترف
ہین کہ آبائی دین تقلیداً اختیار کیا تھا پس تقلید دینی جو مثل کفار مصداق اِنَّا وَجَدْنَا
اٰبَاءَنَا کی تھے ہماری نزدیک بہی قابل چھوڑنی کی تھے لیکن افسوس ہی کہ ایک تقلید
کو چھوڑکی دوسری تقلید مین پڑی کہ جس سے اَلْفَرَارُ مِنَ الْمَطَرِ وَالْوُقُوفُ تَحْتَ الْمِيزَابِ
صادق آیا اور ظاہر اباعث اسکا انہماک مشاغل تحصیل دنیای دنی مین ہوا کہ بغور و
فکر و تامل صادق کلام مغالطہ فرجام شاہ عبدالعزیز دہلوی اور تقریرات نوساختہ مولوی کا
موسوم بنگار ملا حیدر علی فیض آبادی مین نظر نہین فرمایا اور ظاہر کلام عوام فریب انکا دیکھکر
دہوکا کہایا چنانچہ کل تقاریر مختلفہ آپکے ماخوذ انہین دونونکی کتابون سے ہین بہرکیف

کو کہ دین آبائی آپنے چھوڑا اور زبان حال آپکی گویا مترنم باین مقال ہی ؎

در جہان جملہ ناخلف پسرند　　من بیچارہ ناخلف پدرم

لیکن لحاظ و پاس رتبت آبا و اجداد من حیث الدنیا بمقتضای صاحبنہما فی الدنیا معروفا

لازمۂ تہذیب اخلاق تھا مگر کچھ آپنی اسکا بھی لحاظ نکیا اور شیعونکی حق مین مطلقا علاوہ

سخریہ اور استہزا کی درشت زبانی کی چنانچہ صفحہ ۲۰ مین اسی کتاب کی عبداللہ بن سبا

یہودی ملعون کو جملہ شیعون کا دادا بنایا ہی اور منجملہ شیعون کی جناب والای والد ماجد

بھی ہین تو بدین لحاظ وہ ملعون یہودی آپکا پردادا ہوا بالجملہ مثل اسکی بہت ہی کہ اوسکی

مقامون پر ناظرین دیکھ لین گے اور انشاء اللہ جواب بھی سن لینگے افسوس ہی کہ

آپکو تو عقوق ابا کا کچھ لحاظ نرہا لیکن بعید نہین ہے کہ شفقت پدری آپکی بعض آبا کی

مقتضی اسکی ہو کہ آپکو سفینہ نوح سے کہ عبارت اتباع اہلبیت سی ہے دست بردار

دیکھکر نا اہلی اراکب معنا سکارین اور خدا سی ان ابنی من اہلی کہین اور

وہان سے جواب انہ لیس من اہلک انہ عمل غیر صالح کا ملے ؎

پسر نوح با بدان بنشست　　خاندان نبوتش گم شد

بالجملہ جزای آخرت تو موقوف بر آخرت ہی لیکن پاداش اسکی کچھ دنیا مین بھی

ہمکو نظر آتی ہی کہ مسبب الاسباب نے اخبار تہذیب الاخلاق اور نور الآفاق کو آپکی آوپر

اوستاد کی فضیحت اور رسوای کا ذریعہ از شرق تا غرب ہندوستان گردانا ہی اور شیعونکا

کیا ذکر ہی اہلسنت بھی آپکو لامذہب جاننی لگی اب وہی مثل صادق ہی کہ ازین در دامنے

وازان در دامنے نہ گہر کی نہ گہانگی لا الی ہؤلاء ولا الی ہؤلاء وہی اللہ للموفق

الہتال قولہ مخالف عقائد ائمہ کرام ہی اقول یہ عجب کل العجب اس زمانکی سینون سے

کہ بلا وجہ مدعی متابعت ائمہ کرام علیہم السلام ہین اور بی حجت ودلیل امامیہ کو طریقۂ
ائمہ سی منحرف کہتی ہین اہلسنت اپنی اصول کو تو ماخوذ ابو الحسن اشعری سی اور
ابو المنصور ماتریدی وغیرہ سے کرین اور فروع کو ابو حنیفہ اور شافعی اور احمد حنبل
اور امام مالک سی لین اور پھر مدعی اس بات کی ہون کہ اہلسنت پیرو ائمہ ہین
اور امامیہ کہ کل مسائل اصولیہ وفروعیہ کو بجز آئمہ علیہم السلام کی کسی دوسرے سے
ماخوذ نکرین وہ مخالف ائمہ ہین کسے عاقل کی سمجھہ مین یہ بات نہین آسکتی ہے
کہ کوئی شخص کسیکا اپنی تئین تابع کہے اور پھر متبوع کی ہزارون مسائل اصولیہ
اور فروعیہ سی کسے مسئلہ پر عمل نکری برلے خدا ذرا آنکھون کو کھولکر دیکھیے کہ یہ
صحاح اور غیر صحاح اور اصول اور فقہ اور تفسیر اہلسنت موجود ہین آیا کسی مقام مین
کسے قول پر کسی امام کے عمل کیا ہی اور کتب شیعہ بہی موجود ہین دیکھو سوائی
ائمہ معصومین کی کہین اور کسیکا قول بہی لیا ہے ایک اسی بات پر صدق وکذب
دعوی فریقین ظاہر ہو جاتا ہی بہلا ایک بہی مسئلہ ایسا فرما دیجئی کہ جسمین اہل سنت
نے دامن ابو حنیفہ اور امثال اوسکی کا چھوڑا ہو اور کسی امام کا اتباع کیا ہو یہ
اسماعیل بخاری ہی کہ جسنی ایک حدیث بہی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی نہین
روایت کی ہی صحیح بخاری کہ اہلسنت کی نزدیک بعد بلکہ قبل کتاب باری ہے
اوسکو نکال کر ورق ورق دیکھیے کہ ایا کوئی حدیث بہی امام جعفر صادقؑ سے نقل
کی ہی حالانکہ چار ہزار راویون نی اونحضرتؑ سی اخذ احادیث کیا حافظ شمس الدین
ذہبی نی کتاب مغنی مین ذکر اونحضرتؑ کا ضعفا اور مجاہیل مین کیا ہی اور کہا ہے
لم یخرج لہ البخاری اور سیوطی نی کتاب میزان الاعتدال مین ترجمہ مین اونحضرتؑ کی

کہا ہے لم یحتج بہ البخاری وقال یحیی ابن سعید القطان تیخ البخاری اجدفی نفسہ
شیئا وکان مالک لا یروی عن جعفر حتی لقیہ الی احد یعنی بخاری نی حضرت
امام جعفر صادق سے کوئی روایت نہین کی اور اونکی روایت کو قابل احتجاج نہین
جانا بلکہ اوستاد بخاری نے کہا کہ مین اپنی دلمین اونکیطرف سی کھٹکا پاتا ہون اور
مالک نی بھی اونسے روایت نہین کی جبتک کہ کسی دوسرے کو اونکی ساتھہ منضم نکر لیا یعنے
خطا اونکی روایت کو قابل اعتبار نہ سمجھا اور امام رضا علیہ السلام کی ترجمہ مین یہ عبارت
لکھی ہے قال ابوطاہر یاتی عن ابیہ العجائب یعنی ابوطاہر نی کہا ہی کہ وہ اپنے
باپ سی عجیب عجیب باتین نقل کرتے ہین اور پہر لکھا ہی کہ قال ابوالحسن الدار
قطنی اخبرنی بن حیان فی کتابہ قال ان علی بن موسی الرضا یروی عن ابیہ
عجایب یہم وخطلی یعنے کہا ابوالحسن دارقطنی نی کہ ابن حیان نی مجھی خبر دی کہ علی بن
موسی الرضا اپنی والد سی عجائب نقل کرتے تھی اور وہم کیا کرتی تھی اور خطا کیا
کرتی تھی انتہی اور مراد عجائب سی وہ باتین ہوتی ہین جو محل تعجب ہون اور قابل
اعتبار نہون اور وہم وخطا کی نسبت تو تصریح صریح ایسی امام عالیمقام کی نسبت
موجود ہی اور ابن الجوزی اور سیوطی نی اپنی تصانیف مین جو موضوعات حدیث
ہین ہین اور علی بن محمد عراق مدنی نی کتاب تنزیہ الشریعہ مین اور شیخ رحمہ اللہ سندی
نے مختصر تنزیہ الشریعہ مین امام حسن عسکری علیہ السلام کی نسبت لکھا ہی کہ لیس
بشیعی یعنے العیاذ باللہ وہ کچھ نہین ہین اور عقیلی نی کہ علمای اعلام اہلسنت سی ہے
امام موسی کاظم علیہ السلام کو کتاب الضعفا مین ضعفای رواۃ مین داخل کیا ہے اور
اونحضرت کی تہمین کیا ہی کہ حدیثہ غیر محفوظ ہے ای خدا جای انصاف ہی کہ آیا ثابت

اما سنوں کی کرنیوالی وہ لوگ ہین جو اماموں سے کمتی ہین اور اونکو متہم اور ضعیف
جانتی ہین اور لیس بشئے اونکی حق مین کہتے ہین اور اونسی روایت کرنا جائز نہین
جانتی بلکہ خوارج اور نواصب کی روایات کو تالی کتاب خدا جانتی ہین یا وہ لوگ
کہ جنکی بضاعت دین اور ایمان روایات ائمہ علیہم السلام ہین اب بیان حضرت
مصنف رسالہ اور اونکی ہم مذہبون کو مناسب ہی کہ فائدہ ملقبہ بسعادۃ الدارین
فی شرح حدیث الثقلین ہین کہ جزو تحفہ اثنا عشریہ کا ہی اور ہامین باب پنجم و ششم تحفہ
کی واقع ہی اس عبارت شاہ عبدالعزیز صاحب کو جو مقتدا کل حضرات اہلسنت کی
ہین ملاحظہ فرماوین جسکو ضعف العباد یہان بالفاظہا نقل کرتا ہی اور پھر دیکھین کہ
خود بگواہی شاہ صاحب حق کس فرقہ کی جانب ہی شیعہ کی یا سنی کی اور
عبارت مشار الیہا یہ ہی آبید و انست کہ باتفاق شیعہ و سنی این حدیث ثابت
ست کہ پیغمبر فرمودہ انی تارک فیکم الثقلین ما ان تمسکتم بہما لن تضلوا
بعدی کتاب اللہ و عترتی اہلبیتی، پس معلوم شد کہ در متعلقات دینی و احکام
شرعی ما را پیغمبر صوالہ این دو چیز عظیم القدر فرمودہ است پس مذہبی کہ مخالف این
دو باشد در امور شرعیہ عقیدۃً و عملاً باطل و نامعتبر است و ہر کہ انکار این دو بزرگ نماید
گمراہ و خارج از دین باشد انتہی آب منصفون کو دیکہنا چاہئی کہ باعتراف شاہ عبدالعزیز
صاحب کی حضرات اہلسنت جو ائمہ کرام علیہم السلام کی شان مین ایسے الفاظ لکہتی
ہین گمراہ و خارج از دین ہوئی یا امامیہ اثنا عشریہ جو اصولاً و فروعاً قرآن اور احادیث
ائمہ کو کہ مفسرین قرآن اور عالمین علوم قرآن ہین اپنا ملجا اور ماوا جانکر کل اصول و
فروع اونہین سے اخذ کرتے ہین علاوہ اسکی خود علمای اعلام اہل سنت اقرار

کرتے ہین کہ طریقہ ائمہ اہلبیت غیر طریقہ ائمہ اہلسنت وجماعت ہی چنانچہ شارح
منہاج لکھتا ہی کہ انکار قیاس مسائل دینیہ مین مذہب اہلبیت ہی جیسا کہ عمل اوپر
قیاس کی مذہب ابوحنیفہ اور شافعی وغیرہ کا ہی ملا حامی نفحات مین سمنانی سے
ناقل ہی کہ مذہب امام جعفر صادق علیہ السلام حرمت خرگوش ہی ثعلبے ناقل
ہی کہ مذہب علی عدم جواز المسح علی الخفین ہے وفی شرح الشرح عن الامدی مذہب علی
جواز بیع امہات الاولاد ولم یزل علیہ الشیعۃ علامہ تفتازانی شرح مختصر الاصول عضدیہ
مین فرماتی ہین کہ اصحاب نی اختلاف کیا ہی جواز بیع امہات الاولاد مین اور مذہب
علی جواز بیع ہی چنانچہ یہی مذہب شیعونکا ہی اور شیعہ اونحضرت کی مذہب کو
بہتر جانتی ہین اب ہم حضرات اہلسنت سی پوچھتی ہین کہ قیاس پر عمل کرنا تم جائز
جانتی ہو کہ ہم خرگوش تم کہتی ہو کہ ہم مسح علی الخفین تم جائز جانتی ہو کہ ہم جواز بیع امہات
الاولاد کی تم منکر ہو کہ ہم کہو کسنی مذہب اہلبیت کو چھوڑا ہی ملا جلال دوانی شرح
عقائد عضدیہ مین فرماتی ہین کہ فرقہ ناجیہ تہتر مین سے طائفہ اشعریہ ہی اسلئے کہ
عمل اونکا اوپر اون احادیث صحیحہ کی ہے کہ جناب رسولخدا اور اونکی اصحاب سے
منقول ہین اور ظواہر احادیث سی تجاوز اور اپنی عقول پر اعتماد نہین کرتے مثل
معتزلہ کی اور نہ احادیث غیر اصحاب پر عمل کرتے ہین مثل شیعونکی کہ متابعت
کرتے ہین اوسکی جو اپنی اماموں سی روایت کرتے ہین بسبب اسکی کہ معتقد اونکی
عصمت کی ہین مولوی عبدالعلی صاحب شرح مسلم الثبوت مین فرماتی ہین کہ اجماع
اہلبیت حجت نہین ہی خلافا للشیعۃ بلکہ اہلبیت جائز الخطا ہین قد یصیبون وقد یخطون
ویجوز علیہم الزلۃ وہی وقوعہم فی الذنب من غیر تعمد کما وقع من سیدۃ النساء من ہجرانہا

خلیفہ رسول اللہ حین منعہ فدک انتہی موضع الحاجہ یہی اعتقاد اہلسنت کا در بارہ ائمہ اہلبیت
کہ رتبہ امامون کا کہین کم رتبہ اصحاب ہی سمجھتے ہین اور اصحاب کی قول کو قابل
اعتبار جانتی ہین اور قول امامونکا محل اعتماد نہین تصور کرتے اور شیعون پر
طاعن ہین کہ قول پر امامونکی عمل کرتے ہین اور اونکو معصوم سمجھتی ہین اسی سبب سی خطبہ
کتاب مین معروض ہوا کہ لفظ اصحابہ کو آلہ پر بمذاق اہلسنت مقدم کرنا ضرور ہے
آپ فرمائیی کہ متمسک باہلبیتؑ شیعہ ہین جو باعتراف تمہاری علما کی اقوال ائمہ پر
عمل کرتے ہین اور اہلبیتؑ کو بہ نص آیہ تطہیر معصوم جانتی ہین اور اونکی اجماع
کو حجت سمجھتی ہین بلکہ ایک کی قول کا انکار بھی کفر جانتی ہین یا متمسک باہلبیتؑ وہ
لوگ ہین جو اونکو خاطی سمجھتے ہین اور اونکا قول قابل اعتبار نہین جانتی اور صدور
ذنب اور معصیت اونسی عمداً نہی جائز بلکہ واقع سمجھتے ہین اور جناب تجویل بضعہ رسولؐ کو معاذاللہ
دعوای فدک مین کاذب اور گنہگار کہتی ہین کبرت کلمۃ تخرج من افواہہم ان یقولون الا کذبا
خرافات کا کتاب سیف ماسخ اوطعن الرماح مین تخریج کیا گیا ہی اس مقام پر ہمکو فقط اسقدر
بیان کرنا منظور ہے کہ باعتراف علماے سنیہ امامیہ اپنی امامونکی مذہب
پر ہین شرح مواقف مین شریف جرجانی فرماتی ہین کانت الامامیہ اولاً علی مذہب
ائمتہم حتی تمادی الزمان فاختلفوا اور شہرستانی بھی کتاب ملل ونحل مین ضمن ذکر امامیہ
مین لکہتی ہین کانوا فی الاصل علی مذہب ائمتہم فی الاصول ثم اختلفت الروایات عن
ائمتہم وتمادی الزمان اختار کل فرقۃ طریقۃ خلاصہ کلام یہ ہی کہ امامیہ ابتدا مین تو
اپنے امامونکی مذہب پر تھی بعد اسکی زمانہ زیادہ گزرا پس بسبب اختلاف روایات
کی متفرق اور مختلف ہوی اس سی صاف ثابت ہی کہ شیعہ مذہب ائمہ اثنا عشر پر

تھے ولو فی الماجد لیکن اہلسنت پس کبھی مذہب ائمہ پر نہ تھی ورنہ ذکر خصوصیت
ائمہ باامیہ محض لغو ہوتا ابن اثیر کہ علمای اعلام اہلسنت سی ہے کتاب جامع الاصول
مین جسمین احادیث صحاح ستہ کے کئی ہین ذیل حدیث اِنَّ اللّٰہَ یَبْعَثُ لِہٰذِہِ
الْاُمَّۃِ عَلٰی رَاْسِ کُلِّ مِائَۃِ سَنَۃٍ مَنْ یُجَدِّدُ لَہَا دِیْنَہَا یعنی خداوند تعالیٰ ہر سیکڑے کے
سر پر ایک مجدد دین پیدا کرتا ہی فرماتی ہین کہ ضرور نہین ہے کہ مجدد دین ایک
ہی شخص ہو ونحن نذکر الآن المذاہب المشہورۃ فی الاسلام التی علیہا مدار
المسلمین فی الاقطار الارض وہی مذہب الشافعی وابی حنیفۃ ومالک
ابن حنبل ومذہب الامامیۃ یعنی اب ہم ذکر کرتے ہین مذاہب مشہورہ فی
الاسلام کا جسپر مدار مسلمین ہی اطراف روی زمین مین اور وہ چارون مذہب اہلسنت
کی ہین اور پانچوان مذہب امامیہ کا بعد سکی مجدد دین ہر مذہب کا ذکر تمام بنام
شروع کیا ہی یہانتک کہ کہا ہی کہ مائۃ ثانیہ مین مجدد مذہب امامیہ علی بن
موسی الرضا ہین اور مائۃ ثلثہ مین محمد بن یعقوب کلینی اور مائۃ رابعہ مین سید مرتضی
علم الہدی تھے اور بدیہیات جلیہ سی ہی کہ کل اہلبیتؑ کا ایک مذہب تھا پس
جس مذہب کی مرقج اور مجدد علی بن موسی الرضاؑ تھی وہ ہی مذہب کل امامونکا
تھا پس باعتراف علمای اہلسنت ثابت ہوگیا کہ مذہب امامیہ وہ مذہب ہے کہ جو کل امامونکا
مذہب ہی نہ مذہب اہلسنت کہ وہ مذہب معاویہ اور جس بات کی خود علمار متقدمین
ومتاخرین اہلسنت معترف ہین تعجب ہی جلالسی اس زمانہ کی کہ کیونکر انکار کرتے
ہین اور کہتی ہین کہ مذہب امامیہ برخلاف امامونکی کی ہے اجملہ اگر کل شواہد
ودلائل لکھے جائین تو ایک کتاب ضخیم ہو لہذا اشتے نمونہ از خروارے چیز تحریر مین

آیا ہی قولہ برعکس نہند نام زنگی کافور اقول واقف ہین مصداق اس مصرعہ کی اہلسنت
معاویہ ہین جنہون سنے خلاف عرف و خلاف تصریحات اہل سنت مثل مجدالدین
فیروزآبادی وغیرہ اپنا نام شیعہ رکہا ہی شروع تحفہ اثنا عشریہ سے آپکو
اسکا پتہ لگا ہوگا کہ اوس مرد عزیز نے اپنا نام شیعہ اقوی رکہا ہی پس اگر اول سے
مراد خلیفہ اول حضرت ابی بکر ہین تو شیعہ ابی بکر نام رکہنا مناسب تہا و
حدیث مین شیعتہ علی ہم الفائزون ہوا اور اگر مراد شیعہ علی ہی
تو وہی ع برعکس نہند نام زنگی کافور اس مقام پر صادق آتا ہی قولہ مجہی گمراہ جانتی
ہین اقول حقیقت یہ ہی کہ آپ ہمیشہ سی ایسے ہی تہی کبہی شیعہ تہی کبہی سنی اب
کرسٹان ہوئی آگے دیکہیئے کیا رنگ بدلتی ہین قولہ دلائل عقلی کو ظاہر کرتا ہون
اقول دلائل عقلی و نقلی آپ کی سب مبنی اوپر خلل دماغ کی ہین کما ہو مقتضی عنقریب
انشاء اللہ قولہ اہل سنت کی مذہب کی خوبیون مین اقول مین بہی یہ رسالہ
فرقہ حقہ اثنا عشریہ کی مذہب کی خوبیون مین لکہتا ہون خدا کرے کہ آپکے سنتے
بہائی اسکو نظر انصاف سی دیکہین اور اپنی باطل عقیدون کو چہوڑدین اللہم آمین
ثم آمین قال المخاطب المتقام ہداہ اللہ سبل السلام تمہید یہ سب پر ظاہر
ہی کہ دونو مذہب کا اصل اختلاف فی مسئلہ معاملہ بصحابہ کرام رضوان اللہ تعالے
علیہم ہی کہ اہلسنت اونکو اچہا جانتی ہین اور شیعہ اونکو برا کہتی ہین بلکہ جس طرح
اہل سنت اونکو تمام امت محمدی مرتبہ مین اعلی اور افضل اور ایمان اور اسلام مین
سب سی بہتر اور کامل جانتی ہین اوسیطرح پر شیعہ اونکو سب سی زیادہ تر برا اور
خراب حتی کہ کافر و منافق بہی ہین پس درحقیقت یہی مسئلہ ایسا ہی جسپر دونو مذہب

کی حقیت اور بطلان کا مدار ہی تھے اگر موافق اصول مذہب اہلسنت کی صحابہ
کا ایمان اور اسلام مین کامل ہونا اور مرتے دم تک اونکا اوسپر ثابت قدم رہنا
ثابت ہو تو بلا شبہ سنیونکا مذہب حق اور شیعون کا مذہب باطل اور اگر بخلاف
اسکی اونکا کافر اور مرتد ہونا نعوذ باللہ من ذلک معلوم ہوا تو شیعونکا مذہب سچا
اور سنیون کا مذہب جھوٹا ہی اسواسطے ہم اول صحابہ کی فضائل بیان کرتے
ہین پھر خلافت راشدہ کو ثابت کرینگے پھر جواب مطاعن کا جو صحابہ بنسبت امامیہ
کرتی ہین دینگے یقول المتمسک بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ السلام
اصل اختلافی مسئلہ ماخذ دین وایمان ہے بعد جناب رسول خدا کی امامیہ کل
اصول وفروع کو ماخوذ کرتے ہین اہلبیت طاہرین سے کہ بموجب حدیث متفق علیہ
مثل اہلبیتی کسفینۃ نوح سفینہ نجات ہین اور بموجب حدیث متفق علیہ
انی تارک فیکم الثقلین کتاب اللہ وعترتی اونکا حکم ہر کہ جسکو
خدا سے جدا نہین ہوتا اور سابقا شاہ عبدالعزیز صاحب کی عبارت نقل ہوئے
ہی کہ فرماتی ہین کہ در مقدمات دینی واحکام شرعی مارا پیغمبر حوالہ باین دو چیز عظیم القدر
فرمودہ است پس مذہبی کہ مخالف این دو باشد در امور شرعیہ عقیدۃً وعملاً باطل
وناعتبر ست پس شیعونکا عمل قولاً وفعلاً اسی بات پر رہا جسکو چارو ناچار
شاہ صاحب کو بھی دلو لسانا قبول کرنا پڑا ہی اور شیعون نے انہین کا دامن
تھاما اور از توحید تا معاد اور از طہارت تا دیات انہین کی قول وفعل پر عمل کیا اور
انہین کی احادیث کو اپنا دین وایمان جانا اور اہلسنت نی صحابہ اور تابعین اور
تبع تابعین کو ماخذ اپنی مسائل دین وایمان کا ٹہرایا اگرچہ بعض اخیر سی تابعین

عداوت اہلبیت طاہرینؑ اور قاتلین ذریت سید المرسلینؐ اور ناقصین اور مبطلین
اور ناکثین سے ہون جیسا کہ ملاحظہ رواۃ صحاح اور غیر صحاح اہلسنت سی ظاہر
ہے ہر چند جہال زبانی مدعی تمسک باہلبیتؑ بھی ہوتی ہین مگر علمای اعلام
اونکی فخر کرتے ہین کہ ہم فقط منقولات صحابہ پر عامل ہین نہ مثل شیعون کے
منقولات ائمہ پر عامل ہین جیسا کہ ابھی اقوال ملا سعد تفتازانی اور سید شریف جرجانی
اور ملا جلال الدین دوانی اور حکیم شہرستانی وغیرہ سی بخوبی ظاہر کیا گیا اب ان دونون فریق
اختلاف پر نظر کرنا چاہئی کہ اصول مین از توحید تا معاد اختلاف کثیر ہی اور اسیطرح
فروع مین از طہارت تا دیات اختلاف کثیر ہی پس اپنے جو اصل اختلافی مسئلہ فقط معاملہ
صحابہ ٹہرایا ہی سو یہ بھی اسلئے کہ اگر بفرض محال مثل شریک الباری سب صحابہ عدول
ہی ٹھہر جائین اور برخلاف احادیث متواترہ مثل حدیث حوض وغیرہ کے اور
سیکڑون دلائل عقلیہ ونقلیہ کی جسمین کتب ضخیمہ تصنیف ہوئی ہین ناجی ہونا کل
صحابہ کا ثابت ہوجائے تو اس سے ماخذ مسائل اصولیہ وفروعیہ ہونا اونکا
ثابت نہوگا اسلئے کہ عدم عصمت انکی اتفاقی بین الامۃ ہی اور شیعونکے
نزدیک بجز اہلبیتؑ معصومین کی کوئی ماخذ اصول وفروع نہین ہوسکتا پس کیونکر
ہوسکتا ہی کہ اسی ایک مسئلہ صحابہ کی طی ہونیسی رفع اختلاف لاکہون مسائل کا از قبیل
تادیات ہوجاوی اور اگر غرض آپکی اثبات حقیت احد المذہبین بلزوم خرق اجماع
مرکب ہی تو تخصیص مسئلہ صحابہ بیوجہ ہی بلکہ ایک ادنی مسئلہ کا ثبوت مسائل مختلفہ
سی آپ کردیجی تو قصہ طی ہوجائیگا بسم اللہ ایک ترکیب وضو ہے کی
اب اسطرحسی ثابت کردیجی کہ آپکے خصم کو جاوی کلام نرہی بلکہ ایک جزو ہی

وضو کا ستے بطلان مسح اور وجوب غسل پانا ہی آپ ثابت اور ہیچی، تو
آپکے اور آپکے امثال کی کلمت یہ بات خارج ہے کہ ادنی بات کا سب
ثبوت کر سکین فیا ظنک باصول المسائل وغوامضہا یہ آپ ناحق زق زق و
بق بق کر کے اپنا سہرا تی ہین اور دوسرونکی اوقات کو ضائع کرتے ہین قولہ
معاملہ صحابہ کرام ہے کہ اہلسنت اونکو اچھا جانتی ہین اور شیعہ اونکو برا سمجھتی ہین
اقول اگر لفظ کرام صفت احترازیہ ہی اور مقصود اس سے احتراز ہی صحابہ لیام
سے تو حاشا وکلا کہ شیعہ صحابہ کرام کو برا سمجھتے ہون بلکہ اپنی زعم میں جن لوگونکو
لیام جانتی ہین اور اونکا لیام ہونا کتب فریقین سے ثابت کرتی ہین اونہین کو
برا سمجھتی ہین اور اگر لفظ کرام کو مخاطب فی صفت کا شفہ ٹہرایا ہی اور مقصود یہ ہے
کہ جملہ صحابہ کہ کلہم کرام ہین اہلسنت اونکو اچھا اور شیعہ کلہم کو برا سمجھتی ہین تو یہ
بہی غلط ہی اسلئے کہ ہر چند مذہب جمہور اہلسنت کا یہ ہی کہ صحابہ کلہم عدول ہین
جیسا کہ صاحب فتح المغیث علی ناقل فرماتی ہین کہ الصحابۃ کلہم عدول وعلیہ الجمہور
کما قال الامدی وابن الحاجب انہم عدول کلہم مطلقاً وحکی ابن البر فی الاستیعاب
اجماع اہل الحق من المسلمین وہم اہل السنۃ والجماعۃ علی ان الصحابۃ کلہم عدول
انتہی ملخصاً یعنے کل صحابہ عادل ہین اور یہی مذہب جمہور اہلسنت کا ہی اور
امدی اور ابن حاجب نی بہے یہی کہا ہی کہ کلہم مطلقاً عدول ہین اور ابن برنی
استیعاب مین بہے کہا ہی کہ عدول ہونا کل صحابہ کا مجمع علیہ اہلسنت وجماعت
ہی اور صفحہ ۱۱ مین حضرت مخاطب کی کلام سی بہے سمجہا جاتا ہی یعنی سب ایمان
لانیوالی کامل الایمان سب تہی نہیں یہ بات کو شیعونکی سر تحریک غلط ہے

ولنعم ما قال مولانا ومقتدا الناس السید عباس الشستری ادام اللہ ظلالہ ؎

ان الصحابة منهم المجهول ٭ والهالکون المهلکون الغول

ومنافقون نفاقهم مقبول ٭ عجبا من الثقاب کیف تقول

ان الصحابة کلهم لعدول ٭ مگر یہ مسلم ہی کہ یہ مذہب اہلسنت ہی

لیکن شیعہ جیسا کہ ابھی ہمنے بیان کیا کل صحابہ کو برا نہین سمجھتی بلکہ بعضے ہی

کو برا جانتے ہین خدا خیر کری آپ نی ابتدای تمہید سی فریب دیہی عوام شروع کی

اور ایسے گول باتین کہتی ہین جس سے یہی ظاہر ہوتا ہی کہ شیعہ کل صحابہ کو برا جانتے

ہین حالانکہ صفحہ ۲ ہ مین اسی کتاب کی آپ خود مقر اس بات کی ہین کہ امامیہ کی

نزدیک فضائل کی مصداق صرف وہی اصحاب ہین جنکو علمای شیعہ نی قبول

کیا ہے پھر صفحہ ۳ ۲ مین فرماتی ہین کہ مابہ النزاع درمیان ہمارے اور حضرات کی

صرف یہ امر رہگیا کہ مراد اس سی تمام مہاجرین اور انصار ہین یا نہین بلکہ خلفای

ثلثہ اسمین داخل ہین یا نہین انتہی موضع الحاجۃ پس اسصورت مین مناسب یہ تھا

کہ استمام پر بجای لفظ صحابہ کرام کی ثلثہ عظام اور خلفای نیک نام آپ فرماتی تا فریب

عوام اور تطرق ابہام اور اوہام سے آپکا کلام دور رہتا قولہ تمام امت سے

مرتبہ مین اعلی اور افضل اقول شیعہ بھی صحابہ بقبولین کو تمام امت ہی

من بعض الوجوہ اعلی اور افضل اور کاملتر جانتی ہین لیکن ویسا ہے بعض دیگر کو جو

اہل نفاق وشقاق سی تھے یا بعد ایمان کی شیطان نی اونکو طمع ریاست اور

حب دولت دنیا مین ڈالکر بمصداق اضواثم کفروا ثم ازدادوا کفرا

کی راہ دین وایمان سے پھیرا گو بظاہر مصلحۃً زبان سے لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ

کہتی ہے اونکو بہت برا اور بہت خراب جانتی ہین بلکہ کسی عاقل کی مجال نہوگی
کہ ایسونکو برا آہی بھی باقی رہا کلام تعیین اور تشخیص ابرار و فجار مین تپس بھی امر معرکۃ الآرا
بین الفریقین ہے بہت سی لوگونکو اہلسنت برا جانتے ہین اور شیعون کے
نزدیک اونکی برائی ثابت نہین ہے جیسی امثال مالکِ نویرہ کہ خنکو خلیفہ اول
نے زبردستی اہل ردہ ٹھہراکر قتل کرواڈالا اور امثال سعد عبادہ جنکی حق مین حضرت
خلیفۂ ثانی قتل اللہ سعداً فانہ صاحب فتنۃ فرماتے تھی کما فی النہایہ اور بہت
سی لوگ بالعکس اسکے ہین یعنی شیعونکی نزدیک اونکی برائی ثابت ہی اور اہلسنت
اونکو اچھا جانتی ہین قولہ درحقیقت یہی ایک مسئلہ اقول درحقیقت کل مسائل
مختلفہ فی مابین الفریقین کہ ضروریات ہر ہر فرقہ سی ہون ایسے ہی ہین تخصیص
اس ایک مسئلہ کی نصوصیت ہی کما بیناہ سابقاً اول مسئلہ مسائل دینیہ سی توحید
ہے آسمین دیکہیئے کہ کسقدر باہم اختلاف ہی اہلسنت صفات کو زائد بذات سمجھتی
ہین اور لزوم تعدد قدما سے کچھ پروا نہین کرتی اور شیعہ اسکو عین شرک جانتی
ہین اہلسنت خلافاً للنص الصریح لاتدرکہ الابصار رویت خدا کی قائل ہین اور کہتی
ہین کہ ہم خدا کو کما تقرء فی لیلۃ البدر دیکہین گی شیعہ اسکو منافی لیس کمثلہ
شیء کہ جانتے ہین اہلسنت خالق عادل کو جابر اور بندونکو مجبور سمجھتی ہین شیعہ
اسکو ظلم قبیح جانتے ہین الغرض اصولاً و فروعاً ہزارون مسئلہ مختلف فیہ ہین کہ مدار
حقیت اور بطلان ہر ایک پر ہو سکتا ہی کل حزب بالدیہم فرحون تخصیص مسئلہ صحابہ
پیکار ہی نہ شیعہ کہی تبعیت اہلبیت نبوی سے جنکو معصوم جانتے ہین اور انہین
کے منقولات پر کہ ناقلین اوسکے ہر ہر طبقہ مین ہزارہا سنی رہتے ہین عمل کرتی ہین

دست بردار ہونگی نہ سنی تعبیت ابو الحسن اشعری اور ابو حنیفہ اور امثال اونکی سے
ہاتھہ اوٹھاوینگی سے یظہر اللہ حجتہ المنتظر صلوات اللہ علیہ وعلی آبائہ الکرام باتیوالی
اللیالی والایام اللھم عجل ظہورہ واتمم نورہ ولو کرہ المشرکون انتہم یرونہ بعیداً ونراہ
قریباً قولہ اگر موافق اصول مذہب اہلسنت کی اقول اگر غرض اس عبارت
سے یہ ہی کہ ثبوت ایمان حضرات ثلثہ بنا بر اصول مذہب اہلسنت کے
ہو جائی تو شیعہ اوس اصول کو غیر معقول اور غیر مقبول جانتی ہین اور اگر غرض
یہ نہین ہے تو عبارت کی تصحیح فرمائیے کہ ابہام خلاف مقصود اوس سے رفع
ہو جاے قولہ سو اسطی اول ہم صحابہ کی فضائل اقول بنا بر اسکی ہمکو بھی ضرور
ہوگا کہ بمقابلہ اونکے ہم حضرات ثلثہ کی رذائل بیان کرین پھر خلافت غیر راشدہ
کو طایل کرین پھر وہ جواب مطاعن کا جو اہلسنت دیتی ہین کر دینگے الغرض وہ پردہ
دوستی اہلسنت آپنے سنیونکی ساتھہ بڑا سلوک کیا کہ اونکی پیرون کو فضیحت کرنیکا
ارادہ کیا جہال تو قبل ظہور تضرآپ سی بہت خوش تہی مگر شاید علمائے اہلسنت اسکو
پسند نہ کرتی ہونگی سے چو سنگ انداختی بر روی دشمن حذر کن کندرا ہست نشتے
قال المخاطب تہمقام ہدا اللہ سبل السلام دلائل عقلی صحابہ کی فضیلت مین
پہلی دلیل یہ بات سب جانتی ہین کہ جب پیغمبر خدا کو خدا نی عرب مین مبعوث کیا اور
معظمہ مین اول حضرت کو اظہار نبوت کا حکم دیا تو اوسوقت مین سب لوگ کافر اور
مشرک تہی اور آپکی عشیرہ اور قریب اور رشتہ دار اور بہائی بند اس خبر کو سنتی ہے
آپکی دشمن ہو گئے تہی اور آپکی تکذیب کرتے تہی کوئی مجنون کہتا تہا کوئی دیوانہ بتاتا
تہا نعوذ باللہ من ذلک اور جملہ برس تک باوجود دعوت اور اظہار معجزات کی

صرف چند آدمی جو چالیس سے کم تھے مسلمان ہوئے مگر تین برس کے بعد کسی قدر
جماعت مسلمانوں کی ہوئے اور دعوت عام اسلام کی علانیہ پھیلی اور ارکان دین کو
حضرت نے علی رؤس الاشہاد ظاہر کرنا شروع کیا تب انہی مکہ نے یہانتک تکلیف اور
ایذا دینی شروع کی کہ آخرکار کو چھوڑنا اور مدینہ کو ہجرت کرنا پڑا اور بعد آہستہ آہستہ
دین اسلام کی ترقی ہونی شروع ہوئی اور یہانتک قدر جلد اسلام پھیلا کہ چند سال کے
عرصہ میں سیکڑون سے ہزارون کی اور ہزارون سے لاکھون کی نوبت گئی اور جو جماعت
کی جماعت اور فوج کے فوج دین خدا میں داخل ہوگئی پس غور کرنیکا مقام ہے کہ
جن لوگون نے ابتدا دعوت میں اسلام قبول کیا اور سب سی پہلی پیغمبر خدا کی کہنے کو
سچ جانا اور اول ہی اول آپکی نبوت کو تصدیق کیا اور بلا توقف اور بلا تامل کلمہ شہادت
پڑہا اور بغیر صلاح اور مشورہ اپنی عزیزون اور رشتہ دارون کی قدیمی دین کو چھوڑ دیا
اور اپنی بھائی بندون سی علیحدہ ہوکر اول ہی اول آپکا دامن رحمت پکڑا اور اپنے
دوست آشناون سے مخالفت کرکی غایت اطاعت نبوتی اپنی دوش پر رکھا تو
ایسے لوگون کی اسلام کا جواب نہ نانک وقتمین اپنی باپ دادا کی دین کو چھوڑ کر
نئی دین مین آئے کوئی نہایت قوی سبب ہوگا ورنہ یہ بات سب جانتی ہین کہ
اپنے قدیم دین کا چھوڑنا اور نیا دین اختیار کرنا نہایت ہی مشکل ہوتا ہے اور اپنے
عیش و آرام کا ترک کرنا اور مصیبت اور ایذا مین پڑنا اور تکلیفین اوٹھانا بلا کسے
خاص سبب کی کسیکو گوارا نہین ہوتا پس اگر ہم اون اسباب کو سوچین جن سے
اول اول صحابہ نی دین قبول کیا تو صرف دو سبب معلوم ہوتے ہین یا دین کی خواہش
اور نجات کی امید یا دنیا کی طمع اور مال و دولت کا لالچ اگر پہلی سبب کو ہم تسلیم کرین

اور اونکو مانین کہ صحابہ نی اپنی نجات کی امید پر دین اسلام قبول کیا تہا اور صرف
خدا کی خوشنودی کے لئی اپنی گہر بار کو چہوڑا تہا تو ہماری وہم مین نہی یہ بات
نہین آتے کہ پہر ایسی لوگ کسیوقت مین اوس دین سی پہر گئی ہون اور کہے
اونہون نی اوس محبت کو جو ایمان اور اسلام کی ساتہہ تہی دل سی نکال دیا ہو بلکہ
ہم یقین کر سکتے ہین کہ جن لوگون نی صرف خدا کی رضامندی حاصل کرنیکی لئے
اسلام کو مصیبت اور تکلیف کیوقت اختیار کیا ہوگا اور برسون اوسی کی لئے
رنج اور دکہہ اوٹہائی ہونگی وہ کبہے اوس دین سے نہ پہری ہونگے بلکہ
مرتے دم تک اوسپر ویسے ہے ثابت قدم رہین
ہونگی اور اگر ہم دوسری سبب پر نظر کرین کہ وی لوگ دنیا کی طمع پر اور مال و
دولت کی لالچ سے مسلمان ہوئی ہون تو یہ اسے بات ہی کہ جسکی نسبت ہم وہمی
خیال ہی نہین کر سکتے اور نہ کوئی شخص جسکو ایمان اور عقل اور شرم کا پاس ہوگا
اسکو خیال کر سکتا ہے اسلئی کہ ابتداء اسلام مین جو کچہ دنیا کی طمع تہی وہ ظاہر جو کچہ
دولت و مال کے حرص تہی وہ معلوم پس ثابت ہوا کہ صحابہ کا ایمان لانا اور مسلمان
ہونا صرف نجات آخرت کی امید پر تہا اور جب اوس امید پر ایمان لانا اونکا ثابت
ہوا تو پہر اوس سے پہرنا اونکا غیر ممکن تہا یقول المتمسک بولایۃ علی بن
ابیطالب علیہ السلام جو شخص کہ متمذہب بمذہب اشعریہ ہو کیونکر وہ متمسک
بدلائل عقلیہ ہو سکتا ہی اسلئے کہ اونکو تو حسن و قبح عقلی سی انکار رہتا ہی پس اگر
آپکی عقل ناقص نے کچہہ دلایل مزخرف ایجاد بہی کئے تو بنا بر اصول المذہب قابل
اعتنا نہین ہو سکتی فوضع تقطع النظر عن ذالک پس شخص اس طول تقریر کا یہی ہے

کہ جو اصحاب اوائل زمان دعوت مین ایمان لائے ضرور ہی کہ واسطی آخرت ہی کی ایمان لای ہون
و جو لوگ کہ واسطی آخرت ہی کی ایمان لائی ہون ضرور ہی کہ مرتے دم تک اوہ دین سے پھرین
پس اگر یہ تقریر تمام ہو تو دلالت نکریگے مگر اوپر حسن وخوبی بعض صحابہ کی ولا نیکہ احقیت اور
خوبی کل صحابہ کی جیسا کہ دعوی اپکا ہے کہ کل صحابہ عدول ہین باقی رہے گفتگو
اسمین کہ ثلثہ اہل سنت اول زمانہ دعوت مین ایمان لانیوالون سے تھی پس
شیعہ اسکو مسلم ہی نہین رکھتے خصوصًا سابق الاسلامی حضرت خلیفہ اول تو کتب
شیعہ سی بالکل باطل ہے بلکہ کتب مخالفین بہی اوسکی خلاف پر شاہد ہین
شیعہ اہلبیت عصمت وطہارت سے کافی الامالی ناقل ہین کہ سات برس
تک جناب رسول خدا کی پیچھے بجز علی بن ابیطالب اور جعفر بن ابیطالب کے
کوئی نماز پڑہنے والا نتہا پہر ایمان لانیوالی سوا حضرت ابیطالب اور علانیہ حضرت
حمزہ اور عبیدہ اور ابوذر غفاری اور عمر ابن عبسہ سلمی اور زید بن حارث اور جناب
ابن الارث اور خالد بن سعید وغیرہم تھے جب اسلام کو یوما فیوما ترقی شروع
ہوئی تب اہلسنت کی شیخین نے بہی بظاہر قبول اسلام کیا اور عقل کسی عاقل
کی اسکو مستبعد نہین جانتے کہ اگر کوئی اولوالعزم کمر اوپر اولوالعزمی کی باندہے
اور اوسکا امر یوما فیوما ترقی پذیر نظر آوی تو بعضے عقلا بہی بطمع حصول مدارج
دنیوی اوسکا ساتہہ دیتے ہین بدین امید کہ ہرگاہ اوسکو کوئی ثروت اور دولت
ہاتہہ لگی تو ہمارا بہی کچہہ بہلا ہو جائیگا چنانچہ ابتدای ریاستون اور سلطنتون
مین ہمیشہ ایسا ہے واقع ہوا جیسا کہ اہل تواریخ پر مخفی نہین ہے اور
جبکہ حال عقلا کا یہ ہو فما ظنک باستفتاء الفقراء کتب مخالفین کے

خلیفۂ اول وثانی سے ہی نقل ہے کہ اوسنے کہا کہ جمہور المحدثین لم یذکروا ان
ابا بکر اسلم الا بعد عدۃ من الرجال منہم علی بن ابیطالبؑ وجعفر اخوہ وزید بن حارثہ
وابوذر الغفاری وعمر بن عبسہ السلمی وخالد بن سعید بن العاص وحباب ابن الارت
وغیرہ انتہے اب ہم بحث کرتی ہین آپکے صغریٰ اور کبرے دلیل ہین کہ دونون
ممنوع ہین لیکن صغریٰ پس اسوجہ سی کہ آپ فرماتے ہین کہ جو اوائل دعوت
اسلام مین ایمان لائے ضرور ہی کہ واسطی آخرت ہی کے لائی ہون ہم
کہتے ہین کہ لانسلم یہ ہرگز ضرور نہین بلکہ جائز ہے کہ بعضے آخرت کی واسطے
ایمان لائے ہون اور بعضی بطمع اوس دنیا کی کہ حصول اوسکا زمانۂ آیندہ مین
مرجو تھا علی الخصوص جو لوگ کہ علاوہ قرائن حال اولوالعزمی صاحب دعوت اور
حمایت رئیسان قوم وقبیلہ مثل ابوطالب اور امیر حمزہؓ وغیرہ موافقین سی بلکہ بحمیت
قومیت امثال ابولہب تک مخالفین مین سے جیسا کہ شعب ابوطالب مین کل بنی
عبدالمطلب اور کل بنی ہاشم شریک حراست جناب خاتمی آب تھی کوئی امر خارجے
بھی باعث اونکی طمع اور امید کا ہو جیسا کہ شیخین اہلسنت کیواسطے ہوا کہ کاہنین
اور منجمین یہودی اونکو خبر دے تھی کہ قریب ہی کہ ایک شخص مدعی نبوت ہو اور
امر اوسکا ترقی پذیر ہو اور جو لوگ کہ اوسکا ساتھ دین اور اوسکے دین مین درآئین
وہ معزز اور مکرم اور مخالفین اوسکے خوار اور زار ہون اور بھی حضرت شیخین کو
بشارت دی تھے کہ اگر تم دونون ایمان لاؤ گے تو تمکو ایک سلطنت مسمٰے
بخلافت حاصل ہوگے یہی وجہ ہوئی کہ شیخین کے ایمان ظاہرے لانیکے

Presented by: Rana Jabir Abbas

[illegible] اوس نے ہم اپنا یہ مضمون ہماری سمجھنے ہی
اوپر منع کلیت صغریٰ کے اب ہم یہ تقریر آخر کہتے ہین کہ صغریٰ مین لفظ ایمان جو
مستعمل ہوا اگر مراد اوس سے ایمان حقیقی ہے اور غرض یہ ہے کہ جو
لوگ اوائل دعوت مین ایمان حقیقے لائی وہ ضرور ہے کہ آخرت کیواسطے
لائی ہون تو یہ کلیہ تسلم ہے مگر خصوصیت اوائل دعوت کی نغو ہے بلکہ اوائل اور
اواخر سبکا حال یکسان ہے اور آپکی ثلثہ کیواسطے یہ کلیہ کچھ نفع نہین پہنچاتا اسلئے
کہ ایمان حقیقے اونکا اول بحث ہی شیہ اونکی ایمان کو بجز ایمان ظاہر کے
کبھی ایمان حقیقے ہونیکی قائل ہی نہین ہین اور اگر کہیئے کہ ایمان ظاہری انکے
کیا وجہ تو ہم کہین گے وہی طمع حصول دنیا زمانہ آیندہ مین جو بقرائن حال اور قبول
کاہنین ملحوظ نظر کرامت اثر تھے جیسا کہ آپ خود حملہ حیدری سے قائل ہین ؎

دگر وعظ وارشاد برین نسق	در ابطال اصنام و اثبات حق	نمودی حبیب خدای جہان
نکردی ولی کار در مشرکان	بخواندی مدام از کلام مجید	بر آن قوم آیات وعد و وعید
نمودی اثر گفتہ اش گاہگاہ	کہ بگذاشتی یک دو کس پا براہ	ولیکن نہ جملہ ز راہ یقین
یکی بہر دنیا یکی بہر دین	نباوان رسد گر بگیرد خطا	کہ دنیا کجا بود با مصطفیٰ
چنین است در نیا نہ بود آزمان	ولی بود آیندہ منظور شان	خبر دادہ بودند چون کاہنان
کہ دین محمد بگیرد جہان	ہمہ پیروانش بعزت سند	تمام اہل انکار ذلت کشند
یکی کردہ ایمان ازین رہ قبول	یکی شخص بہر خدا و رسول	اورا گر صغریٰ مین ایمان سی

مطلق ایمان مراد لیا ہے اعم اس سی کہ ظاہری ہو یا حقیقے تو ایسی ایمان عام کا اخرت
کی لئے ہونا ایسا بدیہی البطلان ہے کہ قابل ضحک صبیان اور نسوان ہے

لیکن کبریٰ آپکے دلیل کا پس آپ کہتی ہین کہ جو لوگ واسطی آخرت کے ایمان
لائے ہون ضرور ہی کہ مرتے دم تک راہ دین سے نہ پھرین ہم کہتے ہین
کہ یہی کلیتہً آپکا حیز منع مین ہے کیون نہین جائز ہے کہ ایک زمانہ مین عقل اوسکی
درست اور مزاج اوسکا صحیح ہو اور ایمان للآخرۃ لایا ہوا اور بعد اوسکے بوجوہ واسباب
خارجیہ یا داخلیہ مثل صحبت ہای بد یا غلبہ حرص وحسد یا مستی دولت وثروت یا طمع
حکومت وریاست یا عجب وکبر وغرور یا قلت صبر بر نوائب دہور یا غلبہ شہوات
نفسانی یا خنوع وفریب شیطانی طریقہ استقامت کو چھوڑکر راہ اعوجاج اختیار کری
الغرض انسان کے ایک طریقہ پر تا دم مرگ رہنے کی لئے کوئی دلیل نہین
قایم ہو سکتے ابھی چھٹی سطر صفحہ اول مین آپ خود ہی فرما چکی ہین لیکن شیطان
فی بعد ایمان کے اکثر مسلمانونکو بہکایا کیون حضرت کیا آپ جلد بات بھول جاتی
ہین نہین معلوم اس اختلال حواس کے کیا وجہ ہی اور اسقدر تناقض اور تہافت
کلام کا کیا باعث ہی اب ہم آپ سی پوچھتی ہین کہ آیا شیطان کا بہکانا مخصوص
آپ ہی کے سی لوگون کیواسطے ہی یا صدر اول مین بھی شیطان کو مدخلیت
تھی اگر تھی تو آپ کا کلیہ باطل ہو گیا اور اگر نہ تھے تو ان کی شیطانا یعتر ینے
فان زغت فاستقیمو نے کی کیا معنی ہین کما اعترف بہ فضل ابن روزبہان نے
کتابہ ابطال الباطل افسوس ہے کہ جسوقت حضرت صدیق اکبر بر سر منبر یہ ارشاد
فرماتے تھی کہ اوس شخص پر شیطان سوار ہوتا ہے تو اوسوقت مین کھڑے
آپکے دوستدارون مین سے حاضر مجلس معلی نہ تھا کہ آپکی تحقیقات کو سن کر زار
خلیفہ صاحب کرتا اور دست بستہ بصد ادب عرض کرتا کہ خلیفہ صاحب آپ غلط

فرماتی ہین ہمارے دوست سیان مہدی صاحب نی تحقیق اسکے کی ہی کہ
صدر اول کے پاس جو کلتہم فقط ایمان واسطے آخرت کی لائے ہین
شیطان کہان مداخلت سے ہے اور اسصورتمین فرمانا جناب رسول خدا کا
حق حضرت عائشہ مین قد جاءك شیطانك اور من هنا یطلع قرن
الشیطان کماے صحیح مسلم محض غلط ہوا جاتا ہے اسلئی کہ شیطان کو
وہان کیا دخل تہا اور حدیث ان الشیطان یفر من ظل عمر بھی بیکار ہے
اسلئی کہ جب کسے کی پاس شیطانکو دخل نہ تہا تو تخصیص عمر کے لغو ہوگئی اور
اگر فقط عمری سے شیطان ڈرتا تہا تو اور حضرات کی خدمتمین مشرف ہوتا ہوگا
تو بہی تخصیص صدر اول بعدم مداخلت شیطان باطل ہوگئی اور خود
مداخلت شیطان کو صدر اوّل مین بیان فرمانا ہے حیث قال فی قصة
احد حین انهزموا وتركوا الرسول ان الذین تولوا منكم یوم التقی
الجمعان انما استزلهم الشیطان ببعض ما كسبوا اور اسمین کچہ شک نہین کہ روز احد کی
فرارین مین حضرت عمر بہے تہی بلکہ خود فرماتی تہے لقد رایتنی یوم احد وانا
اعدو فی الجبل منهزما مثل اروية یعنے مین مثل مادہ بز کوہی پہاڑ و نیچے اوچکتا تہا
کما فی الدر المنثور للسیوطی ونقل عن کنز العمال لما کان یوم احد هزمنا وفررت
حتی صعدت الجبل فلقد رایتنی انزو کانی اروی یعنے روز احد ہزیمت کہائی
سبہنے اور بہاگا مین یہانتک کہ پہاڑ پر چڑہ گیا مین پس پایا مینے اپنی تئین
اوچکتا ہوا مثل بز کوہ کے انتہی پس آیہ شریفہ سی کذب حدیث ان الشیطان
یفر من ظل عمر سے ثابت ہوگیا اب ہم جواب اجمالی دیچکی پس مناسب معلوم ہوا

کہ آپکی فقرات سے شکنے بہی کرین قولہ سب لوگ کافر اور مشرک تہی اقول اس
قصہ خوانی حضرت مخاطب لاثانی سے بجز اظہار تاریخ دانی اور کوئی مطلب
نہین ظاہر ہوتا خصوصًا مقام استدلال مین بے سند باتین کہنی بجز نکسارے
کی کس چیز پر محمول ہو عالیجاہ ہو سکتا ہے کہ یہ کلیہ آپکا کہ کل آدمی کافر اور مشرک
تہے کوئی منع کرے اور کہی کہ اشال جناب امیر علیہ السلام جنکو اہل سنت
کرم اللہ وجہہ فرماتی ہین سے یعنے خداوند تعالی انی اونکی وجہ مکرم کو سجدۂ اصنام سی
بچایا مثل شیوخ کبار کی نہ کافر تہی نہ مشرک تہی اور عذر خوردسالی غیر مسلم ہے
اسلئی کہ تکلیف اعتقادی غیر تکلیف اعمالی ہے اور باوجود اسکی بعض روایات
معتبرہ دال ہین اسپر کہ سن شریف اونحضرتؑ کا پندرہ برس کا تہا اور نابر مذہب
حق ابوطالب بہی ویسی ہے تے کہ وصایای انبیائی سابقین کو تفویض جناب
رسولؐ خدا فرمایا پس علمار آل محمدؐ نہ انکو کافر جانتے ہین نہ مشرک بلکہ احادیث مین
اونکو تشبیہ بمومن آل فرعون کہ جسکی حق مین جناب باری نے یکتم ایمانہ فرمایا
ہے دلیلی ہی اور اسیطرح علمای نصاری جو مشرف باسلام ہوئی کہ جنکے
شان مین جناب باری نے فرمایا منهم قسيسين ورهبانا وانهم
لا يستكبرون ٥ واذا سمعوا ما انزل الى الرسول ترى اعينهم تفيض من الدمع مما
من الحق ہم اونکو اپنے دین کا مومن سمجہتے ہین آپ چاہین کافر کہین چاہین
مشرک کہین شاید کہ حدیث سیدالثقلین سے فی الجنۃ حق عم حضرت خدیجہ مین آپکے
نظر سبارک سی نہین گذرے الغرض کلیہ آپکا باطل ہے ہر چند ہمکو تعرض کرنا اشال
ایسے مقامات کا کچہ ضرور نتہا اسلئے کہ اصل مطلب سے ہماری ان قصہ خوانیونکو

کچھ علاقہ نہین ہے لیکن بنظر اسکی کہ آپکی لغو بیانی سب پر واضح ہو جاے بعض تقاطات
پر ہمنے تعرض اسکا کر دیا ہی قولہ اپ کی دشمن ہو گئے اقول یہ قول بہی مثل
قول سابق کے لغو ہی ہرگز سب دشمن نہین ہوئی جناب امیر علیہ السلام مثل عمر کی
کب دشمن تہے حضرت ابوطالب جو حافظ اور حارس جناب رسول خدا تہے
کب دشمن تہے حضرت امیر حمزہ جسنے امثال ابوجہل کے موچھون مین شیمہ لموایا
کب دشمن تہے حضرت سلامت ذرا بہی تو شہاب تیز گام زبان کو لگام دیجیے
شتر نے مہار ہونا مناسب نہین ہی اپنے خصم کی سامنی بات سمجہہ بوجہہ کے
مونہہ سی نکالیے قولہ کوئی مجنون کہتا تہا کوئی دیوانہ بناتا تہا اقول مجنون اور
دیوانہ کہنے والی خود مجنون اور دیوانے تہی عقلا اوس زمانی کی حجت ہی شافیہ
کو سنتی تہے اور معجزات کو دیکہتی تہے اور ایمان بصدق دل لاتی تہی کو لیے
لوگ قلیل ہون مثل سلمان اور ابوذر و مقداد و عمار تا سر و غیرہم کے قلیل من
عبادی الشکور قولہ دعوت عام اسلام کی علانیہ ہوتی اقول اس تقریر دلپذیر
صاف ثابت ہی کہ بیشتر اس سے دعوت علانیہ نہ تہی بلکہ باستار من الاشرار
سیاسن اشد الکفار تہے اور یہی اخفا اور استتار مثل استتار فی الغار کی قسمے
از تقیہ ہی جسکے نام سی آپ کی طبیعت جل بن کر خاک ہو جاتی ہے اور چند
نیز واویلا اوچہل کے آپ زمین پر گرتے ہین اگر یہ بات مینی سچ کہی تو برا مانیے
کہ آپ نی مونہہ کی مہل شوکر کہائی اور اگر آپ کی سمجہہ مین خلاف واقع ہے تو
قصور معاف کیجیے کہ اپنی اپنی سمجہہ ہے قولہ بلا تامل کلمہ شہادت پڑہا اقول
ظاہرا یہ ایمان لانا اون بزرگون کا بہی مثل فلتہ بیعت بکری واقع ہوا تہا

جسکے حق مین خود حضرت عمر جوانی اس فلتہ کی سے تھے فرماتی ہین فمن عاد الے
مثلہا فاقتلوہ کما فے صحیح البخاری والنہایہ والملل والنحل وغیرہ ورنہ بی غور و تامل
کسے امر کا اختیار کرنا دلیل سفاہت ہی خداوند تعالی حکم فرماتا ہے کہ حقیقت
دین مین غور و فکر کرو قل انما اعظکم بواحدۃ ان تقوموا للہ مثنی و فرادی ثم
تتفکروا ما بصاحبکم من جنۃ فکر و تامل موجب ایمان تحقیقے ہی کہ وہ زوال پذیر نہین ہی
اور جو شخص کہ دین تحقیقے نہین رکھتا ہو اوسکو مثل حضور والا کی ایک دین سے
طرف دوسری دین کے بدل جانا کچھ بات نہین ہے ظاہر اصحابہ مرتدین کا
ایمان مثل آپ ہی کی ایمان کی ہوگا کہ اونہون نے بلا تامل و فکر اختیار کیا تہا ہی
وجہ سی وہ راہ دین سے بہت جلد پھر گئی کونکی تشخیص اور تعیین مین ہمارے
آپکی اختلاف ہی آپ اہل ردہ کو کہتے ہین اور ہم دوسرون ہی کو کہتے ہین
والعاقل تکفیہ الاشارہ قولہ کوئی نہایت قوی سبب ہوگا اقول قوت اور
ضعف سبب سو قوف اوپر استعداد کی ہی جیسی استعداد ہے ویسا ہی اوسکی لئے
سبب چاہئی اور وہ بہی ہر شخص کیواسطی مختلف ہی کیسکو ہتیاس بت جیسی اکثر متصرین
کو کسیکو طمع مال و منال دنیا کسیکو طمع عزت و منزلت کسیکو طمع ریاست و حکومت
کسیکو طمع آخرت پس جیسا مادہ اور جیسی استعداد قوی ہوگی ویسا ہی سبب ضعیف کافی
ہوگا اور جسقدر کم ہوگی اوسیقدر سبب قوی کی احتیاج ہوگی پس ہر شخص کی لئے
سبب قوی کی ضرورت نہین ہی یہ بہی فرمانا آپکا غلط ہوا قولہ نہایت ہی مشکل ہوتا ہے
اقول مگر آپکی سی متلون المزاج کو تو کچھ مشکل نہین نظر آتا ہی بہت سی سفہا کو دیکہا کہ دن
رات مثل گرگٹ کی رنگ بدلتی رہتے ہین جسطرف کچھ بہی منفعت دنیا اور خواہش

نفسانی کے موافقت پائی اوسطرف تعالی کے یکین کیطرح جھک پڑی ہرچند
زبانسی نکالنا ترک ادب ہی مگر شیعونکا گمان جو آپکی نزدیک سراپا باطل ہے
حق خلفای راشدین مین ایسا ہے ہی چنانچہ خطبۂ شقشقیہ مین کہ باقرار مجدالدین
فیروزآبادی وابن اثیر وغیرہ کلام جناب امیر علیہ السلام ہے بیان عہد عمری مین
مذکور ہی فمنی الناس لعمر اللہ یحیط بقولی ویتمایس وتلون واعتراص آور بہی مشکوۃ شریف
اور نہایہ ابن اثیر اور ازالۃ الخفا مین حدیثین میلان حضرت خلیفۂ ثانی کی طرف
یہودیت ونصرانیت کی مذکور ہین کہ ایک نسخہ من التوراۃ لاتی تھے اور جناب رسول خدا
کو پڑہکر سناتی تھے کہ جس سی رنگ چہرۂ مبارک غیظ وغضب سی متغیر ہوجاتا تہا اور
فرماتی تہی والذی نفس محمد بیدہ لو بداء لکم موسی فاتبعتموہ یعنی قسم ہے
اوسکی کہ جان محمد جسکے قبضۂ قدرت مین ہی اگر حضرت موسی علیہ السلام تمہاری
واسطی ظاہر ہون تو ہر آئینہ تم متابعت اونکی کروگی اور کبہی خدمت اقدس مین
عرض کرتی تھے کہ ہمکو احادیث یہود بہت پسند آتی ہین اگر آپکی رای مبارک مین
آئی تو ہم اسمین سے کچہ لکہین اور جناب رسول خدا جواب مین فرماتی تہی انتہوکون
انتم کما تہوکت الیہود والنصاری بعد ما جئتکم بیضاء نقیۃ
ولو کان موسی حیا ما وسعہ الا اتباعی فی النہایۃ التہوک کالتہور ہو الدخول
فی امر بغیر روئیۃ یعنی بے سمجہی اور بی سوچی کسے باتکو اختیار کرنا وقیل التہوک
التحیر ویقضون فی تفسیر تہوک بہ تحیر کی ہے الحاصل وہ حضرت فرماتی تہی کہ تم لوگ
مثل یہود ونصاری متحیر ہو یا بی سمجہی بوجہی سے چلتے ہو آیا مین تمہاری واسطی طریقہ پاکیزہ
روشن نہین لایا ہون اور اگر حضرت موسی آج زندہ ہوتی تو بجز پیروی اطاعت ومتابعت

کی اونکو چارہ نہوتا و فی النہایۃ فی حدیث آخران عمر انی لصحیفۃ اخذتہا من بعض اہل
الکتاب فغضب رسول اللہ وقال امتہوکون فیہا یابن الخطاب بالجملہ متزلزل الایمان
ہونا خلیفہ ثانی کا اسی سبب سی تہا کہ بی فکر و تامل ایمان لای تہی اگر ایمان مین
ثابت القدمی ہوتی تو ہزار موسیٰ آتے تو اونکا قدم نہ ہٹتا حالانکہ جناب رسول خدا
بقسم شدید فرماتے ہین کہ اگر موسیٰ ظاہر ہوتی تو تم بیشک ملت اسلام بیضا نقیہ
کو چھوڑ دیتی او یہودیت کو اختیار کرتے علاوہ اسکی تزلزل ایمانی حضرت
خلیفہ ثانی تو ماجرای روز حدیبیہ سی علی مانے الصحاح والسیر خود اونکی اقرار
سی ثابت ہی کہ فرماتی تے کہ جیسا کہ شک آج مجکو نبوت مین ہوا ایسا کبھی
نہین ہوا اس سی صاف ظاہر ہی کہ شک ہمیشہ تہا مگر اوس روز زاید بڑہ گیا تہا
کما نقل عن زاد المعاد للعلامۃ ابن القیم اور عجب تر شارح نووی سی ہے کہ قول
عمر کو نقلت است رسول اللہ فرماتی ہین کہ یہ کہنا از راہ شک نہ تہا بلکہ از راہ غیظ و
غضب بہ رد دین تہا سبحان اللہ خود قایل تو اقرار کری کہ مجکو شک ہوا اور اونکے
مخیین فرماوین کہ شک نہین ہوا وہی مثل صادق ہی کہ مدعی سست گواہ چست
کیا دینداری ہے کہ فعل رسول اللہ موجب غیظ و غضب ہو بہر کیف اب خدا کو
حاضر و ناظر جانکی فرمایئے کہ ایسی طبیعت اور مزاج والونکو ایمان لانا اور ایمان سے
پہر جانا کون مشکل بات ہی کہ جسکی لیے سبب قوی کی آپ خواہان ہین قولہ تو صرف
دو سبب معلوم ہوتی ہین اقول کوئی دلیل عقلی او نقلی انحصار پر قایم نہین ہوتی
کیون نہین جائز ہے کہ سفاہت اور تلون طبعی باعث اسکا ہوا ور کیون نہین جائز
ہے کہ دیگر اسباب خارجیہ یا داخلیہ سبب ہون کما مر قولہ صحابہ نی اقول

اگر مراد صحابہ سی کامل الایمان مثل ابوذر و سلمان ہین تو ایمان لانا اونکا اور انکار اسطی آخرت
کی مسلم مبنی الغیر یقین سے ہے اور اگر مراد وہ اصحاب ہین جو ہمیشہ متزلزل الایمان رہے
اور مصداق امنوا بافواههم ولم تؤمن قلوبهم و لما یدخل الایمان فی قلوبهم
کی تھے تو اصل ایمان ہی اونسی منتفی ہی فضلا عن کونه للاخرة قولہ تو ہمارے
وہم مین بھی یہ بات نہین آتے اقول واہمہ خلاق صور باطلہ ہی اور یہ توہم اپکا
سراسر باطل ہے عقل عقلا حکم کرتی ہے اسبات کا نہ فقط حکم صحیح امکانی بلکہ حکم
وقوعی اتفاقی کہ اکثر ہوا کہ ایمان لانیوالون اور ایذائین اوٹھانیوالون نی بخواہشہاے
نفسانی و بخوای شیطانی ۔ او ایمان کو چھوڑا اور طریقہ خبث سی مونہہ موڑا اور
مستحق دخول نار او وسایین دار البوار سی ہوئے ففی صحیح المسلم عن ابی ہریرة
ان رسول اللہ قال ان الرجل لیعمل الزمن الطویل لعمل اہل الجنة ثم یختم عمله بعمل اہل
النار و ان الرجل لیعمل زمن الطویل لعمل اہل النار ثم یختم عمله بعمل الجنة کبھی شیاطین عین
باعث اسکی ہوئے کہ تمام عمر کی مخلصین اور متقین اور عبادتین مرتے دم بی کار
ہوگئین چنانچہ قصہ برسیسا اسپر شاہد ۔ ل ہی اور کبھی شیاطین انس باعث اسکی
ہوئے چنانچہ بنی اسرائیل کہ ایذائین اوٹھانا اونکا حضرت موسیٰ کیواسطے
اوذیا من قبل ان تاتینا و من بعد ما جئتنا سی ظاہر ہی ایک فقرہ
سامری سے کہ ہذا الھکم و الہ موسیٰ ففسے دین حضرت موسیٰ سے یکبارہ برگشتہ
ہوگئی اور حضرت ہارون کے قتل پر مستعد ہوگئی جیسا کہ جناب باری نی فرمایا ہے
یا بن ام ان القوم استضعفونی و کادوا یقتلوننی پس اگر اسیطرح جناب امیر
علیہ السلام کہ صاحب منزلت ہارونی تھے فرماوین یا بن ام ان القوم استضعفونی

تو کونسا امر خلاف عقل و نقل لازم آتا ہے حالانکہ آپکی صحاح مین موجود ہی یکون
سے فی ہذہ الامۃ کلما کان سے فی بنی اسرائیل حذو النعل بالنعل والقذۃ بالقذۃ
اور صحیح مسلم اور صحیح بخاری مین یون ہے لتتبعن سنن الذین من قبلکم شبرا بشبر و
ذراعا بذراع حتے لو دخلوا فی جحر ضب لاتبعتموہم قلنا یارسول اللہ الیہود والنصاریٰ
قال فمن و فی النہایۃ لترکبن سنن من کان قبلکم حذو القذۃ بالقذۃ
ای کما یقدر کلو احدۃ من ریاش السہم علی قدر صاحبتہا و تقطع فیضرب مثلاً
للشیئین یستویان لاتفاوت بان سے خلاصہ جو بنی اسرائیل مین واقع ہوا اور جو اگلی
امتون نی کیا وہ سب یہ امت بہی کریگے یہانتک کہ اگر وہ لوگ داخل سوراخ سوسمار ہونگی
ہونگی تو یہ امت بہی داخل ہوگے الغرض اگلی امتون کے ساتہہ یہ امت ایسی
مساوی ہے جسطرح ایک جوتی کے مقابل دوسرا جوتہ ہوتا ہی اور ایک پر تیر کی
برابر دوسرا پر تیر ہوتا ہے اور حذو النعل بالنعل اور حذو القذۃ بالقذۃ ایک مثل
ہی کہ دو شی مساوی مین بولے جاتی ہی جسمین کچہ تفاوت نہو اور بعض طرق حدیث
مین ہے غیر انی لا اعلم اتعبدون العجل من بعدی ام لا یعنی جو بنی اسرائیل
نی کیا وہ تم سب کروگی بجز اسکے کہ مجکو معلوم نہین کہ تم بعد میری گوسالہ پرستی بہی
کروگی یا نہین حضرت سلامت گوسالہ پرستی کا حال تو معلوم نہین مگر ہمین کچہ شک
نہین کہ اس امت نی گاو کہن سالہ پرستی کے باغوای سامری اس امت کی اور
صفدر کا لڑنا حضرت یوشع سے معروف اور مشہور اور کتب تواریخ مین مذکور ہے
مثل جنگ جمل کے کہ مفضح جمال باکمال افعال مخدرات حجال اور مشبرجات علی الجمال
ہے فقط و تذکر قولہ اور برسون اوسکی پیچہے رنج اور درد کہہ اوٹہائی اقول ان

برسونکی مدت کبھی اون برسونکی مدت سی نہین شیطان نے رنج وتعب عبادت خدا
مین اوٹھای ہین نہین بڑے ہوگی رنج بمشقت حضرات ثلثہ اگر بارہ برس تک
تہا تو شیطان کا رنج وتعب عبادت بارہ ہزار برس کا تہا تو یہ بات آپکی توہم
مین سنے نہ گذرتی ہوگی کہ شیطان کبھی فرمان خالق انس وجان سی جسکے
رضامندی کیواسطی ہزارون برس کے عمر عزیز کو رنج وتعب عبادت مین ضایع
کیا ہو پھر کیا ہو قولہ مرتی دم تک ثابت قدم رہی اقول اسبات مین ہم بھی آپکے
موافقت اسکتی ہین کہ جسقدر دین کو اونہون نے دنیا کیواسطی اختیار کیا تہا مینے
بظاہر کلمہ شہادتین پڑہنا اوسپر مرتی دم تک باقی رہی اور کیونکر نہ باقی رہتی حالانکہ
حصول سلطنت مسمی بخلافت اوسی پر موقوف تہی لیکن کلام اوس ایمان سی تعلق
مین ہے جو موجب نجات آخرت ہوتا اوس ایمان مین جو موجب حصول دنیا
ہو بہ اتفاق مفسرین اہلسنت رئیس مرتدین وغاصب الدنیا کی حضرت
خلیفہ اول سے تھے کہ جنکی تجہیز مبارک سی اسارای بدرسی ہدیہ لیا گیا گور واہ کفن مین
سے واسطی چھپانی عیب خلیفہ صاحب کی جناب رسول خدا کو بھی سمیٹ لیا ہوگا
تمیز دینی والی نیک وبد مین جھوٹہ اور سچ کو بخوبی سمجھ لیتے ہین پس جس شخص کی
طمع مال دنیا پر خدا گواہی دے تو اگر آپکی ایسے لوگ ہزار شہادت علی الفور
اوپر عدم طمع دنیا کی دین تو ہم کب انمین سے ومن اصدق من اللہ قیلا
قولہ فرضی خیال بھی نہین کرسکتے اقول ہم بھی ہرگز فرضی خیال نہین کرتے اور
نہ کوئی شخص جسکو ذرا بھی عقل وایمان وشرم کا پاس ہوگا وہ فرضی خیال کرے گا
بلکہ صاحبان عقل وایمان واقعی خیال کرتے ہین کہ ایمان حضرات ثلثہ فقط بہ طمع

بیضہ دنیا تہا اور جو شخص کہ فقط ماجرائی روز شقیفہ کو بنظر انصاف صحیح بخاری وغیرہ مین دیکھی
اوسپر صبح صادق سے روشن تر ہوگا کہ یہ تخالف اور تشاجر صحابہ کا باہم تہا مگر
مگر بطمع حرص دنیا کہ ایک کہتا ہی مین امیر ہونگا دوسرا کہتا ہی کہ نہین مین امیر ہونگا
تیسرا کہتا ہی تمکم امیر و منا امیر اور کوئی کہتا ہی نحن الامرآء وانتم الوزراء کچہ لوگ
کہتے ہین کہ ہم انصار مستحق خلافت ہین کچہ لوگ کہتی ہین کہ ہم مستحق ترہین کہ مہاجرین
اور قریشے ہین آپس مین لڑنا اور منصوص خم غدیر کا کچہ ذکر بہی نکرنا اور باوجود اوس
لیاقت اور اہلیت و علم و فضل و زہد و ورع و شجاعت اور جانفشانیونکی رواج دین
مین اونکو خبر تک نکرنا اور نعش مطہر جناب رسولخدا کو بی غسل و کفن چہوڑنا اور شریک
دفن و کفن نہونا اور قبل اسکے تخلف جیش اسامہ سی کرکے اپنی تئین مورد لعن خدا
اور رسولؐ کرنا اور بعد اسکی غصب فدک کرنا اور بضعۂ رسولؐ کو ستانا اور جہٹلانا جیسا
کہ اکثر کتب معتبرۂ صحاح اور غیر صحاح اہلسنت مین مذکور ہی اور کسی قدر ابتدای کتاب
ملل و نحل مین کہ کتب معتبرۂ اہلسنت سی ہے اسکا ذکر ہی الغرض یہ سب حالات
شقاوت دلالات نہتی مگر وہ اہلی طلب زخارف دنیویہ کی اور بطمع ریاست و حکومت
اور نہ تہا یہ مگر تکالب اور حیفۂ دنیا کی کمال حرص جیسا کہ جناب رسولؐ خدا نے پیشتر سی خبر
اسکی دی تہے اور فرمایا تہا ستحرصون علی الامارۃ وستکون ندامۃ یوم القیمۃ
کما فی صحیح البخاری یعنے قریب ہی کہ تم لوگ امی صحابہ حرص امارت کی کروگی اور وہ
امر تمہاری لئی روز قیامت موجب سراسر ندامت ہوگا انتہی حال قیامت تو روز قیامت
معلوم ہوگا مگر ثمرۂ دنیاوی تو آپ خود دیکہتی ہین کہ زبان ایک خلایق کثیر کی جنکے عدد
لاکہون سی متجاوز ہین جن نفوس نے اونکی حق مین گویا ہی آپ پر مخفی نہین ہی قولہ

اسلئی کہ ابتدا اسلام مین اقول اگر یہ غرض ہے کہ ابتدای اسلام مین جمع مال و دولت
دنیای موجودہ تھے تو مسلم ہی لیکن انحصار طمع کا طمع دنیای موجود مین غیر مسلم ہی سبب
جناب والا حفظ قانون تحصیلداری او ڈپٹی کلکٹری مین اوقات عمر عزیز کو ضائع
کرتے تھے او سوقت مین یہ تحصیلداری موجود تھی نہ ڈپٹی کلکٹری اور اگر غرض یہ ہی کہ
طمع مال و دولت دنیائی مرجودہ الحصول سے نہ تھی تو غیر مسلم ہی بسا ہی کہ انسان
اپنے تئین تعب اور مشقت مین ڈالتا ہی بطمع حصول دنیا زمانۂ آیندہ مین کو وہ قطعی
وطنی نہو بلکہ موہوم ہو پس اس امید پر کیا کیا زحمتین اوٹھاتا ہے اور مشقتین کھینچتا ہی
فما طلتک اذا کان نظرنا بقرائن الحال و تقرونا بمقالات الکہنۃ المخبرین عن تمایطمع
فی المآل من الاموال کما مر قولہ پس ثابت ہوا کہ صحابہ کا ایمان لانا اقول
ہمنی جو تقریر دلائل مخاطب مین بیان کی اوس سے بخوبی ثابت ہوا کہ ایمان
ظاہری ثلثہ کا اور شہادتین زبان پر جاری کرکے بظاہر مسلمان ہونا فقط بطمع حصول
دنیا زمانہ آیندہ مین تھا جب اس امید پر ایمان ظاہری لانا ثابت ہوا تو پھر
اوس سے پھرنا اونکا غیر ممکن تھا اس لئے ایمان ظاہری نہ طرف ایمان حقیقی کی
پھری نہ طرف کفر ظاہری کے فتامل حتی یتبین الیقین والحمد للہ رب العالمین ۔

قال المخاطب المقام ہداہ اللہ سبل السلام

دوسری دلیل جبکہ ہم خلفائی راشدین اور مہاجرین و انصار کی حالات پر نظر کرتے
ہین اور اونکی چال و چلن پر خیال کرتے ہین تو اوس سے ہمکو یقین کامل ہوتا
ہے کہ وہ قدم بقدم اپنی پیغمبر کے چلتی تھی اور حرص و ہوا کو کسی کام مین دخل
نہ دیتی تھے اور شب و روز خدا اور اوسکی رسول کے رضا کی طالب رہتی تھی

اونکی دشمن بھی اس سے انکار نہین کرسکتی کہ اونہون نی حضرتؐ کی رفاقت کا حق نہایت
خوبی سے ادا کیا اور اپنی جانون اور مالون کو نہایت خوشی سے حضرت پر فدا کیا
کونسی مصیبت تھی کہ جو کفار نی اونکو نہین دی کونسی تکلیف باقی رہگئی کہ مشرکین
نی اونکو نہین پہنچائی جب کفار نی پیغمبر خدا کو ستانا اور ایذا دینا شروع کیا اوسوقت اصحاب
نبیؐ نے کیسی حمایت اور رفاقت کی اور دعوت اسلام مین کیسے سعی بلیغ فرمائی
جب عرب عامۃ اور قریش خاصۃ حضرت کی ایذا دہی پر مستعد ہوگئی اوسوقت یارون نے
خود اسپر وی ساختہ از شرب عشق چہ بادہا کہ نخوردند و چہ مستیہا کہ نکردند و ہرگاہ کہ آنجناب
بہجرت و ہبلد ما مور شد اصحاب وی در مقابلہ کفار چہ رنجہا کہ نہ کشیدند و چہ غمہا کہ نہ چشیدند
پس اگر خدا اور اوسکی رسول کی محبت اون لوگون کو نہ تھی تو کیون اپنے جانون
اور مالون کو تلف کرتی تھے اور کیون نقصان اور مصیبتین اپنی اور پر اوٹھاتی تھی
سوچنا چاہئی کہ مہاجرین کو کسکے عشق نے گھرون سی نکالا انصار کو کسکی محبت نی
دیوانہ کیا آخر اے رنگین کہ کردی پنجہ مژگانم انچنین لعل و گہر کہ ریخت بدامانم انچنین +
مین حضرات شیعہ سی پوچھتا ہون کہ صحابہ کبار اور مہاجرین و انصار مصیبت اور رنج
کیوقتین حضرت کی شریک ہوی یا نہین اور مال اور جان اور عزت اور آبرو کو آپ
پر نثار کیا یا نہین حضرت کی پیچھے اونہون نے اپنی عزیزون اور قریبونکو چھوڑا یا
نہین اسلام کی پھیلانی مین اونہون نی تکلیف اور ایذا پائی یا نہین پس یا ایسے
بدیہیات سی انکار کیجئے یا اقرار چونکہ انکار ہی نہین سکتی اسلئی لازم آیا کہ اقرار کرین
اور اگر اونکی محنتون اور کوششون کا اقرار کرین تو پھر ذرا انصاف بھی کرین
کہ جسکی پیچھے اونہون نے یہ تکلیفین گوارا کی ہونگی اوسکی نگاہ مین کیا کچھ بے

قدر و منزلت اونکی نہوئی اور جسکی خاطر اونہون نے اپنی گہر بار کو چھوڑا ہوگا اوسکے
دلمین کچھ بھی محبت اونکی نہوگی آہی یا تو کما حقی و تنہی سے کی تم سے کہ اگر
مصیبت کیوقتون کوئی تمہارا شریک ہوا اور دکھہ درد مین کوئی تمہارا
ساتھہ دی اور اپنی جان سے بندونکو پیاری تمہاری ہووے اور اپنے
جان و مال کو تمہاری سپر بنا سکے تو تمہاری نگاہ مین اوسکی کیا عزت اور
تمہاری دل مین اوسکے لئے کیا محبت ہوگی یا نہین اگر ہوی تو بھی مہاجرین و انصار
کی نسبت حضرت کیطرف سے سمجھو اور انصاف کرو کہ جسوقت لوگ چاروطرف سے
یا ساحر یا مجنون کہکر آپکا دل دکھاتی ہونگے اوسوقت جو لوگ یا رسول اللہ اور
یا حبیب اللہ کہکر آپ کو پکارتی ہونگے اور بابہ خویش و اقارب آپکی آپکو ستاتی
اور تکلیف دیتی ہونگے اوسوقت جو لوگ اپنا سینہ سپر کرتی اور حضرت کو بچاتی
ہونگی اونکی اس اعانت کی کیا کچھہ قدر و منزلت آپکی نزدیک ہوتے ہونگے
آہی یا رو انصاف کی آنکھہ سے دیکھو تو صحابہ کرام کے مرتبہ کی کوئی انتہا نہین ہی
کون شخص اس دنیا مین ایسا ہی کہ اب اونکی مرتبہ پہنچی اور اونکی سا درجہ پاسکی
کہان ہین اب رسول خدا کہ وہ دعوت کرین اور اونکی کنبہ قبیلہ کے لوگ اونکو
جھٹلاوین اور ہم مین سے کوئی سامنے آکر صدقت یا رسول اللہ کہکر آپکی دل کو
خوش کرے کہان ہی وہ وقت کہ پیغمبر مدینہ ہجرت کرین اور غار مین جاکر چھپین اور
کوئی ہم مین سے اوسوقت ساتھہ ہوئی اور یا رغار کہلاوے کہان ہی وہ زمانہ
کہ فقط آہ مہاجرین کو لیکر حضرت مدینہ مین پہنچین اور مدینہ والی اپنے اوپر مصیبت
گوارا کرکی اونکو اپنی گہرونمین ٹہرائین اور انصار کہلاوین کیا اب پھر وہ دن

مل سکتے ہین کہ پیغمبر خدا بدر کی لڑائی پر جاوین اور ہم لوگ حضرت کی ساتھ
ہون اور ہماری مدد کے لئے خدا ملائکہ کو بھیجے اور لقد رضی اللہ عنہم کہکر
اپنی رضامندی ظاہر فرماوی اسے بائیسوہ زمانہ گذر گیا وہ وقت باقی
نہین رہا جنکو یہ نعمت ملنے والی تھی اونکو مل گئے جنکو یہ دولت حاصل
ہونیوالی تھی وہ مہاجرین مین داخل ہوگئے انصار مین شامل ہونیوالے تھے
وہ انصار مین شامل ہوچکے اب ہزار جان نثار کو کیسے نثار کری مگر والسابقون
الاولون من مہاجرین والانصار کی فضیلت پا نہین سکتا تمام جہان کے
دولت کوئی اٹھا وی مگر اصحاب بدر یا یاران بیعت الرضوان مین داخل نہین ہوسکتا
ان دولتون کو لینے والی تھی ان نعمتونکو تمنوالے لوٹ لی گئے ہے
حریفان باد اخورہ ندورفتند ہے تہی خمخانہا کردند ورفتند
ی یارنبی لوگون نے بلاواسطہ پیغمبر خدا سے تعلیم پائی اور جن شخصون نی خود
صاحب شریعت سی ہدایت حاصل کے کیونکر تمہاری دلمین اونکی محبت اور
تمہاری نظر مین اونکی قدر ومنزلت نہین ہی کیا تمہاری عقل اسکو قبول کرتی ہی کہ
امون ہزارون لاکھون آدمیونمین جو برسون پیغمبر صاحب کی صحبت اور رفاقت
مین رہے کیسکی دل پر ایمان کامل کا اثر نہوا اور اون بیشمار آدمیون مین جو نمازون
اور جہادون مین حضرت کی شریک رہی کوئی اسلام پر ثابت قدم نرہا باوجودیکہ حضر
اور سفر مین آپکی ہمراہ رہی شب وروز اپنی کانون سے وعظ ونصیحت سنتی رہی
اپنی آنکھون سے جبرئیل کا آنا وحی کا لانا دیکھتے رہی لیکن اپنی نفاق اور کفر سی
العیاذ باللہ منہ باز نہ آئی کوکہ حضرت نی طرح طرح کے معجزے اونکو دکھلائے

انواع انواع کے دعائین اونکی حق مین فرمائین لیکن نہ کسے معجزہ کا اثر ہوا نہ کوئی دعا اونکے حق مین مقبول ہوئی بلا انصاف کرو کہ کوئی مسلمان ایسا عقیدہ رکھیگا اور اپنی پیغمبر کی شانمین داغ لگاویگا اور اوسکی تمام شاگردون اور کل مریدونکو کافر اور مرتد کہیگا ذرا تو سوچو کہ اگر کسی عالم کے تمام شاگرد جاہل رہین اور کسے امیر کی مصاحب سب کی سب بدچلن ہون اور کسی ولی کے مرید کلہم اجمعین فاسق و فاجر ہون تو کیا اوس سے کچھ بدظنی اوس عالم اور اوس امیر اور اوس ولی کی نسبت لوگونکو ہوگے بیشک ضرور ہوگی پس اسیطرح پر تمام صحابہ کی کفر اور ارتداد پر اعتقاد رکھنا در پردہ حضرت کی نبوت مین داغ لگانا ہے نعوذ باللہ من ذالک نقول التمسک بولایۃ علی بن ابیطالب یہ دلیل عجیب و غریب دلیل ہی کہ جسکا صغری و کبری و نتیجہ کا پتہ نہین ملتا ہے تقریر عاسیانہ ہی سنتے اور اقناعیات امر دعاوی بلا دلیل کی کاش صغری و کبری منطق کے بھی دیکھہ لی ہوتی کہ ایسے تقریر مختل النظام واقع نہوتے بعد بہت فکر و غور کے محصل تقریر یہ معلوم ہوا کہ بدیہیات سی ہے کہ ثلثہ اور کل مہاجر و انصار تربیت جناب رسول خدا مین کامل تھی اور نہایت سختیان اور شقتین راہ خدا مین اوٹھائین اور خود رسول خدا سے تعلیم پائی اور جو ایسے ہون وہ منافق اور مرتد نہین ہوسکتی نتیجہ یہ کہ خلفای ثلثہ اور مہاجر و انصار مرتد اور منافق نہین ہوسکتے جواب اجمالی یہ ہی کہ بداہت نہین ہے مگر بداہت وہم کہ جسکا منشا سفاہت یا غباوت فہم ہے جس مسئلہ مین آج بارہ سو برس سے ہزارون عقلا اختلاف کرتے چلی آتے ہین اگر وہی بدیہی ہے

تو پھر نظری کس جانور کا نام ہے خطاب والا شیعہ کسی مقدسہ کو اپکی مقدسات دلیل
سے مسلم نہین رکھتے نہ تو اسکو مانتی ہین کہ آپکے تلمذ متابعت جناب رسولؐ خدا
مین کامل سمجھتے بلکہ اونکو متابعت حرص و ہوس مین کامل سمجھتے ہین نہ اسکو
مانتی ہین کہ اونہون نے راہ خدا مین کچھ اذیتین اوٹھائین بلکہ جو اذیتین اوٹھائین
راہ طلب جیفۂ دنیا مین اوٹھائین چنانچہ جناب رسولؐ خدا کی سامنے اموال
غنائم سے متمتع ہوئے اور بعد اونکی بہ تکرامی حق اونکی اولاد کا چھینا اور نہ اونمین
تعلیم جناب رسولؐ خدا کا کچھ اثر ہوا اور نہ اونہون نے مثل ابوجہل و ابولہب کے
معجزات کی دیکھنے سے ہدایت پائی و نعم ما قال الجامی سے آنکہ اورا وحی بہ بہبودی
ننداشت ۔ دیدن وی ہیچ سودی نداشت ۔ اور نہ شیعون کا اعتقاد بہ نسبت کل
مہاجر و انصار کی ایسا ہے کہ کالہم سوء مجیر و خوف و حسن عاقبت ہین کما قال
التفتازانی فی شرح المقاصد لیس کل صحابی معصوما و لا کل من لقی النبیؐ بخیر
موسوما اری بعض کی بہ نسبت ایسا سمجھتے ہین کہ وہ مدارج عالیۂ ایمان اور ایقان
پر فائز ہوئے ولاکن قلیل ما ہم لیس لثلاثتکم منہا نصیب پس اگر مراد موضوع کبریٰ
سے ایسی لوگ ہین تو البتہ وہ منافق اور مرتد نہ تھے لیکن اس صورت
مین صغریٰ غیر مسلم ہے اور اگر مراد ویسی لوگ ہین یعنے طالبین جیفۂ دنیا تو کبریٰ
غیر مسلم ہے اور اگر محمول صغریٰ مین ایسے اور موضوع کبریٰ مین ویسی یا بالعکس مراد
ہین فلم تتکرر الاوسط اب ہم آپکی فقرات شکنی سے فقرات پشت اعادی اہلبیتؑ کو
توڑتے ہین قولہ جبکہ ہم خلفاے راشدین اقول جبکہ ہم خلفائی غیر راشدین
اور اکثر انصار و مہاجرین سکے حالات پر نظر کرتے ہین اور اونکی چال و چلن پر

جو خود جناب رسول خدا اور اونکی اہلبیتؑ کے ساتھہ کیا خیال کرتے ہین تو اور کے
ہمکو یقین کامل ہوتا ہے کہ وہ ہر ہر قدم راہ مخالفت پر چلتے تھے اور اپنے
حرص و ہوا کو ہر ہر کام مین دخل دیتے تھے اور شب و روز خدا و رسول کے راہ
رضاے بارب اور جیفۂ دنیا کی طالب رہتے تھے اور اونکی دوست بھی جب اپنے
صحاح کو بنظر انصاف دیکھین تو اس سے انکار نہین کرسکتی اور بہت سی آیات
اور روایات اسپر شاہد ہین بمقتضاے مالا یدرک کلہ لا یترک کلہ بعض کیطرف اشارہ
کیا جاتا ہی پس مہاجرین و انصار مین سے ہین وہ طالبین دنیا جنکی شان جلالت
نشان مین تریدون عرض الدنیا واللہ یرید الاخرۃ خداوند عزوجل فرماتا ہے
یعنی اے صحابہ پیغمبر تم لوگ خواہان مال دنیا ہو اور خدا چاہتا ہی ثواب آخرت کو
کما مرت الاشارۃ الیہ آنفا اور پھر فرماتا ہے منکم من یرید الدنیا و منکم
من یرید الاخرۃ یعنی ای صحابہ تم سے بعض طالبین دنیا ہین اور بعض طالبین
آخرت ہین اب ہم آپ سی پوچھتی ہین کہ جن لوگون کے آپ مدعی کمال دیندار
ہین اونکے حق مین خدا گواہی دیتا طلبی کی دیتا ہے پس یا اپنی تئین آپ
سچا کہیے یا اپنی خدا کو سچا کہیے خدا کو تو معاذ اللہ جھوٹا کہے نہین سکتی تو لازم
ہوگا کہ اپنے تئین جھوٹا فرمائی اور دعوی بے سر و پا سی ہاتھہ اوٹھائی
اور سنی اونہین مہاجر و انصار مین سے ہین وہ لوگ جنکی شان مین خدا فرماتا ہے
تسرون الیہم بالمودۃ وانا اعلم بما اخفیتم وما اعلنتم ومن یفعلہ منکم
فقد ضل سواء السبیل خلاصہ یہ ہی کہ اے صحاب پیغمبر تم لوگ دوستی
کفار و لونمین پہچانتے ہو ظاہر اور باطن تمہارا ایک نہین ہے اور مین حسب

جانتا ہون جس چیز کو تم چھپاتے ہو یعنی کفر کو تم چھپاتے ہو اور ایمان کو ظاہر
کرتے ہو یا محبت کفار کو چھپاتے ہو اور محبت مومنین کو ظاہر کرتی ہو اور جو
شخص تم مین سے ایسا کرتا ہے تحقیق کہ وہ گمراہ ہوا راہ راست سے انتہے
محصلاً کیون صاحب یہی قدم بقدم پیغمبر کے چلنا اور جس میں ہوا کو دخل نہ دنیا اور
سب ورد خدا اور رسول کی رضا کے طالب رہنا ہی کہ دشمنون سی ملیے اور
خدا اور رسول کے راز کو فاش کیجیے ہم نہین سمجھتے کہ اگر دینداری و دین طلبی
اسے کا نام ہی تو بیدینی کسکو کہتے ہین اور اونہین مہاجر و انصار مین سے
ہین وہ لوگ جنکی شان مین ہے واذا رأوا تجارۃ او لہوا انفضوا الیہا و ترکوک
قائما قل ما عند اللہ خیر من اللہو و من التجارۃ یعنی جب دیکھتی ہین صحابہ
کسے تجارت کو یا لہو ولعب کو تو جاتی ہین طرف اوسکی اور چھوڑ دیتی ہین
تجھکو کھڑا ہوا نماز مین کہہ اے پیغمبر کہ جو کچھ خدا کے نزدیک ہی وہ بہتر ہی لہو
اور تجارت سی انتہے کیون حضرت دینداروں کی ایسے حال اور چلن ہین کہ پیغمبر
کو تنہا نماز مین چھوڑ کر نماز کو توڑ کر عبادت خدا سی مونہہ موڑ کر ہیطی سنتی صدای
دف و طبل کے دوڑ کر جائین اور تجارت کو عبادت خدا پر مقام جانین کاش
پیغمبر کو تنہا نماز مے مین چھوڑ کر اکتفا کرتے یہ حضرات تو پیغمبر خدا کو نرغہ
کفار مین تنہا چھوڑ کر رو بفرار ہو جاتے تھی اور مصداق فولیتم مدبرین کے
ہو جاتی تھے اگر تب مہاجر و انصار کا چلن اچھا تھا تو کیون مصداق فقد باء
بغضب من اللہ و ماوہ جہنم و بئس المصیر کی ہوتے کیون فرار من الزحف
کرتے اور خلفای راشدین کا بھاگنا احد اور حنین مین تو متفق علیہ بین الفریقین

ہی پس جب تک جناب رسول خدا کا فرارین معاذ اللہ پیش قدم ہونا ثابت
کیجیے گا تب تک خلفائی راشدین کا قدم بقدم چلنا ثابت ہوگا اب دو
ایک حدیثین سنے سن لیجیئ کہ جس سے کامل الاتباع ہونا خلفاء کا اور کل مہاجر
وانصار کا بخوبی واضح ہو جائی صحیح مسلم مین اور تفسیر درمنثور مین حذیفہ سے
روایت ہی واللفظ للاخیر کہ لیلۃ الاحزاب مین ہم جناب رسول خدا کی ساتھ تھی و
کان رسول اللہ صلے اللہ علیہ وآلہ یصلی من اللیل فی لیلۃ باردۃ لم ار قبلہ ولا
بعدہ برد اکان اشتد منہ یعنی جناب رسول خدا نماز شب پڑہتی تھی اور وہ رات
ایسے سرد تھی کہ مینے کبھی ایسی سردی نہ پیشتر اسکے دیکھی تھے نہ بعد اسکے
فقال الا رجل یذہب الی ہولاء فیاتینا بخبرہم جعلہ اللہ معی یوم القیامۃ یعنی آیا کوئے
شخص ایسا ہے جو لشکر کفار کیطرف جاوی اور اونکی خبر لاوی اور جو شخص ایسا کریگی یعنی خبر
کفار لائی تو عوض مین اسکے خداوند عزوجل اوسکو روز قیامت کی میری ساتھ
کریگا قال فما قام منا انسان ثم قال فسکتوا ثم عاد فسکتوا حذیفہ کہتے ہین پس ہم مین
سے کوئی شخص نہ اوٹھا اور سب نی سکوت کیا پہر حضرت نی مکرر اسی سخن کا اعادہ
فرمایا مگر کسے نی جواب نہ دیا تب اونحضرت نی فرمایا یا ابا بکر فقال استغفر
اللہ ورسولہ یعنی بالخصوص یار غار کا نام نامی لیکر پکارا تب بھی خلیفہ صاحب نہ اوٹھے
اور پڑی ہے پڑی فرمانیلگے کہ خدا اور رسول خدا مجکو معاف رکہین ثم قال
ان شئت وہبت پہر جناب رسول خدا نی فرمایا کہ اگر تو چاہتا تو جا سکتا تہا فقال یا عمر
فاستغفر اللہ ورسولہ ثم قال ان شئت وہبت جب حضرت ابو بکر
نہ اوٹہی تب اونحضرت نی بالخصوص نام نامی خلیفہ ثانی لیکر پکارا اونہون نے بہی

پڑی ہی پڑی کہا کہ مجکو بہی معاف کیجیی اونحضرت نی فرمایا تو بہی اگر چاہتا تو جا سکتا تہا
ثم قال یا حذیفۃ فقلت لبیک فقمت حتے اتیت پہر حضرت نی فرمایا
ای حذیفہ پس مینے کہا لبیک اور اوٹہا اور حاضر خدمت بابرکت ہوا الحدیث
لیون حضرت یہی تربیت کامل اور رضا طلبی خدا و رسول اور خدمتگاری اور ادا
حق رفاقت تہا کہ وہ حضرت پکارا کرین اور کوئی صاحب جواب تک ندین اور
وم چرای پڑے رہین اور جب نام بنام پکارین تب بہی حاضر خدمت نہون اور
قبل اسکے کہ وہ حضرت تکلیف کسے کام کی دین پڑے پڑی ایک کہی مجہی
معاف رکہئے دوسرا کہی مجہے معاف رکہئی سبحان اللہ کیا محبت تہی اور کیا
اطاعت تہی جسپر حضرات اہلسنت کو ہزار جان سے قربان ہونا چاہئی اور اگر
کاش کہین سے مال غنیمت یا زکوۃ آیا ہوتا تو بہت جلد اوٹہکر دوڑتے کیا
خوب گنواری مثل یاد آئی ہے کا، چور نوالی حاضر اور حدیث سنئی صحیح بخاری
بعد کتاب الباری نکالے اوسمین حضرت صدیقہ فرماتے ہین کہ ایک روز
جناب رسول خدا نے برسر منبر فرمایا من یعذرنی فی رجل قد بلغنی اذاہ فی
اہلی یعنی کون شخص ہے کہ مجکو معذور رکہی سزا دہی مین اوس شخص سے
کہ پہنچی ہے میری تئین اذیت اوسکی دربارۂ اہل میرے کی فقام سعد ابن معاذ
الانصاری فقال یا رسول اللہ انا اعذرک منہ ان کان من الاوس ضربت عنقہ و
ان کان من اخواننا من الخزرج امرتنا ففعلنا امرک فقالت فقام سعد ابن
عبادۃ الانصاری وہو سید الاوس وکان قبل ذالک رجلا صالحا ولکن احتملتہ الحمیۃ
فقال لسعد کذبت لعمر اللہ لا تقتلہ ولا تقدر علی قتلہ فقام سید ابن حضیر وہو ابن عم

سعد بن معاذ فقال لسعد بن عبادہ کذبت لعمر اللہ لنقتلنہ فانک منافق تجادل عن
المنافقین فتشاور الحیان الاوس والخزرج حتی ہمو ان یقتتلوا ورسول اللہ
قائم علی المنبر فلم یزل رسول اللہ یخفضہم حتی سکتوا وسکت انتہی حاصل یہ ہی کہ سعد
بن معاذ انصاری اوٹھہ کہڑا ہوا اور کہا کہ مین سعد ورکتا ہون آپکو اوس
موذی سے اگر وہ قبیلۂ اوس سے ہی تو مین اوسکی گردن مارونگا اور اگر
ہمارے برادران خزرج سے پس جو آپ اوسکی بارہ مین حکم فرمائینگے
ہم آپکی امر کے تعمیل کرینگی حضرت صدیقہ فرماتی ہین پس اوٹھا سعد بن عبادہ
انصاری اور وہ سردار اوس تہا اور قبل اسکی مرد صلح تہا لیکن برانگیختہ کہ نکو
حمیت جاہلیت نی پر کہا سعد بن معاذ سے قسم بخدا تو نی جہوٹ کہا تو اوسکو نہین
قتل کرسکتا ہے اور نہ تیری مجال اوسکی قتل کرنے کی ہے پس اوٹھا سیدن
حضیر ابن عم سعد معاذ اور کہا سعد عبادہ سے قسم خدا کی تو جہوٹ کہتا ہی ہر آئینہ ہم اوسکو
قتل کرینگے اور تو خود منافق ہی کہ منافقون کی جانب داری کرتا ہی پس جوش و
خروش مین آئے دونو قبیلی اوس اور خزرج اور قصد کیا باہم قتال کرنے کا
درحالیکہ رسول خدا منبر پر کہڑی ہوئے ہین پس اونحضرت نی دونونکی شور و
شغب کو بند کیا یہانتک کہ اونہون نے سکوت کیا اور حضرت بہی ساکت
ہوئے انتہی اب ملاحظہ فرمایی اس حدیث صحیح بخاری کو کہ اس سی صاف
ظاہر ہی کہ بعض صحابہ کس قدر بی باکے اور بی اعتنائی اور وقاحت اور بیحیائی
مین کامل تہے کہ جنکو جناب رسول خدا کا مطلق پاس ولحاظ نہ تہا اور کسقدر
نفسانیت اونپر غالب تہی کہ دین و ایمان کا بہی لحاظ نہ تہا اور سوء ظن رسول خدا کے

جانب داری پر کمر بانہتی تھے کیون حضرت صحابہ کا روز و شب طالب رضائی
خدا اور رسول ہونا اسے نام ہی اور اپنی ہوا و ہوس کو مداخلت نہ دینا اسے کہ
کہتے ہین او قدم بقدم پیغمبر کے راہ پر چلنی کے یہی معنی ہین یہ تہا حال اون
صحابہ کا جو بشہادت صادقہ صدیقہ صالحین مین سے تہی فما ظنك بالطالحین
منهم و لاكن اذا لم تستحی فقل ما شئت اور حمیدی نی جمع بین الصحیحین مین روایت
کی ہے ان اناسا من الانصار قالوا یوم حنین حیث افاء الله علی رسوله من اموال
ہوازن ما افاء و طفق رسول الله یعطی رجالا من القریش المائة من الابل فقالوا
یغفر الله الرسول صلعم یعطی قریشا و یترکنا و سیوفنا تقطر من دمائهم و قال الحمیدی عن
انس ان الانصار قالت اذا کانت الشدة فنحن ندعی و یعطی الغنائم غیرنا فخلا صاحب
رسول خدا نے غنیمت مال ہوازن عنایت کی تو جناب رسول خدا نی اوسمین سے
کچہ قریشون کو سو سو شتر دی پس کہا انصار نے کہ خدا مغفرت کری رسول کی کہ وہ
قریش کو دیتی ہین اور ہمکو نہین دیتے حالانکہ ہماری تلوارون سی خون قریش
ٹپکتا ہے حمیدی کہتا ہی کہ انس نے یہ بہی روایت کی ہے کہ انصار نی کہا کہ جب
وقت شدت ہوتا ہی تو ہم پکاری جاتے ہین اور اموال غنایم ہمارے غیرون کو
دیی جاتے ہین انتہی اس حدیث سی کتنا دنیا طلبی صحابہ کے معلوم ہوتی ہی
کہ جناب رسول خدا کی معاذ الله متہم بخیانت اور عدم عدالت کرتی تہی بلکہ جیسا کہ صحیح بخاری
اور بیضاوی مین ہے بعضی کمال وقاحت سی بر رواون حضرت کی کہتے تہی
اعدل یا محمد اور وہ حضرت اپنے خلق عظیم سے جواب مین اسیقدر ارشاد
فرماتی تہے ویحك ان لم اعدل فمن یعدل افرض جو مین ہمیشہ طالبین دنیا کے

جب حیات رسول خدا مین بایین مرتبہ ہو کہ موجب اِن بی باکیونکی ہو یہانتک کہ خدا
بھی اونکی شان مین فرمائے منهم من یلمزك فی الصدقات فان اعطوا
منها رضوا وان لم یعطوا منها اذا هم یسخطون پس اسی پر قیاس کرنا چاہیے
کہ بعد وفات اونحضرت کی حرص وہوا سے کیا کیا نہ اونسی سرزد ہوا ہوگا یہ تہا
مختصر حال حضرات ثلثہ اور اکثر مہاجرین اور انصار کا جو سامنے جناب رسول خدا
کے تہا کہ اگر بتفصیل لکہا جائے تو ایک دفتر طویل بہی گنجایش نکری لیکن
حال مابعد کا اونحضرت کی پس اوسکا احصا تو ممکن ہے نہین ہی اور کیونکر ایسا
ہوتا حالانکہ خود جناب رسول خدا فرما گئے تہی انی لست اخشی علیکم
ان تشرکوا ولکن اخشی علیکم الدنیا ان تنافسوها کما فی البخاری یعنی
بعد اپنی تم سے اسبات کا ڈر مجہی نہین ہے کہ تم لا الہ الا اللہ چہوڑ کر پہر مشرک
ہو جاؤگے لیکن مین ڈرتا ہون اسبات سی کہ حرص دنیا تمکو گمراہ کریگی اور تم
بالکلیہ طالب دنیا ہو جاؤگے جیسا کہ یہ حدیث صحیح بخاری مین موجود ہے
اور یہ بہی اوسی صحیح بخاری مین ہے کہ جناب رسولخدا نے فرمایا انکم ستحرصون
علی الامارۃ وستکون ندامۃ یوم القیامۃ یعنی قریب ہی کہ تم حرص امارت
وریاست کروگی اور یہ امر تمہاری لئے روز قیامت موجب ندامت ہوگا قولہ
اور اپنی جانون اور مالونکو نہایت خوشی سے حضرت پر فدا کیا اقول حضرات
ثلثہ کے مال فدا کرنیکا حال جہان آپنے ایمان کو زبردستی اونکی گلی نہ ملا ہے
علی التفصیل معرض بیان مین آویگا بالاجمال یہ ہے کہ ہمیشہ اباعن جد مفلس
مفلوک اور قلندر معلوک تہے جب صاحب ذوالفقار حیدر کرار کی جوتیون کے

حسد قہ سنی کہ استطاعت ہم پہنچا نی تو طنت و بخل اس قدر وا منگیر ہوا کہ روز نزول
آیہ بخوبی اتفاق سی ایک دہم کے بہی مونہہ چرایا یہانتک کہ حضرت سائب ذما
عثمان سنی کو دیکہکر آیہ یوم تکوی بہا جباہہم وجنوبہم پڑہتی تہی جیسا کہ
علامہ قوشجی نے کہا ہی اور فی الجملہ اسکے پڑہنی کی شاہ جی دہلوی نے
اثبات خرافت ابی ذر مین مقرہین اور یہی سبب ہوا اونکی اخراج بلد کرنی کا
حالانکہ یہ وہ بزرگ ہی جسکے حق مین جناب رسول خدا نی فرمایا ما اقلت الغبراء
وما اظلت الخضراء علی اصدق لہجۃ من ابی ذر یعنی نہین اوٹہا یا زمین
نے اور نہین سایہ ڈالا آسمان نے کسی پر کہ صادق اللہجہ تر ہو ابی ذر سے
باقی رہا جانون کا خدا کرنا پس ثم والیتم مدبرین سی بہت ظاہر ہے
حالانکہ خداوند عزوجل نے کس تاکید سی فرمایا تہا فلا تقل لہما الا دبار ومن
یولہم یومئذ دبرہ الی ان قال فقد باء بغضب من اللہ ماواہ
جہنم وبئس المصیر یعنی اے مسلمانو جب صف جنگ مین کفار سی
ملاقات کرو تو اونکو پشت نہ دو اور جو شخص کہ پشت دیگا وہ گرفتار غضب خدا ہوگا اور
جگہہ اوسکی جہنم ہی اور کیا بری بازگشت ہی مگر صحابہ کبار و یاران جان نثار کو بروقت کار
ہمیشہ جز فرار کے کچہہ نہ سوجہتا تہا بہلا فرمائیے تو کس شخص کو کفار نابکار سی آپکے
حضار عالی وقار نی زیر شمشیر آبدار کیا اور جز فرار کی کہان ثبات قدم اختیار کیا ہے
رسول خدا بااعلای ندا فرماتے تہی الی این یا معشر المسلمین مگر کوئی صاحب مسلمانون
مین سے نہ سنتی تہی کیسے فرماتی تہی یا اصحاب البقرۃ مگر اونکو جرگہ وتازی اور
دغابازی کے کچہہ نسوجہتا تہا یار غار نہین معلوم کہ کس غار تیرہ وتار مین چپ جاتی تہی

کہ سورہ برأت کا بھی اونکا پتا نہ پاتی تھے حضرت آقای نامدار اطلح شہسوار خود
اپنی تعریف فرامین زبان گہربار سے اقرار فرماتی ہین کہ لمّا کان یوم احد ہزمنا فحزرت
حتے صعدت بجبل فقد رایتنی انزوکانتی ارویۃ کما رواہ السیوطی فی الدر المنثور
یعنی بھاگا مین اور پہاڑ پر چڑہ گیا اور اسطرح اوچکتا تھا جیسے ماوہ بز کوہی اوچکتے
ہے حضرت عثمان ایسا بھاگتی تھے کہ تین تین روز اونکا پتا نہ ملتا تھا اور جناب
رسول خدا فرماتی تھے کہ لقد ذھبت عریضا یا عثمان کما فی الاستیعاب
افسوس کیا جان نثار اور کیا رفاقت شعار تھی کہ رسول ایزد غفار کو مجمع فرار نا بکار
مین تن تنہا چھوڑ کر راہ فرار اختیار کرتی تھی آپ اگر اس فرار کا انکار کیجئی تو انکار کلام اللہ
ہوگا پس لا ریب کہ اقرار کیجئی اور غایت اعتذار اپکا یہ ہوگا کہ ایزد کردگار نے بخشش دیا تو ہم کہین کی
کہ اگر کسی بار بخشش دیا تو بخشش دنیا کا رایزد غفار تہا آپکی خلفا کا اوسمین کیا کردار تھا
اور بار بار بخشدینی کا بھی ثبوت کہان سے ہوسکتا ہی احد مین خیبر مین حنین مین
ہمیشہ انکی سیہ اطوار رہی ایک خطا دو خطا تیسری خطا تو آپ جانتی ہی ہونگی کہ
کون خطا ہی قولہ اوسوقت یاران وی خود راسپر ساختہ از شرب عشق اقول
ابھی تو آپ ہندی مین باتین کرتے تھی دور از حال کو فنا احتلال فراحی موت
زوال اعتدال ہوا کہ موجب تبدیل مقال ہوگیا اور آپ فارسی چھانٹنی لگے شاید
زبان پر لفظ مشرب کی جاری ہونے نی ہم مشربونکی یاد دلائی اور از خود رفتگی
غالب آئی حالت صحو سے عالم سہو و محو مین جاتی رہے اور عالم سکر و مستی
مین عشق اللہ پاک ذات اللہ تک پہونچنے لگی حالانکہ اطلاق عشق عرف قرآن و
حدیث مین بھی خارج آو مفہوم لغوی مین خروج اوسکا از حد اعتدال داخل ہی اسی سبب سے

حکما نے اسکو قسمی از جنون و مالخولیا ٹہرایا ہی اور بقول ابن جوزی اطلاق اسکا
عرف و لغت مین علی ما الصحیح بہ اجماع کی آیا ہے آری آپکے اولیاء اللہ نے
کہ یہ احادیث مفتعلہ اس باب مین بناے المجاز مقطرۃ الحقیقۃ ٹہرایا ہی لیکن مشرب
متشکلمین اونکی مشرب سی جداگانہ ہی آپ کہان سے کہان جاتی ہین ذرا ہوش
مین آیئے اور سنیئے کہ سپر جناب رسول خدا کی حقیقت مین حفظ حافظ حقیقی تھا
معقبات من بین یدیہ و من خلفہ یحفظونہ اور ظاہر مین حفظ و حمایت
کرنیوالی اونکی اجلاے قوم تہی مثل ابیطالب اور علی بن ابیطالب اور جعفر بن ابیطالب
اور حمزہ اور عبیدہ و امثالہم نہ اذلای قوم پرانی جوتیان کہانیوالی ابن ربیعہ کے
کہ ایسے لوگون کے جان تو خود اونحضرت کی نعلین مبارک کی صدقہ سی بچتے
تہی پس وہ حضرت بخلق عظیم خود سپر انکی تھے نہ لہکس کما ستعلم عقریب قولہ چہ بادہا
کہ نخورندہ چہ مستے ہا کہ نکردند اقول ذکر مستی و بادہ خواری در امثال این مقامات
مشعر از رندی و بے باکی ہست و یا دوہ از شرب و نوش پیر مغان شماست کہ شراب
تہمتی نوش می نمود و اضرب بہ الشیطانہ بالما میفرمود اگر پیر و صادق او ہستند
البتہ در عالم مستی و بیہوشی و حالت نوشانوشی و گرم جوشے و ہوای ہم آغوشی ساقی
ساغر کشے لذت چشی ترکمان وشی اقلا منشے بہم رسانیدہ باشید کہ پایہ گردن
صراحی و پیالہ و آہو کحل سالہ را حوالہ کند و نخون ارغوانی لعل گون تا زیر دامن رنگین
و دامان تہمتے را بیواقیت و لآلے سنی گہر آگین سازد آنوقت در عالم از خود رفتگی
میگفتہ باشید ے رنگین کہ گرد دامن تہمتنم ازین چنین لعل و گہر کہ ریخت بدامانم ازین
قولہ من حضرات شیعہ سی پوچہتا ہون اقول من حضرات اہلسنت سی پوچہتا ہون

کہ آپکے ثلثہ کبار اور اکثر مہاجر اور انصار بہت بڑی - بچ وغیبت کیوقت مومنین
جب جان وآبرو پر آنبی اور رسولؐ ایذد کردگار نرغہ کفار مین گھر گئے بلکہ زخمی
بھی ہوئے تب تنہا اوس جان جہان کو چھوڑ کر اپنی اپنے جان بچا کر بھاگی یا
نہین اور بجز معدودی چند کے جنکو آپ صفا بلکہ نسبہا پا مین سمجھتے ہین آپکی
کبار بھی شریک ہوئے یا نہین اور مال اور بیوی آبرو کو اپنی جان عزیز پر نثار
کیا یا نہین اور اپنی جان اور اپنی زن وفرزند کی دہیان مین اور محبت زندگانی
دنیای فانی کے پیچھے اور نحضرتؐ کو بلکہ دین وایمان کو چھوڑا یا نہین اور ایسی
نازک وقتون مین اور ایسے معرکہای مرد آزما مین نام اسلام کی مٹا دینی مین کچھ
کوتاہی کے یا نہین پس یا ایسے بدیہیات کا انکار کیجئے یا اقرار چونکہ انکار کہی
نہین سکتے اسلئی لازم آیا کہ اقرار کرین اور اگر اونکی دغابازیون اور نمکحرامیون کا
اقرار کرین تو پہر ذرا انصاف بہی کرین کہ جسکے ساتھہ انہون نے ایسی برے
وقتونمین دغا کی ہوگے اور ایسی تکلیفونمین اوسکا ساتھہ چھوڑا ہوگا اوسکے نگاہ
مین کیا کچھ بہی بید ینے اور بی ایمانی اونکے نہ ثابت ہوئی ہوگے آئی یار وبگو
اپنی عمر عزیز ہی کے قسم ہی کہ اگر کوئے تمہاری نوالے پیالی مین حاضر اور وقت
مصیبت کی تمہارا شریک نہوا اور دکہہ درد کی حالت مین تمہارا ساتھہ ندی اور بدروغ
واسطی حصول دنیا کی اپنے تئین تمہارا فدائی کہے اور باطن مین اپنے بہائی
بندون سے جو تمہاری دشمن ہون ملا ہی اور اپنی جان یا مال کو بری وقتونمین
تمسے عزیز کری تو تمہاری نگاہ مین کچھ کو رنگی اوسکے اور ذلت وخواری اور
تمہاری دل مین کچھ اوسکی بیدینی اور بے اعتباری ہوگے یا نہین اگر ہوئی تو

وہی مہاجرین فارّین اور انصار بے اعتبار کی نسبت حضرت صلعم کیطرف سی
سمجھو اور انصاف کرو کہ جسوقت لوگ چار و نطر فسے ہزار در ہزار کفار ستم شعار
اقتلوا الساحر و المجنون کہکر آپکا دل دکھاتے ہونگی اور درپی قتل و جرح ہونگے
پس جب اون لوگون نے جنسے امید ایسی وقت مین ساتھہ دینی کے تھی ساتھہ
ندیا ہوگا اور کچھ ادای حق رفاقت نکیا ہوگا بلکہ اسنے اپنی جان بچا کر بہاگ کھڑی ہوئی
ہونگی اور اونحضرت کو تنہا درمیان تشنگان خون کے چھوڑیا ہوگا تو اونحضرت
کے دلمین ایسی کمینون کے کیا قدر و منزلت رہی ہوگی یہ اطوار تو اونحضرت
کی سامنی کی تھی اور بعد اونحضرت کے جو کچھ کیا وہ عیان ہی کہ نعش مطہر کو بیگور و
کفن چھوڑا اور تجہیز و دفن بادشاہ دین و دنیا سے سونہہ موڑا اور خود مثل نادرشاہ
کے بادشاہ بن بیٹھے اور اسپر بھی راضی نہوئی فدک تک چھین لیا اور اونکی
اولاد کو نان شبینہ کا محتاج کردیا اور ایسی حالت ذلت و خواری مین چھوڑدیا
کہ ہر ایک حجر اور مدر کی نیچے اونکا خون بہایا گیا فالی اللہ المشتکے اور بفرض محال
مثل شریک الباری اگر اونحضرت فی روز غدیر اور بمقامات کثیر نفس اوپر خلافت
کسی کے نکی ہوتی اور اونکی اہلبیت مین معاذ اللہ کسیکو لیاقت خلافت بھی
نہوتے تو مقتضای نمک حلالی و وفاشعاری یہ تہا کہ خلافت کو خاندان نبوت
سے نہ نکالتی کو انتظام کار اپنے قبضۂ اقتدار مین رکہتے مگر خلافت کو مخصوص
باہلبیت کرتے تب بہی اونحضرت کی اولاد کو ایک عزت و تعظیم وقت رہتے
اور ہر سلسلہ و دودن کو ادعای خلافت نہوتا اور ہر فاسق و فاجر مثل بنی امیہ
اور بنی عباس کے طمع خلافت نکرتے اور گر عقد خلافت بہیت چند اجلاف نکرتی

تعاہل تمام معاویہ اور یزید کی متابعت کرنے مین نمتہارنہوتی اور نوبت اسکی نہ
پہنچتے کہ معرکۂ کربلا مین کل بہتر دیندار اور لاکہون بنافم مسلمان اور درحقیقت بہتر از
کفار ہم پہونچتی اور یہ خرابیان جو سبب بدم بنیان ایمان و اسلام ہوئین نہ پڑتین آی
یارو اگر انصاف کی آنکہہ بند نکرو تو صحابہ کرام کی تعاوت کی انتہا نہین ہی کہ اونہون
دہد آبش از چشمہ سلسبیل ؎ سرانجام تلخی بکار آورد ہمان میوہ تلخ بار آورد
قولہ غم اور خوشے مین شریک رہی اقول منافقین صحابہ خوشے مین
تو البتہ شریک رہی کہ تر حلوے زہر مار کرنیکو ملے مال غنیمت بمصداق من جاء
گفت ہاتھہ لگا لیکن وقت غم پس شراکت آپکی امثال ثلاثہ کی غیر مسلم ہی اسلئے
کہ قرآن اور احادیث اور سیر اور تواریخ سے ظاہر ہی کہ یہ لوگ ہر مقام تنگے
اور ترشی مین بھاگ کھڑی ہوتے تھی اور وقت ضیق اور شدت جان
بچا جاتی تھے پس جو ایسے تہی وہ آپکی یارے اور مددگارے
کیا کرتے تھے وفاداری اور جان نثاری کام آوری لوگون کا تھا جنکو شیعہ
اپنا پیشوا سمجھتی ہین نہ پیشوایان سنیان کہ کل کام اونکی بمکر و خدع و فریب

تھی اور غرض اصلی اونکے تحصیل حیفہ دنیا تھی قال اللہ عزمن قائلہ ومن
الناس من یقول امنّا باللہ و بالیوم اخر وما ھم بمو منین یخادعون
اللہ والذین اٰمنوا ومایخدعون الّا انفسھم و مایشعرون فی قلوبھم
مرض فزادھم اللہ مرضًا ولھم عذابٌ الیم بما کانوا
یکذبون الآیات الی اثنا عشر آیات من اول البقرۃ اور یہی بارہ آیتین آگی
بارہ مصرع کے جواب مین کافی اور وافی ہین اور شعریات کو کہ تخیلات
بحت ہین برہانیات سی کچھ علاقہ نہین ہے خصوصًا ایسی اشعار کہ آیات
قرآنی جسکے مکذب ہین اگر حقیقت واقعی بیان کیجاتے تو مناسب تھا کہ
اشعار آگی باین الفاظ ہوتے کما قال بعض الاحبار الظرفاء الاذکیاء

الاصفیاء	ازوطنہا مہاجرت کردند	سوی دنیا سبادرت کردند
ہمہ دم در رکاب او بودند	چون عسس گرد قاب او بودند	ہمہ آثار وحی دیدہ ازو
وقت نصرت نگر رسیدہ ازو	از نبی در شدائد و اہوال	جستہ مانند ارولیہ بجبال
پست دین بلند از ایشان شد	کافری ارجمند از ایشان شد	بعد خیر الوریٰ حکایتہاست
از ثلاثہ بسی شکایتہاست	طمع ملک داشتند آنان	مصطفےٰ را گذاشتند آنان
بکفن بد بنہور خیر ورا	منعقد گشت صحبت شورا	آن یکی غاصب خلافت شد
رخنہ در دین فتاد و آفت شد	آفت و فتنہ و فساد از اوست	روز آغاز ارتداد از اوست
این خلافت اگر بگویم راست	سبب قتل سید الشہداءست	پس ازان بر دل زہرا
بہ ستم خورد حق زہرا را	داد رنج و الم بہ بنت رسول	بخدا از جہان گذشت ملول
وان دگر یار رسول رب جہان	بخدا داد نسبت ہذیان	مصطفےٰ خواست چون کند تحریر

ایک کتابی بحکم رب قدیر تازہ است شود دگر گمراہ گفت او حسبنا کتاب اللہ

دید چون ہر دور اولیر خیان سوش سوخت مصنف یزدان ہست بس المصیر سوی حق

بہر ایشان بشارت مطلق قولہ غرضکہ صرف زیارت اور صحبت ہی ایسے

فضیلت ہی کہ کوئے بزرگی اوسکو نہین پاتے اقول حال زیارت اور

صحبت پیشتر گذارش ہوا کہ بدون ایمان مفید نہین ورنہ ابوجہل اور ابولہب

اور کل منافقین صاحبان بزرگے ہوجائین اب یہ عرض ہی کہ یہ صحبت

کفری اور نفاقی اون لوگونکی لئے موجب زیادتی وبال وعذاب ونکال ہوئی

فضلاً عن الفضیلۃ ولنعم ما قیل ؎ دون شو واز قرب بزرگان خراب

چیفہ دہ بوی بداز آفتاب اور ظاہر ہی کہ جو صحبتین خلوات اور جلوات کے

تہین جیسے صاحبات صحابیات کی اونکے بدونکی حق مین تو خدا نے

یضاعف لہا العذاب ضعفین فرمایا پس مصاحبین بدکیو اسطی لاقل ایک

ضعف کا ہونا تو ضرور ہی پس ثبوت اس فضیلت اور بزرگی کا کہ عذاب

اونکا المضاعف ہی کلام اللہ سے واجب التسلیم ٹہرا باقی دیگر فضائل ذاتی

کا حال سے آپ سن چکی تو ہر ترقی معکوس کے مراتب اور مدارج کی کیا

انتہا ہے قال المخاطب افہمتم ہداہ اللہ سبل السلام پانچوین

دلیل اس امر کو سب مسلمان تسلیم کرتے ہین کہ مکہ اور مدینہ اسلام کی ابتدا اور

ترقی کی مقام ہین اور انہین دو جگہونکو سب دنیا سی بڑہ کر عزت ہی

ایک خدا کا گہر اور رسول کا مولد ہی دوسرا حضرت کا شہر اور آپکا مدفن ہی

مکہ معظمہ مین بنیاد اسلام کی قایم ہوئے اور مدینہ منورہ مین اوسکی ترقی ہوئی

اور ان دونون جگہونکی بزرگے ایسی ہے کہ کبھی کوئی مذہب باطل
انمین پھر جاری نہوگا اور دجال ملعون کا بھی گذر اونمین نہوگا پس ہمکو عذر کرنا
چاہیئے کہ ان دونون شہرونکی رہنے والی ابتک صحابہ کی نسبت کیسا
اعتقاد رکھتے ہین جو کچھ اونکا اعتقاد ہو اوسیکو اصل ایمان سمجھنا چاہیئے
پس خدا کے فضل سی اون دونون شہرونکی رہنے والی بلکہ تمام عرب
کی باشندون کا جو اعتقاد صحابہ کے نسبت ہی وہ ظاہر ہی اگر ہم موافق
شیعونکی یہ کہین کہ وہ سبکے سب گمراہ ہین اور باطل اعتقاد پر اب تک
قایم ہین تو اس سے اصل مذہب اسلام پر بڑا الزام آتا ہی کیونکہ خداوند
عالم نے جہان اپنے نبی کو پیدا کیا اور جہان اپنے پیغمبر کا مدفن بنایا
اور جن جگہون کو عرش و کرسی کے برابر رتبہ دیا اور جہانسی اسلام
اور ایمان جاری کیا اونہین جگہونکے رہنی والونکو خدا ابتک باطل
اعتقاد پر قایم رکھا اور اون لاکھون کرورون آدمیونکو جو اس بارہ سو
برس کے عرصہ مین وہان پیدا ہوئے اور وہان رہی گمراہ رکھا اور گمراہی
پر اونکا خاتمہ کیا اور ایک مومن کا گذر بھی وہان نہونے دیا اور ابتک خدای
عزوجل کو وہی اصرار ہی کہ اونہین بد اعتقادون سے مکہ اور مدینہ بھرا ہوا ہی
اور وہی گمراہی ہے اور ضلالت ابتک تمام عرب مین پھیلی ہوئی ہے اور
باوجود گذر جانے اسقدر عرصہ دراز کے اب بھی کوئے مومن پاک بغیر
تقیہ کے وہان جانی نہین پاتا اور اپنے ایمان اور اعتقاد کو بخوف اپنے
عزت اور جان کے ظاہر نہین کر سکتا قیامت تو قریب آگئے اس دنیا

کے ختم ہونیکی دن نزدیک ہوگئے لیکن خدا اون ظالمون اور بداعتقادون
سے اپنی گھر اور اپنی رسول کے گھر کو پاک نہین کرتا اور مومنین سی اون
شہرونکو آباد نہین فرماتا اور گمراہون کو اپنے پاک جگہون سے نہین نکالتا
اگرچہ جسقدر زمانہ نبوت کا دور ہوتا گیا اور اسلام مین ضعف آتا گیا مذہب شیعون
کا ترقے پاتا گیا اور اونکی حق اور باطلہ کو رواج ہوتا گیا اور اکثر شہرون اور
ملکونمین اونکی حکومت بھی ہوگئے اور پادشاہت اور سلطنت بھی نصیب ہوئے
لیکن باینہمہ مکہ اور مدینہ اور عرب مین جو دین پیغمبر خدا کے وقت مین تھا وہی
جاری ہے اور جو مذہب رسول مقبول کی سامنی تھا وہی اب بھی ہی ؎

ہست محفل بر آن قرار کہ بود ❊ ہست مطرب بر آن ترانہ ہنوز ؎

ہم حیران ہین کہ جب مکہ معظمہ اور مدینہ منورہ مین اس تیرہ سو برس کے
عرصہ مین ایک مسلمان پاک اعتقاد نہوا اور ایسے پاک جگہ مین کسی مومن
پاک کا گذر نہوا تو پھر کونسا مقام ہوگا جہانکے رہنی والی مومن اور مسلمان
ہونگے اور خدا کی گھر کو اور رسول کے گھر کو چھوڑکر کسکے گھر مین ایمان والے
رہتی ہونگے ای بھائیو بغیر اسکے کہ یہ امر قبول کیا جاوی کہ اصل دین اور مذہب
وہے ہی جو مکہ اور مدینہ کے رہنی والون کا ہے کوئی دوسرا علاج نہین ہے

یقول لتمسک بولایۃ علی ابن ابیطالب علیہ السلام

یہ دلیل عقلے آپکی نہایت معقول ہے کہ حسن وخوبی صحابہ کا بلکہ ثلاثہ اعتقاد اہل
مکہ ومدینہ سے ثابت ہی کہ وہ لوگ اونکو اچھا سمجھتی ہین اور چونکہ اہل مکہ ومدینہ
کا اعتقاد باطل پر ہونا محال ہے پس ضرور ہی کہ صحابہ اچھے ہون کیون

حضرت کیا خود صحابہ منافقین اور مرتدین بلکہ آپکے ثلاثہ اہل مکہ اور مدینہ سی
سنتے پس جب شیعہ خود اونہین کے ضلالت وگمراہی بدلائل عقلیہ ونقلیہ
آپ ہی کے کتابون سے ثابت کرتی ہین تو اونکی اخلاف اور اذناب
کو بدرجۂ اولیٰ فاسد الاعتقاد کہینگے اور خدمت شریف مین کمال عجز وانکسار
اس مثل واردوسائر کو عرض کرینگے کہ مارضینا بالشیطان فکیف بنذراریہ
ایک بات ہی دوسری بات یہ ہی کہ جہان اپنے صفحۂ اولیٰ مین فرمایا تھا
کہ شیطان نی بعد ایمان لانیکے اکثر مسلمانونکو بہکایا اور اونکی دلون کو
باطل عقیدون سے بھردیا وہان اپنی اہل مکہ ومدینہ کو مستثنے نہین کیا تھا
کہ اونکو کہے شیطان نے نہین بہکایا اور اونکی دلون تک اعتقاد باطلہ کا گذر
نہین ہوا اور جبکہ ہمنی مداخلت شیطان کی قرن اولیٰ مین پیشتر آیات وروایات بجزمی
ثابت کی اور لاریب وہ لوگ بھی اہل مکہ ومدینہ ہی سے تہی پس قرون مابعد
مین کہ بقول آپکے اسلام مین ضعف آیا بدرجۂ اولیٰ شیطان نی عقائد
باطلہ کا القا کیا ہوگا تیسری بات یہ ہی کہ اپنے صحاح اہلسنت مین ملاحظہ فرمایا
ہوگا کہ جناب رسول خدا نے فرمایا سیعود الدین غریبا کما بدء غریبا
اور نہایہ ابن اثیر مین بین لفظ ہے ان الاسلام بدء غریبا وسیعود
کما بدء فطوبے للغرباء اور اوسکے معنون مین فرمایا ہے یعنی جیسا
کہ اسلام اول ابتدا مین مثل اوس غریب اور وحید کے تہا کہ جسکے
اہل نہ تھے بسبب قلت مسلمین کے اوسیطرح قریب ہی کہ پھر ہوجاے گا
اور مسلمان کم ہونیکے پس بنابرین معنے کے بڑی محقق اہلسنت

نے فرمایا ہی البتہ خلو مدینہ از دین حق اسلام لازم ہے اور سیعود مین
چونکہ سین قرب وقوع پر دلالت کرتا ہی اور بلا ضرورت معنی حقیقی ہی معنی مجازی کیطرف
جانا نچاہئی پس ضرور ہی کہ محمول کیا جاوی اوس ارتداد پر جو بعد عہد رسولخدا کی واقع
ہوا اور تائید بلکہ تخصیص اسکی حیث لازالوا مرتدین سند فارقتہم کرتی ہی اسلئی کہ مدینہ
واسطی ابتدای مدت کی ہی یا واسطی جمیع مدت کی بنا بر اولی وثانی مدت ارتداد کی ابتداء
روز مفارقت رسول خدا ہوگا اسلئے کہ جمیع مدت ارتداد ابتدا سی انتہا
تک جمیع مدت مفارقت رسول اللہ ہوگے اگرچہ من حیث النحو
یہان جمیع مدت کی معنے نہین ہوسکتے مخفی نرہے کہ دین اور اسلام
سے مراد یہان دین اور اسلام خاص ہے کہ ہم معنی ایمان ہے جیسا کہ
ایمان کہے ہم معنی اسلام ہوتا ہی چنانچہ ایمان منافقین کا بے معنی اسلام
ہے جیسا کہ ہمنے سابق مین اشعار کیا کہ دونو کہے مترادف بہی آتے
ہین قولہ انہین دو جگہون کو سب دنیا سے بڑہکر عزت ہی اقول ہر شے
کے عزت اور حرمت کی لئے وجوہ مختلفہ ہین جائز ہی کہ بعض کی عزت
بعض وجوہ سے ہو اور بعض دیگر کے بہ بعض وجوہ دیگر مثلاً مکہ معظمہ باین
جہت کہ ہمیشہ سے عبادتخانہ خدا اور مولد محمد مصطفیٰ ہے
مدینہ سے افضل ہی اور مدینہ اس راہ سی کہ ہجرتگاہ خاتم انبیاء اور مدفن اشرف
مخلوقات خدا ہے مکہ سے رتبہ مین فضیلت رکھتا ہی الغرض وجوہ فضائل
پر نظر کرنے سی معلوم ہوتا ہے کہ مراد اپسے مقامونمین فضیلت من جمیع الوجوہ
نہین ہوسکتے پس کیون نہین جائز ہی کہ بعض وجوہ سے زمین کربلا کو زمین

بیان فضیلت کربلا و مکہ

مکہ پر ترجیح ہو بلکہ خود زمین کعبہ پر ترجیح ہو چنانچہ بعض احادیث ائمہ اہلبیت مین
اسطرح کا مضمون صداقت مشحون وارد ہوا ہے لیکن آپکے امثال تو
ایسی باتونکو سنکر کمال سخریہ اور استہزا شروع کرینگے اور ستم ظریفیان کرینگے
اور کیونکر نہو کہ اگر ایسا نہو تو قول خداوند جل وعلا اتخذناهم سخریا ام زاغت
عنهم الابصار محض غلط ہو جائے لیکن چونکہ خدا نے سوسنین کو
کافرین پر بحجت غالب کیا ہی اسلیے ضرور ہوا کہ ہم ترجیح ارض کربلا کو ارض
کعبہ پر ایسے حجت قاہرہ سی ثابت کردین کہ ہر منکر عرق خجالت مین نہاے
اور ہر حاسد کی دانتون تک پسینہ آجائی بیان اوسکا بمقدمات جلیہ بدیہیہ یون ہے
کہ اسمین کسے شخص کو اہل اسلام مین سے جای کلام نہین کہ سرور کائنات
اور مفخر موجودات اشرف ممکنات وافضل مخلوقات من الارض والسموات
ہین اور اس امر بھی کو کچھ ضرورت نہین ہے کہ باستدلال لولاک لما خلقت
الافلاک سے مستدل کرین اور اسمین سے کچھ شک نہین ہی کہ ابعاض
جسم شریف اور ہر پارہ جسد منیف شرف وعزت مین مثل کل کے ہے
جیسے ہر ہر پارہ قرآن مجید عزت واحترام مین بعینہ حکم قرآن مجید رکھتا
ہے اور کافہ علماء کا انعقاد اجماع ہے اسبات پر کہ جو موضع قبر شریف
اونحضرتؐ کا ہے جمیع بقعہاے دنیا پر ترجیح رکھتا ہے چنانچہ تصریح
اسکی شاہ عبدالحق دہلوی نے کتاب جذب القلوب مین بیان حال
مکہ ومدینہ مین کے ہی حیث قال در ترجیح یکے ازین دو بلدہ معظمہ بر دیگری
اختلاف واقع شدہ بعد از انعقاد اجماع کافہ علما بر تفضیل انچہ ضبط

اعضای شریفہ سید کائنات کردہ از موضع قبر شریف بر سائر اجزای ارض حتی الکعبۃ
المشرفہ وبعض علما گفتہ اند بلکہ بسائر سموات حتی العرش العظیم انتہی اور بعد اثبات
ترجیح کے سائر سموات پر فرماتی ہین پس محصل کلام چنان آید کہ قبر شریف حضرت
سید کائنات علیہ افضل الصلوات واکمل التحیات افضل واکرم بود علی الاطلاق
والعموم چہ بر بلدۂ مکرمہ مکہ وچہ بر خانہ کعبہ مشرفہ انتہی موضع الحاجۃ اور یہ امین بے
کوئی مسلمان سوای یزیدیونکی شک نہین کرسکتا کہ جناب سید الشہداء شہید کربلا
روحی لہ الفدا پارۂ جگر حضرت رسول اللہ ہین اور بسبب اس حدیث صحیح حدیث حسین منی اس پر
گواہ ہین اور گوشت اور خون اونکا ایک جزو ہی گوشت وخون آنحضرت صلعم کی
وہو بعض منہ وبضعۃ من جسدہ الشریف ان الفاطمۃ بضعۃ منہ کما فی الصحیح البخاری وبضعۃ
بمعنے آور سقدمۂ ثانیہ مین بیان ہو چکا کہ عزت اور توقیر مین بعض کل کی ساتھہ مساوی ہی پس
ثابت ہوگیا کہ ارض کربلا بسبب وضع قبر شریف حضرت سید الشہداء کہ بعض من رسول اللہ ہین
ارض مکہ پر بلکہ کعبہ پر بلکہ سموات پر ترجیح رکھتی ہی حتی العرش العظیم الحمد للہ رب العالمین
واضح ہو کہ یہ تقریر نہ بر مذاق اہلسنت کی ہے ورنہ وجوہ ترجیح بنا بر مذاق
اہل عرفان اور صاحبان ایقان کے دیگر ہین کہ اگر مخاطب کی سامنے
بیان کئے جاوین تو خلاف کلموا الناس علے قدر عقولہم کی ہوگا حکمت کا
تقاضا ہوئے نہ بیان کرنا مصایای حکماء سے ہی قولہ ان دونو جگہونکے
بزرگی ایسے ہی کہ کبھی کوئی مذہب باطل انمین پھر جاری نہوگا اقول یہ بات
ہے یا از قبیل خرافات ہی دعواہای باطل بی حجت ودلیل کرنا اور
تحت سلمات کلمات کل مسلمین بکذب وخدع اوسکو داخل کردینا کام

مخاطب عالی مقام کا ہے اگر اس دعوی مین سچا تھا تو کوئی جھوٹے سی
سنے دلیل اوپر قایم کے ہوتی کہ مقتضای شرافت مکانی یہ ہی کہ کعبہ
وہانکی مکین نالایق نہو سکین اور مکینون کے نالائق ہونیسے شرف
مکانے باطل ہو جائیگا کیون حضرت یہ بات آپکو معلوم ہی یا نہین کہ شرف
کعبہ عہد قدیم سے ہی از آدمؑ تا خاتم ہمیشہ یہ مکان معزز رہا ہے حرمت
اسکی عہد ابراہیمیؑ سے تو منصوص علیہ مصحف مجید ہی کہ حسبین کے مسلمان
کو جای گفتگو نہین ہو سکتے اور حضرت موسیٰؑ و ہارونؑ کے حلج یا متعمر
ہونیکی حدیثین جذب القلوب مین موجود ہین بہر کیف ایسی مکان معزز اور محترم
مین جسکی شان مین خدا الطھر ابیتی للطّائفین و العاکفین و الرکع
السجود فرماوی مشرکین نجس العین جبر اونکو داخل کرین اور تین سو
ساٹھ بت اوسمین رکھین اور کل اہل مکہ الا من عصمہ اللہ اوسکو پرستش کرین
پس اگر عزتِ مکانے باعث عدم مداخلت اہل باطل ہوتی تو چاہیئے تھا
کہ کعبہ مین کبھی بت پرستی نہوتے فضلا عن المکانیہ تھا ذکر قبل اسلام کا اب آیئے
بعد اسلام کے ابھی چند سطر پیشتر اس سے آخر دلیل ثالث مین آپ خود ہی
فرما چکی ہین کہ اگر اون لوگون کو جو بعد غلبۂ اسلام کی مسلمان ہوئے تم
منافق جانتے تو صبر آتا اتنی پس ظاہر ہی کہ اہل مکہ نہین ایمان لائے مگر
روز فتح مکہ اور وہ روز لاریب روز غلبۂ اسلام تھا پس اگر شیعہ ایمان اہل مکہ
کو ایمان نفاقی کہین تو آپکو حسب اپنی اقرار کے ضرور ہی کہ اسپر ادل
خواستہ یا ناخواستہ صبر کیجیے اور پھر ایمن کچھ چون و چرا زبان پر نہ لائیے ورنہ

اقوارِ عصبہ کی خدمت ہو بائیگا اور جب آپ قرنِ اولیٰ کے بی دینی اور
نفاق پر راضی ہوگئے تو ضرور ہی کہ اس قرن کے لوگونکی بیدینے
پر بدرجۂ اولیٰ راضی ہونے اسلئے کہ بعد گذرنے قرونِ ثلاثہ کے
البتہ بقول آپ ہی کے اسلام ضعیف ہوگیا اور شیطان نے بعد ایمان کی مسلمانونکو
بہکایا اور انکے دلون کو عقائد باطلہ سے بھر دیا پھر اگر اس زمانہ کے لوگونکو آپ
بیدینی سے بری کرینگے تو ترجیح بلا مرجح بلکہ ترجیح مرجوح لازم آویگا اور جب
حال اہل مدینہ کا یہ ہے کہ انکی بیدینی پر آپکو جب اقرار اسپر مجبور ہی کہ کتب بسبب
رضی ہونا پڑا تو حال اہل مدینہ کا اسے پر قیاس کرسکتے ہیں کہ اصل شرف
وعزت بین دونو مکان مساوی ہین گو بعض کو من بعض لوجوہ اشرفیت ہو
اور اگر اس مساوات پر آپکو صبر نہ آوے تو آئیے بیدینی اہل مدینہ کے ہم
بالخصوص سے آپکی لئی ثابت کردین اور وہ اسطرح پر ہی کہ کتب سیر مشل
روضۃ الاحباب وغیرہ کے دیکھنی سے معلوم ہوتا ہے کہ جب بسعاشان
چند اہل مصر سے کہ جنکی افسر بڑی خلیفہ صاحب کی صاحبزادی محمد ابی بکر
تھی واسطی قتل حضرت قتیل الدار کے جمع ہوئی اور چھوٹی صاحبزادی سے
بڑی خلیفہ صاحب کی آواز بلند فرمانیلگے کہ اقتلوا نعثلاً قتل اللہ نعثلاً
کما فی نہایۃ ابن الاثیر وفی السیر ایضاً اوسوقت اہل شہر مدینہ فی کہ اولین
مہاجر اور انصار اور بدریین اور صاحبان بیعت رضوان بھی تھے شریک
بدمعاشونکی ہوگئے آری بعض اعیان مہاجر اور انصار بی اپنے دروازونکو
بند کرکے بیٹھ رہی لیکن اہم اجماع سکوتی مین تو سنے شبہہ شریک ہوئی

ولا اقل اجماع کل صحابہ بلکہ کل است اور پر عدم نصرت کی تو بیشک وشبہ
ہوا اسلئے کہ مقتول ہونا حضرت قتیل الدار کا مثل فلتہ بیعت بکر ہی ایک
امر ناگہانی نے نہ تھا کہ وقتی اللہ مین بہتیرہا ایسین پایا جاتا اور مثل شہادت
عمری کے بھی چوری چھپے ہی نہ تھا کہ شجاع الدین ابولولوء فی دھوکے
دھڑی مین شکم مبارک چھرا چلا دیا بلکہ علانیہ علی رؤس الاشہاد بہتا
یہانتک کہ باتفاق مورخین تیین دن سے زیادہ تک محاصرہ رہا اور
آب ودانہ بند کیا گیا تھا مگر بہتارفقوت ومردمی پسران ساقی کوثر کہ اپنے
دشمن کو بھی پانی دیتے تھے بہرکیف اس مدت دراز مین
کوئی ایسا مسلمان نہوا کہ جسکو خلیفہ صاحب کی محصوری ہونیکی خبر نہ پہونچے
ہوگے مگر کسی نے خلیفۃ اللہ کے اعانت پر کمر نہ باندھی یہ ہزارون
صحابہ اور مہاجر اور انصار خصوصًا اہل مدینہ کہ جنکے بدمعاشونکی دفع پر طاقت
نہ رکھتے تھی بیشک کہتی تھے مگر بنا بر اصول اہلسنت کلہم لی محض بیدینے
اختیار کرکے اور خلیفۃ اللہ کو مارا اور دیا یہانتک کہ لاش مبارک کی
پاؤنین رسن بانده کی ہر ایک کوچہ اور گلی مین پھرایا آخر کار ایک ذلیل پیشہ
یہودیا اہلسنت کی کیا مقام کمال رفعت تو یہ ہی کہ تین روز تک لاش مطہر
اوس حوض نجاست مین پڑے رہی یہانتک کہ کتون نے اوس شخص
نے نہایت گستاخی کے اور ایک ٹانگ کھا گئی کچھ لوگ یہانتک پہونچے
حسرت زدان سا گئے تھی مین لیکن ہمکو اس سے کیا مطلب ہا ایمان
اسے تعجب کہ اگر اوسوقت مین اہل مدینہ عدم نصرت خلیفۃ اللہ مین مذہب

حق پرستے تو نہ ہوری کہ اب مذہب باطل پر ہون اسلئے کہ ابتو اونکا برہمجہا کف
جاستے مین چہ جائی اینکہ اونکی قتل اور غارت پر رضی ہون اور عدم
نصرت اونکی سباح جانین اور اگر اوسوقت مین مذہب باطل پر رہتے اور
اجماع اوپر عدم نصرت کی اجماع باطل تہا تو اسیطرح اجماع خلافت بکری
سے اجماع علی الباطل ہوسکتا ہے گو متقدمین اوس اجماع کا ابتک
باقی رہتے وکیف ماکان کبہی جاری نہوا مذہب باطل کا اہل مدینہ مین
بہرتقدیر باطل ہوگیا اور اگر مخاطب کو اسپر بہی تسکین نہوا ویسر نہ آوی اور دوسرے
دین باطل سے تناولین لاوے تو ہم ایک دیگر مذہب باطل کی جاری
ہونیکا نشان سبہے مخاطب کو دیتی ہین کہ آیا مین کچہ شک نہین ہی کہ کل
مسلمانان ہند سواد یابیون اور افغانیونکے کہ بہ تقلید امام غزالی سے
لعنت نکڑا بر یزید + کہتے ہین سب یزید پلید اجن ولد الزنا مدمن الخمر کو
اکفر کفرہ وافجر فجرہ دشمنتے ہین پس اس سے باطل تر اور کون مذہب ہوگا
کہ سوائی اہلبیت نبوی کی کل اہل مکہ اور مدینہ نی ایسی شقی ترین اولین و آخرین سہی
بیعت کی اور اوس لعین کو امام اور پیشوا اپنا سمجہی اور ازانجملہ خلیفہ زادہ صاحب
عبداللہ بن عمر تہے کہ ایک رات بہی سنے بیعت ایسی امانونکی رہنا
اونکو گوارا نہ تہا اور سے بیعت کی مرنا موت جاہلیت سمجہتی تہے کما
فی شرح ابن ابی الحدید اور جبکہ بعض اہل مدینہ سنے بعد شہادت
خامس آل عبا کے نقض بیعت یزیدی کرنا چاہا تو خلیفہ زادہ صاحب کو
بہت ناگوار گزرا چنانچہ اصح الکتب بعد کتاب الباری صحیح بخاری کی

کتاب الفتن میں مذکور ہے لما خلع اہل المدینۃ یزید بن معویۃ جمع ابن
عمر حشمہ وولدہ فقال انی سمعت النبی یقول ینصب لکل غادر
لواء یوم القیامۃ وانا قد بایعنا ہذا الرجل علی بیعۃ اللہ ورسولہ
وانی لا اعلم غدرا اعظم من ان یبایع رجل علی بیعۃ اللہ ورسولہ
ثم ینصب لہ القتال وانی لا اعلم احدا منکم خلعہ ولا تابعہ فی
ہذا الامر الا کانت الفیصل منی وبینہ کا نے محصل یہ ہے کہ جب اہل
مدینہ یزید ابن معویۃ کو خلافت سے معزول کرچکے تب ابن عمر نے
اپنے اولاد اور اقربا کو جمع کیا اور کہا کہ میں نے سنا ہی جناب رسول خدا
کو کہ فرماتے تھے کہ روز قیامت ہر غادر کیواسطے ایک جھنڈا کھڑا کیا
جائے گا اور ہم نے بیعت کی ہے اس شخص کے یعنی یزید
بن معویہ کے بیعت خدا اور رسول پر اور میں نہیں جانتا کوئی
عذر اس سے زیادہ کہ جس سے ہمنی بیعت خدا و رسول پر
بیعت کی ہو پھر اوس سے قتال وجدال برپا کریں پس جو شخص
تم میں سے بیعت یزید کو خلع کریگا پس درمیان ہمارے اور اوسکے
جدائی اور جدا پڑیگا اور صاحب فصل الخطاب صحیح مسلم سے نقل ہی کہ لما
خلع اہل المدینۃ یزید اجتمعوا الی عبد اللہ بن مطیع اتاہ ابن عمر فقال لہ عبد اللہ
بن مطیع اطرحوا لابی عبد الرحمن وسادۃ فقال لہ ما جئتک لاجلس
انیتک لاحدثک حدیثا سمعتہ من رسول اللہ یقول من خلع یدا
من طاعۃ لقی اللہ یوم القیامۃ ولا حجۃ لہ ومن مات ولیس فی

عمدہ بیتہ مات سیئہ جاہلیۃ تھے یعنے جبکہ لوگون نے بیعت یزید سے کو
خلع کیا اور ابن مطیع پر مجتمع ہوئے تو خلیفہ زادہ صاحب ابن عمر کے پاس
ابن مطیع کے تشریف لائی اوسنے کہا کہ مسند لاؤ اور خلیفہ زادہ
کے لئی بچھاؤ اور باعزاز واحترام اوسپر بٹھاؤ یہ سنکر حضرت سلالہ خلافت
نے فرمایا کہ مین مسند پر بیٹھنے کے لئی نہین آیا ہون بلکہ تیری وعظ
ونصیحت کی لئے آیا ہون اور جو حدیث جناب رسول خدا سے سنی
ہی اوسکی بیان کرنیکو آیا ہون جناب رسول خدا نے فرمایا کہ جو
شخص ہاتھ کے بیعت سی اوٹھاوی اور اطاعت خلیفہ سے
باہر جاوے تو ملاقات کریگا خدا سی درحالیکہ کوئی حجت پیش
خدا نرکھتا ہوگا اور جو شخص کہ مری اور اوسکی گردن مین پٹہ کے خلع
کے بیعت کا نہو تو وہ موت کفر اور جاہلیت پر مرا ہوگا فقط انتہی
اس کلام بلاغت نظام سی یہ تھا کہ لوگ خلع بیعت یزید پلید
کرین لیکن ہر چند نصیحت کے مگر اکثرون نے وعظ وپند کو اونحضرت
کے نمانا اور اوسکے سزا اسطرح سے پائی کہ یزید نے برواری
مسلم بن عقبہ ایک لشکر واسطے قتل وغارت اہل مکہ ومدینہ کی بھیجا کہ
اونہون نے تین روز تک تیغ بیدریغ اہل مدینہ پر چلاے کے
چنانچہ شاہ عبدالحق دہلوے کتاب مذکب الطالب مین لکھتے ہین کہ
لشکر یزید نے اس واقعہ مین کہ موسوم ہوا واقعہ حرہ سی ایک ہزار
سات سو شخصون کو جو بقایاے مہاجر اور انصار اور علماء تابعین اخیار سی

خلع بیعت یزید پلید
اہل مدینہ
واقعہ حرہ

سے تھے قتل کیا اور عامۃ الناس سے سوای عورتون اور اطفال
بسکے دس ہزار آدمی کو مارا اور سات سو حاملان قران مجید اور تیا نوے
بزرگوارونکو جو مرد پیش سی تہ تیغ بیدریغ کیا اور فسق اور فساد اور زنا کو مباح
کر دیا یہانتک کہ ہزار عورتون نے بعد اس واقعہ کے اولاد زنا کو جنا
اور گھوڑونکو مسجد پیغمبر مین جولانگاہ کیا اور روضہ شریف مین کہ نام ایک
مقام کا ہے درمیان قبر و منبر کے کہ جسکی حقمین آنحضرت نے
ما بین قبری و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ فرمایا تھا
اونٹونسے ہگا اور موتا اور اونکو سے بیت یزید پلید پر عہد
عبید یہ یا اسطرح پر کرا چاہی یزید تنہ بچ والی اور اگر چاہی آزاد کری اور اگر چاہی
غلامت خدا کرا ے اور چاہی معیشت خدا کرا ے اور جو نام طاعت
خدا کا زبان پر لایا وسکو فورا قتل کیا اور اہل اخبار نے لکھا ہے
کہ اوس زمانہ مین مدینہ منورہ بالکل آدمیونسے خالی ہو گیا تھا اور فواکہ
اور ثمرات اوسکی نہیب و غارت و یغما ہوتی تھی اور کلاب اور
دیگر حیوانات نے مسجد شریف مین آرام گاہ اپنا قرار دیا تھا انتہی ملخصا
بعض العبارۃ و من شاء التفصیل فلیرجع الیہ ولیرجع ما کنا بصددہ جناب
مخاطب نے جو فرمایا کہ اہل مدینہ مین کیسے مذہب باطل جارے نہین ہوا
ہم پوچھتے ہین کہ یہ یقین جو بعض بر صنا و رغبت اور بعض بجبر و قہر
اہل مدینہ مین جارے ہوئین اگر کلہا مذہب حق تھا پس باوجود قتل
باجتماع النقیضین کے دنیا مین کوئے مذہب باطل نہین ہو سکتا اور اگر

عقدہ بیعۃ ات سیئۃ جاہلیۃ تھے یعنے جبکہ لوگون نے بیعت یزید سے کو
خلع کیا اور ابن مطیع پر مجتمع ہوئے تو خلیفہ زادہ صاحب ابن عمر نزدیک
ابن مطیع کے تشریف لائے اوسنے کہا کہ مسند لاؤ اور خلیفہ زادہ
کے لئے بچھاؤ اور باعزاز واحترام اوسپر بٹھاؤ یہ سنکر حضرت سلالہ خلافت
نے فرمایا کہ مین مسند پر بیٹھنے کے لئے نہین آیا ہون بلکہ تیری وعظ
ونصیحت کی لئے آیا ہون اور جو حدیث جناب رسول خدا سے سنی
ہی اوسکی بیان کرنیکو آیا ہون جناب رسول خدا نے فرمایا کہ جو
شخص ہاتھ سے کسی بیعت سی اوٹھاوی اور اطاعت خلیفہ سے
باہر جاوے تو ملاقات کریگا خدا سی درحالیکہ کوئی حجت پیش
خدا نرکھتا ہوگا اور جو شخص کہ مری اور اوسکی گردن مین پٹہ کسی خلیفہ
کے بیعت کا نہو تو وہ موت کفر اور جاہلیت پر مرا ہوگا فقط مقصود
اس کلام بلاغت نظام سی یہ تھا کہ لوگ خلع بیعت یزید پلید
کرین لیکن ہر چند نصیحت کے مگر اکثرون نے وعظ وپند کو اونحضرت
کے نمانا اور اوسکے سزا اسطرح سے پائی کہ یزید نے بسرداری
مسلم بن عقبہ ایک لشکر واسطے قتل وغارت اہل مکہ ومدینہ کی بھیجا کہ
اونہون نے تین روز تک تیغ بیدریغ اہل مدینہ پر چلاے کے
چنانچہ شاہ عبدالحق دہلوے کتاب مذکور اعقاب مین لکھتے ہین کہ
لشکر یزید نے اس واقعہ مین کہ موسوم بواقعہ حرہ ہی ایک ہزار
سات سو شخصون کو جو بقایاے مہاجر اور انصار اور علماء تابعین اخیار ہی

سے تھے قتل کیا اور عامۂ الناس سے سوای عورتون اور اطفال
بسکے دس ہزار آدمی کو مارا اور سات سو حاملان قران مجید اور تیس سے
زیادہ حافظان قرآن کو تہ تیغ بیدریغ کیا اور فسق اور فساد اور زنا کو مباح
کر دیا یہانتک کہ ہزار عورتون نے بعد اس واقعہ کے اولاد زنا کو جنا
اور گھوڑون کو مسجد پیغمبر مین جولان کیا اور روضۂ شریف مین کہ نام ایک
مقام کا ہے درمیان قبر پیغمبر کے کہ جسکی حقمین آنحضرت نے
ما بین قبری و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ فرمایا تھا
اونٹون سے پیشاب کرایا اور تین دن سے بیعت یزید پلید پر عہد
عبید یہ یا اسطرح پر کہ اگر چاہی بندگی اور اگر چاہی آزادگی اور اگر چاہی
طاعت خدا کر اور چاہی معصیت خدا کر لکھا اور جو نام طاعت
خدا کا زبان پر لایا اوسکو قتل کیا اور اہل اخبار نے لکھا ہے
کہ اوس زمانہ مین مدینہ منورہ بالکل آدمیون سے خالی ہو گیا تھا اور فواکہ
اور ثمرات اوسکی نہیب و غارت و یغما ہوتی تھی اور کلاب اور
دیگر حیوانات نے مسجد شریف مین آرام گاہ اپنا قرار دیا تھا انتہی ملخصا
بعض العبارۃ و من شاء التفصیل فلیرجع الیہ ولیرجع ما کنا بصدد خطابہ
مخاطب نی جو فرمایا کہ اہل مدینہ مین کیسے مذہب باطل جاری نہین ہوا
ہم پوچھتے ہین کہ یہ یعنی جو بعض بر صنا و رغبت اور بعض بجبر و قہر
اہل مدینہ مین جاری ہوئین اگر کلہا مذہب حق تھا پس باوجود قتل
باجماع القیضین کے دنیا مین کوئے مذہب باطل نہین ہو سکتا اور اگر

جنھہا مذہب باطل تہا تو قول اپنکا مدم ابتدائی باطل سرمین باطل ہوگا
بلکہ اگر سچ پوچھئے تو اوسی باطل کا نمونہ اہل مکہ و مدینہ مین اب تک باقی
ہے کہ روز عاشورہ کو روز عید سعید سمجھتی ہین اور کس کس خوشیون
سی مہین مین گاتے اور بجاتی ہین اس سے باطل تر مذہب
کیا ہوگا اور کیونکر اسطرح چھنکرین کہ پیر دستگیر غوث الاعظم اونکی نے کتاب
غنیۃ الطالبین مین عید کرنے روز عاشورہ کا حکم کس شد و مد سے
دیا ہی اور پوشاک بدلنا اور سرمہ لگانا اور توسعۂ طعام کرنا مستحبات سی
جانا ہے کو بقول ابن حجر مکی کے صواعق مین ایسا کرنیوالی نواصب
سی ہون لیکن حضرت غوث الاعظم کو نواصب سی ہون مگر پیر شے
اونکی ضرور ہے جیسا کہ بقول اونہین حضرت کی گوا ابو حنیفہ مرحبہ ہیر
سے ہو مگر تقلید اونکی لازم ہے سابق مین اہلسنت انکا ران مضامین
کا غنیۃ الطالبین سے کرتی تہی مگر الحمد للہ کہ مطبوع ہو جانی غنیۃ الطالبین
نے زبان درازی اہلسنت کو قطع کر دیا خلاصۃ الکلام جسطرح سے
زمانہ سابق مین مذہب باطل نفاق کا منافقین اہل مدینہ مین جاری تہا
ومن اہل المدینۃ مردوا علی النفاق لا تعلمہم نحن نعلمہم اور درمیان
مین سے بدولت اہل نفاق کے بہت سی بعیتین مذاہب باطلہ
کی اوسمین جاری ہوئین اور بقول ابن حجر مکی صواعق مین اب بے
مذہب باطل نواصب کا یعنے عید عاشورہ اوسمین جاری ہے اسطرح
اگر اب بہی مذہب باطل حسن و خوشی بعض منافقین صحابہ کا اوس مین

جاری ہو تو ہرگز خلاف عقل و نقل نہین ہے و ستطلع علی زیادۃ توضیح
فی المقال الآتے بعد التحیۃ والثنا تے قولہ ورود دجال ملعون کا بھی
کندراو نہین ہوگا اقول سے نفسہ اس خبر کی اقرار و انکار مین مذہب
اہل حق کا کچھ ضرر نہین لیکن ایکو مناسب تہا کہ مقابل خصم مین اسنے خصم
سے کی کتب معتبرہ سے نقل اس مضمون کی کرتے کہ اقرب بقبول
ہوتا لیکن ہمکو اصل کلام مین بحث کرنے سی کچھ حاصل نہین ہی آگے
کلام اوس غرض مین ہے کہ جسکی واسطی یہ کلام آپنے اس مقام پر وارد
کیا ہے پس اگر غرض آپکے یہ ہی کہ عدم مداخلت دجال سے ثابت
ہوتا ہی کہ اہل ہلال کا استیلا یمین کیسے ہوگا تو یہ ہلال اور غلط بحث
ہی اسلئی کہ گو بفرض و تسلیم آپکے کلام کی دجال کو یمین دخل نہوگا مگر
بہت سی برادران دجال کو او یمین دخل ہو چکا ہے از انجملہ
بد معاشان مصر کہ جنہون نے خلیفہ ثالث کو جام رحیق سرشار
شہادت سی سیراب کیا و از انجملہ معاویہ بن ابی سفیان کہ جسکی بیعت
کو جابر ابن عبد اللہ بیعت ضلالت سمجہتے تہے کما فی جذب القلوب او ر
اہلبیت نبوت اسکو ایسا گمراہ سمجہتے تھے کہ قابل قتل جانتے تھے
و کفانی ضلالۃ قولہ علیہ السلام یا علی محاربک محاربی و یا علی من فارقنی فقد
فارق اللہ و من فارقک فقد فارقنی کما فی ازالۃ الخفا
و از انجملہ یزید بن معویہ و قد قرن جذب القلوب و از انجملہ قرامطہ لعنہم اللہ
کہ جنہون نے بنیاد کعبہ منہادی اور حجر الاسود او کہا ڑ لائی چنانچہ باتفاق

مورخین مین برس تک حجر اسود مسجد کوفہ مین رہا وازانجملہ وہانیان نجد کہ
جنہون نے کل حجاز پر تسلط کیا اور سلطان روم سے کچھ نہین ہوسکا
آخر والی مصر غفر اللہ نے اونکی شر کو دفع کیا اور اگر فرض آپکے عدم
گراہی باشندگان وہانکے ہی تو گو دجال کا گذر نہوگا مگر شیطان اور
اخوان الشیاطین کا گذر تو بی شبہ اسلان کے لئی کافی
ہی اور اگر دجال وہان نجائیگا تو وہ لوگ خود مست دجال مین مشرف
ہوسکتی ہین پھر دجال کے وہان جانیکی کیا ضرورت رہیگی اور بعید نہین
کہ یہ کلام اس اقل الانام کا کوئے صاحب محمول بر ظرافت کرین اسلئی
ضرور ہی کہ ہم سند اسکے بعض کتب معتبرہ اہلسنت سی دین کہ پھر کسیکو
جای کلام نرہے شاہ عبدالحق دہلوی کتاب جذب القلوب مین فرماتے
ہین کہ حدیث صحیح مین وارد ہوا ہے کہ ایک روز جناب رسولخدا نی
یوم الخلاص کو یاد فرمایا اور ذکر اوسکا مکرر زبان معجز بیان پر آیا صحابہ نی
پوچھا کہ یا حضرت یوم الخلاص کیا ہی فرمایا کہ وہ روز ہے کہ دجال آویگا
اور کوہ احد پر چڑہکی نگاہ کرے گا اور اپنی اصحاب سی کہیگا کہ جانتے ہو
یہ قصر سفید کیا ہے یہ مسجد احمد ہے بعد اسکے قصد داخل ہونی مدینہ کا
کریگا لیکن ہر سر راہ پر ایک فرشتہ سوکل پاویگا کہ اوسکی حفظ و حراست مین ہوگا
پس نواے وادی مین کہ جانیکے جمع سیول سے ہے خیمہ کرکریگا اور مدینہ
مین تین مرتبہ زلزلہ آویگا پس جو شخص اوسمین منجملہ کافر اور منافق اور
فاسق سے ہوگا وہ دجال کیطرف جاویگا اور مدینہ ہر خبث اور نجاست سے

مطہر اور منورہ ہو جاویگا یہ ہے یوم الخلاص پہنچے کیون حضرت ابھی تو
یوم الخلاص نہین آیا انسے اہل مدینہ کیونکر نجاست کفر و نفاق اور
فسوق سے پاک ہوئے پس اگر وہی اہل کفر و نفاق و فسوق شامین
صحابہ کو بمقتضاے لجنس الی الجنس میل اچھا سمجھے تو حقیت اونکی
کہان سے ثابت ہوئی و الحمد للہ کہ آجتک تو ملحوظ ہوتا مدینہ کا اہل کفر و
نفاق و فسوق سے روایت صحیحہ اہل سنت سے ثابت ہو گیا ثم الحمد للہ
علی ذلک قولہ پس ہمکو غور کرنا چاہیے کہ ان دونون شہروں کے
سننے والے اجتک صحابہ کی نسبت کیسا اعتقاد رکھتے ہین اقول
اہل کفر و نفاق و فسوق ویسا ہے اعتقاد رکھتی ہین جیسا اونکا سابق
مین اعتقاد تہا قولہ جو کچہ اونکا اعتقاد ہوا سیکو اصل ایمان سمجہنا چاہیے
اقول دعواے بی دلیل مسموع نہین ہے خصوصا جب ثابت ہو گیا
کہ اوسے باشندی اجتک کفر و نفاق و فسوق پر باقی ہین اور عید عاشورہ
اقول خدا کے فضل سی کوئے جگہہ شیعیان علی ابن ابیطالب سی
خالے نہین ہے مکہ مین محلہ غزارہ اور جبل اعلی اور مدینہ مین محلہ
بنی نخاولہ اور محلہ مسجد قبا اور مسجد و شمس اور شرف ام ابراہیم اور عوالی
مین بنے حسین سادات فاطمی ہزارون شیعہ ہین کہ اونمین سے
کسیکو بے نہین ہے کہ اہل کفر اونکو بمقتضاے انکہ کافر ہے را
نام کو بے نہین ہے کہ اہل کفر اونکو بمقتضاے
لیکن خود میداند اہل کفر سے جہین اگر مخاطب کو کشف حقیقت حال

منظور نظر ہے تو ہماری ساتھ چلی بشرطیکہ دو چار روز اپنے تئین
متمذہب بمذہب شیعہ کری تقیہ کا نام تو آپکی سامنے لی نہین سکتی کہ
آپکے تلوؤن سے لگی گے اور سر نہ بچہی گے مگر ریاکاری تو یہ
چندی دو چار کلمہ جو شیعہ کہتی ہین اونکو زبان پر لائے تو پھر آپکو
دکھلائے دی کہ کتنی شیعہ ہین کہ تقیۃً صورت اہلسنت مین ہین
اور کہتے بھی حقیقے ہین قولہ بلکہ تمام عرب کی باشندونکا اقول
جن لوگون نے کبھی گھر سے قدم باہر نہین نکالا ہے اونکو ایسے
ہی پندار باطل ہوا کرتے ہین کتبک وہ تحصیل دنیا مین پھنسے رہیگا
ذرا قدم باہر نکالے سیر قری و بلدان عراقین کیجیے سیر ملک مین کیجیے
ملک شام مین پھر عامل سے قری اور بلاد کردیکیے ملک مجازین
ابواللہ باکی سیر کیجیے صحراؤن مین بنے اسماعیل کی خزانہ کو دیکھیے تو
بخوبی واضح ہو کہ تمام ممالک عرب مین کتنے کرور شیعہ ہین
قولہ سہل مذہب اسلام پر یہ الزام آتا ہے اقول سہل مذہب
اسلام پر سوای لرسٹانوں کے کسی کے نزدیک یہ الزام نہین آتا ہے سر سر
آپکی نلد آپہی ہے مسلمانون کا یہی اعتقاد ہے نہ اگر کل اہل دنیا کافر ہوجائین
جب بھی مذہب حق مذہب اسلام ہی وَمَن ینقلب علی
عقبیہ فلن یضر اللہ شیئاً

قولہ جہان اپنے نبی کو پیدا کیا اقول ہو سکتا ہے کہ
کوئی کہے کہ بدترین خلائق اور کافرترین دنیا وہ ہے لوگ تھی جہان

نبی کے پیدا کرنیکی اور نبی کی مبعوث کرنیکی احتیاج پڑی اور وہ
اسلیے کافر تھی کہ اگر نبی اور کیسن مبعوث ہوتے تو وہ ظاہری
ایمان سے بے نیاز تھے اور سابق مین بیان ہوچکا کہ شرف مکان
کی لئے شرافت مکین لازم نہین ہے اور شرافت اضافی کی لئے
بھی ایمان شرط ہے ورنہ ابوجہل اور ابولہب کو بقول آپکی اپنے
سے بہتر سمجھتی ولعلہ لا یرضی لہذا قولہ جن جگہونکو خدا نے عرش و
کرسی کے برابر رتبہ دیا اقول واقع مین منافقین امت نبی ایسے
ایسے مقاماتہا ے متبرک کی عزت اور حرمت کچہ نہ سمجھی خانہ رسول کو
تاریون نے جلادیا مسجد رسول کو ارجاس و انجاس سے جا بجا
کلاب بنا دیا خانہ خدا کو منجنیقوں سے گرا دیا اور اوسمین آگ لگا دی
جن جگہونکا صغیرہ کبیرہ تہا کما فی جذب القلوب بیشک وہانکا کبیرہ
کفر تہا مگر ظالمان او عاصیان امت نبی کچہ خوف خدا نکیا اور خود خدا
رسول خدا نے ان فتنونکے خبر دی تہی اور فرمایا تہا ادرو ا بالاعمال
فتنا کقطع اللیل المظلم الخ بل موسی اوسمیں کافرا
موسی موسنا ولیسی کافرا ہیچ امد ہم دینہا بعض الذی کان
ازالۃ الخفا کیون حضرت یہ دین کو ساتہہ دنیا کے بیچنے والی سوای
اہل مکہ اور مدینہ کے کسی اور جگہہ کی لوگ تہے اور یہ واقعات
ہائلہ سوائے مقامات متبرکہ کے کسی اور جگہہ پر واقع ہوئی تہے
یا اور مخاطبین باین خطابات سوای صحابہ کے اور کونسی لوگ تہے

منظور نظر ہے تو ہماری ساتھ چلی بشرطیکہ دو چار روز اپنے تئین
متمذہب بمذہب شیعہ کری تقیہ کا نام تو آپکی سامنے لی نہین سکتی کہ
آپکے تلوؤن سے لگی گے اور سر نہ بچہی گے مگر ریاکاری تو یہ
چندی دو چار کلمہ جو شیعہ کہتی ہین اونکو زبان پر لائے تو پھر آپکو
دکھلائے دی کہ کتنی شیعہ ہین کہ تقیۃً صورت اہلسنت مین ہین
اور کہتے سنی حقیقے ہین قولہ بلکہ تمام عرب کی باشندونکا اقول
جن لوگون نے کبھی گھر سے قدم باہر نہین نکالا ہے اونکو ایسے
ہی پندار باطل ہوا کرتے ہین کتبک دام تخییل دنیا مین پھنسے ہی گا
ذرا قدم باہر نکالے سیر قری و بلدان عراقین کیجیے سیر ملک مین کیجیے
ملک شام مین دیل عامل کے قری اور بلاد کردیکھیے ملک مجازین
ابوالقصبا کی سیر کیجیے بصحراؤن بنے اسد اور بنی خزاعہ کو دیکھیے تو
بخوبی واضح ہو کہ تمام ممالک عرب مین کتنے کرور شیعہ ہین
قولہ سبل مذہب اسلام پر الزام آتا ہے اقول اہل مذہب
اسلام پر سوای لرسٹانوں کے تقیہ کے نزدیک کے الزام نہین آتا ہے سر لسر
آپکی غلط فہمی ہی مسلمانون کا یہی اعتقاد ہی نہ اگر کل اہل دنیا کافر ہو جائین
مجھ بھی مذہب حق مذہب اسلام ہی وَمَن ینقلب علی
عقبیہ فلن یضر اللہ شیئاً

قولہ جہان اپنے نبی کو پیدا کیا اقول ہو سکتا ہے کہ
کوئی کہے کہ بدترین خلائق اور کافرترین دنیا وہ ہے لوگ تھی جہان

نبیؐ کے پیدا کرنیکی اور نبیؐ کی مبعوث کرنیکی احتیاج پڑی اور وہ
اسلیے کافر تھی کہ اگر نبیؐ اور کیون مبعوث ہوتے تو وہ ظاہری
ایمان سے بے نیاز تھے اور سابق مین بیان ہوچکا کہ شرف مکان
کی لئے شرافت مکین لازم نہین ہے اور شرافت اضافی کی لئے
بھی ایمان شرط ہے ورنہ ابوجہل اور ابولہب کو بقول آپکی اپنے
سے بہتر سمجھتی ولعلہ لایرضی لہذا قولہ جن جگہونکو خدا نے عرش و
کرسی کے برابر رتبہ دیا اقول واقع مین منافقین امت نبی ایسے
ایسے مقاماتہاے متبرک کی عزت اور حرمت کچہ نہ سمجھی خانۂ رسولؐ کو
تاریون نے جلادیا مسجد رسولؐ کو ارجاس و انجاس سے جابجا
کلاب بنادیا خانۂ خدا کو منجنیقون سے گرادیا اور اوسمین آگ لگادی
جن جگہونکا صغیرہ کبیرہ تہا کما فی جذب القلوب بیشک وہانکا کبیرہ
کفر تہا مگر ظالمان اور عاصیان امت نبی کچہ خوف خدا نکیا اور خود خباب
رسولؐ خدا نے ان فتنونکے خبر دی تہی اور فرمایا تہا با درد ابالاعمال
فتنا کقطع اللیل المظلم الخ بل مؤسف امیسی کافرا
امیسی مومنا ویصبح کافرا الخ ہم دیکہتے ہین کہ دنیا کما نے
اور لذیذ کہانے کیون حضرت یہ دین کو ساتہہ دنیا کے بیچنے والی سوای
اہل مکہ اور مدینہ کے کسی اور جگہہ کی لوگ ستے اور یہ واقعات
ہائلہ سوائے مقامات متبرکہ کے کسی اور جگہہ پر واقع ہوئی ستے
اور مخاطبین باین خطابات سوای صحابہ کے اور کونسی لوگ ستے

رکھتا ہے اور بعد اس جبر کی نبظلم و جور عذاب بھی کرتا ہی چنانچہ
صاحب مسلم الثبوت اعتقاد اشاعرہ مین تصریح کرتا ہی کہ الحق انہ کفور للجبر
لیکن بنا بر مسلک حق پس خدا نہ اعتقاد باطل کسیکو دیتا ہی نہ اوسپر
قایم رکھتا ہی بلکہ معتقدین باطل خود اعتقاد باطل بسوء اختیار اختیار
کرتے ہین اور خود اوسپر قایم رہتے ہین آری خداوند اوسپر جبر
نہین کرتا ہی کہ بہ مشیت الہی عقیدہ باطل کو اونکے دل سی نکالدی
اسلئے کہ خلاف حکمت اختبار و امتحان ہے بلکہ بعد ہدایت اور
رہنمائی کے اور اتمام حجت کے اونکو اونکے حال پر چھوڑ دیتا ہی
کما ہو منطوق قولہ تعالی ترکھم فی ظلمات لا یبصرون و ذرھم فی طغیانھم
یعمھون - پس اس ترک کرنیکو تعبیر کرنا ساتھہ قایم رکھنے کی اوپر اعتقاد
باطل کے کہ مشعر جبر ہے سراسر ہفوات اور غوایت ہے قولہ گمراہ
رکھا اور گمراہ ہے پر اونکا خاتمہ کیا اقول بنا بر مذہب اشاعرہ جبر کہ مجوس
ہذہ الامۃ ہین یہ سب ٹھیک ہی کما سبق لیکن بنا بر مذہب اہل حق پس
نہ خدا کسیکو گمراہ کرتا ہے نہ گمراہی پر رکھتا ہے نہ کسیکا خاتمہ گمراہ
پر کرتا ہے گمراہ کرنا کار شیاطین جن و انس ہی قال اللہ تعالی
فی ذکر الشیطان ولقد اضل منکم جبلا کثیرا وقال
اضلھم السامری وقال اضل فرعون قومہ وما ھدی پس گمراہ کرنا جو کار
شیطان اور سامری اور فرعون ہے معاذ اللہ وہ فعل خدا کا
نہین ہو سکتا اور جہان کہین نصوص مین نسبت اضلال کی طرف

خداوند ذوالجلال کے وارد ہوئی ہے وہان ہرگز معنے گمراہی نہین مراد
ہین بلکہ معنیٔ دیگر مراد ہین کما فسرہ اہل الحق فی کتبہم اور معنیٔ گمراہ ہے
ہر جگہہ پر سمجھنا چاہیئے ہی قولہ ایک مومن کا گزر بھی وہان نہوندیا
اقول لاکھون مومن کا گزر ہوا گر آپ سے جھوٹونکا گزر وہین ہوگا
جہان جھوٹونکا مقر ہے قولہ وہی اصرار ہے اقول کیونکر اصرار نہو
کہ عادت قدیمہ حضرت احدیت اسی پر جاری ہوئی ہے کہ کفار اور
منافقین کو اونکی حال پر چھوڑ دیتا ہی اور اونپر جبر نہین کرتا ولن
تجد لسنۃ اللہ تبدیلا ولن تجد لسنۃ اللہ تحویلا قولہ
کوئے مومن پاک بی تقیہ کے اقول اگر مومن نجس مشرکین کو
پاک سمجھنی والا نے تقیہ کیا اور کوئی مومن پاک مشرکین کو نجس
سمجھنے والا با تقیہ کیا تو نہ اوسکی نجاست حقیقی مین کچھہ گھٹ گیا و نعم
ما قیل ؎ خرعیسیٰ اگر بمکہ رود چون بیاید ہنوز خر باشد
سگ بدریای ہفت گانہ بشوی چونکہ تر شد پلید تر باشد
اور نہ اوسکی طہارت ظاہری اور باطنی مین کچھہ خلل آگیا اگر صحیح بخاری
کو بلکہ کتاب الباری کو بسبب عثمانی جلادیجئی تو البتہ التقیۃ الی
یوم القیامۃ اور اللہ ان تقوا منہم تقاۃ او تقیۃ کا نشان نرہے
غرض ذکر تقیہ سے اگر تعریض بحال مومنین ہے تو بتعمیل حکم خدا
ورسول مین کوئے قباحت مومنین کے لئی نہین ہے
بلکہ حقیقت مین یہ توہین وتذلیل اون فساق وفجار کی ہی سب جگہ

ظلم وستم سی مومنین کو احتیاط بتقیہ ہوتے ہی اون مسلمانون
سے بخدا کہ صاحبان انصاف انصاری ہنرا وتہ بہتر ہین کہ کسیکو
بہ تعصب مذہبی ایذا اور آزار نہین دیتے ہین برخلاف اون
نامسلمانونکے جو طمع دنیا مسلمانونکو لوٹتے ہین اور بحیلہ تعصب
مذہبی ایذائین پہنچاتے ہین پس حقیقت مین ذلت وخواری دنیا و
اخرت کی اونہین ظالمونکے لئی ہے نہ مظلومون کی سلئے قال
امیرالمومنین علیہ السلام فی جواب کتاب معاویہ علی ما نقلہ الطبرسی
وابن ابی الحدید قلت انی کنت اقاد کما یقاد الجمل المخشوش
حتی ابایع وعمر اللہ لقد اردت ان تذم فمدحت وان تفضح فافتضحت
وما علی المسلم من غضاضۃ فی ان یکون مظلوما ما لم یکن شاکا فی
دینہ ولا مرتابا فی یقینہ یعنی اے معاویہ تو نی کہا مجھی کہ مین بیعت
ابوبکر کیوسطی اسطرح پر کھینچکر گیا جیسے بنی شتر مین لکڑے ڈالکر
لیجاتی ہین قسم ہی خدائے عمر وحیات بخشندہ کی کہ اس کلمہ سے
مذمت میری چاہے تو نی لاکن درحقیقت مدح میری کی تو نی اور
مجھے فضیحت کرنیکو چاہا اور درحقیقت تو خود فضیحت ہوا مرد مسلمانکی لئی
کیا عیب اور نقصان ہے اس بات سی کہ وہ مظلوم ہو اور اوسپر ظالمین ظلم وستم
کرین چاہیے کہ مومن اپنے دین مین شک کرنی والا اور اپنے
یقین مین شبہ لانیوالا نہو قولہ قیامت تو قریب آگئی اسے قولہ گھر کو
پاک نہین کرتا اقول قیامت کی قریب ہونیمین شک نہین

اشراطھا اور اپکا وجود دیکھ بھی شاید انہین اشراط مین سے
ہو لیکن ابھی گہر کے پاک کرنیکا وقت نہین آیا اسلئے کہ پاک ہونا مدینہ
کا ارجاس اور انجاس سے آپ سن چکی ہین کہ یوم الخلاص مین ہوگا اور
یوم الخلاص بقول رسول اللہ بعد از خروج دجال ہوگا پس اگر آپسے
ہوسکی تو الی یوم الوقت المعلوم صبر کیجئے اور اگر صبر نہین ہوسکتا ہے
اور آپکو نہایت تعجیل طہارت خانہ رسول کے منظور نظر ہے تو
اور کوئی تدبیر ہمارے خیال مین نہین آتی بجز اسکی کہ آپ اپنے حاکم
سی چند روز کی رخصت لیکر کوئی جہاز دخانی پر جزیرہ دجال تک
جائیے اور اگر نشان معلوم نہو تو احادیث جامع الاصول سے جسمین
ذکر اون لوگون کا ہے جنہون نے دجال سی ملاقات کی ہے
اور حدیث جساسہ سی جو کتاب الفتن صحیح مسلم مین ہے اور اوس مین
ایک مہینی کے راہ جزیرہ دجال تک لکھی ہے اور پتہ بانب
مشرق کا دیا ہے پتہ لگائیے اور اوس پتہ سی وہان جاکی اوس فتنہ
خوابیدہ کو کسے تدبیری جگائیے اور اوسکو اپنی ہمراہ لائیے پس
وقت یوم الخلاص بھی آجائیگا اور امام مہدی ہادی عجل اللہ ظہورہ بھی خود
بخود درسطے دفع دجال اور ہمراہیون اوسکی کے ظاہر ہوجائینگی اس سی
بہتر کوئی تدبیر اسطی جلد ظاہر ہونی مدینہ کی ارجاس اور انجاس سے
نہین ہے آیندہ آپکو اختیار ہے قولہ جسقدر زمانہ نبوت کا اقرب حقیقت
حال یہ ہے کہ جسقدر زمانہ نبوت کو قرب تہا اور خزان علم نبوت اور معادن

وحی والہام موجود تہے اشتیاق امت نبی اوسیقدر خاندان نبوت کے
مٹادینی مین سعی وکوشش کی یہانتک کہ کربلا مین خاتمہ اوسکا کردیا مگر
خداوند تعالی نے ذات واحد آدم آل عبا علیہ الآف التحیۃ والثنا سے پھر
اوس خاندان کو ترقی دینی شروع کے اور دین حق رسول خدا تمام عالم مین
پھیلنا شروع ہوا یہانتک کہ آج لاکھون ہر ہر قریہ اور ہر ہر بلدہ مین اوس
دین حقہ کی کلمہ پڑہنے والی موجود ہین پس زمانہ ضعف اسلام حقیقی قریب
انقضای زمانہ نبوت تہا اور ترقی مذہب باطلہ اہل جور مین ہوئی تہی بعد
اوسکی چونکہ ظلم کی لئے بقا قلیل ہی خداوندی ظلم کو خدانی ایسا غارت کیا کہ
آج نشان اونکی قبرون تک کا دنیا مین پیدا نہین ہے اور مشاہد خاندان
نبوت خانہای عبادت خدا ہوگئی ہین یاتوھا رجالاً وعلی کل ضامر
یاتین من کل فج عمیق فاعتبروا یا اولی الابصار قولہ اور یا وشاہت وسلطنت
بہی نہیں سب ہوئی اقول الحمد للہ دشمنونکی آنکھونمین خاک قولہ بانہیمہ مکہ اور
مدینہ مین اقوال سابق مین بیان ہوچکا ہی کہ مشیت خدا مقتضے اسکی نہین ہوئی
کہ قبل یوم الخلاص مکہ اور مدینہ کو ارجاس سے پاک کیجئی لیکن وسطی زعم انا ف
مخالفین کے خدانی جہنڈا ایمان کا دست سلاطین سادات مغربیہ سے گڑ
اور مدینہ مین گاڑدیا کہ ہر ہر در ودیوار خانہای ارجاس بہ نقش ونگار زیبا زین
ہوچکا ہی کافی تاریخ طبقاتہم قولہ جو دین پیغمبر خدا کی وقت مین تہا قول غلط
محض اور کذب صحت ہی جناب رسول خدا کی وقت مین ہرگز دین یزیدی جاری
نہا اور اب مکہ اور مدینہ مین دین یزیدی جاری ہی اور عید عاشورہ منائی

جاتی ہی آپ سنی کہتے ہین ہم دیکھی سے شنیدہ کی بود مانند دیدہ الغرض بلا
لحاظ حرمت حرمین اعمال فسق و فجور عمل مین لاتے ہین روز عاشورہ گاتی
بجاتی ہین ہر ہر مقام پر محفل نشاط جماتی ہین یزید کی ہڈیان تک سڑ گئین مگر
اوسکی خوشی کا طریقہ اتبک یزیدیون نے جاری رکھا ہی سے ہست محفل
بران قرار کہ بود ہست مطرب بران ترانہ ہنوز فاعتبروا یا اولی الابصار
بصیرۃ قولہ ایک مسلمان پاک اعتقاد ہوا قول ایک یا سو یا ہزار مومن
پاک اعتقاد کی ہو نہیں نکلو مدینہ ارجاس اور انجاس کفار و منافقین اور اہل
فسوق سے نہین ہو سکتا ہی جب تک یوم الخلاص نہ آوی کما مر قولہ پھر نا
مقام ہوگا جہانکی رہنے والی مومن اور مسلمان ہونگی اقول وہ مقامات
اس زمانہ مین کربلا و نجف اور کاظمین اور مشہد طوس او ر ہزارون قری
اور بلاد عرب اور عجم ہین گو لر کے کیڑی کو کیا معلوم کہ دنیا کیا چیز ہی قولہ
خدا کی گھر اور رسول کی گھر اقول مگر گزارش ہو کہ ببا شقیا است نی
بیت خدا کو جلا دیا اور بیت رسول مین آگ لگا دی تب اہلبیت خدا و رسول
سراسیمہ اور متفرق ہوئے پس جہان جہان وہ پہنچی آور نور ہدایت اونکا رتو
افگن ہوا دین و ایمان بھی وہان چلا گیا اور بعض اہلبیت جو اوس خرابہ خانہ
سوختہ مین بضرورت خاکستر نشین ہوئی آجتک اونکی مرقدہای مطہرہ پر کوئی
چراغ جلانی والا نہین ہے کیا عداوت ہی ارجاس اور انجاس کو اہلبیت
نبوت سی حیف ہی کہ عبد القادر جیلانی کہ بافادات ابن حجر مکی صواعق مین
نامہ بیت اوسکی غنیۃ الطالبین سی ثابت ہی قبر اوسکی بغداد مین بطلاو

نقرہ بنائی ہادی اور شمع کافوری جلائی ہادی اور قبور اہلبیت نبوت پر
ایک ضریح پیتل کا بھی مضائقہ ہو اور کوئی ایک تیل کا چراغ بھی نہ جلانی
پاوی ہے یہ چہ شوریست کہ در دور قمر می بینم طوق زرین ہمہ گردن خنزر
می بینم یہ ہی دین اور ایمان اہل مدینہ کا عجل اللہ ظہورہا من الارجاس
اشرف الناس قایم آل محمد علیہم السلام قولہ ای بہائیو اقول ای مخاطب
سنی بہائیو اگر اسلام کی کچھ عزت اور حرمت رکھنا چاہتی ہو تو اون اہل
مکہ اور مدینہ سی جنہون نے بطمع دنیای چند روزہ خاندان نبوت کو
مٹادیا خصوصاً وہ لوگ جو مصداق اول من اسس اساس الظلم والجور
ہین اونسے بیزاری کرو تا کہ یہود و نصاری تمہارے دین اور ایمان پر نہ ہنسین
اسکے سوا کونی دوسرا علاج نہین ہے قال المخاطب العمقام
ہداہ اللہ سبل السلام شواہد تجلی صحابہ کی فضیلت مین ہم صحابہ کرام
رضوان اللہ تعالی علیہم اجمعین کی فضائل کی ثبوت مین تین قسم کی نقلی شہادتین
پیان کرتے ہین اول وہ شہادتین جو توریت اور انجیل مین مذکور ہین
دوم وہ شہادتین جو قرآن مجید مین مذکور ہین سوم وہ شہادتین جو ائمہ کرام
علیہم السلام سی کتب امامیہ مین منقول ہین توریت و انجیل کی شہادتین
صحابہ کی فضیلت مین آنی بات تو امامیہ مذہب والی بھی جانتے ہین
کہ بطرح پر اللہ جلا شانہ نی کتب سماوی مین ذکر پیغمبر خدا کا بطور پیشین گوئی کی
کیا ہی اوسیطرح حضرت کی یارونکا بھی تذکرہ فرمایا ہی اور اونکی صفات اور
حالات کو مثالونمین بیان کیا ہے اور اوس سی انکار سکتی نہین کرتی

کہ خدا نے خود فرمایا ہے کہ محمد رسول اللہ والذین معہ اشداء
علی الکفار رحماء بینھم ترٰکھم رکعا سجدا یبتغون فضلا من اللہ ورضوا
سیماھم فی وجوھھم من اثر السجود ذلک مثلھم فی التورٰیۃ ومثلھم
فی الانجیل کزرع اخرج شطاہ فازرہ فاستغلظ فاستوی
علی سوقہ یعجب الزرّاع لیغیظ بھم الکفار ...

معنی محمد رسول اللہ کا ہی اور جو لوگ ساتہ اونکی ہین سخت ہین اوپر کفار
کی رحم دل ہین درمیان اپنی دیکہتا ہی تو اونکو رکوع کرنیوالی سجدہ کرنیوالے
چاہتی ہین فضل خدا کا اور رضامندی اوسکی نشانی اونکی اونکے
چہرہ پر ہی اثر سے سجدہ کی یہہ ہی صفت اونکی بیچ توریت کے اور
اور صفت اونکی بیچ انجیل کے جیسی کہیتی کہ نکلے اکہوا اپنا پس قوی
کری اوسکو پس موٹی ہو جائین پس کہڑی ہو جائین اوپر چہڑی اپنے
کی خوش لگتی ہے کہیتی کرنیوالی کو تو کہ غصہ مین لاوی اللہ بسبب
اون مسلمانونکی کافرونکو اب ہم اون مثالونکو جو توریت و انجیل مین
مذکور ہین اور جنکی خبر خدای جلشانہ نی اس آیت مین دی ہی بیان
کرتی ہین یقول المتمسک بولایۃ علی ابن ابیطالب علیہ السلام
سابق مین بے بیان ہو چکا ہی اب بہی ابتدای دلائل نقلیہ مین بیان
ہوتا ہی کہ غرض اہلسنت کی نقل صحابہ کی بیان حسن و خوبی سی اثبات حسن
خوبی حضرات ثلاثہ و اتباعہم کی ہی اور شیعہ اسکی منکر ہین اور حضرات ثلاثہ و اتباعہم کو
اچہا نہین سمجہتے بلکہ اصل ایمان سی بے بہرہ جانتی ہین اور اونکے

ایمان کو ایمان نفاقی ثابت کرتے ہین پس یہی امر محل نزاع درمیان اہل
حق اور اہل باطل کے ہی چنانچہ صفحہ ۱۰ مین خود مخاطب فرماتی ہین کہ ان
فضائل کے مصداق صرف وہی اصحاب ہین جنکو علمای شیعہ اچھا
جانتی ہین اور اکثر مہاجر و انصار خصوصا خلفاء ثلاثہ اس سی خارج ہین سو
اسکا دعوی کل علمای شیعہ نی کیا ہی اور پھر صفحہ ۲۰ مین فرماتی ہین کہ
ما بہ النزاع درمیان ہماری اور حضرات کی صرف یہ اور رہگیا کہ مراد اس سی
تمام مہاجرین و انصار ہین یا نہین بلکہ اصل تصفیہ منحصر اس امر پر رہا کہ خلفای ثلاثہ
بھی اسمین داخل ہین یا نہین انتہی بنابر اسکی شہادتین عقلی یا نقلی مطلق سوا
کی فضائل مین بیان کرنا محض لغو ہی اسلئے کہ مطلق صحابہ کو شیعہ کب برا
کہتے ہین خود آپ معترف ہین کہ کل علمای شیعہ نی اسکا دعوی کیا ہے
کہ مصداق فضائل وہی اصحاب ہین جنکو شیعہ اچھا جانتی ہین پس ذکر
کل شواہد عام کا واسطی اثبات دعوای خاص کی بیکار ہی وقد تقرر فی المیزان
ان لا دلالۃ للعام علی الخاص باحدی الدلالات الثلث جو فضیلت عام آپ
ذکر کرینگی ہم جواب مین کہینگے کہ مراد اس سے علی ابن ابیطالبؑ اور
صحاب اونکی اشال سلمان و بوذر و عمار و مقداد ہین نہ آپکی ثلاثہ اور اتباع
اونکی اشال ابو عبیدہ و عبد الرحمن و سعد و خالد پس یہی ایک جواب
اجمالی شواہد عامہ مین کافی اور وافی ہے اور جب آپ تطبیق کے
فضیلت کے ثلاثہ پر کرینگے تو ہم کہینگے کہ لاریب باتفاق فریقین مسلمین
اسکی مصداق نہین ہین پس ضرور ہی کہ پہلی ایمان ثلاثہ کا ثابت کرو اور

اونکو زمرۂ منافقین سے خارج کرتے تب ہم نظر کرینگی کہ یہ فضیلت اوپر منطبق
ہی یا نہین اب ہم جواب تفصیلی مزخرفات مخاطب بیان کرتی ہین قولہ اول
وہ شہادتین جو توریت اور انجیل مین مذکور ہین اقول بزعم باطل اپنے
ایک شہادت توریت کی بیان کی اور ایک شہادت انجیل کی پاکی اونکا نام
شہادتین توریت کی اور شہادتین انجیل کی رکھا ہی ایک ایک شہادت پر اطلاق
شہادتین بلفظ جمع معلوم نہین آکس رادی کیا سوائے خدع اور فریب
کی جو کاذبین غادرین خائنین سے علی مافی صحیح المسلم ہاتھ آیا ہی کسنات
پر محمول کیا جاوی قولہ دوم وہ شہادتین قولہ سوم وہ شہادتین اقول اول و
دوم وسوم تینون مثل ثلاثہ کے باطل ہین اور مشہود لہم پر غیر منطبق کما سیظہر
عنقریب ان شاء اللہ تعالی قولہ اتنی بات تو امامیہ مذہب والی بھی اقول
اتنی بات تو سنی مذہب والی بھی جانتے ہین کہ سطح پر اللہ جل شانہ نے
کتب سماوی مین ذکر پیغمبر خدا کا اور اونکی یاران وفادار کا بطور پیشگوئی
کی کیا ہے اسیطرح اونحضرت کی یارون نابکارون بدشعارون غاکردارون
دنیا طلبونکا بھی تذکرہ فرمایا ہی اور اونکی رذائل صفات اور حالات
شقاوت سمات کو کتب سماوی قدیم مین بالتصریح بیان کیا ہی اور اہلسنت
اس سی انکار اسلئے نہین کرتی کہ خدا نی خود فرمایا ہے قد افلح من
تزکی وذکر اسم ربہ فصلی ٥ بل تؤثرون الحیوۃ الدنیا والاخرۃ خیر
وابقی ٥ ان ھذا لفی الصحف الاولی ٥ صحف ابراھیم وموسی

ذکر صلوۃ اور زکوۃ سی ثابت ہوا کہ مخاطب اشال اجہل اور ارذل نہین ہین

اسلئی کہ انکو صلوٰۃ اور زکوٰۃ سی کیا واسطہ اور اسیطرح روی خطاب طرف
مومنین مخلصین کے بھی نہین ہی اسلئے کہ اونکی شان سی نہین ہی کہ
دنیا کو آخرت پر اختیار کرین پس مخاطب تؤثرون الحیوٰۃ الدنیا کونہین
ہین مگر منافقین صحابہ کہ انکی شان مین دوسری جگہ فرماتا ہی ارضیتم
بالحیوٰۃ الدنیا من الآخرۃ فما متاع الحیوٰۃ الدنیا فی الآخرۃ الا قلیل
مگر جب ایسی خطاب انکو ساتھہ خطاب تریدون عرض الدنیا کی ہوئے
تو صاف معلوم ہوتا ہی کہ مراد منافقین مہاجرین و انصار ہین سے انکے
راس و رئیس خلیفۂ اول ہین کما مر ذکرہ و سیاتی پس متحصل کلام خداوند علام
اسمقام پر بانضمام قرائن آیات دیگر یہ ہوا کہ بدرجہ یکہ رستگار ہوئی وہ لوگ
کہ مبنون سے فی صلوٰتہم اور زکوٰۃ بہ نیت خالص ادا کی لیکن ای منافقین صحابہ
تم ایسی نہین ہو بلکہ تم دنیا کو آخرت پر اختیار کرتے ہو حالانکہ آخرت بہتر
ہی اور باقی تر ہی اور یہ وہ باتین ہین جسکا ذکر مشیر صحف ابراہیم و موسیٰ مین
مین بھی ہو چکا ہے پس اگر توریت اور انجیل سی بقول آپکی بعض صحابہ کی
فضیلت نکلی تو صحف ابراہیم اور موسیٰ سی بعض دیگر کی رزیلت بھی نکلی قولہ
اسیطرح حضرت کی یارونکا بھی تذکرہ فرمایا ہی اقول آیۂ وافی ہدایہ مین تصریح
یاران و اصحاب کی نہین ہی بلکہ خدا نی والذین معہ فرمایا ہی پس اگر
معیت سی صحابت مراد لیجاوی تو اسمین شک نہین ہی کہ یہ صحابت لغوی
ہوگی نہ اصطلاحی اہلسنت یعنی من رائی النبیؐ و مناولہ لحظۃ اور ظاہر ہے
کہ کمال اس صحابت لغویکا اہلبیت رسالت مین ہی واز نیجاست کہ حدیث

نجوم مین لفظ اصحاب مفسر باہلبیت ہوئی ہے گو کل اونکی مصداق اصحاب
اصطلاحی اہلسنت ہون لیکن خدا ورسول پر واجب نہین ہی کہ اطلاق الفاظ
مین تابع اصطلاح اہلسنت ہون جیسا کہ عنقریب جواب حدیث نجوم مین
آویگا پس جسطرح اصحاب سی جناب رسول خدا نی مراد اہلبیت لئی اوسیطرح
سی کیون نہین جائز ہی کہ خدا نی والذین معہ سی اہلبیت رسالت کو مراد
لیا ہو سلمنا کہ معیت سی یا معیت ایمانی مراد ہی جیسا کہ بعض مفسرین نے
والذین معہ کی تفسیر والذین آمنوا معہ کی ہی یا معیت نصرت واعانت جیسا کہ
ان اللہ مع الذین اتقوا و ان معی ربی سیہدین کی تفسیر کی گئی ہے یا معیت
مشارکت فی الذات یا مشارکت فی الصفات یا معیت زمانی یا معیت مکانی
خواہ کہ قسم کی معیت کہ قابل مدح ساتھ جناب رسول خدا کی فرض کیجاوی
اکمل افراد اونکی اہلبیت رسالت ہین لیکن معیت ایمانی پس ظاہر ہے کہ
اکمل فی الایمان اہلبیت علیہم السلام ہین کہ اونکا ایمان مثل ایمان رسول خدا
کے بدون فترت سی طرفہ عین بھی مسبوق بکفر نہین ہے ولم یلبسوا
ایمانھم پس اونہین کو مومنین مع رسول اللہ کہہ سکتی ہین کہ من حیث الایمان
ہمیشہ مع رسول اللہ تھی اور کبھی ساتھہ مخالفین خدا ورسول کی نہ تھی اور نہ انکی
کسی صاحب پر یہ بات نہین صادق آتی کو مومنین دیگر بھی فی الجملہ
باہمعنی مع رسول اللہ ہون اور جب معیت ایمانی مراد لیجائیگی خواہ بروجہ کامل
خواہ فی الجملہ تو سوای مومنین کی منافقین والذین معہ مین کسیطرح داخل ہی نہین
ہوسکتی پس آپکی ثلاثہ اس سی خارج ہوگئی اسلئے کہ اونکا ایمان ابھی تک

ثابت ہی نہین ہی بلکہ نفاق ثابت ہی ہم اونکو والذین آمنو معہ مین داخل
نہین جانتی بلکہ والذین نافقوا کا راس اور رئیس ہمیشہ مین لیکن معیت اعانت
ونصرت پس اہلبیت علیہم السلام ہی برکرن معین ومددگار اونحضرت کا ہوگا
اسلئی کہ احتیاج امامت اور نصرت کی نہ تھی مگر ترویج دین اور حفظ سید المرسلین
دین اور ترویج دین اسلام بزور شمشیر یداللہی ہوئی جن جن وقتونمین رفیقان
وفاشعار نے مصداق قولہ تعالیم مدبرین ہوکے نام اسلام کا باقی رکہنی والا اور پیغمبر خدا
کی حفاظت کرنیوالا سوای حیدر کرار صاحب ذوالفقار کی کون تہا اور جن
لوگونکو اہلبیت مین سی حکم جہاد بسیف نہین ہوا وہ دون فی ہذا الخط بالعفو
ومجادلات حسنہ ستر اوجہار بالمقتضای من انی اعلنت لھم واسررت لھم اسرارا
ترویج ایمان کل جہانمین کی اونہین کی بدولت آج الا اون مومنین موقنین دنیا
مین ہر ہر بلاد ونواحی مین موجود ہین اور یہ اعظم انواع جہاد تہا جو اہلبیت سی
عمل مین آیا چنانچہ حضرت شاہ ولی اللہ پدر شاہ عبدالعزیز صاحب کی کتاب ازالۃ الخفا
کی صفحہ ۸ نسخہ مطبوعہ مین فرماتی ہین واز اعظم انواع جہاد است مکرر دن خلیفہ
بمعروف ونہی او از منکر بغیر خروج او بسیف ومی باید کہ بلطف باشد دون العنف
ودر خلوۃ باشد دون الجلوۃ تا فتنہ برنخیزد انتہی الحمد للہ الذی اجری الحق علی لسانہ
اب کل اعتراضات وتعریضات نصاب نسبت بایۂ اطیاب در بارہ عدم
خروج بسیف اخفاء واستتار از اشرار باطل ہوگئی الغرض معیت نصرت کا امر
مخصوص باہلبیت ہی اور نصرت فی الجملہ اور مومنین کی لئی بہی ہی لیکن آپکی
ثلاثہ اول تو مومنیت ہی سی خارج ہین دوسری کس مقام پر نصرت رسولخدا

کی اور کس روز مباشر حرب وضرب ہوئی کس کافر سے لڑی کسکو مارا بھلا ایک
کا نام تو بتلا دیجئی ہان سوا دلشکر مین مثل مینئی اجانوکی بطمع مال غنیمت شریک
ہوئی اور جب برا وقت پیش آیا بھاگ کھڑی ہوئی کتاب روضۃ الصفا مین
علی ما نقل لکھا ہی کہ تلوار حضرت عمر کی سات باشت کی لانبی سے اور
ایک باشت کی چوڑی تھی مگر کسی لڑائی مین اتفاق وقتی سیان سے
نکلنی کا نہوا لیکن معیت مشارکت فی الذات پس سوای اہلبیت کی کون
ایسا ہی کہ گوشت وخون اوسکا گوشت وخون رسول اللہ ہو کہ بعض مومنین
دیگر بھی مثل حمزہ وعبیدہ وجعفر وعباس کی فی الجملہ مشارکت نسبی رکھتی تھی
مگر مثل مشارکت لحمک لحمی ودمک دمی وانا وعلی من نور واحد
والناس من شجر شتی وانا وعلی من شجر واحد وعلی منی وانا
من علی کما اخرج الطبرانی واحمد والترمذی والنسائی وابن ماجہ نکتی
تھی اور آپکی ثلاثیہ تیمی وعدوی واموی جو شجرہ ملعونہ فی القرآن ہین اونکو تو پیغمبر خدا
سے کچھ واسطہ ہی نہین ہی اور ظاہر تراس سی ہی کا ملتزم ہونا مشارکت اہلبیت
کا فی الصفات چنانچہ سوالفین اور مخالفین نی مشارکت حضرت نبوت اور
حضرت ولایت مین کتابین لکھین ہین اور فاضل متعصب عاصمی نی کتاب
زین الفتی مین تیئیس ۲۳ آیتون مین سیادات ثابت کی ہی وجناب مولانا شوستری
دام ظلہ نی روائح القرآن مین اوسکو باسٹھ تک پونچایا ہی اور حقیقت یہ ہی
کہ دلیل انفسنا اوپر مساوات کلی کی دلالت کرتی ہی الا ماخصہ العقل والنقل
من النبوۃ وخصائصہا اور مشارکت فی الصفات لکل العترۃ الولد سر لابیہ

سی ظاہر ہی لیکن بیعت سکانی پس کافی ہی وہ اہلی اونکی اہلبیت النبوۃ ہونا
سوای اہلبیتؑ کی کون ایسا تہا کہ جسکا گہر خانہ نبوت ہو لیکن بیعت نہ مانی
پس عالم انوار سی اہل بیتؑ کی لئی ثابت ہی اصل عن فردوس الدیلمی
قال رسول اللہؐ کنت انا و علیؑ بین یدی اللہ قبل ان یخلق
یسبح اللہ ذلک النور و یقدسہ قبل ان یخلق
آدمؑ باربعۃ الف عام فلما خلق اللہ آدمؑ رکب ذلک
النور فی صلبہ فلم یزل فی شیئ واحد حتی
افترقنا فی صلب عبد المطلب فجزء انا و جزء علیؑ
یعنی فرمایا جناب رسول خداؐ کہ ہم اور علی سامنی خدا کی ایک نور تہی ایسا نور
کہ ظاہر تہا فی نفسہ یا پوشیدہ تہا نظر کل خلایق سی یا بہم متساوی تہا یا عام شامل
تہا ہم دونو کو یا شامل تہا انوار دیگر ائمہ علیہم السلام کو آور یہ نور تسبیح و تقدیس
خدا کرتا تہا قبل پیدائش آدمؑ کی چار ہزار سال پس ہمگاہ خدا نی پیدا کیا
آدمؑ کو اس نور کو اونکی صلب مین رکہا پس ہمیشہ ہم ایک جا رہی یہانتک
کہ صلب عبد المطلب مین متفرق ہوئی پس ایک جزو اوس نور کا مین ہون اور
ایک جز علیؑ انتہی ہر چند بیعت سکانی و زمانی قابل تعرض نہ تہی اسلیئے کہ
بدیہی ہی اور کلام خدا سی بہی ثابت ہی کہ یہ بیعت بین المومن والکافر بہی
نبی ہوتی ہی مگر چونکہ سنیون نی چند بیہودہ ابو بکر کا غار مین ساتہہ رہنا کہ درحقیقت
موجب عار و شنار ہی مایۂ مباہات و افتخار جانا اور اتنی ہی بیعت سی ابو بکر کو
مصداق والذین معہ اشداء علی الکفار بلکہ فخر رازی نی اسکو دلیل صحت خلافت ابو بکر

ائی مبنی اس معیت کو بھی اہلبیت مین بروجہ اکمل بیان کیا ہے تا کہ
معلوم ہو کہ اگر معیت چند پر بھی ایک غار تیرہ تارین موجب خلافت ہی تو
معیت مکانی عمر بھر کی ایک کہ کی اور معیت زمانی بدو فطرت سی ... لے
کر الیٰ عمر لاکھون برس کی کیون نہ موجب خلافت ہوگی پس خلاصہ کلام یہ
مقام پر یہ ہوا کہ اگر ہر اہ معیت سی معیت تام ہی تو یہ آیہ خصوص باہلبیت لازم
ہوگا اور اگر معیت کو عام تام اور فی الجملہ بھی لیجئے تو ساتھ اہلبیت کرام کے
بعض مومنین موقنین بھی داخل ہونگی لیکن منافقین پس ہرگز مصداق اس
آیت کی نہین ہو سکتی اسلئے کہ گو ظاہرین مع رسول اللہ تھی مگر حقیقت مین وہ
لوگ مع اعداء رسول اللہ تھی اور مدینہ کے کفارین منسوب تھی اور یہی حال
بھی مرتدین کا کہ گو چندی مع رسول اللہ تھی مگر انجام کار اونکا بھی مع اعدائی
رسول اللہ ہوا پس مخاطب اپنی ثلاثہ کو پہلی تعلق مذکورہ سے ثابت کرے
عنوانی موضوع مین داخل کرتی پیراون اوصاف کو ثلاثہ پایا جانا ثابت
ثابت کرے پھر قضیہ مہملہ متاخرین کی ملازمت ساتھ کلیہ کی ثابت کرے تب
طمع ثلاثہ کی اس آیت مین داخل کرنیکی کرے وہیہات لہ ذلک دونہ
حسرۃ القتاد قولہ مثالون مین بیان کیا ہی اقول اگر غرض مخاطب
کی مثالون سی لفظ مثلھم فی التوراۃ اور مثلھم فی الانجیل
ہی تو نہایت خوش فہمی اوسکی ہی اسلئے کہ باتفاق مفسرین اور اہل لغت
مثل کی معنی اس مقام پر مثال کی نہین ہین بلکہ معنے مثل کی صفت کی ہین جیسے
خود مخاطب نی لاعن شعور کسی ترجمہ مین دیکھکر ترجمہ آیہ بصفت کیا ہے

حیث قال صفت اونکی بیچ توریت کی اوصفت اونکی بیچ انجیل کی ابتدا
اور اگر غرض مخاطب کی شانون سی وہ تمثیل ہی جو کاف تشبیہ کزرع سی
سمجھی گئی ہی پس اگر یہ شارالیہ ذلک کافی تحولہ ذلک شلھم صفات مذکورۂ
بالا ہین اور وصف اونکا شلھم فی الانجیل کی ہی جیسا کہ آپکے مجاہ مفسر نے
کہا ہی تو اسصورت مین کزرع ایک کلام مستانف ہوگا چنانچہ تفسیر بیضاوی
مین اسی احتمال کو مقدم کیا ہی اور کزرع کی تحت مین تمثیل مستانف
لکھا ہی پس بنا بر اس تفسیر کی کلام خدا سی ایک مثال کا ہونا بھی توریت و
انجیل مین نہ ثابت ہوگا جہ جائی انیکہ آپ فرماوین کہ شانونکو بیان کیا اور
درصورت استیناف حتی کلام خدا ہونگی کہ جناب باری نی اول بیان فرمایا
کہ محمد رسول اللہ اور اونکی حقیقت ساتھی موصوف باین صفت ہین کہ اشداء
علی الکفار رحماء بینھم ہین رکع اور ساجد اور خواہان فضل اور رضامندی خدا
اونکی پیشانیونمین نشان سجود ہی یہ تعریف اونکی توریت اور انجیل مین
ہی پھر تاپا تشبیہ دی جناب رسول خدا کو اور پہلینی اسلام کو اونکی سعی اور
کوشش سی ساتھہ زراعت کی ضعف و قوت مین جیسی کہ ابتدا مین زراعت
ضعیف اور دقیق ہوتی ہی اور جب اوسمین سے شاخین نکلتی ہین تو بعد
چندی اوسکو ایسی قوت حاصل ہوتی ہی کہ تمام مزرع اوس سے بھر جاتا ہی اور مزارعین
کو بھلی معلوم ہوتے ہی اسیطرح اسلام ابتدا مین ضعیف تہا پھر بعد چندے
جناب باری نی مسلمانون سی باعتبار اکثر شعبات بلاد کی مزرع دنیا کو بھر دیا
بعد اسکی جناب باری فرماتا ہے کہ وعد اللہ الذین آمنوا وعملوا الصالحات

خلاصہ یہ ہی کہ وعدہ کیا ہی خدا نی مسلمانونمین سی اون لوگونکو جو ایمان حقیقی
لائی ہین یا ایمان حقیقی پر مرتی وقت تک باقی رہگئی ہین کما فسرہ بعض المفسرین
اور اعمال صالحہ بھی کئی ہین یعنی ارتداد کا من حیث الاعمال ہی نہین ہوا ہی
مغفرت اور اجر عظیم کا پس شیعونکی نزدیک نہ آپکی ملا نہ ایمان حقیقی لائے
نہ ایمان حقیقی پر مرے دونگ ہی نہ اونسی کچھ اعمال صالحہ قابل قبول ہوئی اب
عرض خدمت جناب مخاطب مین یہ ہی کہ شیعونکی احادیث کی نقل
مین تو آپ خیانت کرتی تھی کہ اول اور آخر اور دیتی تھی اب کلام اللہ مین بھی
خیانت کرنیلگی کہ آخر آیت کو جو بجای استثنا کی تھی اوسکو اور ملا دیا الا التقربوا
الصلوۃ بدون اتمام سکاری کی رکھ لیا میٹھا میٹھا ہپ اور کڑوا کڑوا تھو خوب
خدا کرتی اور پوری آیت تو لکھ دیتی مگر جو نکہ مضر اپنی مطلب کا سمجھی اوسکو بھی شاید
ملحقات شیعہ سی سمجھ لیا اور جو آپکی بیضاوی صاحب اس مقام پر لکھ آئی ہین
کہ من یامنہ کیلئی اپنا من سمجھا لیا ہی اوسکو شیعہ بنا براس تغیر کی کہ جو خود اونہین نے
کی بی تحبت و دلیل غیر مسلم رکھتی ہین قال بوعلی سینا من تعود ان یعتقد بین غیر دلیل
فقد انسلخ عن الفطرۃ الانسانیۃ الحمد للہ کہ شیعہ مثل اہلسنت کی منسلخ عن الفطرۃ
الانسانیہ نہین ہین جو بی حجت و برہان کسی تا مکومان لین مخفے نرہی کہ بعض
اہلسنت فی اس مقام پر ایک ایسی پوچ اور لچر تقریر کی ہی کہ حضرت مخاطب کو
بھی اوسکی ذکر کرنی سی شرم آئی اور اپنی تئین غافل ہوا کی اوس سی کنارہ کیا
طرفہ تر یہ ہی کہ ایسی لغویات کو بیچارہ ابن عباس کی گلی منڈا ہی چنانچہ
شاہ ولی اللہ صاحب ازالۃ الخفا مین فرماتی ہین عن عباس محمد رسول اللہ

والذین معہ ابوبکر اسد اور علی الکفار عمر رحماء بینہم عثمان تراہم رکعا سجدا علیؑ
یتبغون فضلا من اللہ ورضوانا طلحہ وزبیر سیماہم فی وجوہہم من اثر السجود وعبدالرحمن
ابن عوف وسعد بن ابی وقاص وابوعبیدہ بن جراح الی آخر ما قال تعجب
اس تقریر بی نظیر کی بوجہ دلپذیر باطیلے از سحر وزمک یہہی کہ الذین معہ ابوبکر
ہین کہ غایت پیرہ وقار ہین مثل مارمع رسول اللہ تہی اور اشداء علی الکفار عمر
ہین جنکی تلوار کمر مین ڈیڑہ بالشت سیان سی ہر وقت باہر رہتی تہے اور
بقول مخاطب اونکو خدائی کا فرکشی کیواسطی پیدا کیا تہا گو اتفاق ایک بہی مارنے
کا بہی اونکو نہین ہوا اور رحماء بینہم حضرت عثمان ہین کہ اپنی عزیزون اور
اقربا پر بڑا رحم کیا کہ ولید بن عقبہ فاسق فی التنزیل کو جو عثمانکی مان کا جنا تہا نہ
اونکی باپ کا اوسکو ایسا سرفراز فرمایا کہ حکومت کوفہ عنایت فرمائی پس
اوسنی صبح کی نماز چار رکعت پڑہائی اور صلا می مسجد پر شراب کی قے کی
اور کہا لوگون سی کہ اگر تم لوگ چاہو تو کچہ اور رکعتین مین بڑہادون لوگون
نی عرض کی کہ حضور اسیقدر کافی ہی اور مروان اور حکم جنکو رسولؐ خدا
نی شہر بدر کیا تہا بسبب اسکی کہ وہ منافق چلنے مین جناب رسولؐ خدا
کی نقل کرتی تہی اور وہ طرید رسولؐ اللہ کہلاتی تہی حضرت عثمان نے
اونکو بلا کی سرفراز کیا اور لاکہون روپی مال خمس وزکوۃ کی بالخصوص خمس
افریقیہ بقول شخصی مال سفت دل بیرحم دی ڈالی اور رکع اور ساجد بیچارے
حضرت علی ابن ابیطالبؑ تہی کہ جو سوای نماز وروزہ کی اور کسی کام کی
نتے اس مفسر بی نظیر نی کلام اللہ کو غارت کیا کہ مبتدا اور خبر تک اوسکا

Presented by: Rana Jabir Abbas
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

بگار ڑوا الا باتفاق مفسرین الذین معہ مبتدا ہی یا خبر و مبتدا ہی اور اشداء
علی الکفار اور رحماء بینہم خبر بعد خبر ہی پس سیاق کلام یہ ہین کہ جو لوگ
مصداق الذین معہ ہین اونہین مین صفات اشداء اور رحماء کی پائیگئی
ہین نہ یہ کہ ایک ایک شخص مین ایک ایک صفت پائی گئی ہے اور
جب بالاتفاق ترکیب مین یہ فقرہ موضوع اور محمول ہی تو اگر الذین معہ
ابوبکر ہین اور اشداء عمر ہین تو یعنی کلام یہ ٹہری کہ ابوبکر عمر ہین اور عمر
ہین پس اگر حمل جزئی حقیقی بر جزئی حقیقی جائز ہوتا تو شیعونکو ان
مغنونکی مان لینی مین شاید کچہ تردد نہوتا کیونکہ شیعہ بہی فی الجملہ اتحاد
ثلاثہ کی قائل ہین اور ابوبکر کو عین عمر اور عمر کو عین عثمان جانتی ہین مگر فقط
کفر و نفاق مین نہ ذات مین گستاخی معاف یہ اپنی اپنی سمجہ ہی علاوہ اسکی
ایک امر اور بہی یہان قابل لحاظ ہے کہ الذین سی ابوبکر مراد لینا اور
اشداء سی عمر اور رحماء سی عثمان یہ بعینہ اطلاق جمع علی الواحد ہے
جسکی حضرات اہلسنت آپہ انما ولیکم اللہ مین منکر ہین اور جب اطلاق جمع علی
الواحد اس جگہہ جائز رکہا گیا تو ہم کہتی ہین کہ کیون نہین جائز ہی کہ کل صیغہ ہای جمع
سی یہان فقط جناب امیر علیہ السلام مراد ہون پس الذین معہ اور اشداء
اور رحماء کل سی مراد فقط ذات واحد اونحضرت کی ہی جس طرح الذین
معہ سی فقط ذات واحدہ ابوبکر مراد ہی اور نظر باستیناف تمثیل کر رہے یہ
احتمال نہایت چسپان ہی اسلئی کہ اسمای ذات اور مجامد صفات اونحضرت
کا کتب سماوی مین ہونا مشہور اور معروف ہی کما لایخفی باقی متعلقات

اس آیۂ وافی ہدایہ کی رد اقوال مابعد مین معلوم ہونگی فاصبر وانتظر قولہ اب
ہم اون مثالونکو جنکی خبر خدای جل شانہ نی اس آیت مین دی ہے
اقول محض غلط خدا نی ایک مثال کی بھی خبر نہین دی ہی بلکہ مثل کی خبر
دی ہی جو بیچ معنے صفت کی ہی اور مثل اور مثال مین فرق ہی کما مر
قال المخاطب القمقام ہداہ اللہ سبل السلام پہلی شہادت
توریت کی توریت کی کتاب استثنا کی تیرہوین باب کی چھٹین درس
مین لکھا ہی کہ اگر تیرا بھائی یا بیٹا یا جورو یا دوست کوئی تجھے پھسلاوی اور
کہی کہ آؤ غیر معبودونکی بندگی کرو تو تو اوسکے موافق نہونا اور اوسکی بات
نہ سننا اور اوپر رحم کی نگاہ نہ کرنا اور اوسکی رعایت نکرنا اور اوسی پوشیدہ
نہ کرنا بلکہ اوسکو ضرور قتل کر ڈالنا اوسکے قتل پر پہلے تیرا ہاتھ پڑے پھر
غور کرنا چاہیے کہ جو کچھ حضرت موسیٰ نی اپنی قوم سی کہا صحابۂ کرام نے
اوسکو کر دکھلایا اور جیسی کچھ سختی اور سختی کا فرمان پر چاہیئی اوس کا
ظہور صرف پیغمبر صاحب کی یارونکی ہاتھ سی ہوا اسیواسطی خدا نی اونکے
شان مین اشداء علی الکفار فرمایا اگرچہ صحابۂ کرام کی شدت اور صلابت
کا جو دین مین تھی امامیہ انکار نہین کرسکتی مگر ہم اونکی اطمینان کے لئے
حضرات شیخین کے حالات کو جو بڑی دشمن شیعونکی اور جو صنمی قریش
کر کی اونمین مشہور ہین بیان کرتی ہین اور زیادہ توہین کہ سکتی اتنا عرض کرتے
ہین کہ اپنی ہی کتابونکی روایتونکو سنین اور پھر اوسکو توریت کی مضمون سی
اور قرآن شریف کی آیت سی ملاوین اور خود ہی انصاف کرین اور اگر

حیا و شرم مانع نہوئی تو تعصب اور عناد کو چھوڑ کر اونکی فضیلت کا اقرار کرین
اور اپنی باطل عقیدونکو چھوڑ کر جماعت مین داخل ہوجاوین بقول المتمسک
بولایۃ علی ابن ابیطالب علیہ السلام بربین عقل و دانش
بباید گریست خدایا اس مالیخولیای مخاطب کا کیا علاج ہی شروع کلام
مین دعوی کرتا ہی کہ اب ہم اون مثالونکو جو توریت و انجیل مین ہین بیان
کرتے ہین یعنی فضائل صحابہ کی مثالون کو پھر عبارت توریت وہ نقل کرتا
ہی کہ جسمین نہ صحابہ کا نام و نشان ہی نہ مثالون کا کچھ ذکر ہی بلکہ ایک
مسئلہ شریعت منسوخہ کا بیان ہی کہ وہ ہرگز اس شریعت مین نہین ہے
شاید حضرت خلیفہ نے اسکا حکم دیا ہو کہ بمجرد اسکی کہ تیرا باپ تجھے
پہسلاوی کہ غیر خدا کی عبادت کر تو اوسکو ماریہی ڈال اور اوسکو اتنی بے
مہلت ندی کہ کوئی دوسرا اوسپر ہاتھ اوٹھانی پاوی بلکہ پہلی تیرا ہی ہاتھ پڑے
یہ حکم صریح خلاف نص قرآنی کی ہے قال اللہ تعالی وان جاھداك
علی ان تشرك بی ما لیس لك به علم فلا تطعهما و صاحبهما فی الدنیا معروفا
یعنی اگر ماں باپ کوشش کرین کہ تو شریک گردان ساتھہ میری اوس
چیز کو کہ جسکے استحقاق معبودیت کا علم تجھی نہین ہی پس نہ اطاعت کر
اونکی اور ساتھہ دی دنیا مین اونکا بحسن دینکی قال البیضاوی اے صحابا
معروفا علی ما یرتضیه الشرع و تقتضیه الکرم یعنی مصاحبت نیک حسب رضای
شرع و مقتضای کرم قال بعض المحشین یطعیهما و تکسیهما و تقودهما اذا مرضا و
و یواریهما اذا ماتا یعنی اونکو طعام اور لباس دی اور اونکی عیادت وقت

مرض کری اور بعد نیکی انکو توبہ کری پس اگر توریت کو محرف سنکے تو
لا اقل حکم توریتی کو اس شریعت مین نسوخ کہیئی پس اس مسئلہ منسوبہ کہ صحابہ کی
فضائل کی شالونسی کیا واسطہ مارین گھٹنا پھوٹی آنکھ قولہ جو کچھ حضرت
موسیٰ نی اپنے قوم سی کہا اقول آپ تو ناقل کلام خدا ہین حضرت
موسیٰ کو کیون ہسیلتے ہین شاید توریت کو افترائی حضرت موسےٰ
سمجھتے ہین قولہ ہیہی کچھ شدت اور سختی کافرون پر اقول محض غلط ہی کہ
اس قسم کی سختی مسلمانونکی دین مین ہو کہ جو مسلمان ہو وہ اپنی باپکو مارڈالے
تب ایمان کامل ہاوی قولہ اونکی شان مین اشداء علی الکفار فرمایا
اقول اسواسطی اشداء علی الکفار نہین فرمایا کہ مان باپکو مارڈالتی ہے
بلکہ اسواسطی فرمایا کہ مومنین مومنین حرب وضرب مین کفار سی مثل ثلاثہ
کی مونہہ نہ موڑتی تہی اور اشد شدت وصلابت پہ تہا کہ قدم اونکی
معرکہ مین ایسے گڑجاتی تہی کہ پہاڑ اپنی جگہہ سی ٹل جای مگر اونکے
ثابت قدمی مین خلل آئے اور جو سر پر گزرنی ہو گزرجای خواہ زخمی
ہون خواہ مرین مگر پاؤن پیچھے نہ ہٹین یہ لوگ اشدا تہی نہ وہ بزدلی کہ
مادۂ نزکو ہی کیطرح پہاڑونپر اوچکین قذکر قولہ امامیہ انکار نہین کرسکتے
اقول امثال علیؑ بن ابیطالب اور حمزہ اور جعفر اور عبیدہ اور اتباع اونکی
کا نہ امامیہ انکار کرتی ہین نہ اہل سنت انکار کرسکتی ہین آئے کل صحابہ
کا متصف باین صفات ہونیکا امامیہ علانیۃ وجہارًا انکار کرتی ہین اور
اگر مثل اہلسنت کی امامیہ بہی منکر کلام اللہ ہوجاتی تو بیشک انکار نکرسکتی

لیکن مجبوری ہی کہ امامیہ فولتیم مدبرین کی منکر نہین اور منکر من یرید الدنیا
ومنکو من یرید الاخرۃ کی قائل ہین اور حتّٰی اذا فشلتم
وتنازعتم کا اقرار کرتی ہین قال فی النہایۃ الفشل الفزع والجبن والضعف
اور خلاف عقل ہی کہ بہگوڑی ڈرنیوالی نامرد ضعیف القلب دنیا طلب
مصداق اشداء علی الکفار ہون قولہ حضرات شیخین کی حالات اقول
اب آپ سیدہی راہ پر آئی اور کل کو چھوڑکر شیخین کو مضبوط پکڑا پس انہین
شیخین اور انکی اتباع مین ہماری آپکی گفتگو ہے کل ہی کچہ واسطہ نہین
کو انہین کی شامت اعمال سی کل بیچاری کہسیٹے جاتی ہین ۔ نمی بینی
کہ گاوی در علف زار ۔ یالاید ہمہ گاوان دہ را ۔ قولہ خود ہی انصاف کرین
اقول آپکی سر مبارک کی قسم کہ آپکی حکم کی ہمنے تعمیل کی اور عبارت توریت
کو جو آپنے نقل کی اور عبارت کلام اللہ کو ملایا اور انصاف کیا تو دونو عبارتون
مین کچہ واسطہ اور بسیط حکمی مناسبت نہ پائی اور آپکی حق مین شعر مولوی روم کو
درگاہ جناب باری مین عرض کیا ۔ ای خدا از عقل و دین بیگانہ است
انکی عقلش بردہ دیوانہ است ۔ ابتدا اپنی دعاوی کا ذبہ کی پہلا یہ کہ توریت
مین مثالین فضائل صحابہ کی ہین دوسرا یہ کہ قرآن مین بھی خدا نی فرمایا ہے
کہ توریت مین مثالین ہین حالانکہ نہ توریت مین مثالین ہین نہ کہین خدا نی
فرمایا کہ توریت مین مثالین ہین یہ دونو افترا ی تو خدا پر ہین پہر تیسرا دعوی یہ کہ
مصداق آیت کل صحابہ ہین یہ بھی جہوٹ کما مثلہ اور بعد ان کذبات
ملاشہ کی یا جنون سر شار جوش مین آیا یا کوئی گلاس کسی صاحب کی

اصابر واتنبہ اوسی بڑہ گیا اور اتنی بہی عقل نہین باقی رہی کہ درمیان مسئلہ منوخہ
کی اور تمثیل فضائل صحابہ کی تمیز کرسکین مسئلہ کو تمثیل تخئیل کیا آسی سے بیباکی
مخاطب کی اگر تمکو کچہ بہی شرم اور حیا اور غیرت ہی تو ایسی دیدہ دانستہ
باتین چہاپ چہاپ کر کیون اپنی توہین فضیحت کرتی ہو اور کیون نام اسلام
کو ہنساتی ہو مخالفین اسلام کہین گی کہ مسلمان ایسی ہی کوڑ مغزی ہوتی ہین
کہ جنکو مسئلہ اور مثال مین فرق نہین معلوم ہوتا ہی افسوس ہی تمہاری
بی حیای پر کہ فحول علما کی سامنے کشف عورات اپنا مثل فواحش بازی
کی کرتی ہو اور تمکو کچہ بہی حیای عثمانی سی بہرہ نہین بلا حالانکہ حیا اونکی حیا
ابکار سی بہی ارج بڑہی ہے اگرچہ راوئی بیبانی اس تمثیل مستہجن کی
نسبت طرف جناب رسولخدا کی بہی ہی مگر غلط کیا اونہی اسلئی کہ حیا
رسول اللہ حیا ایمانی ہی نہ حیا رسوائی کہ پاس اندام نہانی ہی آئے
اس حیا کا مقام مخصوص ذات عثمانی ہی نہ ذات حضرت عمر کہ وہان اسقدر
سا پردہ در ہی آی حضرات سنیو اگر مرد ہو تو نر دلونکا ساتہہ چہوڑ کر دامن
شاہ مردان کا لو اور جماعت معویہ سی نکل کر جماعت مومنین مین داخل
ہو جاؤ قال المخاطب المقام ہذا اقتل السبل السلام
پہلی روایت کہ حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ نی اپنی باپ کی قتل کا
قصد کیا امام اعظم شیعونکی حضرت شیخ حلی تذکرۃ الفقہا کی چہبیسوین فصل
مین لکہتے ہین کہ حضرت ابوبکر صدیق نی احد کی دن اپنی باپ کے
قتل کا ارادہ کیا مگر حضرت نی منع کر دیا اور فرمایا کہ تو جانی دی اور کوئی یہ

کام کریگا پس ای بھائیو خدا کیواسطی ذرا اپنی امام اعظم کی تصدیق کو دیکھو کہ وہ
صدیقیت صدیق اکبر کو کیسی تصدیق کرتی ہین اور جوکچہ توریت مین کفار پر
شدت کرنیکا ذکر ہی اوسکو شان مین حضرت ابوبکر صدیق کی کیسا تسلیم
کرتی ہین کیون یارو اشداء علی الکفار کا مصداق کیا سوای اوسکی کوئے
دوسرا ہوگا جو اپنی باپکی قتل پر آمادہ ہو اور توریت کی اس مضمون کا
کہ غیر معبودونکی بندگی پر پھسلانیوالی گو اگرچہ بھائی یا بیٹا یا جورو یا دوست ہو تو
قتل کرڈالنا اور پہلی اپنا ہاتھ اوسکی قتل پر اوٹھانا اطلاق کسی اور پر
ہوگا تعجب ہی شیعون سی اور اونکی امام اعظم سی کہ ایسی روایت کو
تصدیق بھی کرین اور صدیق اکبر کی مستعد یکو اپکی قتل پر قبول بھی
کرین اور پھر اونکی صدیقیت سی انکار فرماوین دوسری روایت کہ حضرت
عمر فاروق رضی اللہ عنہم نی رشتہ دارونکی قتل کا شوق دیا تفسیر مجمع البیان اور
منہج الصادقین اور خلاصہ تفسیر جرجانی مین آیہ مذہب کی تفسیر مین لکھا ہی
کہ جب بدر کی لڑائی فتح ہوئی اور بہت سی لوگ مکہ کی قید ہوئی بن مین
اکثر مہاجرین کی عزیز اور قریب تہی اور نصرت نی اونکی سعاملہ مین یہ ہی مشورہ
کیا تب حضرت عمر نی فرمایا کہ ہو کوئی جسکا رشتہ دار ہی وہ اوسکی حوالہ کیا
جاوی تاکہ وہ اپنی ہاتہ سی اپنی کافر رشتہ دار کو قتل کری اور خدا کی محبت کی
بہ سبب رشتہ اور قرابت کا خیال نکری اسلئی عقیل علی کو اور نوفل سی حمزہ اور
فلان فلان کی حوالہ کیا جاوی واسطی قتل کی آی شیعیان پاک
ذرا اس روایت کو اپنی تفسیرون مین دیکھو اور انصاف کرو کہ اشداء علی الکفار کا

مضمون حضرت عمر پر صادق ہی یا نہین اور جو حضرت موسیٰ نے کفار پر شدت
کرنیکی لئی فرمایا وہ اونکی حال سی مطابق ہی یا نہین اور اسپر ہی نہ سمجھو تو خدا تی
سمجھے یقول الکمتک بولایۃ علی ابن ابیطالب علیہ السلام
بہتر مخاطب کی خوش فہمی اور خوش سلیقگی سب سمجھ لیگا ہے
کہ انکو تحریر روایات سنیہ اور روایات شیعہ مین نہین ہوسکتی ہی سیکڑون
حدیثین صحاح ستہ کی ہماری علمائے نی بغرض صحیح اپنی کتب مین مندرج کی
ہین اور بمقتضای انکہ نقل کفر کفر نباشد مصدق اونکی نہین ہین آپکو لازم تہا کہ
پہلی ان دونو روایتونکی تصدیق کلام سی ہماری علمائے کی ثابت کرتے
تب اوسکو مقام استدلال مین لاتی مفسرین کا دستور ہی خصوصاً صاحب
تفسیر مجمع البیان کا کہ کل اقوال علمائے تفسیر کو اور کل روایتونکو جو متعلق تفسیر آیہ
ہوتی ہین بلفظ قیل اور بلفظ روی بیان کرتی ہین من دون رد و قدح پس
کیونکر کوئی کہہ سکتا ہی کہ فلان مفسر ان کل اقوال مختلفہ کا مصدق ہی آیا ہوسکتا
ہی کہ کوئی تصدیق اضداد کری پس جملہ اقوال مختلفہ سی مصدق نہوگا مگر ایک
کا کہ اوسکو بلفظ قال اصحابنا اور بلفظ روینا تعبیر کرتا ہی کیا معصوم کیطرف ائمہ
اثنا عشری نسبت دیتا ہی آن روایتونمین ان الفاظ تصدیقیہ سی کوئی لفظ
نہین ہی تو آپکا فرمانا کہ علمای شیعہ نی اسکی تصدیق کی محض جھوٹ اور
غلط ہی قولہ امام اعظم شیعہ کی اقول ہماری مذہب مین کوئی عالم
ملقب باین لقب نہین آری سنیون نی ابی خلیفہ کو امام اعظم بمقابلہ ائمہ اہلبیت
بنایا ہی آپکو اختیار ہی کہ جسکا لقب چہین کر جسکو جی چاہی عنایت فرمائے

بات بھی ہے
بن الدین ہی
دور فرقہ ہی
بن الدین
فریقون کیا مین
فی فلان ۱۲ منہ

قولہ تذکرۃ الفقہاء کی چھٹوین فصل مین لکھتی ہین اقول کتاب تذکرۃ الفقہاء
چھپ گئی ہی نایاب نہین ہی کہ تدلیس ابلیسی کی اوسمین مجال ہو علامہ
علیہ الرحمہ نی اس روایت سنیہ کو الزاماً علی اہل السنۃ لکھا ہی جس مقام پر
کہ رد کیا ہی قول علمای اہلسنت کو باب قتال بغاۃ مین کہ پسر کو قتل پدر بدون
ضرورت بلا کراہت جائز جانتی ہین حالانکہ یہ طال ہی بدو دلیل آگے دلیل
تحقیقی کہ وہ آیہ وان جاہداک الخ ہی جیسا کہ ہمنی ابتدای قول مین بیان
کیا دوسری دلیل الزامی کہ وہ روایت اہلسنت ہی کہ ابوبکر کو جناب رسول خدا
نی قتل پدر سی منع کیا پس اگر یہ روایت اہلسنت نہوتی تو دلیل الزامی
کیونکر تمام ہوتی پس غرض علامہ یہ ہی کہ مذہب اہلسنت اس بارہ مین
بدلیل تحقیقی والزامی دونو باطل ہی علاوہ اسکی کیونکر علامہ اس روایت
کاذبہ کی تصدیق کرتے کہ جسکی غلط صریح اور تصحیف قبیح ہونیکی خود بعض
محققین اہلسنت تصریح کرتی ہین چنانچہ علامہ نووی شارح صحیح مسلم کتاب
تہذیب الاسماء واللغات مین مشیراً الی ہذہ الروایۃ فرماتی ہین وہو غلط صریح
وتصحیف قبیح پس غرض علامہ ذکر روایت سی الزام مخالفین سے ہے نہ
اعتقاد بہ ثبوت وتصحیح وتصدیق روایت اب اہل انصاف ملاحظہ فرماوین کہ
اگر ایک روایت اہل سنت کو کوئی الزاماً ذکر کری تو اوسکو مصدق روایت
مین نہین ملتے ہین مگر حضرت مخاطب کی عادت مین ہی کہ جو کچہ رطب ویابس
کسے کتاب مین پایا اوسکی مصنف کو اوسکا مصدق ٹہرا لیتے ہین قولہ
امام اعظم کی تصدیق کو دیکہو اقول الزاماً علی الخصم ذکر کرنیکو تصدیق نہین کہتے

جبتک کوئی دلیل اوپر تصدیق کی قائم نہ کیجاوی اور اگر فقط کتاب مین
درج کرنا باتی نہج کان موجب تصدیق ہوجاوی تو آپنی بہی اسکو اپنے
کتاب مین درج فرمایا ہی پس آپ بہی مصدق اسکی ہوی بلکہ آپکو مصدق
کہنا سزاوار تر ہی کہ اس روایت کو ثمرۃ الغراب سمجہکر آپ نعلین بجاتے ہین
اور جاسیہ مین پہولی نہین سماتی ہین بیمین تخیل فاسد کہ ابوبکر کا اشداء علی الکفار
ہونا خواہی نخواہی اس سے ثابت ہوگیا لہذا ہم امیدوار ہین کہ تمکو بہی
اجازت کچہ بحث و فحص کرنیکی اس روایت مین دیجئی مگر خبردار کہین ایسا
نہو کہ جب ثمرۃ الغراب آپکی دہن شریف مین مزہ شیحم حنظل دی تو آپ مونہہ
بنا لکر پہینک دیجئی اور فرمائی کہ مین مصدق نہین ہون بلکہ مین ناقل ہون پس
دو قول ہم آپین لیتی ہین اور ضمیر قولہ بنظر آپکی تصدیق کی آپ ہی کیطرف
پہیرتے ہین اور اگر آپ راضی نہوجئی گا تو مرجع ضمیر کا راوی کو کردیگا پہر کیا
حضور والا کو اختیار ہی قولہ اپنی باپ کی قتل کرنیکا ارادہ کیا اقول ارادہ
امر قلبی ہی کہ بجز خدا کی اوسکو کوئی نہین جان سکتا ہی اسی اظہار اوسکا زبان
بصدق دل و بکر و خدع ہوسکتا ہی اور منافقین ہمیشہ فکر نیاد عون اللہ
و رسولہ مین رہتی تھے پس ہوسکتا ہی کہ اظہار اوسکا بمکر و فریب فقط خوشامد
رسول خدا کیواسطی ہوا سلئی کہ اخلاق حسنہ حضرت سی معلوم تہا کہ ایسے
شقاوت اور قساوت قلبی پر رضی نہونگی پس حضرت کی دلکو باظہار کمال
اخلاص بمکر و فریب خوش کردیا یعجبک احسامہم وان یقولوا تسمع لقولہم
اور ہوسکتا ہی کہ بصدق دل ہو مگر جملہ افعال منافقین چونکہ لرضاء اللہ تہے

بلکہ بطمع دنیا تھی اور ریاکاری تھی اسلئی کمال ذہانت اور خباست ابوبکر پر دلالت
کریگا یعنی ہماری حضرت کو ایسے طمع دنیا غالب تھی کہ اوسکی واسطے جو شامد
رسول خدا ارادہ اپنی باپکی مارڈالنی کا کیا اور دنیا مین بہت اشقیا ایسے
گزری ہین کہ بطمع دنیا اونہون نی اپنی باپکو قتل کرڈالا ہی قولہ مگر حضرت
نے منع کردیا اقول اولاً اسی منع کرنیسی صاف ثابت ہوا کہ ابوبکر نے
ایک فعل قبیح کا ارادہ کیا تہا اور اگر فعل حسن اور قابل مدح خدا ہوتا تو ہرگز
وہ حضرت نہ منع کرتے پس جب مقصود خدا اشتداء علی الکفار سی
باپ کا مارنا نہوا بدلیل منع رسول اللہ اسلئی کہ مقصود خدا سی حضرت کا مانع
ہونا محال ہی تو کیونکر ابوبکر کو آپ ارادہ سے ایک فعل قبیح کی کہ وہ ہرگز مقصود
خدا اشتداء علی الکفار سی تہا تحت اشتداء علی الکفار داخل کرسکتی ہین ثانیاً یہ
ارادہ کرنا ابوبکر کا صاف دلیل ہی اوپر میلان ابوبکر کی طرف یہودیت کی
اسلئے کہ بقول آپکی توریت مین حکم باپکی خود ہی قتل کرڈالنی کا تہا اور خدا نے
قرآن مین بقول خود وصاحبہما فی الدنیا معروفاً اوس حکم کو منسوخ فرمایا تہا کما مر
مگر حضرت ابوبکر نی منع خدا کو کچہ نہ سنا اور اوسی شریعت منسوخہ کی حکم پر مستعد
ہوی پس تصدیق قرآن کی یہی حال تہا کل منافقین کا حضرت عمر کا میلان
الی الیہودیت تو ہم سابق مین احادیث مشکوٰۃ شریف اور نہایہ ابن اثیر اور
ازالۃ الخفا سی ثابت کرچکی ہین کہ جناب رسول خدا نی فرمایا انتہوکون انتم کما تھو
کت الیہود ۔ اور بہی فرمایا والذی نفس محمد بیدہ لو بدا لکم موسیٰ
کہ بتعقوہ ۔۔۔ اور بہی فرمایا ولو کان موسی حیا ما وسعہ الا اتباعی

اور بھی فرمایا امتھوّکون فیھا یا ابن الخطاب آپ حضرت مخاطب کی لطف
وعنایت سی حضرت ابوبکر کی بھی یہودیت بخوبی ثابت ہوگئی اگرچہ احادیث
مشکوٰۃ اور نہایہ کی صیغ جمع لاقل کہ ہم ثلاثہ پر محمول کرتی اسلئی کہ کلام عرب
مین اطلاق جمع تین سے کم پر ہونا برخلاف تحقیق ہی مگر آپکی روایت
مقبولہ سی جسپر آپ اوچلتی کودتی ہین تصریح اونکی اسم شریف کی سے معلوم
ہوگئی ولقد صدق سے ذہب الحمار یستفید نفسہ بقرقافات ومالہ اذناں
کیون حضرت امام اعظم شیعیان فی آپکو ترہ ابن خراب کہلایا ہم خطل
اور زہر لاہل پلایا اب اگرچہ بھی شرم وحیا ہوگی تو کبھی اس روایت کا نام
نہ لیوگی قولہ پس ای بہائیو خدا کیواسطی اقول ای سنی بہائیو خدا کے
واسطی ذرا دیکھو کہ حضرت مخاطب اوس روایت کی تصدیق کرتی ہین
کہ جس سے صدیقیت اکبطرف یہودیت صدیق اکبر کی ظاہر ہوتی ہی
قولہ جو کچھ توریت مین ہی الی قولہ کیسا تسلیم کرتی ہین اقول کیونکر نہ تسلیم
کرین کہ یہودیت صدیق کی اونکی نزدیک مسلّم ہی اور حقیقت یہ ہی کہ
دعوی تصدیق سے بے دلیل تصدیق کی تصدیق نہین ہوسکتا ہی کما مرّ ا
قولہ سوای اوسکی کوئی دوسرا ہوگا اقول ماشاء اللہ یہ بات تو کسی سنی کو
نہ سوجھی ہوگی کہ مصداق اشدّاء علی الکفار سوای ابوبکر کی کوئی دوسرا نہین
ہوسکتا ہی سچ ہے کسی دوسری نی سنے اگر بابکی مارنیکا ارادہ کیا
ہوتا تو وہ بھی مصداق ہوجاتا لیکن ایسا اتفاق نہین ہوا یہ ایک کلام مخصوص
حضرت خلیفہ اوّل ہی تہا اور صیغہ جمع جو اشدّاء کا ہی وہ فقط حضرت

ہے پر صادق ہی اور صیغہ جمع کفار کا فقط آپکی والد ماجد ہی پر صادق
ہی اور توجیہ اسکی یہ ہو سکتی ہی کہ ایک اشتداد بسبب کثرت شدت
کی بجای چند اشتدادکی اور ایک کافر بسبب کثرت کفر کی بجای چند کفار
کی ہو سکتا ہی اور یہ بعینہ مثل اسکے ہی کہ حضاجر صیغہ جمع ایک جانور
عظیم البطن کو کہتے ہین پس ایک عظیم البطن کو بسبب عظمت بطن
کی بجای چند جانوران عظیم البطن کی شمار کری اوسکو حضاجر کہتی ہین
کیون حضرت یہ توجیہ وجیہ تو کشایش خیال مبارک مین نگذری ہو گی
اور بنا براس افادۂ جدیدہ کی کہ اشداء علی الکفار سوائی حضرت ابوبکر کی
کوئی دوسرا نہو گا حضرت عمر کو اوسکا مصداق ٹہرانا محض بیجا ہو گا یا بستنے
ہو گا اوپر اسکی کہ دروغگو را حافظہ نباشد یہ کلام ہمارا بستنے اور بظاہر نظر
کی تہا جب ہمنی آپکے مقصود اصلی مین غور کیا اور اپنی نظر جدید کو آپکی افکار
افکار مین بزور گردویا تو معلوم ہوا کہ غرض آپکی دوسری سی فقط جناب امیر
علیہ السلام ہین یعنی اونہون نے چونکہ اپنی باپکی مار ڈالنی کا ارادہ نہین
کیا تو وہ مصداق اشداء علی الکفار نہین ہو سکتے اصل آپکی خواہش
دلی یہ تہی مگر شرم وحجاب اظہار مطلب دلی سی مانع ہوا یا صولت شیبیان
علی ابن ابیطالب علیہ السلام سی ڈری کہ اظہار مطلب دلی موجب فضیحتی
ہو جائیگا کبکر نشتے لزید النکاح ۔ وتفزع من صولۃ النکح ۔ ہرچند
مقام بستنے پیش آنیکا ہی مگر ہم بزمی آپکی خلش ہاتنی کو دفع کیے دیتے
ہین کہ والد بزرگوار حیدر کرار شل پدر ابوبکر از جملہ کفار تہی بلکہ مذہب اہلبیت یہ ہے

کہ وہ اوصیای حضرت اسمعیلؑ سی تہی کہ مرتبہ جناب امیر علیہ السلام اونکی قتل کا
ارادہ کیونکر فرماتے اور اگر بطور فرض شریک الباری کی اونکا کفر مفروض
ہو تو قصد کشتن پدر خلاف نص صریح صاحبہما فی الدنیا معروفاً
کی ہی کیا مرتبہ جناب امیر علیہ السلام مثل ابوبکر جاہل بکلام اللہ سے تھے
کہ قصد باپکی مار ڈالنی کا کرتی بہرکیف نہایت مقام حیرت ہی اولیٰ سمجھہ پر
حضرات اہلسنت کی کہ اگر ہم روایت تذکرہ کو من جمیع الوجوہ سلم ٹہراوین
اور کسیطرح چون وچرا لب پر نلاوین تو غایۃ ما فی الباب اوس سے
نہ ثابت ہوگا مگر اسیقدر کہ ایک منافق نی بخوشامد رسول اللہ کہ وہ
بہی بطمع دنیا تہی ایک کافر کی مارنیکا فقط ارادہ کیا لیکن توفیق من اللہ
والرسول اوسکی واقع کرنے پر نہوئی پس فقط اس ارادۂ غیر واقعہ سی ارادہ
کرنیوالا ایسا مصداق اشداء علی الکفار ہوگیا کہ اب دوسرا کوئی نہوگا اور
جس مؤمن موقن نی ہزارون کفار نابکار کو بضرب ذوالفقار صاعقہ کردار انہوار
کو بہیجا اوسکا نام اور ذکر تک تمہاری زبانونسی نہین نکلتا افسوس ہی اس
بیحیائی اور بی غیرتے پر تمکو چلو بہر پانی مین ڈوب مرنا چاہئے کیون یاروہ
احدمین لافتی الا علیؑ لاسیف الا ذوالفقار ابوبکر ہی کیواسطی
حضرت جبرئیلؑ پکارتے تہی خیبر مین کرار غیر فرار ابوبکر ہی کیواسطی پیغمبر خدا
نے فرمایا تہا خندق مین قد برز الایمان کلہ الی الکفر کلہ ابوبکر ہی
کی تعیین ارشاد ہوا تہا بی شک تعصب اور عناد نی تمہاری آنکہونکو اندہا
کردیا ہی وانہا لا تعمی الابصار ولاکن تعمی القلوب التی فی الصدور

قولہ تفسیر مجمع البیان قول حضرت سلامت اس روایت مین تو ہم آپکو
صاف صاف جھوٹا کہین گی اسلیے کہ تفسیر موجود ہی اوسمین لفظ روی
ہی رونیا ہرگز نہین ہی اور کل کتاب مین مصنف کا دستور یہی ہی کہ اقول
اور روایات مخالفین کو بلفظ قیل اور روی بیان کرتے ہین کما مر اور
یہ مضمون روایات صحیح مسلم اور بخاری مین موجود ہی اور عنقریب تفصیل اوسکی
ذکر آیگی اولا کتاب سی اللہ سبق مشکم فیما اخذتم عذاب عظیم مین
تاویلی اور علاوہ اسکی یہ وہ روایت ہی جسکے آخر مین ہی کہ جناب رسول خدا
نی فرمایا کہ لو نزل عذاب من السماء ما نجا منکم غیر عمر اور ایسی ہی مزخرف
روایتونسی اہلسنت اجتہاد رسول خدا ثابت کرتی ہین اور کتب اصول شیعہ
ان روایتونکی تکذیب سی بھری ہوئے ہین اور کافی ہی واسطی تکذیب کی
قول خدا ما ینطق عن الھوی ان ھو الا وحی یوحی ۔۔۔ وقولہ تعالی
ان اتبع الا ما یوحی الی اور اسی روایت کی ابتدا مین ہی ان النبی
کرہ اخذ الفداء تے راسی سعد بن معاذ کراہیتہ ذلک فی وجہہ
اور اسی روایت مین ہی کہ بانی مبانی فدیہ لینی کی حضرت ابی بکر ہوئے
بنا برا سکی روی عتاب وخطاب خداوند علام یہ ہی نرید ون عرض الدنیا
اور لو لا کتاب من اللہ لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم کی خاص طرف
ابو بکر اور اونکی اتباع دیگر از مہاجرین وانصار کی ہوگا نہ معاذ اللہ طرف رسول خدا
کی لیکن اس راوی کذاب نی وعید عذاب مین سکو سمیٹ لیا اور بجز عمر کی
کسیکو قابل نجات نجانا پس عمر کو جناب رسول خدا پر بھی ترجیح دی اور یہ امر تو

کہ پختونکی نزدیک دشوا نہین ہی اسلئی کہ عمر تو اکثر جناب رسول خدا کو سکھلایا
پڑھایا کرتی تہی بلکہ وحی خدا بھی انہین کی رای پر نازل ہوتی تہی جیسا کہ اہل سنت
فی فضائل عمری مین لکھا ہی مگر مشکل یہ ہی کہ بنا بر اس روایت کی ترجیح عمر
ابوبکر پر بھی لازم آتی ہے حالانکہ خود عمر متمنی رہتی تہی کہ کاش مین ایک
بال ابوبکر کا ہوتا شرت بہ سنت جانتی ہونگی کہ کہان کی بال ہونیکی تمنا تھی
قولہ اہل سنت یان پاک قول شیعیان پاک نژاد فی روایت راویان
تاپاک نہاد دیکھا اور یہان خود خدا انصاف کیا کہ اگر ہم اس روایت
کی نسبت تعصب نظر کی نکہین تو غایۃ مافی الباب یہ ہی کہ عمر فی سکھایا
لہر شین اپنے سن بستہ عزیزونکو جو سیکو مانہین سکتی اپنے ہاتہ سے
ذبح کیا قساوت اور سنگین دلی کو خدا اور رسول نی پسند نکیا اور اسکا حکم
نہ دیا اور کیونکر اسکا حکم دیتی حالانکہ باتفاق جمہور مفسرین شیعہ و سنی انہین
ایات مین عباس عم رسول اللہ ہی تہی کہ بسبب اسکی کہ مشکین اونکے
بہت زوری کسی ہوئی تہین وہ کراہتے تہی اور جناب رسول خدا کے
کان تک اونکی کراہنے کی آواز پہنچتی تہی تو حضرت بستر خواب پر بیچین
تہی اور نیند نہین آتے تہی بعض صحابہ نی پوچہا کہ حضرت آپکو کیون بیچینی
ہی اونحضرت نی فرمایا کہ عباس کی کراہنے نی مجہی بی چین کیا ہی پس
لوگون سے عباس کی مشکین کہولدین تب حضرت سوئی پس جو کہ ایسی
مرتبہ رحم و کرم مین ہووہ کیونکر گوارا کریگی کہ کوئی اپنے عزیز کو بلا ضرورت
داعیہ ذبح کری پس اگر حکم عمر خدا کی نزدیک قابل مدح ہوتو بیشک عمر افضل

رسول خدا سی ہو۔ اوسے اور جناب رسول خدا اشداء علی الکفار ہون اور
عمر ہون گو اہلسنت اسکو مان لین مگر کوئی مسلمان باایمان نمانے گا بالجملہ
جب حکم عمر مقبول درگاہ خدا و رسول نہوا تو صاف اس سی ظاہر ہوگیا کہ
غرض خدا اشداء علی الکفار سی یہ نہتی جو عمر کو سوجہی ورنہ قول عمر ضرور مقبول
خدا و رسول ہوتا اور درصورت نہ قبول ہونی نقض غرض لازم آتا اور
نقض غرض اپنے کار حکیم نہین ہے پس جب کار عمر مقصود اشداء
علی الکفار سی نہوا تو عمر کو تحت اشداء علی الکفار داخل کرنا بیجا ہوا یا قولہ
حضرت موسیٰ نی کفار پر شدت کرنی کی لئی فرمایا اقول اولاً تو یہ محرف
کا اعتبار نہین ثانیاً اگر یہ حکم واقعی توریت تہا تو جب یہودیت کو اسلام نی
منسوخ کردیا تو یہ بہی منسوخ ہوگیا اور حکم منسوخ کی تعمیل کرنا دلیل اوپر بیلان
خلیفہ ثانی کے طرف یہودیت کی ہی پس بیلاوہ ان احادیث کی
جو مشکوۃ اور نہایہ سی نقل ہوئی یہ حدیث بہی برکت قبول مخاطب سے
یہودیت خلیفہ صاحب پر دلیل ہوگی ولنعم ما قیل ؎ [illegible]
تلاش دم کرد نایافتہ دم دولوشش کم کرد ثمان المخاطب المقام
ہداہ اللہ سبل السلام دوسری شہادت نجیل کی سے نجیل کی
باب ۱۳ کی درس ۳۱ و ۳۲ مین لکہا ہی کہ آسمان کی بادشاہت ائی
کی دانہ کی مانند ہی جسے ایک شخص نی لیکر اپنے کہیت مین بویا اور وہ
سب بیجون سی چہوٹا ہی پر جب اوگتا ہی تب سب ترکاریون سی بڑا ہوتا
ہی اور ایسا درخت ہوتا ہی کہ ہوا کی پرندی اوسکی ڈالیون پر بسیرا کرتی ہین

استشنین کوئی کو اس آیت سی ملانا چاہیئی جو ابھی مذکور ہوے کہ مثلھم
فی الانجیل کزرع اخرج شطاہ فاٰزرہ فاستغلظ فاستوی علی سوقہ یعجب
الزراع یعنی خداوند تعالیٰ فرماتا ہی کہ پیغمبر کی یارونکی مثال انجیل مین اسطرح
لکھی ہی جسطرح ایک چھوٹا سا دانہ کہ اوسمین اول پتی نکلتے ہین پھر وہ بڑہتا
جاتا ہی یہانتک کہ بڑا درخت ہوجاتا ہی اور دیکھنی والیکو تعجب آتا ہے
پس اس آیت کی خوبی اوس عبارت سی انجیل کی جو ہمنی اوپر بیان
کیا ہے تصدیق ہوتی ہی اور اس سی بشہادت قرآن و بشہادت انجیل
صحابہ کی فضیلت بخوبی ثابت ہوتی ہی اور درحقیقت یہ مثال بالکل صحابہ
کی حال کی مطابق ہے اسلئی کہ وہ اول تھوڑی تہی آہستہ آہستہ بڑہ گئی اور
ایک بڑا لشکر اونکا ہوگیا جسکی جماعت اور کثرت کو دیکہکر کفار تعجب
کرتے تہی اور اونکی قوت کو دیکہہ دیکہکر جلی مرتی تہی پس جو کوئی اونکی
بزرگی کا قائل اور اونکی فضیلت کا معتقد نہو وہ درحقیقت قرآن اور انجیل
اور تمام کتب سماوی کا منکر ہی اے صاحبو اگر صحابہ رسول کی ایمان اور اسلام
کی تم قائل نہین ہو تو مہربانی کرکی ذرا ارشاد فرماؤ کہ والذین معہ کیا مراد
ہی ستے یعنے وہ لوگ اگ حضرت کی ساتہہ تہی جنکی صفت اللہ جل شانہ
اس آیت مین فرماتا ہی اور اسشدا علی الکفار کا مصداق بتلاؤ کہ وہ کون
لوگ تہی جو کفار پر سختیان کرتے تہی اگر صحابہ کبار سوای چار چہہ کے
بے سبب منافق اور کافر تہے ونعوذ باللہ من ذالک تو وہ کون لوگ
تہی جنکے سبب سی اسلام ایک دانہ سی بڑا درخت ہوگیا اور وہ کتنے

شخص تہی کہ جنکو کفار دیکھکر غیظ مین آتے تہی کیا کسی کی قیاس مین آسکتا
ہی کہ چار چہ شخصونکو دیکھکر کافر جلتے ہون اور معدودی چند کی ایمان لانے
پر تعجب کرتے ہون اور اگر ہزارون آدمی مسلمان نہین ہوگئی تہے
اور وی سبکی سب ایمان مین کامل نہ تہے تو اللہ جلّ شانہ فاستغلظ
فاستوی علی سوقہ کیون فرماتا اور اگر ہزارون شخص اسلام نہین لائی
تہی تو کن کو دیکھکر کفار کو غصہ آتا پس جبتک کوئی صحابہ کی فضیلت اور
اونکی کثرت کو تصدیق نکری وہ ان آیتونکو ہیچ ... نہین کرسکتا ای یارو
خدا کی قسم سچ جاننا اور یقین کرکی ماننا کہ ہاؤ یہ تعجب آتا ہے
کہ جو لوگ ایسی آیتونکی تصدیق کرتی ہین اور جو مثال انجیل مین مذکور ہے
اونکو پیغمبر خدا کی نبوت کی نسبت پیشین گوئی پر محمول کرتے ہین اور
پہر صحابہ کبار کی فضیلت اور کثرت سی انکار کرتی ہین اور ایسی آیتین اور
پیشین گوئی کو صرف پارچہ شخصونپر ختم کرتی ہین اور صحابہی عداوت
رکھکر لیغیظ بہم الکفار کی تہدیدسی ذرا بہی نہین ڈرتے ہین یقول المتمسک
بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ السلام ہماری خیال مین نہین
آتا کہ آپکو ورق گردانی کتب منسوخہ محرفہ سی کیا فائدہ کیا تصدیق قرآنی آپ کو
کافی نہین آخر روی خطاب آپکا طرف اہل اسلام کی ہی اور وہ لوگ اس
توریت اور اناجیل موجودہ کو حجت نہین سمجھتے یعنی انجیلین سنواتی ہین خواہ
متے انکی خواہ لوقا کی خواہ اور کسیکی سبکو اصلے انجیل نہین جانتی بلکہ بعقیدہ شیعہ
اصلے توریت اور انجیل اور ہزارون کتب اور صحف آسمانی حضرت عمر نی

جلادیئے اور مہینون حمامات اون سی گرم رہی اور ہرچند جناب امیر علیہ السلام
نے منع فرمایا کہ یہ کتب آسمانی کلام ربانی ہین اور گو احکام انکی منسوخ ہین
مگر واجب التعظیم ہین اور انہین کتابون سی ہم حقیت اسلام پر دلیل لاتے ہین
انکا جلانا جائز نہین ہے مگر قاتل رسانی جسنا کتاب اللہ نی ایک بھی نہ سنا
اور سبکو جلوادیا فجزاہ اللہ بما یستحقہ اور جب قرآن ہی سی آپکا مطلب نہ نکلا
تو ان کتب محرفہ سی کیا نکلی گا ولاکن الغریق یتشبث بکل حشیش قولہ
متی کی انجیل کی باب ۱۳ اقول آپنی دعوی یہ کیا تہا کہ جناب رسول خدا
اور اونکی یارونکی فضائل اور صفات توریت اور انجیل سی ہم بیان کرتی
ہین یہ عبارت جو انجیل کی سے نقل کی انمین تو نہ جناب رسول خدا کا کہین
نام ونشان ہی نہ اونکی یارونکا کچہ ذکر نہ کوئی فضیلت اور صفت ہے
بلکہ آسمانی بادشاہت کی مثال ساتہہ دانہ رائی کی ہی اور آسمانے
بادشاہت اگر مخصوص بادشاہت الہی کیجاوی تو بادشاہت حضرت
سلیمانؑ اور داؤدؑ اور حضرت موسیٰؑ کی بعد غارت ہونی فرعون کی یہ سب
بادشاہتین آسمانی ہین تخصیص جناب رسول خدا اور اونکی یارونکی کہانسے
نکلی اور اس عبارت سی پیشین گوئی اور پسین گوئی بہی نہین نکلتے
کیون اس مہمل اور پوچ گوئی سی نام اسلام کو دانایان فرنگ سی ہنسواتی ہو
حضرت سلامت وہ عبارتین کتب سماوی کی جسمین جناب رسول خدا کا نام
ونشان اور اونکی یاران باوفا کی صفات اور منافقین پر وغا کی مذمت
موجود تہی وہ یہ عبارتین نہین ہین جو آپ لکہتی ہین وہ کتابین اب کہان ہین

جو وہ عبارتین ملین وہ کتابین تو درست تعدی حضرت عمر سی جلادی گئین
اب اونکا نام ونشان بھی نہین ہی قولہ خداوند تعالیٰ فرماتا ہی کہ پیغمبر
کی یارو نکی مثال انجیل مین اقول ہے نہ شم از خدا وہ نہ شم
از رسول ۔ جو جی مین آتا ہی دیوانونکی طرح آپ بکتی ہین یہ کہانسی ثابت
ہوا کہ مثال کزرع انجیل مین ہے حسب تفسیر مجاہد لہ وقف تسلمہم فی التوراۃ
پر نہین کرتا ہی بلکہ فی الانجیل پر وقف کرتا ہی اور کزرع کو کلام مستانف
کہتا ہی جیسا کہ بیضاوی نے اول احتمال استیناف ہی لکھا ہی کما مر ہرگز
کلام اللہ سی یہ نہین ثابت ہوتا کہ تمثیل کزرع فی الانجیل ہی آپ نے تحریف
آیت قرآنی واسطی مطابق کرنیکے ساتھ ایک کلام متحرف کی کرتے
ہین اور کچھ خدا سے نہین ڈرتی عبارت انجیلی سی ملانیکے واسطے کہ
اوسمین رائی کا ذکر ہی کزرع کا ترجمہ چھوٹا سا دانہ کرتے ہین سوای آپکے
کسی مفسر کسی لغوی نی کزرع کی معنی چھوٹا سا دانہ نہین لکھا ہی بلکہ تصریح کے
ہی کہ زرع بعد الانبات ہی ففی المجمع الزرع ما استبت بالبذر یقال
حصدت الزرع ای النبات ولا یسمی زرعا الا ہو غض وطری آیہ قرآنی
مین کوئی لفظ ایسا نہین ہے جسکو ترجمہ عبارت انجیلی یا بالعکس کہہ سکین بلکہ
یعجب الزرع کا اوسمین مضمون ہے نہین ہی اسیطرح سب ترکاریون
سے بڑی ہونیکا پرندونکی بسیرا کرنیکا ذکر اوسمین نہین ہی آسمانی سلطنت
کا ذکر بھی اوسمین نہین ہے زبردستی کھوڑی بینسے کو ملاکر ایک کرنی
سے بجز افترا علی اللہ کے کیا فائدہ ومن اظلم ممن افتری

کذبًا قولہ بشہادت قرآن وبشہادت انجیل صحابہ کی فضیلت

اقول تمثیل کزرع مین اسلام کی ضعف اور قوت کا ذکر ہی دین مسلمانی

کہ دنیا مین پھیلنے کا ذکر ہی صحابہ کی فضیلت اور رذیلت آسمین نہین ہے

غرض تمثیل سے اسیقدر ہی کہ دین اسلام کو بعد ضعف کی اسسے قوت

ہوئی کہ ہزارون آدمی طوعًا وکرہًا ورغبًا ورہبًا داخل اسلام ہوئے خواہ مومن کامل ہوئے

خواہ ناقص خواہ ایمان ظاہری لائے خواہ قلبی یہ سب تحت ظاہر اسلام

داخل ہین اور اسیطرح عبارت انجیلی مین سنے کہین صحابہ اور یارونکا ایک

ذرہ ذکر نہین ہی فضلًا عن فضیلتہم ورذیلتہم عبارت انجیلی مین سوداے تمثیل فقط

اسیقدر ہی کہ بلا اسباب ظاہری ضعف سی سلطنت کو قوت ہوتے ہی

اور سلطنت خواہ آسمانی ہو خواہ زمینی اوسکی قوت کی یہی معنے ہین کہ حکم

سلطان طوعًا وکرہًا ملک سلطنت مین جاری ہو خواہ اہل ملک رضا ورغبت

یا طمع ورہبت دین سلطان کو قبول کرین خواہ نہ قبول کرین بلکہ بخراج یا جزیہ

اپنے دین پر رہین بہرکیف قوت سلطنت اسلامی کی لئی ہر مسلمان کا

مومن کامل ہونا ضرور نہین ہے بلکہ بہت ناقصین تھی اور تہ بہ منافقین

تھی اور بہت مولفۃ القلوب تھی اور بہت جزیہ گزار تھی اور آفت ارتداد بعد

اسکے ہی ہم حیران ہین کہ اس عبارت انجیلی ہی جو آپ نے ذکر کی اور صحابہ

کی کامل الایمان ہونے سی کیا علاقہ ہی آپکی آنکھون پر محبت تلاشنی ایسا پردہ

ڈالا ہے کہ اگر کسی عبارت مین بعضی اونٹ موٹے گدہی دم دار بکری

کا ذکر ہوگا تو آپ پہنچکی رح صحابہ بلکہ مدح تلاشہ ہے ؎ بسکہ در جان نگارم

چشم بیدارم توئی ۔ ہر کہ پیدا می شود از مادر بیدارم توئی قولہ کفار
تعجب کرتے تھی اقول کلام اللہ مین تو تعجب الزراع ہی تفسیر زراع
بکفار کسینی نہین کی بلکہ امر بالعکس ہی اسلئے کہ جہان کلام اللہ مین عجب الکفار
نباتہ خدا نی فرمایا ہی وہان بعض مفسرین نے لکھا ہی کہ مراد کفار سی زراع
ہین اسلئے کہ معنی کفر کی لغت مین تغطیہ کی ہین یقال کفرت الشئی اے
غطیتہ وسترتہ والزارع یغطے البذر فی الارض وسیرۃ قولہ پس جب کوئی
اونکی بزرگی الی قولہ کتب سماوی کا منکر ہی اقول جو لوگ صحابہ مین سے
قابل بزرگی اور صاحب فضیلت ہین الحمد للہ کہ شیعہ اونکی بزرگی اور
فضیلت کی قائل ہین مگر آپنے اس مقام پر ایک ہی فقرہ بیان فرمایا اور دوسرا
فقرہ کہ تالی اوسکا تھا کیون چھوڑ گئے یعنی جن لوگون کی خدا نی صفت
ابراہیم وموسیٰ مین مذمت کی اور کلام مین جا بجا اونپر لعنت کی اور لعنۃ اللہ
علی الظالمین اور لعنۃ اللہ علی الکاذبین کہا اور ان الذین یوذون اللہ و
رسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذابا مہینا
فرمایا اور پیغمبر نے جن موذیونکی واسطے الفاطمۃ بضعۃ منی من
اذاھا فقد اذانی ومن اذانی فقد اذی اللہ کما فی الصحیح البخاری
کہا اور اسیطرح جو اشیا تخلف از بعیش اسامہ مورد لعن خدا ورسول ہوئے
جو کوئی اونکو قابل لعنت نہ سمجھی وہ بھی تمام کتب سماوی کا منکر ہی آپ
ناخوش نہوجیئی ہم کسیکا نام لیکر نہین کہتے ہین قولہ والذین معہ سے
کیا مراد ہی اقول اسمقام پر تو آپ عبارت نجیلی سی فضائل صحابہ کے

ثابت کرتے تھی پہر والذین معہ کیطرف کیون پلٹے جو عبارت انجیلی آپنی
نقل کے اوسمین تو والذین معہ کا کہین نشان نہین ہی اور اس آیہ کا
تو سابق مین آپ ذکر کر چکے اور ہم جواب بہی دیچکی پہر پلٹنے کی کیا معنی
خیر معلوم ہوا کہ آپکو مثل ناقہ تند و تیز رفتار کی قرار نہین بار بار گرائینگے اور
پلٹ پلٹ جائینگی اور پہر کار کردہ کی خواہشمند ہونگی بہت خوب ہم پہر آپکا
پیٹ بہر دینی اور بہوک مٹا دینے کو حاضر ہین سنیئے کہ مراد والذین معہ
سے اہلبیت اطہار اور اتباع حیدر کرار غیر فرار بلکہ خود صاحب ذوالفقار
ہین نہ منافقین اشرار کہ بخدع و فریب متقی و ابرار ہن کی ظاہر مین معہ اور
باطن مین مع الکفار تھی اور نہ مرتدین بدکردار کہ چندی معہ اور انجام کار بدتر ہن
کفار تھی کو صغار بمقدار نے اونکو صحابہ کبار بنایا ہو **قولہ** اور استاذ
علی الکفار کا مصداق بتلاؤ **اقول** کہہ چکی ہین اور پہر کہتی ہین کہ مصداق
استاذ کرار غیر فرار تھی نہ فراران معرکہ کارزار جو بیچارے اپنی جان بچاکے
بہاگتی پہرتی تھی خلاف عقل ہی کہ وہ استاذ علی الکفار ہون **قولہ** سوای
چہہ چار کی **اقول** سابق مین بیان ہوا کہ یہ چہہ چار اکمل اولیاء اللہ سے
تھی کہ نہ انکا ذہن کبہی یک لحظہ مسبوق بشبہہ ہوا نہ کبہی کسیطرح کا ارتداد
و لو من حیث العمل انمین پایا گیا اور یہ لوگ اون اصحاب کبار کی بقیہ سے
تھی جنہون نے اپنے جان قدسو نیثار رسول مختار کی نثار کی اور آنحضرت نی
مکرر شہادت اونکی حسن خاتمہ پر دی برخلاف اون لوگون کی جنکے حق مین فرمایا
لا ادری ما تحدثون بعدی شیخ عبدالحق دہلوی جذب القلوب مین فرماتے ہین بعد ازان

جای دیگر پر شہدای دیگر پا ایستا دفرمود انہا اصحاب منند کہ روز قیامت
بر ایشان گواہی دہم ابوبکر صدیق گفت یا رسول اللہ بانہ اصحاب تو ایم فرمود
بلی شما اصحاب منید ولیکن ندانم کہ شما بعد از من چہ کنید انتہے اقولہ سب منافق اور
سب کافر تہی نعوذ باللہ من ذلک اقول نعوذ باللہ من ذلک یہ آپکا گمان
باطل ہی کہ شیعونکا یہ گمان ہی جیسا کہ یہ بہی آپکا گمان باطل ہی کہ سب مومن
دیندار تہی وقدر مرارا قولہ تو وہ کون لوگ تہی کہ جنکی سبب اسلام ایک زمانہ
سی بڑا درخت ہوگیا اقول وہی کرار غیر فرار تہی نہ فراران عرصہ کارزار ۔ قولہ وہ
کتنی شخص تہی جنکو دیکہکر کفار غیظ مین آتے تہی اقول وہ اتنی سے
شخص تہی جو ثابت قدم رہجاتی تہے نوک دم بہاگنے جاتی تہی سب سے
ہی کہ بہگور ڈونسی کفار کیا غیظ مین آئین گے بلکہ اونکی پیچہے تہپڑیان بجائین
گی جیسا کہ حارث ومرحب نی آپکی شیخین کی پیچہے کیا اور دور دہتا بتایا
غیظ کفار نہ تہا مگر امثال قالع در اور فاتح خیبر پر نہ ابوبکر پر وعمر پر قولہ کیسکی
خیال مین آتا ہی کہ چار چہ شخصونکو دیکہکر کفار جلتی ہون اقول آپکی خیال خام
مین سائی تو نہ آئے عقلا کی عقل حکم کرتے ہی کہ چار چہ تو بہت سے
ہین ایک مرد میدان شجاعت ایک شیر نیستان شہامت جو تیس تیس ہزار
کو باتن تنہا شکل گلہ ہائی گوسپند بہگا دے جیسا کہ حنین اور احد وخیبر مین
اتفاق ہوا سو جب جلنی کفار کا ہوگا اور ہزار نامرد بزدلی کبہی سو جب جلنی کفار کی
نہونگی اور حقیقت یہ ہی کہ جلنا کفار کا ایر تعجب کرنا بسبب پہلینی دین اسلام
کی تہا کہ یوما فیوما ترقی پذیر ہوا بضرب ذوالفقار حیدر کرار طوعا وکرہا

لوگ سرجادۂ اسلام پر رکتی تھی اور ہزارون مسلمان ہوئی مگر ہر مسلمان کے
لئی کامل الایمان ہونا کیا ضرور تہا قالت الاعراب امنّا قل لم تؤمنوا
ولکن قولوا اسلمنا ولما یدخل الایمان فی قلوبھم قولہ
اور وہی سب ایمان مین کامل نہین ہوگئی تہی اقول سب مسلمانون کا
ایمان مین کامل ہونا سوای آپکے جسکو ایک ذرہ بہی عقل ہوگی وہ نہ کہیگا اگر
سب کامل ہی تے تو لم تؤمنوا کہن لئی تہا آپ عجب طرحکی باتین خارج از
عقل کرتے ہین کہ جس سی خواہی نخواہی قلم کچہہ گستاخی کرنیکو چاہتا ہے
مگر کیا کیجئی کہ تہذیب اخلاق مانع ہی قولہ تو اللہ جل شانہ فاستغلظ
فاستوی علی سوقہ کیون فرماتا اقول فاستغلظ فاستوی بہ نسبت
دین اسلام کی پہلنی کی ہے نہ نسبت کل مسلمانونکی کامل الایمان ہونیکی
اسلئی کہ کل مسلمانونکا کامل الایمان ہونا بدیہی البطلان ہی اور خلاف نص
صریح لم تؤمنوا کی ہے اور آپکو کچہہ خبر ہی کہ فاستوی علی سوقہ سی کیا مراد
ہی حسن بصری سی منقول ہی کہ فاستوی الاسلام بسیف علی
اور زمخشری اور نیشاپوری نی کہا ہی فاستوی علی سوقہ بعد
اور حقیقت یہ ہی کہ جب سب صحابۂ کبار آپکی بہاگ کڈہی ہوتی تہی تو بجائی
نام اسلام فقط ذات بابرکات جناب سید کائنات غیر قرار سی ہوتا تہا اور وہی
سیف خدا حافظ نبی اور دین سے بنے تہی شاہ عبدالحق دہلوی جذب القلوب
مین بیان تمرولیجانی مین فرماتی ہین کہ ایک درخت سی آواز آئی کہ ہذا علی سید الاولیاء
و ابو ائمۃ الطاہرین دوسری سی آواز آئی ہذا علی سیف اللہ کیون حضرت

جبکی سیف اللہ ہونیکی نباتات تک گواہی دین اہلسنت اور سکا نام تک
غصب کرکی خالدین ولید ناکارکو سیف اللہ بناوین ان ہذا لشی عجاب
قولہ اگر ہزارون شخص اسلام نہین لاتی تھی تو کن کو دیکھکر کفار کو غصہ آتا تھا
اقول دیوانونکی بڑ ہے ایک ایک بات کو بین بین میں رفع کرتے ہین
حضرت سلامت ہزارون کا ایمان ظاہری لانا مسلم ہی کلام کامل الایمان
ہیو نہین کہ وہ بہت کم تھی اور کفار دو چیزونہی جلتی تھے ایک رواج دین ہے
کہ ہزارونکو کلمہ پڑہتے سنتی تھی خواہ کلمہ گو مومن ہون یا منافق دوسری
مروجین اسلام سی اور وہ اصحاب ثابت قدم تھی نہ بہکوڑی صاحب عزت
اسلام کو کمو دینی والی اور اکمل مروجین حیدر کرار غیر قرار تھے کہ اونہین
کی شمشیر آبدار صاعقہ کردار ذوالفقار کی دہ سی ہر کافر غدار فوراً غیظ و غضب سی
بیقرار تھا چنانچہ شاہ ولی اللہ آپکی بڑی محدث متعصب حنفی حافظ بہم الکفار بعلی لکھتی ہین اور
خدا نے فقط اونہین کی ذات بابرکات کو اس امر مین کافی اور وافی
کیا تھا اور اونہین کے دست حق پرست کو اپنا دست قدرت بنایا تھا
سبحان اللہ کیا دست قدرت نمای تھی قدرت خدا تھا نبی وہ دروازہ کہ جسکو ستر ستر آدمی
قوی ملکر بند کرتے تھی پھر ون اپنی ہاتھونپر بجای سپر لیکر جہاد کیا اور جسوقت اوس دروازہ
بغرض قلع کی تکان مج سی توکل وہ پہاڑ جسپر وہ قلعہ تھا لرزہ مین آگیا خود وہ حضرت
فرماتے تھی قلعت باب خیبر بقوۃ ربانیۃ لا بقوۃ جسدانیۃ واقع مین یہ قوت اگر
عطیہ رب نہوتی تو قوت بشری سی ایسے کام انجام پاہی محال جانتی
ہے تا بر ایسکے ہمنی کہا کہ مصداق صفات اس آیت کی فقط جناب امیر

علیہ السلام کو کہنا چاہئی اور اگر اہلسنت معاویہ عو عو کرین کہ یہ صیغ جمع واحد پر
نہین منطبق ہو سکتی ہین تو ہم یون شہر اونکی سونہہ مین دین گے کہ جیسے آپ
اکو افضل مین ابو بکر کو اکو بنا یا ہی حالانکہ اکو مجمع زو ہی پس سہنے ہی
واحد کو مصداق جمع گردانا من افہو جوابکم فہو جوابنا واضح ہو کہ یہ کل تقریر ہمارے
متنے ہی اور پر اسبات کی کہ لیغیظ بہم الکفار کو ہم متعلق بما قبل کرین اور اگر لیغیظ
متعلق بما بعد کا یعنی وعد اللہ کا کرین جیسا کہ بیضاوی نی تصریح کے ہی تو
قول مخاطب از سر محل و باطل او حلیہ استدلال سی عاطل ہو جاتا ہی قولہ
پس جیتک کوئی صحابہ کی فضیلت اقول صحابہ کی فضیلت اور اونکے
کثرت اور آیتونکی تصدیق سب مسلم ہی مگر منافقونکا اور مرتدونکا خصوصاً ثلاثہ
کا اصحاب فضیلت ہونا غیر مسلم ہی اور کثرت صحابہ بہی باعتبار ایمان ظاہری
کی مسلم ہی اور باعتبار ایمان کامل کے کثرت نہین بمسلم ہی بلکہ قلت مسلم ہی
اور آیہ نی ہرگز اسپر نہین دلالت کی کہ صاحبان فضیلت اور صاحبان ایمان
کامل بکثرت تہی وقلیل من عبادی الشکور قولہ خدا کی قسم سچ جاننا
اقول خدا کی قسم سچ جانتے ہین اور یقین کر کی مانتی ہین کہ آپ نہایت
چھوٹ فرماتی ہین اور تعجب آپکا خلل دماغ سے ناشی ہی ہم لوگ بجان و
دل مصدق ان آیتونکی ہین اور ثلاثہ کو داخل موضوع نہین جانتے فما
لکم کیف تحکمون بلکہ جیسا جانتے ہین ویسا آپ بہی خوب جانتے ہین قولہ تہدید
سی ذرا بہی نہین ڈرتے اقول البتہ اہلسنت کبہی کسی تہدید سی نہ ڈرے
مخزیان دین مثل بنی امیہ وبنی عباس سی ہمیشہ شیعیت کر کے اونکو خلیفہ بنا کے

مرد جان دین کو قتل کرواتی ہے کبھی سنوا کہ ائمہ اہلبیتؑ سی بیعت کرنی جب
بیعت کی امثال یزید و معویہ اور مروان سی کی کوئی انسے پوچھی کہ اہلبیتؑ
بنوتؐ بفرض محال منصوص نہین ہے مگر اومنین کیا بی لیاقتی تمنی
پائے تہی کہ ایسی فساق و فجار کی بیعت کو دوڑی تیز عداوت ائمہ اطہار
اور شیعیان حیدر کرار کی کس امر پر محمول ہو اس تمہاری سمجھہ پر خدا ہنسی
سمجھے انشاء اللہ تعالیٰ **قال المخاطب المتقام**
ہداہ اللہ سبل السلام قرآن مجید کی شہادتین صحابہ کی فضیلت مین پہلی آیت
کنتم خیر امۃ اخرجت للناس تامرون بالمعروف وتنھون عن المنکر وتؤمنون
باللہ ولو آمن اھل الکتاب لکان خیرا لھم منھم
المومنون واکثرھم الفاسقون معنی تم بہترین امت ہو جن لئی گئی ہو اومین
نکی لئی حکم کرتے ہو نیک باتونکا اور روکتی ہو بری باتونسے اور ایمان رکھتی ہو
خدا پر اور اگر ایمان لاتی اہل کتاب تو بہتر ہوتا اونکے حقیقین بعضے اومین سی
مومن ہین اور اکثر فاسق اس آیت مین اللہ جل شانہ صحابہ کی فضیلتون کو
اولونکی بزرگیونکو خود اونسی بیان فرماتا ہی اور اونسے مخاطب ہوکر ارشاد کرتا
ہی کہ تم بہترین امت سی ہو اور تمکو مینی اور مخلوق سی منتخب کرلیا ہی تاکہ
لوگونکو ہدایت کرو چنانچہ تم جس کام کیواسطی مقرر ہوئی وہ کرتی ہو اور جو خدمت
تمہاری سپرد ہوئی اوسکو ادا کررہی ہو تامرون بالمعروف وتنھون عن المنکر
کہ لوگونکو نیک کام سکھاتی ہو اور بری باتونسے بچاتی ہو جو شخص ذرا غور اور
انصاف سی دیکھی تو یہ ایک آیت عقائد شیعیان عبداللہ بن سبا کی

بطلان پر کافی ہی کہ خداوند کریم جبکہ اصحاب رسولؐ کی نسبت فرماوی کہ وہ بہترین
امت سی ہین اور واسطی ہدایت بنی آدم کی پیدا کئی گئی ہین اور اونکی افعال حسنہ
کی تصدیق کری کہ وہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتی ہین اور باوجود اسکی
حضرات شیعہ اونکو بدترین امت سی جانین اور اونکی بزرگی اور فضیلت سی انکار
کرین ہم نہایت تعجب کرتی ہین کہ ایسے صریح آیتون اور ایسی صاف شہادتون
پر بھی وہی اپنے عقیدہ کی فساد پر خیال نہین کرتے اور ذرا بھی قرآن مجید کی
لفظونکو نہین دیکھتی اگر اصحاب کبار بہترین امت سی نہین تھی تو خدا کا یہ خطاب کہ
کنتم خیر امۃ یعنی بہترین امت سی ہو کس سی ہی اور اونکی اعمال نیک سنتے تو
اللہ جلشانہ کا یہ ارشاد تامرون بالمعروف وتنھون عن المنکر کہ تم نیک کام اورونکو
بتلاتی ہو اور بری کاموںسی منع کرتی ہو کسکی طرف ہی اگر وی سچی دل سی ایمان
نہین لائی تھی تو خدا کی اس تصدیق کی کہ تم خدا پر سچی دلسی ایمان
رکھتی ہو کیا معنے ہین یہ آیتین تو ایسی صاف ہین کہ اونمین کوئی تاویل اور کوئی
بناوٹ ہو ہی نہین سکتی سیدہی سیدہی لفظونمین اللہ جلشانہ صحابہ کی ایمان اور اعمال
کو بیان کر رہا ہی اور کمال خطابت ہی انہین سی مخاطب ہو کر اونکی تعریف
کر رہا ہی لیکن ہمکو سخت حیرت ہی کہ شیعیان پاک کی نزدیک اس آیت کی
الفاظ کیا مہمل ہین جنکے کچھ معنی نہون یا یہ کوئی الغز اور پہیلی ہی جو اوسکا مطلب اونکے
سمجھ مین نہ آوی یا کوئی دقیق معما ہی کہ وہ اونسی حل نہو سکی یا اونکی عقیدہ مین یہ الفاظ
قرآن نہین ہین اور جامع قرآن نی آپنے اور اپنی بھائیونکی بزرگی ظاہر کرنیکی
لئی بڑھا رکھی ہین کہ اوسپر ایمان نہو آخر ان باتونمین سی اگر کوئی بات نہین ہی

تو یہ کیا بات ہی کہ اسکا اقرار کرتی جاتی ہین کہ یہ آیتین خدا کی کتاب کی ہین
اسکو تصدیق کرتی جاتی ہین کہ صحابہ کی شانمین نازل ہوئی ہین اور پھر صحابہ کی
فضیلت پر اعتقاد کرنیکا کیا ذکر اونکی ایمان اور اسلام کی بھی تصدیق نہین کرتے
اور جنکو خداوند کریم خیر امت فرماوی اونکو شر امت سمجھتی ہین اور جنکی نسبت خدا
تأمرون بالمعروف وتنهون عن المنكر کہی اونکی حق مین یامرون بالمنکر
وینهون عن المعروف کا اعتقاد کرتی ہین اگرچہ یہ آیات بینات قرآنمجید کی
ایسے صریح اور صاف ہین کہ تفسیر کرنیکی کی حاجت نہین ہی لیکن ہم حضرات شیعہ
کی اطمینان خاطر کی لیئی اونمین کی معتبر تفسیرونکی سندلاتی ہین آی بہائیو سنو تفسیر
مجمع البیان طبرسی مین جو کہ تمہاری تفسرونمین سی بہترین تفسیر ہی اور شیعہ
مین بتمام طہران دار السلطنت ایران چھپی ہی اوسکی صفحہ ۲۰۰ مین لکھا ہی کہ پہلے
خداوند تعالی نے امر و نہی کا ذکر کیا پھر اوسکی اون لوگونکا بیان کیا جو کہ امر
بالمعروف اور نہی عن المنکر کرتی ہین اور اسواسطی اون لوگونکی تعریف کی تاکہ
اور لوگ اونکی پیروی کرین اور اسواسطی اونہین سی مخاطب ہوکر فرمایا کہ تم بہترین
امت سی ہو اور اسواسطی کہ کسیکو شبہ نرہی کہ یہ خطاب کنتم خیر امۃ کا کس سی
ہی اوسی تفسیر مین فرمایا ہی کہ بعضون نی لکھا ہی کہ مراد اسسی خاص مہاجرین
ہین اور بعضیون نے کہا ہی کہ یہ خطاب سمابہ سی ہی لیکن اور امت بھی
شامل ہین اے یار واس تفسیر کو دیکھو اور اپنی مفتکی تصدیق پر غور کرو کہ خود
اقرار کرتا ہی کہ خدا نی ان آیتونمین صحابہ کا ذکر اسلیے کیا کہ اور لوگ اونکی
پیروی کرین تو کیا پیروی اسیکا نام ہے جو تم کرتی ہو اگر بیزاری تمہاری

اصطلاح مین بمعنی پیروی ہے تو بیشک تم خدا کی کلام کی تصدیق کرتی ہو
ورنہ صریح تکذیب اس مقام پر جا ہونکو کنتم کی لفظ پر ایک شبہ پیدا ہو سکتا ہی
کہ خدا صحابہ سی فرماتا ہے کہ تم بہترین امت سی تھی اس سے یہ ثابت
نہین ہوتا کہ وہ اخیر تک ویسی ہی رہے ہون شاید بعد وہ بدترین
امت سی ہو گئی ہون لیکن اونہین کے علامہ طبرسی نی اسکا بھی جواب دیدیا
چنانچہ اپنی تفسیر مین علامہ موصوف لکھتی ہین کہ کنتم خیر امۃ اللہ جلشانہ نی وسطی
تاکید کی فرمایا کہ ضرور ایسا ہی ہوگا اور اوسکی وقوع مین کچھ شک نہوگا اور
صحابہ جیسی بہترین ویسی ہی رہینگے اور اسکی مثال یہ ہی کہ خدا اپنی نسبت
فرماتا ہی وکان اللہ غفورا رحیما تو کیا اسکی معنی یہ ہین کہ خدا تہا بخشنی والا
مہربان اور اب نہین ہی یا آیندہ نہینگا غرضکہ جب ان آیتون اور تفسیرون
سی صحابہ کی فضیلت ثابت ہوگئی اور کوئی موقع اونکی بزرگی کی انکار کا نرہا
تب بعض حضرات نی اپنا قدم دوسری راہ پر اوٹہایا اور قرآن مجید کی تحریف
کا اقرار کیا چنانچہ بعضون نی فرمایا ہی کہ بجای کنتم خیر ائمۃ کی خیر ائمۃ تہا اور خطاب
خدا نی اماموں سے کیا تہا کہ تم خیر ائمۃ یعنے تم سب اماموں سے بہتر ہو
مگر جامعان قرآن سے بجای ائمہ کی لفظ امۃ کا بنا دیا اگرچہ ایسا ہی شیعہ
کو کسیقدر حیرانی منع کیا اور اونہون سے اس جواب کو پسند نہین کیا مگر
جانتی والی جانتی ہین کہ اثر اوسکا ابتک باقی ہے چنانچہ جناب میر غضنفر
قبلہ بہی اپنی حدیقۂ سلطانیہ کی باب سوم مین اسکا ذکر کرتے ہین اور اپنے
پیر بزرگوار کی صوارم کا حوالہ دیکر یون ارشاد فرماتی ہین کہ تغییر و نقصان مین تواتر

منحصر در چہار چیز است یکی تبدیل لفظے بلفظ اخر مثلاً اینکہ گفتہ شود بجائے گفتم
خیر امتہ خیر ائمہ بود ولیکن بعضے از اعدای اہلبیت آنرا تبدیل نمودہ اند و در
اخیر بر خود فرمادیا ہے کہ وجہ اول بعید ست ہماری نزدیک بجا ہی اسکے
کہ خیرامت کی تصدیق کرکے صحابہ کی خیرامت ہونیسی انکار کرین شیعیان
پاک کی حق مین ہے بہتری کہ بجای خیر امتہ کی خیر ائمہ ہونیکا اقرار کرین اور در
تحریف قرآنی کے عذر سی اپنی آنکھوں سے صریح ننگر آیات بینات کا نہ بنا وین
افسوس کہ جناب میر صاحب قبلہ اور انکی والد ماجد انتقال فرماگئی ورنہ
مین اور اس حدیقہ سلطانیہ اور صوارم کو لئی ہوئی خدمت مین حضرات کی حاضر
ہوتا اور پوچھتا کہ کنتم خیر امتہ صحیح ہے یا کنتم خیر ائمہ اگر فرماتی کہ کنتم خیر ائمہ صحیح
ہی اور خیر امتہ تحریف جاہلین قرآن کی ہی تو بندہ عرض کرتا کہ اوسوقت اور
ائمہ کرام سوائی علی مرتضےٰ کی کون تہا اور کس نے امر بالمعروف اور نہی
عن المنکر کیا تہا جسنے خدایہ خطاب کرتا اوسکی یہ فضیلتین بیان کرتا اور اگر فرماتی
کہ نہین خیر امتہ صحیح ہی تو کمترین التماس کرتا کہ پہر اوس گروہ ہی جسکو خدا خیر امتہ فرماتا
ہی اوسکی آپ بہی تصدیق کرتے مین بیزاری کفر ہی یا نہین اوطاوس کی آگی
اوسنین کی کتاب کہولکر اوسکی صفحہ ۱۸۶ کی یہ عبارت ملاحظہ کرہوچہتا کہ حضرت
اسکا کیا مطلب ہی وہ ماہ از انجملہ است انچہ از حضرت صادق علیہ السلام ماثورست
کہ فرمودند ہذا القرآن فیہ منار الہدیٰ ومصابیح الدجیٰ یعنی درین قرآن انوار
ہدایت و چراغہای دور کنندہ تاریکی ضلالت و غوایت روشن ہست اور قسم
دیگر پوچہتا کہ تمکو لئے اجتہاد ہی کی قسم ہی کہ جس قرآن کو امام صاحب فرماتی ہین

کہ اوسمین انوار ہدایت اور چراغ روشن ہین اوسمین صحابہ کی نسبت کیا لکھا ہوا ہے
اگر کنتم خیر امۃ اخرجت للناس لکھا ہے تو پھر آپ کیون اوس سی انکار کرتی ہین
اور کیون روشنی چھوڑ کر تاریکی مین پڑتے ہین اور پھر اوسی کتاب کی یہ عبارت
نکالتا کہ آنحضرت محمد باقر علیہ السلام منقول ہے کہ در شگافہا میکہ فتنہا بر شما ملتبس
شود مانند پارہای شب تاریک رجوع آرید بقرآن کہ شفاعت کنندہ و مقبول
الشفاعۃ است ہر کسیکہ آنرا پیش نہد اللہ او را براہ جنت میبرد اور یہ کہتا کہ
قبلہ و کعبہ سنیے آجکل کوئی فتنہ اس سی بڑہ کر نہین ہی کہ ہم صحابہ کو بہترین امت
سی جانتی ہین اور آپ بدترین امت سی اور نہ آپ ہماری مانتی ہین نہ ہم آپکی اب
آپ آیئی امام محمد باقر علیہ السلام کی قول پر عمل کیجئے اور قرآن سی رجوع کیجئی اگر
اوسمین کنتم خیر امۃ صحابہ کی نسبت ہو تو بس راہ جنت کی اختیار کیجئی اور اپنا مذہب چھوڑ دیجئی اور
اوسمین کنتم شر امۃ انکی نسبت تو پھر اپنی مذہب مین کیجئی اور تاریکی سی نکلئے معلوم نہین کہ اگر حضرات
سو صرف ندہ ہوتے تو کیا جواب دیتے اور خبر نہین کہ اب انکی جانشین کیا جواب دینگی یقول
المتمسک بولایۃ علی ابن ابیطالب علیہ السلام مخاطب عالی
مقام نی عنوان بحث مین ذکر شہادت فضیلت صحابہ یعنی تلاوۃ کیا اور اوسکی
تحت مین آیۂ خیر امۃ کو ذکر فرمایا اور اس آیۂ شریفہ مین نہ ذکر صحابہ ہی نہ ذکر
ائمہ بلکہ لفظ امۃ کا ہی اور بدیہی ہی کہ امۃ سی کل امت مراد نہین ہی اسلئے کہ
کل مین منافقین اور مرتدین اور جہلا اور فساق اور فجار اور امثال یزید اور
ابن زیاد اور شمر کی سے ہین کہ ہرگز مصداق تؤمنون باللہ وتامرون
بالمعروف وتنہون عن المنکر کی نہین ہین قال البیضاوی تحت قولہ تعالی

یامرون بالمعروف وینهون عن المنکر لا یصلح له کل احد اذ للمتصدی لذالک شروط
لا یشترک فیها جمیع الامة کالعلم بالاحکام ومراتب الاحتساب وکیفیة اقامتها والتمکن
من القیام بها خاطب الجمیع وطلب فعل بعضهم ای اخرا قال مفصل یہ ہی کہ ہر شخص
امت مین سی لیاقت اسکی نہین رکہتا ہی کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر
کر سکی اسلیے کہ اسمین بہت شرطین ہین کہ جمیع امت مین نہین پای گئین ہین
مثل علم باحکام کی اور علم مراتب احتساب کی اور کیفیت اقامت اور قوت
اور قدرت بر اقامت اور یہ باتین ہر شخص مین نہین پائی گئین ہین پس
جناب باری نی خطاب کل امت کیطرف کیا اور مراد اوس سی بعض کو لیا اتنے
اور خود مخاطب نی حاشیہ صفحہ ۳ مین اسی کتاب کی فرمایا ہی کہ خطاب
کل سی کرنا اور بعض مراد ہونا کلام عرب مین جاری ہی اسلئے باقی رہی گفتگو اب
بعض مین کہ کون سی بعض مراد مین اہلسنت مین سی امثال مخاطب حضرات
ثلاثہ کو کہتی ہین اور بعض حضرات اور لوگونکو کہتی ہین شیعیان علی ابن ابیطالب
ائمہ اہلبیت کو کہتی ہین مصرعہ وللناس فیما یعشقون مذاہب ایسی آیت کو
جسکی تفسیر مین اسقدر اختلاف ہی نص صریح صحابہ بلکہ ثلاثہ کی فضیلت پر کہنا کار مخاطب
خوش فہم اور اوسکی امثال کا ہی قولہ اس آیت مین اقول آیہ وافی ہا یہ کنتم
خیر ائمة کی مصداق ہمارے نزدیک اہلبیت طاہرین ہین چنانچہ صاحب مجمع البیان
نی حضرت امام جعفر صادق علیہ السلام سی روایت کی ہی ولتکن منکم ائمة
وکنتم خیر ائمة خواہ اسطرح پر کہ ائمة تحریف ہو کر امة بنا ہو ہر چند یہ ضعیف ہی
خواہ اسطرح کہ خدا نی وحی جلی ظاہر کر دی اسکے کہ امة وہی ائمة ہی سبعہ احرف سے

آیۃ فرمایا تا مگر سارق اور محرق قرآن نی بعد اوت اہلبیت اطہار علیہم فقط
آیۃ رکھہ لیا خواہ اسطرح پر کہ مراد آیۃ سی امت معصومہ یعنی ائمہ علیہم السلام مگر
نواصب نی تفسیر بائ ست غیر معصومہ کیا جیسا کہ انہین دونو احتمالونکو ہماری علمانی
قوت دی ہی اور بنا بر احتمال اخیر کی تحریف القرآن فقط سن حیث المعنی ہوگی اور
بنا بر دونو احتمال اول کی تحریف سن حیث اللفظ و المعنی دونو ہوگی اور تفصیل
اسکی سبب براہین و ادلہ ہماری کتب کلامیہ مین موجود ہی اس مقام پر مقصود ہمارا رد
کلام خصام ہی بتحقیق تعریف کہ کس قسم کی ہی آری دفع اوہام و رفع خیالات ظلم
مخاطب اونکی رد کلام مین ہم کرینگی انشاء اللہ تعالی پس مقصود اصلی
اس مقام پر بحث فحص کرنا ہی غیر اہلسنت سی کہ آیا اونکی حضرات ثلاثہ اس آیت
کی تحت مین داخل ہو سکتی ہین یا نہین پس جاننا چاہیے کہ مفسرین اہل سنت
تفسیر مین آیہ کی باہم خرفشار عظیم رکھتی ہین کوئی صاحب فرماتی ہین کہ مخاطب
اس آیہ مین فقط مہاجرین ہین خاصۃ چنانچہ یہ قول ابن عباس اور سدی کا ہی
کوئی صاحب ارشاد کرتی ہین کہ یہ آیت در باب ابن مسعود و ابی بن کعب
و معاذ ابن جبل و سالم مولای ابی حذیفہ کی نازل ہوئی ہی وہی لوگ مخاطب ہین
یہ قول عکرمہ کا ہی جو بزرگ مفسر و محدث اہلسنت کی ہین کوئی صاحب فرماتے ہین
کہ خاصۃ اصحاب رسول اللہ مراد ہین جیسا کہ قول ضحاک مفسر کا ہی کوئی صاحب
کی رای یہ ہی کہ خطاب تو خدا نی خاص صحابہ سی کیا ہی مگر شامل سائر امت کو
ہی ہین کہتا ہون کہ اکنون خاطران مختصر صاحب کا یہ ہوگا کہ سوای شیعہ امامیہ
شیعہ کی کل امت مراد ہین کہ از انجملہ یزید و معویہ و اشباہم و اذنابہم شامل

دیگر خلفای بنی امیہ و بنی عباس کی ہین خبکو بیعت کرکی واسطی قتل اہلبیتؑ
کی خلیفہ نا یا کیا کرتی تہی بہرکیف یہ اقوال جو ذکر ہوی سب اقوال مفسرین اہلسنت
ہین اور ان کل اقوال کو جسب دے اب اپنی کہ استیفای اقوال مفسرین سے ہے
صاحب مجمع البیان نی بیان فرمایا ہی بطور نقل کی نہ بطور تصدیق کی مخاطب
عالی مقام فی ایک تو کمال رعایت یہ کیا کہ ان اقوال مین بعض ہی کو نقل
کیا اور بعض کو چہوڑ دیا ہی دوسری بعض کذب و افتری یہ بیان فرمایا کہ علامہ
طبرسی یعنی صاحب مجمع البیان اسکی مصدق ہین اگر آپ بڑی سچی تہی تو کوئی
چہوٹی سی بہی دلیل تصدیق بیان کردی ہوتی فقط کتاب مین نقل کرنی سی
اقوال مختلفہ کی مقتضای انکہ نقل کفر کفر نباشد کوئے شخص مصدق نہین ہوجاتا
ہی افسوس کہ انصاف بنا مین نہین ہی کوئی مخاطب خوش فہم سی پوچہے
کہ جب ناقل نے چند قول نقل کئی ہین تو بعض کا مصدق اور بعض کا غیر مصدق
ہونا آپنی کہلے سے ٹہرا لیا ہے بجز اسکی کہ فقط بخواہش نفسانی اپنی دسے ترجیح
بلا مرجح کرلی ہی کوئی بات خیال مین نہین آتی بہرکیف اب ہم مخاطب کی
ہمت ہر ہیون اور حق پوشیون سی قطع نظر کرکی بحث اصل مطلب مین کرتی
ہین کہ ان جملہ اقوال مفسرین مین کہین حضرات ثلثہ کا نام موجود ہی نہین ہے
باقی رہا بزور تحت مین کسی قول کی شامل کرنا پس قول ثانی مین تو حضرات ثلثہ کو
مفسرین نی مثل دودہ کی مکہی کی نکالکر پہینک دیا باقی رہے تین قول پس قول آخر
مین جسمین یزید اور شمر ہی داخل ہین اگر حضرات ثلثہ بہی داخل ہوئی تو شیعون کو کونسا
مقام عذر کا ہوسکتا ہی چشم ما روشن دل ما شاد باقی رہے دو قول یعنی مہاجرین

اور صحابہ مخاطب ہین پس واسطے تحقیق مصداق خطاب کی ہم رجوع کرتی ہین
طرف اون صفات کی جو مذکور فی الآیہ ہین اسلئے کہ یہ صفات بجای شروط
کی ہین جیسا کہ بعض صحابہ سے منقول ہی کہ من اراد ان یکون خیر ہذہ الامۃ فلیود
شرط اللہ فیہ من الایمان باللہ والامر بالمعروف والنہی عن المنکر یعنی جو چاہی کہ خیر
اس امت کا ہووے شرط خدا کو ادا کری اور وہ شروط یہ ہین کہ الایمان باللہ والامر
بالمعروف والنہی عن المنکر اور روی انہ علیہ السلام سئل من خیر الناس فقال آمرہم
بالمعروف وانہاہم بالمنکر واتقاہم للہ واوصلہم للرحم کما فی البیضاوی یعنے
خیر الناس وہی ہی جو آمر تر بالمعروف اور ناہی تر عن المنکر ہی اور پرہیزگار تر اور
صلۂ رحم بجا آرندہ تر ہی پس صفت اولی اس آیۂ شریفہ مین تؤمنون باللہ ہی کو ذکر
مین مؤخر ہی مگر من حیث الذات مقدم ہی اسلئے کہ امر بالمعروف اور نہی عن المنکر
نہووے گا مگر بعد الایمان اور کافر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیونکر کریگا اور کریگا تو اوسکو
کیا مفید ہوگا چنانچہ بیضاوی صاحب فرماتی ہین کہ تؤمنون باللہ سے فقط اللہ ہے
کا ایمان لانا مراد نہین ہی بلکہ ایمان باللہ مین ایمان کل اون چیزونکا کہ سب رکن ایمان
کے کا ہی داخل ہی یعنی ایمان بکل ما جاء بہ محمد ﷺ وانما آخرہ وحقہ ان یقدم
لانہ قصد بہ ذکر الدلالۃ علی انہم امروا بالمعروف وبنہوا عن المنکر
ایمانا باللہ وتصدیقا بہ واظہارا لدینہ یعنی صفت یؤمنون باللہ
کا حق یہ تہا کہ مقدم اور صفات پر ہوگر خطاب باری نی بغرض اسکی مؤخر کردیا کہ دلالت
کری اوپر اس بات کی کہ امر بالمعروف ونہی عن المنکر کرنی کی علت ایمان باللہ
اور تصدیق اوسکی اور اظہار دین اوسکی کا ہی یعنے علت گو وجوداً مقدم ہے

مگر بیان تعلیل مین موخر کردی جاتی ہے پس ثابت ہوا کہ جو امر بالمعروف
ونہی عن المنکر سبب اوسکا ایمان باللہ نہو بلکہ سبب اوسکا خدع اور فریب اور ریا کا
ہو تو وہ منفیہ نہین ہی پس اول گفتگو ہماری اسی صفت مقدمہ مین ہی کہ آپ
مدعی ہین اس بات کی کہ حضرات ثلاثہ تومنون باللہ مین داخل ہین ہم کہتے
ہین کہ لانسلم کہ تومنون باللہ اونکی صفت ہو وہ حقیقت مین نہ ایمان سجدا لائے
نہ ایمان برسول خدا لای فما ظنک بما جاء بہ محمدؐ کو ظاہر مین مثل جملہ منافقین کی
لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ کہتی رہی فقط اتنی کہنی سے ایمان
نہین حاصل ہوجاتا پس اگر آپ کسی دلیل سی ایمان اونکا ثابت کرین تو تحت اس
آیۂ شریفہ کی داخل کرین ورنہ خرط القتاد اور بعد اسکی ہم بحث کرینگی اوصفات
مین اور اشال جہلائے معنے کلالۃ و ابا اور وائلین کل الناس افقہ من عمر حتی الحذرات
فی الحجال کا علم مسلم نکرینگی پس تعیر بنیادی اونکی لیاقت و اعلی امر بالمعروف
ونہی عن المنکر کی ثابت نہوگی پھر داخل ہونا اونکا اس آیت مین کہانسی سے نکلیگا
ہر بندہ مقتضای مقام رہتا کہ کفر و نفاق اور جہالت حضرات ثلثہ بیان کیجاوی تاکہ
عدم دخول تحت آیۂ شریفہ بخوبی عیان ہوجاوی مگر چونکہ مخاطب خوش فہم ہیں
فضیلت ثلاثہ ہی ہمکو تضیع اوقات کرنیسی کیا فائدہ ہم مانع ہین ہملوگ فقط لانسلم کافی
ہی مدعی پر لازم ہی کہ پہلی ایمان اور اوصاف ثلثہ ثابت کری تب ہوں دخل ثلثہ
آیۂ مذکورہ مین کری ورنہ ذلک قولہم بافواہہم یضاہؤن قول الذین کفروا من قبل
جا بہ باین صفت متصف ہوی تو آپکی ثلاثہ کو کیا وہ خود قابل اسکی ہین کہ دوسری
اونکو امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کرین ۔ اور خود گم ست ملا کرا رہبری کند ۔

فمن یھدی الی الحق احق ان یتبع امر من لا یھدی قولہ شیخ بیان عبداللہ بن
سبا اقول اہلسنت معاویۃ العاویۃ الذی احدی امیہ باغیہ واغری ہاویہ کہ پیروان
کاذبین عادرین خائنین اثمین زبان خیر امۃ سی ہین کما صرح بہ مسلم فی صحیحہ بطلان
عقائد شیعیان علی ابن ابیطالب نہین کر سکتے جبتک کہ ثلاثہ کو مصداق خیر
امۃ نہ ثابت کرین وانی لہم ذالک قولہ بدترین امت سی جاتی ہین اقول ہرگز
بہترین کو بدترین سی نہین جانتے بلکہ ثلاثہ کو بدترین امت بلکہ بدترین اولین و
آخرین سمجہی جاتی ہین اور خدا نی اس آیہ مین تو ثلاثہ کیطرف نہین خطاب کیا ہے
ہان اگر کسی مصحف مین مصاحف سوختہ عثمانی سی یا ایہا الثلاثہ انتم خیر امۃ ہو تو البتہ
آپکو سیقدر مقام کلام ہو سکتا ہی جسپر شیعہ کہین گے کہ ذات منسوخہ ہی یا وہ
تحریف ہی کہ قابل جلادینی کی ہی قولہ ایسے صحیح ہیون اقول صراحت
کا حال پیشتر گذارش ہو چکا کہ آپکی سچے مفسر شیعہ نی حضرات ثلثہ کو نکال پھینکا
ہی بیچاری شیعونکا کیا قصور قولہ اگر صحابہ کبار اقول جنکو آپ صحابہ کبار سمجہتی
ہین شیعہ اونکو صغار مین سے نہین گنتے بلکہ منافقین کفار مین جانتی ہین والذی اکبر
منہم قولہ نباوٹ ہو ہی نہین سکتی اقول نباوٹ کا حال آپکی مکاریہ مفسر خوب
جانتے ہین جنہون نی ثلاثہ کو مبرہ کردیا قولہ شیعیان پاک کی نزدیک
اقول پاک نی مہمل نہین کیا ہی بلکہ ناپاکون نی مہمل کیا ہی جو ناپاکون کے
شان مین سمجہتی ہین قولہ لغز یا پہیلے یا کوئی دقیق معما ہی اقول اسبات کو اون
معماسی پوچھو جو آپسمین گل خپ کرتی ہین ایک کہتا ہی کہ یہ مراد ہی دوسرا کہتا
ہی نہین یہ مراد ہی تیسرا اور ہی کچہ بکتا ہی چوتہا اور ہی راگ گاتا ہے اونمین سی

پوچھو کہ لعنہی یا معماہی یا پہیلیان ہی شیعیان علی ابن طالب تو پکار پکار کی
کہتی ہین کہ اہلبیت ہین اہلبیت ہین اہلبیت ہین مثل سفران سینان کی پہیلی
نہین یوجھتی ہین قولہ جامع قرآن کی اقول البتہ جامع قرآن ہی ایک لفظ
ہوگی اوسکو چاہئی تہا کہ جسطرح ہر حرف واحد سبعہ احرف قرآنی کو جلایا کہ این
لفظ آئمہ سے جل گیا اسیطرح ایہا الثلثہ کو ڈہانکی کہ تم خاتمہ کہہ امنا تہا کہ گوشیعہ
مانتی مگر سنیونکی تو بکار آمد ہوجاتا اور تفسیر آیہ مین ڈاوان ڈول نہ پہرتی قولہ
تصدیق کرتی جاتی ہن کہ صحابہ کی شان مین نازل ہوی اقول لعنہ اللہ
علی الکاذبین کسی شیعہ نے تمامہ کی شان مین نہین تصدیق کی ہی بلکہ اہلبیت
کی شان مین تصدیق کی ہی کما مر قولہ ایمان اور اسلام کی ہی تصدیق نہین کرتی
اقول جنکی ایمان اور اسلام حقیقی کی تصدیق نہین ہی اونکی صحابیت حقیقے
کی کب تصدیق ہی نہر اونکی شان مین ان آیتونکے تصدیق کب ہوگی آپ
ناحق علامہ طبرسی پر تہمت تصدیق کرکے شرارتہ کو خیراتہ بناتی ہین قولہ جنکو
خداوند کریم خیراتہ فرماوی اقول کلام ہی کہ دیوانونکی بڑہی بات ہی کہ گو شتر
ہے خیراتہ اور ہی لوگ ہین شرارتہ اور ہی لوگ ہین کون احمق ایسا ہوگا
کہ جنکی خیراتہ ہونیکی تصدیق کری اونکو شرارتہ کہی قولہ صفحہ ۲۰ مین کلہا ہی الی آخر
عبارتہ المجمع اقول ای سنیو ہمکو اپنی تمامہ کی قسم ہی سچ بتلاؤ کہ اس عبارت مین
کہین صحابہ کا یا ثلثہ کا ذکر ہی محصل اس عبارت کا یہ ہی کہ خدا فی آمرین بالمعروف
سی خطاب کرکی فرمایا کہ تم بہترین امت ہو آمرون بالمعروف اہلبیت سالت
ہین جیسا یہین باقی تمامہ مین آیتین ہی نہین تکلہ ہی آپ مقصود اونکا آمرین بالمعروف

ہی صحابہ یا ملائکہ ہوتی تو حدیث امام جعفر صادق علیہ السلام کو بیمن امتہ کی جگہہ ائمۃ
ہی کیون نقل کرتے قولہ اوسی تفسیر مین فرمایا ہی اقول تفسیر موجود ہے
انھون نی چار یا رنیو کی مفسرین کی چار قول اس جگہہ پر نقل کئی ہین بمقتضای آنکہ
نقل کفر کفر نباشد آون چار قول مین سی دو قول کو جو مفید مطلب اپنی جانا آپنی
اس قلم پر نقل کیا ہی اور دو قول کہ شاید مفید مطلب نہ سمجھی آپنے چرا رکہا
افسوس کہ حضرت عمر موجود نہین ہین کہ سارق کا ہاتھہ اپنی جہالت سی کبھی زدی
اور کبھی مرفق سے قلم کرتی بہرکیف اس کذب و افتری کو دیکھنا چاہئے کہ قائل
قول کو قائل قول بنا ہین اور دین دو پہر آنکھون مین خاک ڈالتی ہین اور کچہ خدا اور خلق
سی نہین شرماتے ہین ؎ حیہ دلاور است دزدی کہ بکف چراغ دارد
برین سیدیانتی قولہ ای یارو اس تفسیر کو دیکھو اقول اگر دیکھا نہین تو حضور والا کا شر
اور خیانت اور کذب اور غدر کہ تباشی کا ذہین عادرین خائنین کی ہی کیونکر معلوم
ہوا قولہ بتصدیق پر غور کرو اقول جھوٹی کو کہانتک جھٹلایئے مثل مشہور ہی کہ الکذوب
قد یصدق مگر ہماری حضرت کبھی بھی سچی بات نہین بولتی قولہ اس مقام پر جاہلون کو
اقول آپکی سے جاہلون کو اس مقام پر قول شخصے چوری داڑہی مین تنکا اس
طرحکی خیالات خام ہوتی ہونگی اسی سبب سی تمنیونکی مفسرون نی اسکے دفع ہونیکی
واسطے کتنم کی پانچ تاویلین کے ہین چنانچہ اون پانچون تاویلونکو علامہ طبرسی
علیہ الرحمہ نی قیل فیہ اقوال کہکر نقل فرمایا ہی کہ یہ بعض کی کان ناقصہ اور بعضے
مین تامہ اور بعضے مین بمعنی صار اور بعضی مین کان زائدہ ہی مخاطب خوش فہم
نی معلوم نہین کہ کس وجہ سی آون پانچون تاویلون مین سی فقط چوتہی تاویل

اس مقام پر ذکر کرکی منسوب طرف خود علامہ کی بکذب و افتری کردیا ہی آور شیعہ اگر
خیر امۃ سنی صحابہ مراد لیتی تو اونکو کیا غرض تہی کہ خواہ نخواہ ایسی تاویلین کرکی
مرتدین صحابہ کو داخل آیہ رکھتے بلکہ کہتی کہ اکثر صحابہ جو ایک زمانہ مین ممدوح تہی
بقول آپکی جبکہ شیطان نی اکثر مسلمانونکو بہکایا تو وہ بہی بہک گئی آئے
جب شیعون نی خیر امۃ سی اہلبیت معصومین مراد لی تو اونکو ضرورت حفظ عصمت
داعی ہوگی کہ جیسے اور آیات قرآنی کو انبیاء کی عصمت کیواسطی جو بدلائل
عقلیہ و نقلیہ ثابت ہی تاویل کرتی ہین اس آیت مین بہی تاویل کنتم کی ساتہ
احدی من التاویلات الخمسہ کی کرینگی پس گویا غرض اصلی علامہ طبرسی کی
نقل اقوال سنیان سی اس مقام پر یہی ہی کما لایخفی اعلی من لہ ادنی مسکۃ
فی کنہیات المقاصد والمآرب قولہ تب بعض حضرات نی اپنا قدم دوسری راہ
پر اوٹہایا اقول اولاً سنکر بزرگی ثلاثہ توکل شیعیان جہان ہین پس بعض کو قدم
دوسری راہ پر مارنی کے کوئی وجہ خیال مین نہین آتی جنہون نی اس
دوسری راہ پر قدم نہین مارا شاید وہ بزرگی ثلاثہ کی قائل ہوگئی تو وہ مثل آپکی
شیعہ گری سی نکل گئی اور داخل امنوا ثم کفروا کی ہوگئی اور اگر بزرگی کے
قائل نہین ہوئی تو سوائی اس دوسری راہ کی کوئی اور راہ چلی تو اوس راہ کو
ذکر کرکی پہلے اوسیکا جواب آپکو دینا تہا تب دوسری راہ کی جواب پر آتی
لیکن بظاہر اوس راہ کا جواب آپنے اپنی مکانسی باہر سمجہہ کی اوسکا ذکر ہی
نکیا اور بالکلیہ جی چرا گئے اس اوکہڑی پکہڑی با تونکا کچہہ ٹہکانا ہی کہ پہلے
راہ کا کچہہ ذکر ہے نہین دوسری راہ پر جہٹ سی اوچک آئے ثانیاً کس

عالم فی کس کتاب مین جواب استدلال سفیان باین آیہ متنبے اوپر تحریف
قرآن کی کیا ہی اگر آپ پہنچی ہین تو پتہ اور نشان دیجیے جسقدر نظر قاصر سے
گزرا اسیقدر ہی کہ تفسیر عیاشی مین فرمایا ہی کہ مخاطب ائمہ طاہرین ہین اور اسکو بدلائل
عقلیہ ثابت کیا ہی اور سیمین اسکا بھی جو بعض اخبار مین ائمہ بجای امتہ ہے
لیکن جواب مین استدلال سفیان کی باین آیہ محسن و خوبی ثلثہ تحریف قرآنی کا
ذکر نہین کیا ہی بلکہ بہ تقریرات مختلفہ کذب و نفاق اور جہل ثلثہ کو اونہین کے
کتابونسی بوجہ اتم ثابت کرکی ثلثہ کو مصداق خطاب سی خارج کردیا ہی قولہ
چنانچہ بعضون نی فرمایا ہی اقول غلط ہی کسی نے علما مین سی جواب
سفیان مین یہ نہین فرمایا ہی بلکہ حدیث صادق علیہ السلام کہ بظاہر دلالت
کرتی ہی کہ بجای ائمہ امتہ تہا گو تاویل پذیر ہی بجای خود نقل کیا ہے
نہ جواب سفیان بن قولہ او اونہون نی اس جواب کو پسند نہین کیا اقول
اس جواب کو کیطرف انسبت دینا ہی غلط ہی پسند او ناپسندی کیا معنے
بہلا جنہون نی اس واب کو آپکی نزدیک ناپسند کیا ہی فرمایہی تو بتلایئی کہ
اونہون سے کیا بات ایسی کی ہی کہ جسسی حضرات ثلاثہ کی رائے نول ہیدہ
ہوگئی اور اس آیہ کی تحت مین شامل ہو قولہ سنا ذکر کرتی ہین اقول ہرگز ذکر جواب سفیان
بہ نسبت اس آیہ کی حدیثہ مین نہین ہے بلکہ بحث تغییر و نقصان قرآن کا
ذکر ہی کہ سیکڑون احادیث سنیہ اوپر تغییر اور تحریف او نقصان کی دلالت کرتی
ہین چنانچہ صافی شرحی صاحب استقصا ایدہ اللہ و صاحب نزہتہ رحمہ اللہ
سے نقل کئی ہین اور کچہ احادیث مذہب شیعہ بہی اسپر دلالت کرتے ہین

پس حدیقۂ سلطانیہ مین مثل دیگر کتب کلاسیہ کی تحقیق اور تنقیح اسکی کی ہی کہ مراد
تحریف اور نقصان سی کیا ہے اور کس قسم کی تحریف اور نقصان کا پایا
جانا ممکن اور کس کس قسم کا نہین ممکن ہی اس بحث کو جواب استدلال متنیان
بآیۂ کنتم خیر امۃ سی کیا علاقہ آرہی اگر اس قسم کی تحریف کو تسلیم کرلین تو ایک
جواب اور بہی شیون کا علاوہ جوابات دیگر کے نکل آئیگا اور یہ امر دیگر ہی
اور جواب مین ذکر کرنا امر دیگر ہی **اقول** فرمایا ہی کہ وجہ اول بعید ست
آہی جگہ سی کذب آپکا ثابت ہوگیا آئی کہ سب احتمال کو علما نے
بعید کہین گی اوسکو مقابل نصاری کیون ذکر کرتے ہین **اقول** تمہاری نزدیک
توجہ و عندیہ توجہ آپکی کس کمیت کی سوی ہین جو آپکی خرفات اور
خزعبلات کیطرف کوئی نظر کری یا آپکا پندار باطل ہی کہ خبر امۃ لا جواب ہی
تو ضرور ہی کہ شیعہ خیر ائمہ کی قائل ہون بلکہ خیر امۃ کی ہم تصدیق کرکے
جواب دندان شکن آپکو دیچکے جب آپ ایمان کو ثابت کیجئی گا اور
نفاق سی اونکو بری کریجئی گا اور اونکو [illegible] داخل اور [illegible] منوا
داخل کریجئی گا اور بعد اسکی عالمیت اور [illegible] کل الناس
من عمر حتی المخدرات فی الخدر کے ثابت کیجئی گا بعد اسکی اونکی اتباع کا
رضاء اللہ ہونا ثابت کریجئی گا تب ہم یا کوئی امۃ ائمۂ ہدیٰ [illegible]
آپکی نصیحت کو کہ یاوہ انی لکما من الناصحین ہی قبول کرسکے سوائے
آپکی مرضیہ کی سی راہ ہی ثلثہ کو برا کہین گی [illegible]
مگر ہمکو معلوم نہین ہوتا کہ ان مراحل [illegible]

اور سطاعن ثلاثہ سی عہدہ برا ہوسکین قولہ لکنتم خیر امۃ صحیح ہی یا کنتم خیر ائمۃ اقول
جواب یہ ہی کہ خیر ائمۃ بھی صحیح ہوسکتا ہی اور خیر امۃ بھی صحیح ہی مگر خیر ائمۃ ہونت
معصومہ ہی یعنے ائمۂ اطہار نہ امت مذمومہ یعنی امتہ یدعون الی النار قولہ
تو بندہ اوسوقت عرض کرتا اقول اوّلاً اس عرض سی کچھ غرض آپکی معلوم
نہین ہوتے کہ کیا ہی بالتصریح فرمایا ہوتا کہ سوای علی مرتضی کی سوجود نہونا
دیگر ائمہ کا صدق کنتم خیر امۃ کو کیا ضرر پہنچاتا ہی تا اوسکا جواب خدمت شریف
مین اسطرح عرض کیا جاتا کہ تمنای حصول ملاقات اہل قبور رہتی اور آپکی مایوسی کمایس
الکفار من اصحاب القبور لاحمال نہوتی ثانیاً ہم جو غور کرتی ہین تو بظاہر تین امر
خیال مین آتی ہین کہ ذہن شریف مین کھٹکتے ہونگی ایک یہ کہ مصداق آیہ فقط
جناب امیر علیہ السلام نہین ہوسکتے اسلئے کہ صیغ جمع مانع حمل علی الواحد ہین دوسری
اور ائمہ علیہم السلام اوسوقت موجود نتھی اور توجہ خطاب طرف حاضرین کے
ہوتی ہی نہ طرف غائبین کی تیسری یہ کہ جب کل ائمہ علیہم السلام موجود نہ تھے
تو بالفعل آمر بالمعروف اور ناہی عن المنکر کون تھا جیسا کہ آپ فرماتی ہین کہ کس
نی امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کیا تھا ان تینون باتونکا جواب شافی ہم سے
سن لیجئے لیکن امر اوّل پس اطلاق جمع کا اوپر واحد کی کلام شریف مین غیر غریز
ہی انا نحن نزلنا ونحن الوارثون یا ایہا النبی اذا طلقتم النساء سابقہ
سا جسون تعجب ہی کہ آیہ لایا مل اولی افضل مین آیو ابوبکر ہون اور اطلاق جمع اوپر
واحد کی صحیح ہو جیسا کہ امام فخر رازی نی لکھا ہی اور جناب امیر علیہ السلام پر اطلاق
کنتم اور تامرون اور تنہون نہوسکی علاوہ اسکی حسنین علیہما السلام تو موجود تھے

اور اہل سنت مین اصحاب ظاہری سی بہی محدود تہی پہر اطلاق جمع کا کیا مانع
ہی خصوصًا اعتقاد شیعہ پر کہ صغیر و کبیر اہلبیت علیہم السلام فضل و کمال مین
یکسان ہین اور اگر منتسبین باہلبیت بہی خصوصًا فیسی لوگ جو شمار مین اہل البیت
ہین ہین تبعًا داخل خطاب ہون تو مصداق جمع کثرت بہم پہنچ جائیگا اما امر ثانی
پس اولًا بعض مخاطبین کا موجود ہونا و اصلی توجہ خطاب کی کافی ہے ورنہ
جمیع خطابات قرآنی اور احادیث نبوی سوای حاضرین کی کسی پر جاری
نہوتی اور شاید اسی جہت سی حضرت مخاطب اپنی تئین مخاطب بخطاب اقیموا
الصلوٰۃ نہ سمجہ کی تارک نماز ہوی ہین اور نماز کو تعبیر ساتہہ مین تورپکی کرتے
ہین جیسا کہ بعض پرچای اخبار تہذیب الاخلاق مین نظر سی گزرا تا نیا جسطرح کے
بعض مفسرین نے کہا ہی کہ خطاب گرچہ اگرچہ صحابہ کیطرف ہی مگر شامل کل امت
کو ہی اوسیطرح ہم بہی کہتے ہین کہ خطاب بعض امت کیطرف ہی مگر شامل کل امت
کو ہی تا کیا آپنی بحر میزان اور مشعب کی کچہ پڑہا نہین آپکو علم فصاحت و بلاغت
کی کیا خبر ہی اس علم کی بہی پیر کرنا ضرور ہی تاکہ معلوم ہو کہ کبہی غائب کو حاضر
اور حاضر کو غائب اور مفرد کو منکر اور منکر کو مفرد اور عالم کو جاہل اور جاہل کو عالم قرار
دیتی ہین باعتبار آثار اور لوازم اور دلائل اور امارات کی کہ ہر مقام پر مختلف ہین
رابعًا ہم خدمت شریف مین معارضتہ عرض کرتی ہین کہ حدیث نجوم مین جیسا کہ
عنقریب آویگی آپکی زعم باطل مین کل اصحاب مراد ہین پس بنا بر اسکی کل صحابہ مقتدا
تہی اور ظاہر ہی کہ خطاب اقتدیتم اہتدیتم کا طرف مقتدیونکی ہے پس اگر مخاطب
مومنین حاضرین تہی تو وہ صحابہ تہی اور مقتدا تہی نہ مقتدی اور اگر غائبین تہے

تو توجہ خطاب طرف غائبین کی لازم آتی ہی فما ہو جوابکم فہو جوابنا لیکن تیسرا
امر پس ترتب ہی اوپر اسکی کہ صیغ مضارع یعنی حال ہین ولا نسلم ذلک بلکہ
مضارع مشترک بین الحال والاستقبال ہی مگر محبت نکاتہ مین آپ ایسا مستغرق
ہین کہ شاید میزان و منشعب بہی بہولی قولہ خیر امتی صحیح ہی اقول مکرر کہا گیا
کہ صحیح ہی مگر خیر امتہ ائمہ ابرار ہین نہ ائمہ اشرار من الا ہلین قولہ جسکی آپ بہی
تصدیق کرتے ہین اقول جسکی ہمنے تصدیق کی ہی باتفاق امت
بیزاری اوس سی کفر ہی اور جسکی سے تصدیق کی ہی بیزاری اوس سے
عین ایمان ہی یا ایہا الذین امنو لا تتقلوا قوما غضب اللہ علیہم
اور مغضوب علیہم ہونا اونکا کہ جنکو تم مصداق آیہ محبتی ہو غضبیت جناب فاطمہ بہی
ایسا ظاہر ہی کہ عیان راچہ بیان قولہ اسکا کیا مطلب ہی اقول اسکا مطلب
یہ ہی کہ انوار قرآنے صاحبان بصیرت کی ہی موجب ہدایت ہین لیکن تم ایسی
بی بصیرت کو نور سی کیا فائدہ ہی جب تم ٹوٹلوگی تو ٹہوکر ہی کہیر یعلوم ہوگے
قولہ تمکو اپنی اجتہاد ہی کی قسم ہی اقول تمکو بہی اجتہاد ابو حنیفہ بلکہ معویہ اور اجتہاد
عائشہ ملائشہ ہی کی قسم ہی کہ آیا صحابہ کے نسبت اس قرآن مین ترید ون
عرض الدنیا تبتغون الحیوۃ الدنیا تسرون الیہم بالمودۃ ارضیتم
بالحیوۃ الدنیا ان الذین ینادونک من وراء الحجرات اکثرہم
لا یعقلون ما کان لکم ان توذوا رسول اللہ ان الذین یوذون
اللہ و رسولہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ ویلعنہم اللاعنون
واعنۃ اللہ علی الظالمین و غضب اللہ علیہم ولعنہم لکہا ہی کہ نہین اگر لکہا ہی تو اوسپر عمل کرو

اور اگر نہین ہی تو ان آیات قرانی کو بھی بسنت عثمانی جلادو قولہ اگر اوسمین
خیر امتہ صحابہ کی بہ نسبت ہو اقول سو مرتبہ مین کی ہزار مرتبہ کینگے کہ کافرین
غادرین خائنین آثمین کما فی صحیح المسلم کے نسبت ہرگز خیر امتہ نہین ہے بلکہ
ائمتہ یدعون الی النار ہی اور بعضہم اشد فی الدنیا والآخرۃ ہی آپ چاہیے راہ ہدایت
پر آئی چاہیے راہ ضلالت پے جائی قولہ اپنی مذہب مین لیجئی اقول بسم اللہ
آیے اسنوا ثم کفروا تو ہوچکا ہی اب پھر اسنوا ہو لیکن پھر ثم کفروا ثم ازدادوا کفرا
نہوجاہی آپکی بات کا کیا ٹھکانا ہی قولہ معلوم نہین اقول اب تو بخوبے
معلوم ہوگیا جو جواب وہ دیتی اسپر کوئی تمنا آپکی دلمین نرہے ہوگی اب اگر
کوئی تمنا ہو تو اوسکو بھی کہہ ڈالئی ہم آپکی خلشہای باطنی کی مٹانی کو موجود ہین
حتی المقدور آپنی تسکین کی لئے بہت عرق ریزیان کرینگی لیکن آپکی خاطر
عاطر دریا مقاطر کا میلان تو طرف سنت افغانان رامپور کی ہوچکا ہی آپ
ہماری کب سنتی ہین مجبوری و ناچاری ہی کہ اس بیماری کی دوا نہین ہی ہذا دائ
لیس لہ دواء الا مر الوصال بمقاصد الامال مسطاب الرجال قال المخاطب
الفقام ہداہ اللہ سبل السلام دوسری آیت قالذین ہاجروا واخرجوا
من دیارہم واوذوا فی سبیلی قاتلوا وقتلوا لاکفرن عنہم سیئاتہم
ولادخلنہم جنات تجری من تحتہا الانہار ثوابا من عند اللہ واللہ عندہ حسن
الثواب اس آیت مین اللہ جلشانہ مہاجرین کی تعریف کرتا ہی اور اونکی
جنتی ہونیکی بشارت دیتا ہی اور فرماتا ہی کہ جن لوگون نی میری پیچھے وطن
اور گھر اور کنبہ اور قبیلہ کو چھوڑا اور میری اور میرا ایمان لانیسے تکلیفین پہونچین اور

جنکو میری راہ مین ایذائین دیکین تو مین نے اپنی ایسی سچی ایمان لانیوالون اور
پکی مسلمانون سی بڑی مہربانی سی پیش آونگا اور اونکی مخشون اور مصیبتون اور
جان فشانیونکا اونکو اچھا بدلا دونگا اونکی گناہونسے درگزر کرونگا اونکے
بھول چوک کو ندیکھونگا بلکہ اونکی گناہونکو نیکیونسے بدل دونگا اور بی پوچھے
تبلائی اونکو ایسے جنتون مین جگہہ دونگا جنکی نیچے نہرین بہتی ہین جہان اونکو
کچھہ غم رہیگا نہ سہج نہ کوئی فکر اونکو رہیگی نہ کھٹکا اور یہ ثواب اونکو اپنی طرفسے
دونگا اور اپنی فضل اور مہربانی سی اونکی اعمال سی بہت بڑہکر اونکو درجہ عطا
کرونگا اب ان آیتونکو دیکھکر مہاجرین کی فضیلت اور بزرگی پر خیال کرنا چاہیے
کہ کس محبت اور پیار سی خدای عزوجل اونکا ذکر کرتا ہی اور اونکی مدایح اور مراتب
کا کس خوبی سی اظہار فرماتا ہی اور اونکی قطعی جنتی ہونیکا اقرار کرتا ہی اور اونکی
گناہون اور سیئات سی درگذر کرنیکا اور نیکیونسی بدل دینی کا وعدہ کرتا ہی اور
اونکے اعمال کی جزا مین جو کچھہ دیگا وہ تو ایکطرف اپنی رضامندی براہ تفضلات
ثواب دینی کا بیان کس مہربانی سی فرماتا ہی پس اب ان آیتونکی دیکھنی والونسے
ہم عرض کرتے ہین کہ جن مہاجرین کی نسبت خدا نی یہ وعدی کئی ہین اونکی
بہشتے ہونیکا ذکر فرمایا ہی وہ کون تہی کیا وہ لوگ مہاجرین تہی جنکا نام ابوبکر اور
عمر اور عثمان ہے اور کیا گہر بار چھوڑنی والونمین وہ اشخاص تہی جنکو شیعہ برا جانتی
ہین اور کیا یہ لوگ اس آیت سی مستثنے کردئی گئی ہین اور کیا یہ اشخاص لاکفرن
عنہم سیئاتہم کی وعدہ سی خارج کردئی گئی ہین اے بھائیو اس آیت کو پڑہکر اب
تم مہاجرین کی گناہونکی ڈہونڈ نے مین اوقات ضایع نکرو اور اونکی برائیونکی

تلاش مین اپنی عمر نہ کھواؤ اگر دو چار عیب اونکی تمہی ڈھونڈھ بھی لی تو کیا
جبتک تم مہاجرین مین ہو نیسے انکار نکروگی اوجبتک تم اونکی ہجرت کا
اقرار کرتی رہوگی تمہاری عیب جوئی اور نکتہ چینی کچھ کام نہ آویگی اور اس سے
اونکی کچھ بھی خفتی اور قطعی نہ ہوگی پس مین کچھ ضرر نہوگا اسلئے کہ وہ خود فرما چکا ہی کہ
لاکفرن عنہم سیاتہم کہ مین اونکی گناہونسی درگزر کرونگا اور ضرور ضرور اونکو جنت
مین داخل کرونگا اسلئے کہ وہ میری پیچھے گہرون سی نکالی گئی میری بدولت
رنجون اور مصیبتون مین گرفتار ہوئی اپنے دوستونکو چھوڑکر میری دوست کی
ساتھ ہوئی اپنی محبوبونسے جدا ہوکر میری محبوب کی شریک ہوی پس اونکا
ہجرت ہی کرنا ایک ایسا عمل ہی کہ ہزار اعمال اور لاکھہ عبادت اور کروڑہا نیکیون
سی بہتر ہی یقول کہتک بولا یہ علی ابن ابیطالب علیہ
السلام یہ آیت بہی مثل آیات دیگر فضیلت مومنین متقین پر دلالت
کرتی ہی مثل علی ابن ابیطالب اور جعفر بن ابیطالب و حمزہ و عبیدہ کہ مجمع صفات
مذکورہ فی الآیہ خصوصاً قاتلوا اور قتلوا کی ہین نہ ثلاثہ فارین من الزحف جنکی شان مین
فقد باء بغضب من اللہ ومأواہ جہنم وبئس المصیر ہی آپکی بڑی تعصب
مفسر بیضاوی صاحب تحت ہین فالذین ہاجروا کی فرماتی ہین المعنی فالذین ہاجروا
الشرک والاوطان والعشائر للدین یعنی جن لوگون نی چھوڑا شرک کو اور
وطنون کو اور قوم قبیلہ کو واسطی دین کی اتنے شیعہ فاطمہ اسیکی قائل ہین کہ آپکی
حضرات ثلاثہ نی شرک باللہ کی مرتے دم تک نہین چھوڑا اور ہمیشہ ثانین
اثنین فی البئر ہے تے بلکہ یعنی صاحب بسبب تنگ ظرفی کے

بعض اوقات زبان سی اوسکا اظہار بہی کردیتی تہی چنانچہ صلح حدیبیہ مین حضرت
عمر نی خود اپنی زبان صداقت بیان سی اظہار کردیا کہ جیسا کہ آج مجکو شک ہوا
مین ہوا ایسا کبہی نہین ہوا پس ایسے لوگون کا ترک کرنا شرک ظاہری کا
اور ترک طعن اور ترک عشایر لانہم کہ للدین تہا بلکہ محض بغرض حصول حیفۂ دنیا
تہا وقد مر ویاتی **قولہ** مہاجرین کی تعریف کرتا ہی **اقول** مومنین مہاجرین
کی تعریف کرتا ہی یا منافقین اور مرتدین کی تعریف کرتا ہی صدر آیہ مین تو
خطاب طرف مومنین ہی کی ہے چنانچہ جناب باری فرماتا ہی ان لا اضیع
عمل عامل منکم یعنی ای مومنین تم مین سی کسی عامل کی عمل کو مین ضایع
نکرونگا قال البیضاوی فالذین ہاجروا الخ تفصیل لاعمال العمال وما اعدلہم
من الثواب یعنی فالذین ہاجروا تفصیل ہی واسطی عمل عمل کنندگان کے اور
اوس ثواب کی جو واسطی اونکی مہیا ہوا ہی انتہی پس جسبہ تفصیل اعمال مومنین
مین ہی تو منافقین اور مرتدین کو اس آیت سی کیا علاقہ ہا **قولہ** فرماتا ہے کہ
جن لوگون نی میری پیچہی **اقول** یہ عبارت بہ حیثیت کذائی نہ اسکو ہم ترجمہ کہہ
سکتے ہین نہ تفسیر اس بجز افتری علی اللہ کی کیا کہین ترجمہ ہونا کاہی سی اسلئے
کہ الفاظ بڑہی ہوئی بہی ہین اور جو بمطبوع خاطر عاطر نہتی وہ گہٹی بہی ہین جیسے قاتلوا
اور قتلوا کا ذکر ہی اوڑادیا ہی فقط اس ڈر سی کہ شیعہ پوچہینگی کہ اصحاب ثلاثہ
کس لڑائی مین بمصداق قاتلوا ہوئی کس معرکہ مین دست لات وعزے
پرست مین ہتیار پکڑا کس کافر کو مارا کسے ایک کا نام تو بتلا دیجیئی جس لڑائی مین
کسی بہادر کہڑی ہوئی اسی کا نام قاتلوا ہی اور یہ بہی پوچہینگی کہ بمصداق قتلوا کہان

ہوی کسے معرکہ مین یا کہر کی چوسلے مین اور تفسیر یا لحاظ مناسبہ ہوتی ہی نہ بی جوڑ
جیساکہ حضرت مخاطب فرماتی ہین بی پوچھی بتلائی اس لفظ بی پوچھی بتلای کو ہمکو
کسی لفظ سی علاقہ نہین معلوم ہوتا ہی حضرت مخاطب کو ذرا بھی خوف خدا نہین ہے
کہ خود الفاظ مہملہ تصنیف فرماتی ہین اوکہتی ہین کہ خدا فرماتا ہی ومن اظلم ممن
افتری علی اللہ کذبا **قولہ** میری پیچھے اپنی وطن کو الی قولہ چھوڑا **اقول**
نہ وہ لوگ جنہون نی طلب جیفۂ دنیا کی پیچھے اپنی وطن کو چھوڑا **اقولہ** میری لی پر
ایمان لانے سی تکلیفین پہونچین **اقول** نہ وہ لوگ کہ جنکو طلب دنیا مین تکلیفین
پہنچین **قولہ** ایسے سچی ایمان لانیوالون اور پکی مسلمانون سی **اقول** نہ جھوٹے
ایمان لانیوالون اور نہ کچی مسلمانون سی کیا فہم و شعور حضرت مخاطب ہی کہ جن باتونکو
شیعہ بہ دلیل ثابت کرتی ہین لاحن و شعور خود اوسکا اقرار فرماتی ہین مشہور ہے
کہ بھیڑی خود بھیڑی کی پاس جاتی ہی اب صاف صاف مین لیجی کہ جو لوگ
کچی مسلمان اور جھوٹی ایمان لانیوالی اور طلب دنیا وطن کو چھوڑنی والی تہی اور حقیقت
مین شرک کو نچھوڑا اور کوئی کام اونکا دین کیواسطی نہا بلکہ دنیا کیواسطی تہا ایسے
لوگ ہرگز مصداق اس آیت کی نہین ہین اور وہ حضرات ثلاثہ آپکی ہین کہ جنکو قیود
اس آیہ کی خارج کردیا **قولہ** کیا وہ لوگ مہاجرین نہ تہی **اقول** اگر مراد مہاجرین
سی مہاجرین شرک و مہاجرین اوطان للدین ہین جیسا کہ بیضاوی صاحب نی فرمایا
تو ہرگز جنکا آپ نام لیتی ہین وہ مہاجرین نہ تہی اور جو اسکا دعوی کری کہ وہ ایسے
مہاجرین تہی اوسپر واجب ہی کہ بدلیل ثابت کری ورنہ اہل کمال حوادث مین عدم علم
قولہ کیا وہ لوگ اس آیت سی مستثنے کردئی گئی **اقول** کچہ حاجت بالستثنا

نہین ہی اسلئے کہ استثنا متصل مین داخل ہونا مستثنے کا مستثنے منہ مین شرط ہی
اور جب خود قیود آیہ نی اونکو خارج کردیا تو محل استثنا باقی نرہا باقی رہا استثنا منقطع
مثل جاء القوم الا حمارہ پس اگر یہ ہاتبعیت قوم مع القوم ہوگیا تو کبھی شرف قوم
حاصل نہوگا پھر استثنائی کیا حاجت ہی ونعم ماقیل ؎ فرعیسے اگر بکہ رود + چون بیا
ہنوز خر باشد + وعلی التنزل سب مقامات پر دلیل عقل ونقل مستغنی عن الاستثنا ہوتی
ہی اور حاجت باستثنا نہین رہتی ہی جیسے ان اللہ علی کل شئ قدیر پس عقل حکم کرتے
ہین کہ اگر شے کو عام لین تو شریک الباری اور جل الباری اور عجز الباری کل شی
سی مستثنے ہی کو حرف استثنا نہین ہی نہین سے اسیطرح منافقین اور مرتدین
بدلیل عقل مستثنے ہین اور کوئی حاجت استثنا کی نہین ہی قولہ حتیٰ تم انکی ہجرت
کا اقرار اقول شیعون کو ہرگز ثلاثہ کی ہجرت معتبر فی الشرع کا اقرار نہین ہی اور اقل
صفحہ صحیح بخاری مین موجودی کہ ہجرت وہی معتبر ہی جو بصدق نیت ہو چنانچہ بخاری
نی خود حضرت خلیفہ ثانی سی روایت کی ہی کہ جناب رسولخدا نی فرمایا کہ انما الاعمال
بالنیات وانما لکل امرئ ما نوی فمن کان ہجرتہ الی دنیا یصیبہا او الی
امرۃ ینکحہا فہجرتہ الی ما ہاجر الیہ یعنے نہین ہین اعمال
مگر ساتھہ نیت کی اور نہین ہی واسطے ہر شخص کی مگر وہ چیز کہ جسکی نیت کی ہی پس
جس شخص سے کہ ہجرت کی طرف دنیا کی کہ پہنچے اوسکو یا ہجرت کی رغبت طرف
زنکی کہ نکاح کری اوس سے پس ہجرت اوسکی طرف اوسی چیز کی ہی جسکی طرف
ہجرت کی انتہی اقولہ مین اونکی گناہ ہونے سے درگذرا اقول یہ وعدہ اون مومنین
سی ہی متصف باین صفات ہین جو آیہ شریفہ مین مذکور ہین نہ منافقین اور مرتدین

اور نہ اصحاب ثلثہ ہی کہ سرکردہ اونکی ہین حاصل یہ ہی کہ اگر فقط بظاہر سمی بہ اسم
مہاجر و انصار ہونا مفید حصول جنت ہوتا تو جناب باری اسیقدر فرماتا کہ کل من سمے
مہاجرًا او انصارًا لاکفرن عنہم سیئاتہم پہر اس تطویل کی کیا حاجت تہی کہ الخ اجوا
من دیارہم واوذوا فی سبیلی وقاتلوا وقتلوا بلکہ چاہئی تہا کہ تنبیس تمیم کہدیتی
تاکہ مقام اشتباہ نرہتا اور یون فرماتا کہ سواء قاتلوا وقتلوا او فروا من الزحف او
ناقفوا او ارتدوا لاکفرن عنہم سیئاتہم ویجی مزید توضیح فی الآیۃ الثانیۃ قال المخاطب
المتقام ہذا اید سبل السلام تیسری آیت والسابقون الاولون من
المہاجرین والانصار والذین اتبعوہم باحسان رضی اللہ عنہم ورضوا
عنہ واعد لہم جنت تجری تحتہا الانہار خالدین
فیہا ابدًا — اس آیت مین اللہ جلشانہ مہاجرین اور انصار کی
نسبت اپنی رضا مندی ظاہر فرماتا ہی اور کہدیا اور انکی پیروی کرنیوالونکو جنت
کی خوشخبری پہنچاتا ہی ہماری نزدیک اگر کوئی شخص اس آیت پر ذرا بہی غور کریگا
اور اوسکی مطلب کو سوچیگا تو وہ ہرگز صحابہ کبار اور مہاجرین و انصار کی نسبت سوائے کمال
فضیلت اور بزرگی کی دوسرا اعتقاد نرکہیگا اس لیئے کہ جب انکی شان مین خدای جلشانہ
فرماتا ہی کہ رضی اللہ عنہم ورضوا عنہ کہ مین اونسے راضی اور وہ مجسے راضی اور اونکی حق مین اللہ
تبارک وتعالی ارشاد کری کہ اعد لہم جنات تجری الخ تیار کر رکہی ہین اونکی واسطے جنتین تو پہر کون ہی کہ اونکی فضیلت کا قائل نہوے پس شیعیان پاک کو صرف اسقدر
غور کرنا چاہیے کہ مہاجرین و انصار مین صحابہ کبار مین سی وہ صحابہ رہتے
ہین داخل ہین یا نہین اگر ہین تو پہر اونکی جنتی ہونمین کیا شک ہی اور اگر نہین ہین تو

یہ خطاب خدا کا کس سی ہے اے میرے بھائیو ذرا سوچو کہ قرآن مجید پر ایمان اسی کا نام ہی
کہ جنکی حق مین اللہ اپنی رضامندی ظاہر کری اونسے تم ناراض ہو اور جنکی جنتی ہونی
کی خدا خبر دی اونکو تم مسلمان بہی نہ سمجھو اور اگر اس آیت پر بہی کوئی ایمان نلاوی
اور یہ شبہ کری کہ اسمین خلفای ثلاثہ کی نام تو مذکور ہی نہین ہین اس سے
اونکی فضیلت کا انکار مستلزم انکار آیت نہین ہی تو اوسکے شبہ کو دور کرنیکی
لئی ہم امام باقر علیہ السلام کی شہادت پیش کرتی ہین اور جسطرح پر اونہون نی خلفاء
ثلاثہ کو داخل حکم اس آیت کی بیان کیا ہی اوسکو ہم بیان کرتی ہین اوسکو ذرا دل
سی سنو اور اپنی مذہب کی کتاب سی اوسکی سند لو وہ یہ ہی کہ صاحب الفضول نے
امام باقر علیہ السلام سی روایت کی ہی کہ ایک روز حضرت امام باقر علیہ السلام
کا گذر ایک جماعت پر ہوا جو کہ خلفار ثلاثہ کی غیبت جوئی کر رہی تہی آپنے پوچہا کہ
مجھی تبلاؤ کہ تم اون مہاجرین مین سے ہو کہ جنکے لئی گہر سی نکالی گئی اور خدا کی
لئی اونکا مال لوٹا گیا اور جنہون نی خدا اور رسول کی مدد کی اونہون نی کہا کہ نہین ہم
اونمین سی نہین ہین تب آپنی پوچہا کہ پہر کیا تم اون لوگون مین سی ہو کہ جنہون نی
دار ہجرت اور دار ایمان مین گہر بنایا تہا اور مہاجرین کو آرام دیا تہا اونہون نے
کہا کہ نہین تب آپنی کہا کہ خود تم بیزار ہوئی اور نہین چاہتے کہ دونو فریق مین سے
ہو اور مین اسبات کی گواہی دیتا ہون کہ تم اونمین سی بہی نہین ہو جنکی نسبت
خداوند تعالی فرماتا ہی کہ جو لوگ بعد ان مہاجرین اور انصار کی آوینگی وہ ایسی
مومن ہونگی کہ یہ دعا کیا کرینگی کہ الہی ہماری اگلی بہائیونکی جو ہم سی ایمان مین سبقت
لیگئی ہین مغفرت کر اور ہماری دلونمین مسلمانون کیطرف سی کینہ مت رکہ شیخ تم

نہی کرنیوالا مہربان ہی آی بہائیو تم اپنی آپکو امامیہ کہتی ہو اور ائمہ کرام کی اقوال کو
کم از آیات نہین سمجھتے مگر نہین معلوم کہ اون اقوال کو جو صحابہ کی فضائل مین ہین
کیون نہین مانتی او کیون اپنی امامونکی پیروی نہین کرتی اور کیون اونکو صحابہ کی
فضائل بیان کرنیمین جھوٹا جانتی ہو غرضکہ اس حدیث سی امام باقر علیہ السلام
کی ثابت ہوا کہ اونکی نزدیک خلفاء ثلاثہ اس آیت کی حکم مین داخل ہین اور جو
وعدی جنت وغیرہ کی خدانی مہاجرین اور انصار سی کئی اونمین وہ شریک ہین
اور یہ بہی ظاہر ہوا کہ جو لوگ اونکی عیب جوئی کرتی تہی اونسی حضرت امام موصوف
بیزار تہی اور اونکو اسلام اور ایمان سی خارج سمجہتے تہی پس سوای تقیہ کی دوسرا کوئی
جواب ہو ہی نہین سکتا ہی لیکن نہین معلوم کہ کہانتک تقیہ کا عذر کیا کرینگی او کتیک
تقیہ کو ڈہال بنای رہینگے افسوس جب خدا صاف صاف مہاجرین اور انصار کی
تعریف کری اور ائمہ علیہم السلام خلفاء ثلاثہ کی صاف فضیلت بیان کرین اور پہر بہی
حضرات شیعہ قائل نہون اب معلوم نہین کہ مہاجرین اور انصار کی فضیلت کی
لئی کیسی دلیل چاہتی ہین بقول المتمسک بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ
السلام یہ آیہ بہی شامل آیۂ سابق کی فضیلت مومنین موقنین مین ہی نہ منافقین مرتدین
مین خواہ مہاجرین ہون خواہ انصار اسلئی کہ مراد سابقون سی یا سبقت فی الایمان ہی اور
آپکے حضرات ثلثہ کی ایمان ہی مین کلام ہی سابق اور لاحق ہونیکو کون پوچہتا ہی
یا سبقت فی الخیرات والطاعات مراد ہی جیسا کہ فرمایا ہی فاستبقوا الخیرات
وسابقوا الی المغفرۃ اور اونمین بہی ایمان شرط ہی اسلئی کہ اعمال کفار
کسرب بقیعۃ ہین او صدق نیت اور اتقاکہ انما یتقبل اللہ من المتقین

بھی ثابت ہی علاوہ اسکی ہی اور خاتمہ بھی بالخیر ہونا بعد ان سب کی ہی اور حضرت
ثلثہ کا نہ ایمان ہی مسلم ہی نہ سبقت نیت نہ سبقت کرنا عبادت مین ایسون پر کہ
جنکی ایک ضرب بہتر ہی ضربِ عبادت ثقلین تھی اور نہ خاتمہ بالخیر ہونا اونکا مسلم ہی پس ثابت
الی الجنۃ مراد ہی جیسا کہ بعض حواشی بیضاوی مین ہی اور اس سبقت کی ہی سبقت
فی کل الامور لازم ہی پس جن لوگونکی سبقت فی بعض الامور بھی مسلم نہین ہی تو اونکی
فی کل الامور کونکر مسلم ہوگی یا سبقت فی الہجرۃ مراد ہی اور اسمین بھی وہی ایمان شرط
ہی اور کفار و منافق کی ہجرت مفید نہین چنانچہ طبقات مین لکھا ہی کہ عبداللہ بن
ارقیط دیلمی کہ ایک کافر تھا وقت ہجرت دلیل رسول اللہ تھا اور وہ بھی مثل ابوبکر
کی بہر شاندہی راہ ہمراہ تھا گو اعتبار کفر ظاہری اور دوسرا کفر باطنی رکھتا تھا صحیح
ہو کہ جو کافر دلیل رسول اللہ تھا اوسکی طیئہ نام و نسب مین کسقدر اختلاف ہے
شاہ عبدالحق دہلوی جذب القلوب مین فرماتی ہین بعد ازان شخصی را از بنی دیل
کہ نام او رقیط بود در کار ہدایت و بدرقگی ماہر و امانت و حفظ اسرار مشہور بود اجیر
گرفتند تا بعد از سہ روز سہ در دو اشتر را بہ جبل ثور حاضر آورد و این رقیط ہم در دین کفار بود
از انتہی و قریب منہ فی صحیح البخاری و استاجر رسول اللہ رجلاً من بنی دیل ہادیاً
و ہو علی دین کفار قریش الخ فضلاً علاوہ اسکی سابق مین بیان ہوا کہ کل اعمال مین
صدق نیت شرط ہی چنانچہ بخصوص ہجرت مین حدیث صحیح بخاری ہی
کہ انما الاعمال بالنیات و انما لکل امرئ ما نوی فمن کانت ہجرتہ الی دنیا یصیبہا او الی امرأۃ ینکحہا فہجرتہ الی ما ہاجر الیہ بلکہ بیضاوی
سی بیان ہوا کہ معنے ہجرت مین ہجرت من اشرک بھی داخل ہی بلکہ حدیث مشکوٰۃ
سی ثابت ہوتا ہی کہ ہجرت از جملہ مناہی خدا ہی ملخوذ ہی چنانچہ جناب رسول خدا سے

منقول ہی کہ فرمایا کہ مسلم وہ ہی کہ سالم ہین مسلمین ہاتھہ اوسکی سی اور زبان اوسکے
سی اور مہاجر وہ ہین کہ ترک کرین منا ہی خدا کو اسنے پس صاف اس سے
ثابت ہوا کہ فقط ترک وطن کرنا للہ دنیا صدق مہاجر کی ای کافی نہین ہے
اور جب ان مضمون کی راہ سی جو آپکی مفسرین اور محدثین بیان کرتے ہین
صدق مہاجرین آپکی ثلاثہ پر مسلم نہوا تو سابق و لاحق ہر زمانی المہاجر ہ کب مسلم
ہوگا علاوہ اس سب کی آپکی مفسرین ہین باہم خود اختلاف عظیم ہی کہ مصداق
سابقین اولین من المہاجرین کون لوگ ہین بعضون نی کہا ہی کہ وہ لوگ مراد
ہین جنھون نی قبلتین کیطرف نماز پڑہی اور ظاہر ہی کہ مراد نماز سی وہ نماز نہین کہ
جسکی حق مین یراون الناس ہی بعضون نی کہا ہی کہ اہل بدر مراد ہین اور یہ بھی
ہی کہ اہل بدر مین قابل تعریف وہی ہین جو مصداق ترمذی عرض الدنیا نہین
ہین بعضون نی کہا ہی کہ اہل حدیبیہ مراد ہین اور یہ بھی ظاہر ہی کہ اہل حدیبیہ مین سی
جنکو شک نبوت جناب رسول خدا مین واقع ہوا وہ قابل تعریف نہین ہین
بعضون نی کہا کہ ہجرت سابقہ اولی وہ ہی جو بنی ہاشم نی مکہ مین اپنی گھر سے
طرف شعب ابیطالب کے اور اہل تواریخ متفق ہین کہ اس ہجرت مین کفار بھی
بجمعیت جاہلیت شریک تھی اور مدح نہین ہوسکتی ہی مگر مومنین کی اور بعضون نی کہا
ہی کہ ہجرت سابقہ اولیہ وہ ہی جو طرف حبشہ کی بمعیت حضرت جعفر طیار واقع ہوئی
اور باتفاق اہل تواریخ آپکی سابق و لاحق امین نہ تھی پس ایسے آیہ منصفہ فہما کو
نص قطعی اور حسن و خوبی حضرات ثلاثہ کی سمجھنا بخوبی فہمے مخاطب کی کس
چیز پر محمول ہوسکتا ہی قولہ پس شیعین پاک کو صرف سقد بنور کرنا چاہئے

اقول شیعیان پاک اعتقاد کی نزدیک یہ امر تطری نہین ہی کہ حاجت غور و فکر رکھتا ہو بلکہ مثل آفتاب نصف النہار روشن و آشکار ہی کہ جن منافقون سے ہم عداوت رکھتی ہین اونکی سایہ کو بھی برای نام سر مو داخلت اس آیہ مین نہین ہے حتی یلج الجمل فی سم الخیاط قولہ داخل ہین یا نہین اقول نہین نہین نہین اسلئے کہ جنت مقام مومنین ہی نہ جای منافقین فان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار قولہ اگر نہین ہین تو یہ خطاب خدا کا کسکی طرف ہے اقول کیا خوب سوای ثلاثہ کی کوئی دنیا مین قابل خطاب نہ تہا اس چوچنی سی آپکے یہی ثابت ہوتا ہی کہ آپکی پندار جہل مین انحصار مہاجرین فقط حضرات ثلاثہ ہی مین ہو گیا ہی سوای سنکے اور کوئی مہاجر نہ تہا نہ علی بن ابیطالب علیہ السلام نی جو حقیقۃً اول مہاجرین مین تہی ہجرت کی تہی نہ حضرت جعفر طیار نی ہجرت کی تہی نہ حضرت حمزہ نی ہجرت کی تہی نہ عبیدہ نی نہ اونکی اتباع نی مثل ابوذر و عمار یاسر وغیرہم یہ کوئی مہاجر نہ تہے اور اہل قبلتین نہ تہی اور اہل بدر نہ تہی بلکہ جو کچہ تہی فقط ثلثہ ہی تہی لقد حق القول حب الشئ یعمی ویصم فانہا لا تعمی الابصار ولکن تعمی القلوب التی فی الصدور قولہ اوسنے تم ناراض ہوا اقول جسسے خدا نی اپنی رضامندی ظاہر کی ہم اوسسی ناراض نہین ہین بلکہ ناراض فقط اونہین لوگون سی ہین جنکو خدا نی اعدہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذاباً مہیناً کہا ہی مقام اسکا ہی کہ ہم بھی مثل تمہاری پوچہین کہ کن سوزنیونکی حق مین خدا نی یہ فرمایا ہی ثلثہ سی بڑہکر کسنے پیغمبرؐ کو اور اہلبیتؑ پیغمبرؐ کو اذیت دی تہی سب جسکے حق مین یہ آیہ نازل ہوا قولہ اس آیت پر

بھی کوئی ایمان نہ لاوی اقول اس آیت پر بخوبی ہم ایمان لائی ہین مگر یہ نہین
ایمان پر مثل آپکی نہین ایمان لاوی ہین امنا بالله وکفرنا بالجبت والطاغوت تو یہ شبہ کرنی اقول شبہ
کیسا یہ امر تو یقینیہ ہی کہ ثلاثہ کی نام آیت مین نہین ہین اہل بصیرت تو ہرگز
نہ کہینگی کہ ثلثہ کی نام آیت مین ہین آپکو شاید ٹٹولنی سی ملجاتی ہون لیکن
حقیقت یہ ہی کہ آپکو بھی باوجود ٹٹولنی کی نملی ورنہ آیت قطعے چھوڑکر روایت
مزخرف کیطرف کیون دوڑتے کہ تصدیق اوسکی آجتک کسی شیعہ نی نہین کے
اور نہ خود سے تصدیق کرنا اوسکا عبارت شیعہ سی ثابت ہوسکا قولہ تسلزم
انکار آیت نہین اقول حقیقت مین یہی ہی کہ مستلزم انکار آیت نہین ہی غایۃ الامر
یہ ہی کہ مستلزم انکار ایک روایت بی سر و پا کا ہوگا پھر معلوم نہین کہ کس پھوٹی سوچ
سی نکلا کہ کوئی آیت پر ایمان نہ لاوی حقیقت مین تم ایمان آیت کا نہین لائی
کہ جنکی حق مین آیت تہی اونکا ذکر ہی نہین کیا سنا تھین پر اوسکو محمول کرلیا قولہ
صاحب الفصول نی امام باقرؑ سی روایت کی ہی اقول ہم فصول کو جانین نہ
صاحب الفصول کو جانین کہ کون صاحب ہین آیا کوئی شخص معقول ہین یا کوئی
بولفضول ہین کتاب غیر مشہور کی توثیق کلام علماء سی لازم تہی تا مثل محجاج الکرامہ
کہ ساختہ شاہ عبدالعزیز دہلوی ہی نہوتی اور بعد اسکی ضرورتہا اسکا ثابت کرنا
کہ صاحب کتاب مصدق روایت ہی کیون نہین جائز ہی کہ اس روایت کو اسنت
سی نقل کیا ہو اور مصدق اوسکا نہوا پکا حال یہ ہی کہ صاحب مجمع البیان کہ ناقل
اقوال مختلفہ مفسرین اہل سنت ہوتی ہین آپ اونکو قایل اور مصدق سمجھتی ہین پر
ایسی اولٹی سمجھ والونکا کیا اعتبار ہی پس جب آپ اولاً ثبوت اتدار کتاب دیگی اور

نمانیا ثبوت تصدیق صاحب کتاب بھی دیگی تو ہم جواب اونکا یون دین گے
کہ چونکہ مخالف سیکڑون احادیث و آیات کی ہی جو فرقہ ثلاثہ پر دلالت کرتی ہین
اور مخالف مجمع علیہ امامیہ کی اور موافق مذہب عامہ کی ہی ضرور ہی کہ محمول
بر تقیہ ہوی خصوصًا بنظر اسکی کہ لفظ خاص دلالت کرتی ہی اوپر اسکی کہ وہ جماعت
جملہ شیعیان مین سی نہ تھی اسلئی کہ شیعونکو در باب ثلثہ خوض اور غور کی کیا حاجت
ہی حضرت ثلثہ کا بی بہرہ ہونا دین و ایمان ہی تو اونکی اجماعیات و اتفاقیات
اور ضروریات مذہب سی ہی ایسے امر مذہبی مین اونکو احتیاج خوض و غور کیا
ہی بلکہ اگر بنظر تامل دیکھیے تو آخر حدیث بی سر و پا بھی اسی پر دلالت کرتا ہی
اسلئی کہ یہ مصداق ہونا آیۂ ربنا اغفر لنا و لاخواننا کا مخصوص انہین ہونگونکی
واسطی ہی جو ثلاثہ کو اخوان مومنین مین سی سمجھتے ہین اور پھر اونکی سعادت بھی
بیان کرتی ہین جیسے حدیث قرطاس اور حدیث فدک اور حدیث شاک فی
النبوۃ در حدیبیہ اور امثال اسکی کہ صاف صاف دلالت اوپر کفر و نفاق خصات
ثلاثہ کی کرتی ہین لیکن وہ فرقہ جو اونکو اخوان مومنین سی نہین سمجھتا بلکہ اخوان
الشیاطین جانتا ہی وہ ہرگز غیر مصداق آیۂ ربنا اغفر لنا و لاخواننا کا نہین ہو سکتا ہے
اسواسطی کہ وہ اپنی اخوان مومنین کی حق مین استغفار و دعا کرتی ہین کو اخوان الشیاطین
کیواسطی نکرین بلکہ بد دعا کرین کہ خداوندا اونکو اپنے رحمت سی دور رکھہ
یہی معنی ہین تبرّی کی جسکو اہل سنت پر سب و شتم تعبیر کرتی ہین مخفی نرہے
کہ اگر مراد مخاطب کی کتاب الفصول سی فصول مہمہ ہی تو وہ کتاب اہلسنت کی
مذہب کی ہی اور ابن صباغ مالکی کی ہے شیعون سے اوس سے کچہ

واسطے نہین اور بطور سی اہلسنت فی اپنی صحاح استناد مین سیکڑون ہزارون افترات
جناب رسول خدا پر کی ہین اگر ایک افترا امام محمد باقر علیہ السلام پر بھی ہو تو جاے
تعجب نہین ہی قولہ تم اپنی آپکو امامیہ کہتی ہو اقول فقط ہم اپنی آپ اور تمہارے
ان ایسا امامیہ نہین کہتے بلکہ تم ہی ہمکو امامیہ کہتی ہو اور اپنی آپکو اہلسنت معاویہ
کہتی ہو قولہ اور ائمہ کی اقوال کو کم از آیات اقول بلکہ بیش از آیات الٰہی
کہ یہ صحف اطہر صحت صداقت کی مفسر ہین اور وہ جو فرماتی ہین بیشک وشبہ
مراد خدا کلام خدا سی وہی ہی ولن یفترقا حتی یردا علی الحوض قولہ مگر
نہین معلوم کہ ان اقوال کو اقول اگر نہین معلوم تو ہم تمکو بتلا دیتی ہین وجہ اسکی
یہ ہی کہ ایسے اقوال مثل ابوال کو کلام ائمہ نہین سمجھتے بلکہ یہ سمجھتی ہین کہ جیسا
سنیون نی جناب رسول خدا پر بلکہ خدا پر افترآت کئی ہین ویسا ہی ائمہ پر بھی
افترآت کئی ہین قولہ جھوٹا جانتی ہو اقول ہرگز ائمہ کو جھوٹا نہین جانتے
بلکہ جھوٹا جاننے والی پر تین حرف کہتی ہین آری حضرات اہلسنت کو سلفا عن
خلف جھوٹا جانتی ہین کہ تابعین کاذبین عادین خائنین آثمین کی ہین علی ما فی
صحیح المسلم قولہ اس حدیث سی امام محمد باقر علیہ السلام کی ثابت ہوا اقول کلام
اس حدیث مین سند ابھی ہی اور متنا بھی ہی اور دلالہ بھی ہی ایسے حدیث
قابل حجت نہین ہو سکتی خصوصا اوسوقت مین کہ تامل اوسکا کوئی سنی ہو قولہ
پس سوای تقیہ کی اور تو کوئی دوسرا جواب ہو ہی نہین سکتا اقول جب آپکو
معلوم تہا کہ جواب بہ تقیہ ہو سکتا ہی تو پھر یہ بات کسطرف کی سوجہہ سی نکلی ہے
کہ نہین معلوم ان اقوال کو جو صحابہ کی فضائل مین ہین کیون نہین مانتی ہے

قولہ کہانتک تقیہ کا عذر کیا کرینگے اقول جہانتک کہ صحیح بخاری مین آپ
البتہ ابی یوم القیامۃ کو سنکر نہ جلادینگے قولہ تقیہ کو ڈہال بنای رہینگے
اقول یہ ڈہال خدا نی کہا ان تتقوا منہم تقاۃ او تقیۃ سی بنائی ہی
اور شیعونکی ہاتہ مین یہ ڈہال اور شمشیر تبرا الی یوم القیامۃ دی ہی اسی سبب
سی ہمیشہ شیعونکی وار چل جاتی ہین اور مخالفین کی اعلی سی اسفل تک پہنچ جاتی
ہین قال المخاطب المقام ہذا اللہ سبل السلام حضرات شیعہ بعض مرتبہ
یہ شبہ بیان کرتی ہین کہ اللہ جلشانہ نی اون مہاجرین اور انصار کے
تعریف کی ہی جنھون نی خاص خدا کی لئی ہجرت اور نصرت کی تہی نہ کہ انکی
جنھون نی دنیا کی طمع سی ہجرت اور نصرت کی تہی اس شبہ کو ہم تین طرح
سی رد کرتی ہین اول یہ کہ جب مہاجرین نی ہجرت کی اور انصار نی نصرت
کی اوسوقت دنیا اور دولت کہان تہی جسکی طمع ہوتی ہر جب مہاجرین نی مکہ
سی ہجرت کی تب کیا مدینہ مین کسی خزانہ کی نکلنی کی خبر اونکو ملی تہی جسکی لوٹنی
کی طمع کی ہون یا جب انصار نی مہاجرین کی خاطر کی اور اونکو اپنی گہر ٹہرایا تو
کیا مہاجرین کچہ بہت سا مال اپنی ہمراہ لیکر گئی تہے جسکی چہین لینی اور لوٹ
لینی کی نیت سی اونھون نی اونکے مدد کی ہو اگر مہاجرین نی خدا کے
لئی ہجرت اور انصار نی اللہ کیواسطی نصرت نہین کی تو پہر اونکی ہجرت اور
نصرت کا کیا سبب تہا اور تیسری اگر تمام مہاجرین اور انصار نی ہجرت اور نصرت
دنیا کی طمع پر کی تہی تو بیشک مہاجرین اور انصار کی تعریف کرنا معاذ اللہ
خضول اور مہمل ہوجاتا ہی اب یہ کہنا کہ جب کہ نی خدا کی لئی ہجرت اور نصرت

نہین کی توخدا اسکی شان مین والسّابقون الاوّلون من المهاجرین والانصار
فرماتا ہی اور جب سب کی سب منافق تہی ترکنکی نسبت لقد رضی الله
عنهم ورضوا عنه ارشاد کرتا ہی اور اگر بعضونکی ہجرت اور نصرت خدا
کی لئی اور بعضونکی دنیا کی لئی تہی اونکا نشان دیجئی کہ وی کتنی صاحب
تہی سبھون نی خدا کی لئی ہجرت اور نصرت کی جب نام لینا اور نشان دینا
شروع کردگی تو سوای تین چار کی اور کوئی نہ نکلیگا اور تین چار کی ہجرت اور
نصرت کی ثبوت سی کیہ فائدہ حاصل نہوگا تیسری اللہ جلشانہ نی خود اپنے
کتاب پاک مین اس شبہہ کو دور کردیا ہی اور اپنی مہاجرین اور انصار کیطرف سے
جواب دیدیا چنانچہ ورود آیتونین اللہ جلشانہ نی اس امر کو تصدیق کردیا کہ مہاجرین
اور انصار نی جو کچہ کیا وہ میری واسطی کیا ہی چنانچہ ہم دو آیتونکو ایک مہاجرین کی
نسبت دوسری انصار کی نسبت بیان کرتی ہین پہلی آیت اللہ جلشانہ مہاجرین کی
نسبت فرماتا ہی الذین اخرجوا من دیارهم بغیر حق الا ان یقولوا ربنا الله
کہ جو لوگ نکالی گئے اپنی گہرون سی اونسے کوئی قصور نہین ہوا تہا سوای اسکی
کہ وہ اللہ کو اپنا پروردگار کہتی تہی اور کفر کو چہوڑکر مسلمان ہوگئی تہی پس اس آیت سی
صاف معلوم ہوتا ہی کہ مہاجرین کی ہجرت کا باعث سوای اسکی دوسرا نہا کہ
کفار اونکی اسلام لانیسے خفا ہوگئی تہی اور اونکی خدا کو رب کہنی سی ناراض ہوگئی
تہی کہ اسلیے قصور مین اونہون نی ایذا دینی شروع کی اور بمجبوری اونکو گہر بار چہوڑنا
پڑا اب اس آیت کو بدا سنکر مخالفات شیعہ کہین کہ مہاجرین نی بطمع دنیا ہجرت کی
تہی تو اونکو زیبا ہی ہماری تو سونہ سی ایسے بات نکل ہی نہین سکتی دوسرے

آیت اللہ جلت شانہ انصار کی شان مین فرماتی ہی والذین تبوؤا الدار
والایمان من قبلهم یحبون من هاجر الیهم ولا یجدون فی صدورهم
حاجة مما اوتوا ویوثرون علی انفسهم ولو کان بهم خصاصة ومن
یوق شح نفسه فاولئک هم المفلحون کہ جو لوگ مہاجرین سی پہلے مدینہ مین رہتی
ہین وہ چاہتے ہین اون لوگونکو جو ہجرت کرکی آوین اونکی پاس اور جو کچھ
مہاجرین کو دیا جاتا ہی اوسکا کچھ خیال نہین کرتے اور اوس سی رنجیدہ نہین
ہوتی اگرچہ وی خود بھی محتاج ہین اور اپنی جانون سی زیادہ مہاجرین کو چاہتے
ہین اور کچھ بھی حرص دلمین نہین رکھتے اور جو ایسے ہین وہ فلاح پاوینگی پس
دیکھنا چاہئی کہ خدا انصار کی نصرت کی کیسے تعریف کرتا ہی اور اس امر کے
کہ اونکی نصرت صرف واسطی خدا کی ہی کیسے تصدیق فرماتا ہی پس اب ہم حیران
ہین کہ جب اللہ جلت شانہ مہاجرین کی ہجرت کو صرف اپنی واسطی فرماوے
اور انصار کی نصرت کو فقط اپنی لئی تصدیق کری اور پیغمبر کی سونپے یہ
بات نکلی کہ اونکی ہجرت اور نصرت دنیا کیواسطی تہی ای یارو ذرا تو سوچ کہ تم خدا کی کلام
کی تصدیق کرتی ہو یا تکذیب اللہ کی حکم کو مانتی ہو یا اوس سی مقابلہ کرتی ہو خدا
تو فرماوی کہ مہاجرین اور انصار اچہی تہی کہو کہ نہین وی بری سی بری وہ کہے
کہ مین اونسی راضی وی نہین سی راضی ہم کہو کہ نہین ہم بالکل غلط نہ خدا اونسی راضی
نہ وی خدا سی راضی اللہ فرماوے کہ اونہون نی ہجرت میری لئی کی اور نصرت
میری واسطی کے اور ہم کہو کہ نہین وہ دنیا کی طمع سی نکلے حرص دولت
کی تہے پیغمبر کی نصرت مین شریک ہوی آخر تو ذرا غور کرو کہ کیا کہتے

اور کیا کرتی ہوا ہی بہائیو ایک آیت ہو دو آیت ہون اونکی تاویل ہوسکتی
ہی اوسکے معنی بن سکتی ہین جب سارا قرآن مجید مہاجرین اور انصار کے
ذکر سی بہرا ہوا ہی تو کہان کہان تاویل کروگے کس کس آیت کی تحریف
معنوی فرماؤگی سے تن ہمہ داغ داغ شد پنبہ کجا کجا نہی حقیقت یہ ہے
کہ مذہب تو عبداللہ بن سبا کا اختیار کر لیا مگر اب کوئی بات بن نہین پڑتے
نہ قرآن مجید سی انکار ہوسکتا ہی نہ اوسکی تصدیق کیجاتی ہی سے شق چہ
آسان نمود آہ چہ دشوار بود ہجر چہ دشوار بود یار چہ آسان گرفت بقول
المتمسک بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ السلام یہ جو آپ فرماتی ہین
کہ حضرات شیعہ بعض مرتبہ یہ شبہ کرتی ہین اس عبارت سی سمجھا جاتا ہی کہ مرتبہ دیگر
دوسری طرح سی کرتے ہین پہر اوسکی بیان کرنمین کیون اپنی سونہہ چرایا حقیقت
یہ ہی کہ شیعہ نہ یہ کرتی ہین نہ وہ کرتی ہین بلکہ ہمیشہ یہی کہتی ہین کہ خدا
نی مومنین موقنین متقین مہاجرین اور انصار کی تعریف کی اور منافقین اور
فاسقین اور فاجرین کے اور مرتدین کی مذمت کی خواہ ظاہرین مہاجرین
مین سی ہون خواہ انصار سی خواہ مجمع عزت و مال و منال دنیا ایمان لائے ہون اور
مصداق تریدون عرض الدنیا ہون خواہ بخوف جان ایمان لائے ہون ہجرت
کرنی اونکا بھی خواہ لطمع دنیا چاہی ہو خواہ بسلمح دنیای اجل یعنی دنیای مرجو الحصول ہو خواہ
بخوف جان از دست کفار یعنی چونکہ ظاہرین لطمع دنیای مرجو الحصول اوسنے
شہادتین کرچکی تھے تو البتہ تمام ہوگیا تھا کہ کفار ہاتھ جرم کرکیون کلمہ گو ہوگئے فی
الحقیقت ہوئی مار ڈالنے اس ڈر سی کہ چھوڑکر مدینہ کو گئی پس بی شبہ ایسے

لوگونکی ہجرت شدنی اللہ نتھی اور ایسے ایمان والی رتقیقت مین مومن مسلم تھے
اور درحقیقت مین ایسے ترک وطن کرنیوالی مہاجر تھی گو ظاہر مین اونکو مسلمان
اور مہاجر کہین مگر خدا نہین تعریف کرتا مگر مومنین اور مہاجرین سچے تھے کی اور اسیطرح
اہل مدینہ مین جو طمع دنیای مرتبہ الحصول ایمان لائے اور لڑائیونمین جمع حصول مال
غنیمت بظاہر شریک رہی اور وقت پڑی پر مہاجرین قاریین کی ساتھ ہاک
کھڑی ہوئی اور تقسیم غنائم کیوقت کہتی تھی رحم اللہ نبیہ یسلے قرشیا ویبوفا فقط
من دماثہم کما مر سو یہ لوگ حقیقت مین انصار سچے نتھے اور خداوند تعالی
نی اونکی حق مین منہم من یلمزک فی الصدقات نازل کیا پس ایسی
مہاجر اور انصار کی خدائی تعریف نہین کی بلکہ اونکی مذمت سی قرآن بھرا ہوا
ہی اور خدائی ایسونکو ملقب بلقب مہاجر و انصار نہین کیا ہی بلکہ ایسی لوگونکو
بمنافقین تعبیر کیا الہذا زبردستی منافقین کو لقب مہاجر اور انصار دیتی ہین اور
کل آیات کو اونہین منافقین کی مدح وثنا مین ٹھہرانی ہین اگر یہی اچھی سچی
تو آیات مذمت کسکی شان مین ہین حسب مزعوم اہل اہانت شیعونکی نزدیک تو
سیلاد و چار قابل مدح بھی نکلتے ہین پس آیات مدح اونہین کی شان مین ہوسکتی
ہین لیکن بنا بر مذہب سنیان کہ صحابہ کل عدول ہین دونون بھی قابل مذمت
نہین نکلتے پھر خداوند تعالی فی جو ثبات قرآن مذمت منافقین سی بھرا ہی
اوسکا مصداق کون تھا اور اگر حاضرین صحبت سی نہ تھی وہ لوگ جنکی حق مین
یوذون اللہ و رسولہ ولعنہم اللہ فی الدنیا والآخرۃ فرمایا ہے
تو شام و روم اور فارس کی لوگ اپنی گھر بیٹھے بیٹھے رسول خدا کو ایذا دینی

دیتی تھی جنکی خدا مذمت کرتا ہی حقیقت یہ ہی کہ سنیونکی قول پر جتنے آیات
مذمت ہین سب نعوذ باللہ مہمل ہین اور اہلسنت ہرگز اون آیات کا ایمان نہین
لائی جسطرح تمنے کہا ہم بہی کہتے ہین کہ آیات مذمت کی کہان کہان تا دیل
کروگی کس کس آیت کی تحریف معنوے کروگی سے تن ہمہ داغ داغ
شد پنبہ کجا کجا نہی حقیقت یہ ہی کہ از ابوبکر تا یزید توبیت کرکی خلیفہ بنالیا گر اب
کوئی بات بن نہین پڑتی نہ قرآن مجید سی انکار ہو سکتا ہی نہ اوسکی تصدیق کیجائے
ہی سے عشق پہ آسان نمود آوّ چہ دشوار بود ہجر چہ دشوار بود یار چہ آسان گرفت ؛
قولہ اوسوقت دنیا اور دولت کہان تہی اقول یہ وہی شبہ پارینہ ہے
جو دلیل اول مین آپنے ذکر کیا اور ہم جواب دیچکی اور بعد اسکی ایمان ابوبکر مین
بہی بیان کیجیگا کہانتک اس خرقہ پشمین کو دھوہو کی آب تاب دیجیگا
گزارش ہوچکا کہ طمع دنیا کی لئی دولت دنیا کا موجود ہونا ضرور نہین ہے بلکہ
بسا ہی کہ بامید سو ہوم حصول دنیا لوگ کارہای عظیم پر مبادرت کرتی ہین چہ جائی
اینکہ حصول وغیرہ بعد چندروزکی مظنون بقرائن حال و تصدیق مقال کا ہین فی
الاستقبال ہو قولہ کیا مدینہ مین کسے خزانہ کی نکلنی کی خبر اوسکو ملی تہی اقول خزانہ
کی نکلنی کی خبر تو نہین ملی تہی مگر سلطنت مستی بخلافت ملنی کی خبر کا ہونسی تہی
قولہ بہت سامان ہمراہ لیکر گئی تہی اقول مسلم ہی کہ مال ہمراہ لیکر نہین گئے
تہی مگر انکی سبب طمع حصول مال کی دامنہ آیندہ مین تہی اگر یہ ملحوظ نتہے تو کیونکر کہتی
تہی کہ لیجائے قرشا و سیونا تقطرس ۔ ثم قولہ تو پہر اونکی ہجرت اور نصرت کا کیا
سبب تہا اقول سرمین مومنین کی ہجرت کا اور نصرت کا سبب رضای خدا تہے

اور منافقین کی ہجرت اور نصرت کا سبب ملحوظ مصول و نیازمانہ آئندہ مین سے تمام
قولہ اگر تمام مہاجرین اور انصار نی اقول اگر تمام مہاجرین اور انصار نی ہجرت اور
نصرت تندکی تھی تو خدا تمام مہاجرین اور انصار کی مذمت کرتا معاذ اللہ فضول اور
مہمل ہوا جاتا ہی اسلئے کہ جب کسینی دنیا کی لئی ہجرت اور نصرت نہین کی
تھی تو خدا اسکے شان مین تریدون عرض الدنیا فرماتا ہی اور کسکی شان مین لیزدادوا
اثما بالموۃ فرماتا ہی اور کسکے شان مین فقد ضل سواء السبیل فرماتا ہی اور کسکے
شان مین من تولہم فانہ من الظلمون فرماتا اور جب سبکی سب صحابہ مومن تھی تو
کسکی نسبت لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ واعد لہم عذابا مہینا ارشاد
کرتا ہی اور اگر بعضونکی ہجرت اور نصرت خدا کی لئی اور بعضونکی دنیا کی لئی تھی ان کا
نشان بتجئے کہ وہ کتنے تھے اور کونسے تھے اور جنہون نی دنیا کی لئی ہجرت اور نصرت
کی جب نام لینا شروع کروگی تو تین چار صاحب ہی تکو ملینگے اسلئے کہ تمہاری
نزدیک صحابہ کل معدول ہین پس البتہ اقوال خداسے مہمل اور فضول ہین معاذ اللہ
من ذلک قولہ اور تین چار کی ہجرت اور نصرت کی ثبوت سی کچھ فائدہ حاصل
نہوگا اقول بڑا فائدہ حاصل ہوگا کہ مصداق ممدحین خدا پیدا ہوجائینگے اور مثبون
کی زبان دراز جو بکذب وافترئی ہ مازہی بی تکلف قطع ہوجائیگی پھر نہ کہہ سکین گی
کہ خدا کا تعریف کرنا فضول اور مہمل ہوا جاتا ہی ہمنین سنتے کہ غرض اس شخص
کی فائدہ حاصل نہونی سی کیا ہی اگر یہ غرض ہی کہ رسول خدا کو تین چار کی ذات
سی کچھ فائدہ نملیگا تو حقیقت یہ ہی کہ جنہون نی شدید ہجرت کی اور دین کے سر
نصرت کی اونہین کی ذات کو فائدہ دین و دنیا ملجانب رسول خدا نظر واقعہ انکی

محتاج نہ تہی اور اگر بظاہر احتیاج فرض کیجاوی تو ایک سیف یداللہی واسطے
حمایت دین مبین کی کافی اور وافی تہی کہ جب سب بھگوڑی بھاگ کہڑی ہوتی
تہی تو دین خدا اونہین کی زور شمشیر سی قایم رہجاتا تہا پس وہی تنہا کافی تہے
چہ جای اینکہ اونکی ساتہہ دیگر مومنین وقنین بہی امثال حمزہ وعبیدہ اور جعفر طیار
اور دیگر اتباع اخلاص شعار بہی شریک ہوجاوین اس کذب وافتری کے بہی
کچہ انتہا ہی کہ سیکڑون شہدای بدر واحد وحنین وخیبر کو شکی نہاتہ بانجیر ہونیکی شہادت
رسول خدا دیتی تہی اور اونکی مصداق قاتلو وقتلو ہونیمین کسینے آج تک
شک نہین کیا ہی ہماری حضرت مخاطب بکذب وافتری فرماتی ہین کہ شیعہ
پنجتنین چارکی ان سب بزرگوارونکو مصداق مہاجرین وانصار ممدوح نہین
جانتی آری حضرت کہیئی اس جھوٹہہ پر آپکے سر پر آسمان نہ پہٹ پڑے
ماسیان دین مبین کا تو کچہ ذکر ہی نہین فقط دو تین منافق کی حق مین سب آیتین
کلام اللہ کی محمول کیجاتی ہین کہ وہی منافق مصداق قاتلو وقتلو ہے تہے
اور مصداق رضی اللہ عنہم بہی تہی اور وہی سابقون اور وہی اولون اور وہی
مہاجر اور انصار تہی جو کچہ تہی وہی ثلاثہ تہے باقی سب ہیچ سے زہی عقل و
زہی دانش زہی ہوش قولہ مہاجرین اور انصار کیطرفسی جواب دی دیا
اقول پہر آپکی ثلاثہ کو کیا ملا سب ایمان ہی اونکا بطمع دنیا تہا تو اونکی مہاجرت
اور نصرت بہی بی شبہ بطمع دنیا تہی اور ایسے لوگونکو نہ ہم مومنین مین سمجہتی ہین نہ
مہاجرین اور انصارین بلکہ ہم اور ہمارا خدا بہی ایسے لوگونکو منافق کہتا ہے
قولہ مہاجرین اور انصارنی جو کچہ کیا میری ہی واسطے کیا اقول محض غلط

اور اقرب ملی اشبہی کسے آیت کا قرآن مین یہ مضمون نہین ہی کہ کل مہاجرین
اور انصار نی جو کچھ کیا وہ میری ہی مرضی ملی گیا اور کیونکر یہ قول قبول کرہی کہ افعال
سا معین متضمون اور اگر بفرض محال ہم تسلیم ہی کرلین کہ کسے آیت کا یہ مضمون
ہو تو مراد مہاجرین اور انصار حقیقی ہین نہ وہ منافقین کہ خبکو بالسنت نی مہاجر اور
انصار نام رکھہ لیا ہی قولہ مہاجرین کی نسبت فرماتا ہی کہ الذین اخرجوا الخ اقول یہ آیہ
شان نزول مین مومنین مقاتلین کی ہی چنانچہ ابتدای آیۂ وانی ہدایہ یون ہی اذن للذین
یقاتلون بانہم ظلموا وان اللہ علی نصرہم لقدیر الذین اخرجوا من دیارہم
بغیر حق الا ان یقولوا ربنا اللہ ـــ یعنی اجازت قتال دیگئے
مقاتلین کو سبب اسکی کہ وہی مقاتلین مظلوم ہین اور بتحقیق کہ خدا اونکی منصور
کرنی پر قادر اور توانا ہی اور وہ مقاتلین جنکو اذن جہاد ملا وہ لوگ ہین کہ نکالی گئی
اپنی گہرون سے بناحق فقط اس بات پر کہ ربنا اللہ کہتی تہی قال البیضاوی
وہی اول آیۃ نزلت فی القتال بعد ما نہی عنہ یعنی یہ اول آیت ہی جو اجازت قتال
مشرکین مین نازل ہوئی بعد اسکی کہ ابتدای امر مین اوس سی منع کیگئی تہے
انتہے اپس اس آیۂ شریفہ مین جناب باری بیان فرماتا ہی کہ مومنین مقاتلین
فی سبیل اللہ کو اب ہی اجازت قتل وقتال مشرکین دی بسبب اسکی کہ اون پر
مشرکین نی بہت ظلم کیا اور اونکو جلای وطن کردیا فقط اتنی ہی بات پر کہ وہ ربنا
اللہ کہتی تہی یعنے ایمان بخدا لائی اور لا الہ الا اللہ کہا حاصل آیۂ شریفہ یہ ہے
کہ جدال وقتال فی نفسہ امر مرغوب نہ تہا مگر ہمنے اوسکی اجازت اسلئی دی
کہ خود کفار نی ظلم وجور مسلمانونپر شروع کیا یہانتک کہ اونکا گہر بار چھین لیا اور آوارہ

وطن کردیا تب سزا مین اون ظلمون کی سہنے بہی مسلمانونکو اجازت دی کہ تم
بہی کافرونکو مارو اور اونکا مال واسباب چہین لو جیسے وہنون نی تمہارا چہین لیا ہے
پس عوض قبیح قبیح نہین ہی بلکہ حسن ہی اور جب حاصل آیۂ شریفہ معلوم ہوا تو
جاننا چاہئے کہ یہان ذکر دو قسم کی فعل کا ہی ایک تو وہ جو کفار نی مسلمین کے
ساتہ کیا یعنے ظلم کیا اور گہرون کسی نکال دیا دوسری فعل مسلمانون کا کہ اونہون
نی ربنا اللہ کہا تہا یعنے مسلمان ہوئی تہی اعم اس سی کہ بصدق دل ربنا اللہ کہا
ہو جیسے کہ مومنین موقنین یا بطمع دنیا ربنا اللہ کہا ہو جیسے کہ منافقین پس حق تعالی
جو فرمایا کہ دو آیتو مین اللہ جل شانہ نی اس امر کو تصدیق کردیا کہ مہاجرین او
انصار نی جو کچہ کیا وہ میری واسطی کیا ہے اس آیت سی تو ایک کام کا کرنا بہی
خدا کیواسطی نہ نکلا چہ جائی اینکہ جو کچہ کیا وہ میری واسطی کیا الغرض ظلم کرنا اور گہر
سی باہر نکال دینا کار مشرکین تہا نہ کار مہاجرین اور ایمان لانا کار مہاجرین تہا مگر
بصدق دل کل کا ایمان لانا یا بعض کا بصدق دل اور بعض کا بطمع دنیا اس
آیۂ شریفہ کو اس پر ہرگز دلالت نہین ہی آری جسطرح گہر سی نکالنا کار مشرکین تہا
اسیطرح کہہ سکتی ہین کہ گہر سی نکلنا کار مہاجرین تہا لیکن آیت مین تو گہر سی نکالنی کا ذکر
ہی نہین ہی بلکہ کفار کی نکالنی کا ذکر ہی باقی رہا نکلنا فی نفسہ کیسا امر تہا گو ہر آیت
سے اوس ہی کچہ واسطہ نہین پس مومنین موقنین تو مہاجراً الی اللہ والرسول
نکلی تہی اور منافقین دنیا طلب مہاجراً الی الدنیا نکلی تہی پس اس آیۂ شریفہ
مقاتلین مین سے ہے مطلب مخاطب سی کچہ واسطہ نہ ٹہرا بلکہ آپکی نکالنے والے
مقاتلین مین ہی جو مصداق آیہ مین کسیطرح داخل ہو سکین آپ ہی فرمادیجئی کہ کس

لڑائی مین تمہاری حضرات مقاتلین مین سی وے تے کہان قتل کیا کس کافر کو مارا
ہمنے تو اونکا بخر فرار کی قرار ہی کسی معرکہ مین نہین سنا فضلاً عن القتال قولہ کفار
اونکی اسلام لانیسے خفا ہوگئے اقول سچ ہی کہ مومنین کی بہی ایمان حقیقے لانیسی
خفا ہوگئی تہی اور منافقین کی بہی ایمان ظاہری لانیسے خفا ہوگئی تہی اور دونو کو گہر مین
سی نکالدیا تہا لیکن مومنین حقیقے کی تو خون کی پیاسے رہتی تہی اور منافقین سی اونکی
عداوت نتہی مگر جب بہی اشتعال ابن ربیعہ سوچہاس جوتی ہی لگا کی چہوڑدیتی تہی اور یہ امر بہی
بہ نسبت انہین منافقین کی تہا جو کفار سی چندان میل ملت نرکہتے تہی لیکن وہ لوگ جو کفار سی
زیادہ لگی لپٹی رکہتے تہی اونسی اغماض بہی کرجاتی تہی چنانچہ حضرت عثمان جب وقت صلح حدیبیہ کفار
کی پاس بہیجے گئی تو اونکو کفار نی کچہ بہی اذیت نہین دی اور اونکو اطمینان تمام
تما کفار کیطرف سی پس ایسے لوگونکو البتہ کفار نی نہ نکالا ہوگا لیکن ایسی لوگ
فقط بطمع دنیا خود نکل گئی ہونگے ترین قیاس تو یہی بات ہی اگی مخاطب کو اپنی
سمجہہ کا اختیار ہی قولہ اونکو زیبا ہی اقول اور تمکو یہ زیبا ہی کہ کہو کہ منافقین نی
بہی خاص واسطے خوشی خدا ہی کی ہجرت کی تہی اسلئے کہ ظاہر مین وہ بہی تو
ربنا اللہ کہتے تہے ادا گر تم یہ نہ کہوگی تو اپنے ثلاثہ کو کیونکر داخل مہاجرین
کروگے اور شیعہ ایسی مہاجرین کی شان مین اگر بطمع دنیا ہجرت کرنا کہین تو
کون بڑی بات ہی وہ تو ایسے ایسے باتین اونکی حق مین کہتے ہین کہ اہلسنت
کا جگر جسکے سنتی ہی جل بہنکر کباب ہوجاتا ہے قل ہو تو ابغیظکم قولہ ہماری تو مونہہ
سی ایسے بات نکل ہی نہین سکتے اقول سچ ہی کیونکر ایسے بات نکلی کہ
جبرسے حضرات ثلثہ کو ضرر پہنچے مگر چونکہ شیعونکی مونہہ ہی خدا انکلواتا ہی اونکے

لئی کافی ہے آپکی مونہہ سی نکالنے کی کیا ضرورت ہی قولہ دوسری آیت
اللہ لسبل شانہ انصار کی شانمین فرماتا ہے والذین تبوؤ الدار اقول
یہ آیہ وانی ہدایہ ذکر تقسیم فی ثمین ہے چنانچہ پیشتر اس سی جناب باری فرماتا
ہی للفقرآء المهاجرین الذین اخرجوا من دیارهم الی ان قال والذین
تبوؤ الدار والایمان من قبلهم یعنی مال فی واسطی فقرار مہاجرین
کی ہی جو اپنی گہروں سے نکالی گئی اور واسطی اون لوگونکے ہی جنہون نی جگہ لی
ہی دار ہجرت مین اور دار ایمان مین یا خالص کیا ہی ایمان کو قبل ہجرت
مہاجرین کی علے اختلاف التفسیر قال البیضاوی تحت قوله والذین
تبوؤ الدار عطف علی المهاجرین والمراد بهم الانصار الذین ظهر صدقهم یعنے
والذین عطف ہی اوپر مہاجرین کی اور مراد ساتھہ اسکے وہ انصارمین کہ جنکا
صدق ایمان ظاہر ہوگیا ہی سانتے اور کہا ہی بعض مفسرین نے کہ مراد وہی
انصار ہین جو قبل از ہجرت مہاجرین ایمان لای ستے اور کہا بعض آخرنی کہ مراد
اصحاب بیعت عقبہ ہین کہ وہ ستر آدمی ستے انصارمین سی کہ عقبہ منی مین جہان رمے
جمرہ حج مین کیا جاتا ہی اونہون نی بیعت رسول خدا کی تہی اوپر حرب کل احمر
اور اسود کی اور وہی لوگ دوست رکہتی تہی اونکو جو اونکی طرف ہجرت کرتی ستے
الغرض قول بیضاوی سی خصوصیت اس آیہ کی ساتھہ فقرا انصار کی اور ساتھہ مخلصین
فی الایمان سکے کہ جنکا صدق ایمان ظاہر ہوا تہا معلوم ہوتی ہی اور قول دیگر
مفسرین سی خصوصیت اون انصار کی جو قبل ہجرت مہاجرین ایمان لائی ستے یا
خصوصیت ساتھہ اہل بیعت عقبہ کی معلوم ہوتی ہے پس مخاطب بوشش مہکا ذانا

کہ اس آیت سی یہ سمجھا جاتا ہی کہ کل انصار نی جو کچھ کیا وہ خدا کیواسطی کیا یہ کہان سی
سمجھ گیا اب ہم اہلسنت کی مفسرین کی قول کو دیکھین کہ وہ باعلای ندا پکارتے
ہین کہ انصار مخصوص مراد ہین یا قول حضرت مخاطب کو دیکھین اور مفسرین کو جھوٹا
سمجھین اور اگر پاس خاطر مخاطب ہم بھی کرین تب بھی جب ہم غور کرتی ہین تو حضرت
ثلاثہ مخاطب کو کچھ فائدہ نملیگا بلکہ اونکی حق مین بیعت ابوبکر سے نکرنا بعض انصار
کا مثل قیس بن سعد و سعد عبادہ وغیرہ کا ضرر پہنچا یگا خصوصًا حضرت خلیفہ ثانی کو
کہ جب نہ بیعت کرنے سعد عبادہ سی ناخوش ہوی تو فرماتے تہی اقتلوا سعدًا
قتلہ اللہ فانہ صاحب فتنۃ بیشہ جیسا کہ نہایہ ابن اثیر مین کہ بڑی معتمد کتاب اہلسنت
کی ہی موجود ہی اور خود صاحب نہایہ نی اور دیگر اہل لغت نی تصریح کی ہے کہ
قتلہ اللہ بمعنے لعنہ اللہ ہی پس آیہ رئیس انصار کو جسکی حق مین خدا نی بقول شما
فرمایا ہی کہ جو کام اونے کیا وہ فقط میری ہی واسطے کیا تو بیعت ابوبکر نکرنا اس
بیچارہ کا فقط خدا ہی کیواسطی تہا ایسے کار خاسندی خداوندی پر اسقدر ناخوش
ہونا کہ حکم اوسکے قتل کا دینا اور اوسکو لعنت کرنا اور ایسے نیکوکار کو صاحب شر و
فساد کہنا کار دیندار نہین ہے قولہ خدا انصار کی نصرت کی کیسے تعریف کرتا
ہی اقول اگر مراد انصاری انصار حقیقی ہین تو مسلم ہی اور اگر مراد اعم انصار حقیقی اور انصار ظاہر
سی ہی کہ جسمین منافقین بھی داخل ہین جیسا کہ جناب باری فرماتا ہی ومن حول المدینۃ
مردوا علی النفاق لا تعلمہم تو ہرگز مسلم نہین ہے کہ خدا نی کہین اونکی تعریف
کی ہو قولہ پھر شیعونکی سونہہ ہے یہ بات نکلی اونکی ہجرت اور نصرت دنیا
کیواسطی تہی اقول شیعونکی سونہہ سی البتہ یہ بات نکلتی ہی لیکن معاذ اللہ

Presented by: Rana Jabir Abbas
jafir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

کہ بنسبت مہاجرین اور انصار کے حقے کی یہ بات نکلی بلکہ منافقین کی نسبت نکلتی
ہی آپ کیون شیعونپر افترا کرتی ہین آپنے نہین سناہی کہ بہت جھوٹ بولنے
سی سونہہ سی بو آتی ہے قولہ خدا کی کلام کی تصدیق کرتے ہوا قول خدا
کی کلام کی تصدیق کرتے ہین مگر تمہاری کلام کی تکذیب کرتے ہین اور تم کو
مقتری علی اللہ جانتی ہین قولہ یا اوس سی مقابلہ کرتے ہوا قول اوس سی
تو نہین مقابلہ کرتی مگر اوسکی طرفسے تمسی مقابلہ کرنیکو موجود ہین کہ کیون خدا تہمت
کرتے ہو قولہ خدا تو کہی کہ مہاجرین اور انصار اچہی اقول ہم بہی کہتے ہین کہ
جو حقیقت مین مہاجرین اور انصار مین وہ سب اچہی اور منافقین سب بری قولہ
وہ کہی کہ مین اونسے راضی اقول ہم بہی کہتے ہین کہ ہم بہی اونسی راضے
اور ہمارا خدا بہی راضی لیکن منافقین سے رضامندی بالکل غلط نہ خدا اونسی
راضی نہ وہ خدا سے راضی لہذا ہم بہی اونسے نہایت ناراض ہین اور جاونکی حمایت کرتے
ہین آپ خوب جانتی ہین قولہ اللہ فرماوی اونہون نی ہجرت میری لئی کے
اقول جنکی حق مین اللہ فرماتا ہی اونکو ہم بہی دوست جانتے ہین لیکن تم جنکو
کہتی ہو وہ دنیا ہی کے طمع مین نکلے حرص غنیمت کی تیہی پیغمبر کی نصرت
مین شریک ہوئی اسی باعث سی جب کہین جان پر بنی تو دم دبا کی بہاگ
کہڑی ہوئی اور جن لوگونکے نصرت شد تہی اونہون نی یا مارا یا مر گئے جان
بچا کی بہاگنا تو وہ جانتے ہی نتہی اور انہین بہاگنی والونکی حق مین نازل ہوتا تہا
فقد باء بغضب من اللہ وماواھم جھنم وبئس المصیر مگر استنت خدا سے
مقابلہ کرتے ہین کہ وہ تو دا واہ جہنم فرماتا ہی یہ کہتے ہین کہ نہین وہ جتنی ہین آخر

ذرا تو غور کرو کہ کیا کہتے ہو اور کیا کرتی ہو قال المخاطب تمتقام ہذا اللہ
سبل السلام چوتھی آیت لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک
تحت الشجرۃ فعلم ما فی قلوبھم فانزل السکینۃ علیھم واثابھم فتحا قریبا
ومغانم کثیرۃ یاخذونھا وکان اللہ عزیزا حکیما وعدکم اللہ
مغانم کثیرۃ تاخذونھا فعجل لکم ھذہ وکف ایدی
الناس عنکم ولتکون اٰیۃ للمؤمنین ویھدیکم صراطا مستقیما واخری لم
تقدروا علیھا وقد احاط اللہ بھا وکان اللہ علی کل شیء قدیرا سبب نزول آیت کا
یہ ہی کہ حضرت صلعم نی ارادہ کیا کہ عمرہ ادا کرین پس اعراب اور بادیہ نشینونکی ہمراہی کی
لئی اس سفر مین دعوت فرمائی اسلئی کہ اندیشہ تہا کہ کفار مکہ مین لڑائی کرین اور اندر
مکہ کی نہ جانی دین لیکن اکثر اعراب نی حضرت کی دعوت کو نہ سنا اور اس سفر
مین آپکے ہمراہ نہوئی مگر وہی خالص مخلص کہ جو سراپا ایمان سی بھری ہوئے
تہی حضوری مین چلے جبکہ مکہ کی نزدیک پہنچی قریش مانع ہوی تب حضرت
نی حراش کو اہل مکہ کی پاس بہیجا مگر لوگ اونکی قتل کے درپی ہوئے
وہ لوٹ آیا تب حضرت نی حضرت عثمان کو بہیجا کہ اہل مکہ نی حضرت عثمان کو
قید کر لیا اور اونکی قتل کی خبر مشہور ہوئی تب حضرت نی اپنے یارونکو جو آپکی
تہی جمع کیا جنکے تعداد باختلاف روایات چار سو سی لیکر دو ہزار تین سو تک
تھے اور حضرت نی ایک درخت کی نیچے بیٹہکر ان سب سی بیعت لی کہ
قریش سے لڑین اور کسیطرح پر پیٹہ نہپھیرین چنانچہ اون سب نی خوشی سی بیعت کی
۱۰ سوای قید ابن قیس منافق کی کہ جسنے تخلف اس بیعت سی نہین کیا

چونکہ اس سفرمین منافقونکا نفاق اور مخلصونکا اخلاص ظاہر ہوا اور بیعت مین صحابہ
کی مضبوطی اور ایمان کا حال کھل گیا اسلئے اس بیعت کا نام بیعت الرضوان ہوا
اور اونہین بیعت کرنیوالونکی شان مین خدا نی فرمایا کہ لقد رضی اللہ عن المؤمنین
اذ یبایعونك تحت الشجرۃ کہ خدا راضی ہوا اون ایمان والونسی
کہ جنہون نی درخت کی نیچے تجھسے بیعت کی فعلم ما فی قلوبہم اور اونکی دلون
کا اخلاص اس سی ظاہر ہو گیا اگر وہ منافق ہوتی تو اس سفرمین ساتھہ نہ آتے
اور کبھی ایسے وقت پر بیعت نکرتی فانزل السکینہ علیہم اور اونکی دلون کو
طمانیت اور تسکین دیدی تاکہ بی خوف و خطر لڑائی پر مستعد ہوئی اور مرنی اوپر نے
پر تیری ہاتھہ پر بیعت کی واثابہم فتحا قریبا اور اونکی شکستگی دور کرنیکی لئے
بہت ہی جلد بہت سی غنیمتین دین اور آئندہ بڑی بڑی فتوحات اور غنائم
کا شل روم اور پارس کی وعدہ کیا پس ان آیتون سی اون سب اصحاب کے
جنہون نی حضرت کی ساتھہ درخت کی نیچے بیعت کی بزرگی ثابت ہوتی ہی
اور اونکا اخلاص اور ایمان مین کامل ہونا ظاہر ہوتا ہی کوئی لفظ کوئی حرف خدا
نی ان آیتونمین ایسا ذکر نکیا جس سے کوئی موقع کوئی محل انکار کا ہو بلکہ اپنی
رضامندی کا اظہار اس طور سی کیا کہ جسکا کبھی زوال نہوا اور فتوحات کا وعدہ
کیا جنکا ظہور اونہین صحابہ کی ہاتھہ سی ہوا اب ہم شیعیان علی سی پوچھتے ہین کہ وہ
اول یہ فرماوین کہ یہ آیت قرآن مجید کی ہی یا نہین اگر ہے تو یا نہین لوگون کی
شان مین ہی جنہون نے پیغمبر خدا کی بیعت درخت کی نیچے کی تھے یا نہین
اگر اونہین کی شان مین ہی تو اونمین حضرت ابوبکر صدیق اور حضرت عمر وغیرہ صحابہ

کرام داخل تہی یا نہین اگر تہی تو جو کچہ خدا اون معیت کرنیوالونکی حق مین فرماہی
کہ لقد رضی اللہ کہ مین اونسے راضی ہوا تو اس رضا مین وی لوگ بی آگئے
یا نہین اگر نہین آئی تو اونکے مستثنے ہونی پر کیا دلیل ہی اور اگر وہ بی آگئی
تو جنسے خدا راضی ہوا اور جنکی شان مین خود لقد رضی اللہ فرماوی اونسی ناراض
ہونا اور اونکو برا جاننا انکار آیات قرآنی سی ہی یا نہین اگر یہ کیونکر وہ منافق تہی
تو اوسکا ردبی خدا نی خود کردیا کہ فرماہی فعلم ما فی قلوبہم فانزل السکینۃ
علیہم کہ مین نی اونکے دلون کا امتحان کرلیا اور سمجہ لیا کہ یہ پکے
مسلمان اور سچی ایمان والی ہین اسی لئے مینی اونپر نازل کی تسلی اور وی
اونکو فتح اور اگر وی لوگ منافق ہوتی تو کیون خدا اونکے ایمان پر شہادت
دیتا اور کیون اونکو فتح اور غلبہ عطا کرتا ان آیتونکو دیکہکر اگر کسی شیعہ کو یہ خطرہ
پیدا ہو کہ جب ایسی آیت صریح صحابہ کی فضیلت مین خدا کی کتاب مین موجود
ہی تو پہر کیا سبب ہی کہ ہماری مذہب کی علمانی صحابہ کی فضیلت سی انکار کرتی
ضرور کوئی نکوئی سبب ہوگا ورنہ کیا سب عالم سب مولوی سب فاضل سب مجتہد
ہماری مذہب کی نادان تہی کہ ایسے آیت سی ایسا صریح انکار کیا اور باوجود
اسکی بہی صحابہ کو برا جانا اسلئے ہم اونہین کی مذہب کی معتبر تفسیرون سی اپنے
دعوی کو ثابت کرتی ہین اور یہ امر کہ اونکی عالم اور مولوی نادان تہی یا دانا ایمان
والی تہی یا بی ایمان منصف تہی یا متعصب اونہین کی عقل پر چہوڑتی ہین اونکے
تفسیرونکو دیکہکر جو کچہ وہ انصاف سی مناسب جانین ویسا سمجہین ای بہائیو سنو
کہ تمہاری بہائی مفسرون نی اس آیت کی تفسیر مین کیا لکہا ہی کاشانی اپنے

تفسیر مین لکھتے ہین کہ آنحضرت فرمودند بدرستیکہ خدا نرودیک کس ازان مومنان
کہ در زیر شجرہ بیعت کردند این را بیعت الرضوان نام نہادہ اند بجہت آنکہ مقتضائی
درحق ایشان فرمود کہ لقد رضی اللہ عن المومنین اذ یبایعونک تحت الشجرۃ
یقول التمسک بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ السلام آیہ
وافی ہذا یہی مثل آیات سابقہ کی مومنین و متقین ہی کی شان مین ہے
نہ منافقین مرتابین کی شان مین لیکن آیات دیگر سے صریح تر ہی کہ لفظ مومنین
کی تصریح خود آیہ مین موجود ہی پس جناب باری جابجا نہ فرماتا ہی کہ تحقیق کہ
خدا راضی ہوا مومنین سے نہ منافقین سے جسوقت کہ انہون نے تجھ سے شجرہ بیعت کے یا اس سبب سے
کہ انہون نے تحت شجرہ بیعت کی لحاظ اسکے کہ اذ یا ظرفیہ ہی یا تعلیلیہ ہے اور
بدیہیات سے یہ امر ہی کہ جن مومنین سے کہ خدا راضی ہو ضرور ہی کہ متقین ہون
نہ وہ کہ جو قالوا امنا بافواھھم ولم تؤمن قلوبھم کا مصداق ہون اور یکبارگی ارشاد
خدا وندی شریف ہوا کہ آپکی حضرات ثلثہ کو شیعہ گز ہرگز مومنین سی نہین سمجھتے
پہر جب تک یہ آپ انکا ایمان نہ ثابت کرینگے تب تلک ہم حضرات ثلثہ
کا تحت اس آیہ شریفہ کی داخل ہونا مسلم نہین کر سکتے آپ خود انصاف فرماکر زمین
خود وخدا کسی کا تقارن اس بیعت کی صلح حدیبیہ واقع ہوئی پس جو لوگ کہ خود اپنی
زبان سے صدق ترجمان سی ارشاد فرمائین کہ مجکو ایسے صلح سی اصل نبوت ہی
مین وہ شک پڑا جو کبھی نہ پڑا تہا پس ایسونکو ہم مومنین موقنین کہین کہ شائین
مرتابین کہین یارو کیسے بیباک ہو کہ شیعونکی سامنے بیعت حدیبیہ کا ذکر کرکے
یا ذو وجہ نفاق عمر ہی ہوتی ہو کیا تمکو کوئی دنیا مین مومن موقن نملا جو ایسے شاکین کو اپنا

پیشوا نبایا اگر کچھ یہی غیرت ہو تو جلو پہر پانی مین ڈوب مرو قولہ سبب نزول اس آیت
کا یہ ہی اقول سبب نزول کو کسی تغییر معتبر کسی کتاب معتبر سے مقابل اپنی خصم کے
بیان فرمانا تھا ورنہ اپکا خصم ان قصہ کہانیونکو تو نہ مانیگا مثل ہی کہ کہانے سے
جیو کی بات ایسی میٹھی نگین آپنے تو بات ہی بدرشتی کر دی ہی قولہ
مگر وہی خالص مخلص اقول آپنے فرمایا کہ اکثر اعراب نی حضرت کی دعوت
دینی سے سمجھا گیا کہ بعض اعراب نی سنا پس کیون نہین جائز ہے کہ وہ بعض
اعراب وہی ہون جو اشد کفرا و نفاقا ہون اس دعوی کو کسی دلیل ہی ثابت
کرنا ضرور تھا کہ جسنے سنا تھا ہوئی تھی فقط وہ خالص مخلص ہی تھی کیون نہین جائز
ہی کہ بعض وہ منافقین ہی ساتھ ہوئی ہون کہ جنکو کسیقدر کفار سی اطمینان ہو کہ وہ
ہمکو کچھ ضرر نہ پہنچا سینگے جیسے آپکی ثالث بالخیر کو بالکل اطمینان تھا اور بعض
وہ لوگ بہی ساتھ ہوئی ہون جنکو کچھ غیرت و حمیت متیار رکھدیتی ہین اور شبہ
دینی مین سنتے اور وہ اپنی جی مین ہمیشہ پشیمانی رہتے تھی کہ اگر خدانخواستہ
بر اوقت پیش آئیگا تو ہم پیغمبر کو تنہا کافرونمین چھوڑکر بہاگ کہڑی ہونگی پس اگر کچھ
ایسے لوگ بہی ساتھ ہوئی ہون تو عقل اسکو تجویز کرتی ہی یا تو آپ اس احتمال کی نفی پر
کوئی دلیل قایم کرتے یا سب ہمراہیونکی خالص مخلص ہونیکا دعوی نکرتے اور
اگر کوئی دلیل عقلی نہ ملتی تو کسے کتاب معتبر ہی کا نشان دیتی قولہ انکی قتل کی
خبر مشہور ہوئی تب حضرت نی اقول اگر قتل کی خبر مشہور ہونیسے حضرت نی
بیعت لی تھی تو پھر حضرت عثمان کیطرف سے اپنے ہاتھ پر کیون ہاتھ مارا تھا کیا
حضرت نی مردون کیطرف سے بیعت لی تھی اگر آپ بیعت عثمانی کو تسلم کرتے ہین

تو ضرور ہی کہ قتل کی مشہور ہونیکی خبر کو محض غلط جانئی اور یہ فرمائے کہ حضرت نی
بیعت اور کسی مصلحت سی لی ہوگی مثلاً رعب ڈالنا کفار پر قولہ سوای قیدبن قیس
منافق کی اقول ابھی پانچ سطر نیکی قبل آپنے ارشاد فرمایا ہی کہ اس سفر مین آپکے
ہمراہ نہوئی مگر وہی خالص مخلص کہ جو سراپا ایمان ہی بھری ہوئی تھی اتنی اب قیدبن
قیس منافق کہانسے ہمراہیو نمین نکل آیا حقیقت یہ ہی کہ نفاق ایک امر باطنی ہی بسا اوقات ایسا
ہوتا ہی کہ اکثر لوگونکو اوس سی خبر نہین ہوتی یہانتک کہ خداے سبحانہ ابھی بعض کو نہ
پہچان سکتی تھی چنانچہ خداے باری نی خود فرمایا ہی کہ لا تعلمھم نحن نعلمھم پس اگر مخاطب
کو بعض منافقین کا حال معلوم نہو تو ہوسکتا ہی لیکن جسطرح حضرت مخاطب کو ایک
شخص کی نفاق کا حال معلوم ہوا اوسیطرح سے ہمکو بھی اور دو تین منافقونکا حال
معلوم ہوا ہی کہ وہ بھی اس سفر مین ہمراہ تھی قولہ چونکہ اس سفر مین منافقونکا نفاق اور
مخلصونکا اخلاص ظاہر ہوا اقول ایکپانچ سات سطر کی عبارت مین آپ کیا کیا
رنگہای بوقلمونی بدلتی ہین پہلے کہا کہ سب اہل سفر خالص مخلص تھے پھر کہا کہ
نہین ایک منافق بھی تھا پھر فرماتی ہین کہ اس سفر مین منافقونکا نفاق ظاہر ہوگیا کیون
حضرت اس سفر مین منافقین تو ساتھ ہی نہ تھی پھر نفاق کیونکر ظاہر ہوگیا اس سے
ثابت ہوگیا کہ جنکو آپنے خالص مخلص سمجھا تھا اونمین مین منافق بھی تھی مگر آپ نی
نہ پہچانا تھا لیکن شیعہ تو پہچانتی ہین قولہ فی الحاشیہ یہ روایت موافق روایت شیعون
کی ہی اقول کیون جھوٹ بولتی ہو قولہ فیہا جسکا ثبوت آئندہ ہمنے کیا ہی اقول
یہ ایک جھوٹ پر دوسرا جھوٹ ہی قولہ فیہا اور ترجمہ کشف الغمہ سی اسی روایت کو
نقل کیا ہی اقول یہ تیسرا جھوٹ ہی ایک خطا دو خطا تیسری خطا کو ہم کیا کہین جو رلیت

ترجمہ کشف الغمہ سی صفحہ ۱۰۱ مین نقل کی ہے جابر بن عبداللہ سی اوس روایت کا فقط
ایک فقرہ اس روایت سی فی الجملہ موافق ہی کہ فقط قیدبن قیس نی بیعت شکنے
کی کہ جسکو اس روایت مین تعبیر بہ تخلف از بیعت کیا ہی حالانکہ متبادر تخلف از بیعت
سی بیعت نکرنا ہی نہ بیعت توڑنا بہرکیف ایک فقرہ کی باہم تقارب ہونی سے
باوجود تخالف ہونی کل فقرات کی دو روایتین ایک نہین ہوجاتی ہین پس اس
روایت اور اوس روایت کو ایک کہنا دروغ بیفروغ ہے اور اوس روایت
مین بہی جو کلام ہی اوسکی تمام پر معلوم ہوگا قولہ اسلئی اس بیعت کا نام اقول کیا خوب
وجہ تسمیہ بیان کی اس تخبط کو لاحظہ فرمانا چاہیئے کہ بہلا مضبوطی سے اور لفظ رضوان
سی کون مناسبت ہی اور کیا علاقہ ہی ہان اگر یہ کہتے کہ چونکہ خدا نی بعد بیعت رضی
اللہ عن المومنین کہا اسلئے نام اسکا بیعت رضوان ہوا تو ایک بات تہی مکانی کے
ہوتی نہ یہ کہ مضبوطی اور ایمان سی رضوان نام ہوگیا قولہ خدا راضی ہوا اون ایمان
والونسے اقول نہ منافقین بیعت کرنیوالونسے کہ جنمین آپکی تلمیذ بہی ہین قولہ
اور اونکی دلونکا اخلاص اس سی ظاہر ہوگیا اقول سو ہونکی دلونکا اخلاص اور
منافقونکی دلونکا عدم اخلاص دونونکو خدا نی جان لیا اسطرح پر کہ یہ بیعت موجب
اسکی ہوئی کہ کفار مرعوب ہوکر صلح پر راضی ہوئی پس جو لوگ اتباعا لامر اللہ و رسولہ
صلح سے راضی رہی وہ سو مومن کامل تہی اور جو لوگ اس صلح سی بیزار ہوئے
اور انکو نبوت ہی مین شک پڑا گو بعضون نے بسبب تنگ ظرفی اور سفاہت
بعض کی ظاہر کردیا اور بعضون نے نہ ظاہر کیا وہ منافق تہی قولہ اس
سفر مین ساتھ نہ آتے اقول کیون نہ ساتھ آتے قیدبن قیس کیونکر ایسا

قولہ بیعت نکرتی اقول منافقین تو مومنین سی بڑکر دنیا سازی کرتی تھے اکثر
افعال منافقین جو بریکاری تھے افعال مومنین ہی ظاہر مین بڑھجاتی تھے
مثل ہی کہ جھوٹی موتیونکی چمک۔ سچے موتیونکو ماند کرتی ہی مگر جھوٹے جھوٹی ہین اور
سچی سچے ہین اسکو جو سری جانتے ہین اناڑی کب پہچانتی ہین قولہ اورونکی
دلونکو طمانیت اقول انزل السکینۃ علیہم کی ضمیر مومنین کیطرف پھرتے ہی
نہ خلق صابعین کیطرف خواہ مومن ہون خواہ منافق قولہ لڑنی پر مستعد ہونی
اقول مومنین تو لڑنے پر مستعد ہونی اور منافقین ہمیشہ اسی پر مستعد ہے
کہ اگر خدانخواستہ براوقت پیش آئیگا تو پیٹھ کرتہا چھوڑکر بھاگ کھڑی ہونگے
اور پہاڑونپر مثل روبہ ایک گڑبڑی ہوجائیگی اور دیکھین گی مآل کار جسکے فتح
ہوگی اوسی سے ملجائین گی کفار بہت آئے سو پچاس چوتیان مارلین گی اسکے
کچھ غیرت اور پروا نہ تھے بلکہ سر سی مٹی جنہا بیٹھی قولہ ورمرنی مارنی پر بیعت کے اقول اگر
بھی نی مرنے مارنی پر بیعت کی تھی تو بیسر اور حنین سے پیر کیون بھاگ کھڑی
ہوئی وہان کیون نہ لڑی اور فتن نکث مین داخل ہوئی کیا سمجھی قولہ فتحاً قریباً اور
اونکی شکستگی دور کرنیکی لئی اقول نعائذ بسخطہ وایجاد بہلا انا بہم فتحاً قریباً کو جس سے
مراد بالاتفاق فتح خیبر افتح مکہ ہی شکستگی دور کرنیسی کیا علاقہ ہی کاش اسکو تحت
منعانم کثیرۃ کی لکھتے تو کچھ مناسبت بھی ہوتی لیکن خلل دماغ کا کیا علاج ہی قولہ آیندہ
بڑی بڑی غزوجات اور غنایم کا شامل ہم فارس اقول بڑی بڑی فتوحات کا
ذکر عبارت کلام اللہ سی نہین ہی آری غنایم کا ذکر کرہی مقام پر ہی پر آمغنمون کثیرۃ
غنایم خیبر کہ اہی اور یغنمون کی غنایم ہوازن لینا ہی جو بعد فتح حنین ہاتھ لگے

اور بعضون نی مقام اول مین اول اور مقام ثانی مین ثانی کہا ہی اور بیضاوے
نی ثانی کو تحت اخری کہا ہی اور بعضون نی اخری سی قریۂ اخری مراد لیا ہی یعنی
مکہ جیسا کہ قتادہ و مفسرنی کہا ہی اور بعضون نے مغانم اخری کہا ہی اور مراد اس سی
کل مغانم الی یوم القیمہ لیا ہی یہ قول مجاہد مفسر کا ہی اور بعضون نے فارس و روم
مراد لیا ہی جیسا کہ قول حسن اور جبائی کا ہی بہرکیف اقوال مفسرین سی ان
شیون پر بحث نہین ہی بکی صحیح مسلم مین ہی عن رسول اللہ قال اذا فتحت علیکم
فارس والروم ای قوم انتم قال عبد الرحمن بن عوف نقول کما امرنا اللہ قال
رسول اللہ او غیر ذلک تنافسون ثم تتحاسدون ثم تتدابرون ثم تتباغضون او نحو
ذالک ثم تنطلقون فی مساکن المہاجرین فتجعلون بعضہم علی رقاب بعض تو اوصاف
حمیدہ جن حضرات مخاطبین کی اس حدیث مین جناب رسول خدا نی بیان فرما
یعنی حرص اور تکالب جبلۂ دنیا پر اور تحاسد اور تقاطع اور تباغض اور ضغنا کی گردنون پر
مسلط ہونا اگر ایسے دینداروں کی لئی وعدۂ فتح روم اور فارس تھا تو یہ بات کسی عاقل کی
عقل قبول نہین کرسکتی مگر یہ کہ خدا نی واسطی مومنین موقنین کی یہ فتوحات اور مغانم
عنایت فرمائے تھی جیسا کہ فرمایا زینۃ اللہ التی اخرج لعبادہ والطیبات
من الرزق قل ھی للذین امنوا خالصۃ یوم القیامۃ پس مومنین موقنین ہی
متمتع ہوئے اور منافقین دنیا طلب بھی مثل کفار کی بلکہ ساتھہ چوری اور سینہ زوری
کے زیان کر متمتع ہوئی اور عوض مین اوسکی روز آخرت مغای الیم مخصوص
بومنین موقنین ہوئی فذلک متاع الحیوۃ الدنیا وما متاع الحیوۃ الدنیا
فی الاخرۃ الا قلیل قولہ پس ان آیتونسے اون سب اصحاب کی جنہون نی

درخت کی نیچی بیعت کی بزرگی ثابت ہوتی ہی اقول سب مومنین مبایعین کی
بزرگی ثابت ہوتی ہی نہ مطلق مبایعین کی اگرچہ منافقین بہی ہون آری اگر خدا یہ فرماتا
کہ لقد رضی اللہ عن المبایعین تحت الشجرۃ تو بظاہر یہ شبہہ ہوتا کہ مراد
مومنین ہی ہوتی لیکن خدا نی تو تصریح فرمادی ہی کہ عن المؤمنین اذ یبایعونک
قولہ اور اونکا اخلاص اور ایمان مین کامل ہونا ظاہر ہوتا ہی اقول آری مومنین
مبایعین کا ایمان اور اخلاص ظاہر ہوتا ہی نہ مطلق مبایعین کا اگرچہ منافقین ہون
قولہ کوئی لفظ کوئی حرف ایسا نہ ذکر کیا کہ جس سی کوئی موقع کوئی محل انکار کا ہو
اقول المومنین ایک لفظ ہی کہ جسمین اٹہہ حرف ہین کہ اسی سی موقع اور محل انکار کا
واسطی داخل ہونی حضرات ثلاثہ کی لتا ہی قولہ بلکہ اپنی رضامندی کا اظہار اس طور سی
کیا کہ جسکا کبہی زوال نہوا اقول محض لفظا کوئی لفظ کوئی حرف ایمین دال اوپر
عدم زوال رضامندی کی نہین ہی بلکہ اس مقام پر نص صریح زوال رضامندی بعدم الوفا
شرط موجود ہے اسلئی کہ پیش از آیہ شریفہ جناب باری فرماتا ہی ان الذین
یبایعونک انما یبایعون اللہ الی ان قال فمن نکث فانما ینکث علی نفسہ
ومن اوفی بما عاھد علیہ اللہ فسیؤتیہ اجرا عظیما یعنی جن لوگون نی تجسی بیعت
کی ہی اونہون نی خدا ہی بیعت کی یعنے عہد و پیمان کرنا تجسے حقیقت مین خدا ہی
عہد و پیمان کرنا ہی پس جس شخص نی اس بیعت کو توڑا پس نہین توڑا ہے مگر
واسطی ضرر اپنے نفس کی یعنی عہد شکنی سی کچہ ضرر خدا کو پہنچیگا بلکہ ضرر خود
ذات عہد شکن کو پہنچیگا اور جس شخص نی وفا کی ساتہہ عہد و پیمان خدا کی پس قریب ہے
کہ دیگا خدا اوسکو اجر عظیم اسلئے پس یہ آیہ شریفہ اسی بیعت حدیبیہ مین نازل ہوا ہی

چنانچہ آپکی بیضاوی صاحب فرماتی ہین والآیۃ نزلت فی بیعۃ الرضوان یعنی آیت
نازل ہوئی بیعت رضوان مین کہ وہی بیعت حدیبیہ ہی بلکہ بعضے مفسرین نے
تصریح کی ہے کہ یہ آیۃ اگرچہ ترتیب عثمانی مین مقدم ہی مگر تنزیل قرآنی مین موخر ہی
پس اس آیۂ شریفہ سے صاف صاف ثابت ہوگیا کہ بعض صحابیین بیعت شکنی کرینگی
ورنہ ذکر نکث کرنا خداوند تعالی کا محض ایک امر لغو ہوتا اور یہ بھی سمجھا گیا کہ سب صحابیین
مومنین موقنین سے نہتے بلکہ اس مقام پر بعض منافقین بیعت شکن بھی تھی پس کل کا
خالص مخلص اور کامل الایمان کہنا محض لغو ہوگیا اور یہ بھی سمجھا گیا کہ رضامندی
دائمی عدم زوال پذیر سے نہتے بلکہ مشروط تھی بعد نکث پس یہ کہنا فخاطب کا کہ اظہار
رضامندی اس طور سے کیا کہ جسکا کبھی زوال نہو محض غلط ٹھہرا اسلئے کہ زوال بہ
نکث ناکثین ہوگیا قولہ اون فتوحات کا وعدہ کیا جنکا ظہور اونہین صحابہ کی ہاتھ
سے ہوا اقول لانسلم کہ اونہین ناکثین کی ہاتھ سے ہوا اسلئے کہ وہ منافقین تو
کبھی مدینہ سے باہر ہی نہین نکلے وعلی التنزل سلمنا کہ اونہین کی ہاتھ سے ہوا
کما ان اللہ یؤید ھذا الدین بالرجل الفاجر بھی صحیح بخاری مین آیا ہی قولہ
اب ہم شیعیان علی سے پوچھتے ہین اقول شیعیان حضرت علی علیہ الصلوۃ
والسلام کہتے ہین کہ اہلسنت معاویۃ العاویۃ الغاویہ جانین کہ یہ آیت بیشک قرآن
مجید کی ہی جسطرح آیۂ فمن نکث قرآنمجید کی آیت ہی اور یہ شان مین اون مومنین کے
ہی جنہون نے بیعت درخت کی نیچے کی تھی جسطرح آیۂ فمن نکث شان مین
اون منافقین کی ہی جنہون نے درخت کی نیچے بیعت کی تھی اور حضرت علیہ
اور اونکی بڑی رفیق سیدتنا اول وثانی بلکہ ثالث ثلاثہ بھی تحت آیۂ ثانی داخل

ہین اسنے محبت نا کثین نہ تحت مومنین قولہ جو بیعہ حسنہ اون
بیعت کرنے والون کے حق مین فرماتا ہی اقول بیعت کرنی والی دو
فریق ہین ایک کے حق مین تو لقد رضی اللہ فرماتا ہے
یعنی مومنین اور دوسرے کی حق مین فمن نکث فرماتا ہے یعنی
منافقین اور اسمین ثلثہ ثانیہ ہین داخل ہین داقول
مین قولہ تثنی ہونے پر کیا دلیل ہے اقول اولا حاجت بیان
نہین ہے اسلئے کہ استثنا مین مستثنی کا مستثنی منہ مین داخل ہونا
شرط ہی اور لا نسلم کہ ثلثہ لقد رضی اللہ مین داخل ہین کیونکہ داخل
ہونی والی مومنین ہین نہ منافقین ثانیا معارضۃ ہم کہتی ہین کہ فمن نکث
سی مستثنی ہونی پر کیا دلیل ہے باوجود فرار کے خبر دینے سے
کما سبجی ثالثا اگر بی استثنا ثلثہ مخاطب کی تسکین نہو تو کسی طبیب
کا گھر ڈھونڈھے کہ شاید اوسکی نشتری کہ کام نکل جاوی قولہ اور
اگر کہو کہ وہ منافق تھے اقول ہم تو بہت کہتے ہین مگر سنتی نہین سنتے
قولہ تو اوسکا رد ہے خدا نے خود کردیا اقول محض غلط ہرگز خدا نی
کہین رد نہین کیا اسلئے کہ قلوبہم اور علیہم کی ضمیر طرف مومنین کی
پھرتی ہے نہ طرف مطلق سبابیین کی بیان اگر سنا رضی اللہ عن المومنین
نہ فرماتا بلکہ رضی اللہ عن السابیین فرماتا تو بظاہر اسکا شبہ ہوتا
گو حقیقت مین رضائی مطلق بغیر ایمان کے نہین ہو سکتے قولہ کہ یہ بڑی کمی
مسلمان اور سچے ایمان والے ہین اقول کیا بیتلے ہی کہ باوجود فرض

سکرسنے نفاق کی پیراونہین کوکوئی سچا مسلمان اور سچا ایمان والا سمجھے لیجب خدا
توضمائر طرف مومنین کی پھیری اور مخاطب منافقونکو سچا مسلمان کہی قولہ اگر وہ
لوگ منافق ہوتی اقول اگر اون لوگونمین سے منافق نہوتی تو کیون خدا
فمن نکث ذاتا قولہ تو کیون خدا انکی ایمان پر شہادت دیتا اقول ہذا اول
البحث کیونکہ بے شک اللہ کی ایمان پر شہادت نہین دی بلکہ ہر جگہہ اونکی نفاق پر شہادت
موجود ہی اور اسجگہہ بھی آیہ فمن نکث ہی کہ سبب فرار عن الزحف یوم حنین و خیبر
شہادت علی النفاق ادا ہوئی قولہ فتح اور غلبہ عطا کرتا اقول فتح اور غلبہ
کبھی لمسابقہ کفار کی نسبت ہوجاتا ہی و تو بعض الظالمین بعضا قولہ
ان آیتونکو دیکھیگا اگر کسی شیعہ کو یہ خطرہ ہوا ہوا قول استغفر اللہ کہ کبھی شیعہ
کو اسکا وہم و خیال بھی گزری ایسے خطرات شیطانی اونہین ممکن کو پیدا ہوتی ہین کہ
جنکا گمان فاسد یہ ہوتا ہی کہ یہ آیت لاجواب ہی اور شیعہ اسکی جواب سے عاجز ہین
ایسے خطرات سوای لامذہبون کی کسیکو نہین ہوتی مخاطب سب شیعونکو اپنا
ہی سا گمان کرتا ہی آری سے کافر ہمہ را بکیش خود پندارد قولہ ایسے آیتیں صریح
اقول سب آیتین آپکے نزدیک صریح ہین تخصیص اسکی کیا ہی لیکن اب تمکو
معاینہ ہوگیا ہوگا کہ حسد اور خصلت پر ہی کہ رذلیت پر ہی مگر جبکہ خدا نے چشم بینا
ہی نہین عنایت فرمائی ہی تو کیا خاک معلوم ہوگا اب ہم تمہاری تقریر سے کتے
ہین کہ جب ہم رذائل اور فضایح صحابہ منافقین کی آیات اور احادیث سے ثابت
کر دیتے ہین تو جب ہمنونکو کچھ جواب نہین سوجھتا تو کہتے ہین کہ ضرور کوئی نکوئے
سبب ہوگا کہ ہمارے علما ان فضایح سے انکار کرتی ہین ورنہ کیا سب عالم سب سے

سب اولیا سب پیر سالک ۔۔۔ سب دیوانی مجنوں سب سب رشیائیں سنیون کے
مذہب کی نادان سے تھے کہ ایسی دلائل صریح کا انکار کیا اور باوجود اسکے بھی ثلاثہ کو
اچھا سمجھا ہائی سبحنہ اونہین کی مذہب کی معتبر تفسیرون اور کتابونسی اپنا دعوے
ثابت کردیا اور یہ اوکہ اسنکے عالم اور پیرو پیران پیر احمق نادان تھی یا دانا ایمان صلے
تھی یا بی ایمان منصف تھی یا ناصبے تھی اونہین کی عقل پر چھوڑا اب اپنی کتابونسے
مقابلہ کرکی بیدینون اور بی ایمانونکو دیکھین کہین ای سنیونکی بھائیو اگر سنی
ہو تو سنو کہ جو کچھ ہمنے تمہاری تفسیرونسی کل ایات کی تفسیر مین لکھا وہ مطابق ہی یا نہین
ہی قولہ کاشانی اپنے تفسیر مین کہتے ہین اقول ۔۔۔ موضح خص ہی تفسیر کاشانی
بیان موجود ہی اوتین اس عبارت کا کہین نشان بھی نہین ہی اور اگر یہ عبارت
اسمین ہوتی بھی تو تمکو نہین معلوم ہوتا ہی کہ مخاطب والاستام کو کیا نفع اس سے
پہنچتا آسلئے کہ اسمین تو مثل کلام اللہ کی تصریح ہے مومنان کی یعنے مومنان کی
بیعت کنندگان دوزخ مین نجا پینگے نہ یہ کہ منافقان بیعت کنندگا اور نہ یہ کہ مطلق
بیعت کنندگان دوزخ مین نجا پینگے خواہ مقتضای بیعت پر باقی رہین یا نکث
عہد و پیمان کرکی فسق نکث مین داخل ہون عجب تخبط ہی کہ جو ایمان اصل ہائیہ نجات
ہی اوسکی اثبات کی تو کچھ فکر نہین ہی فقط بیعت پر بھولی نہین سماتے اور بار بار
اوسے گائی ہوئی راگ کو گاتی ہین قال المخاطب المقام ہداہ اللہ سبل
السلام اگر اس روایت پہ اطمینان ہوا و حضرات شیعہ کو اپنے مخلصین اور
مقتضین کی جواب سنی کا اشتیاق ہو تو اوسکو بھی سنین کہ اونکی علما نے اس
آیت کو دو طرح پر رد کیا ہی بعضون نی یہ فرمایا ہی کہ اس آیت سی ثابت ہوتا ہی

کہ خداوند تعالی اس فعل خاص سی یعنے بیعت سی راضی ہوا اس سے یہ نہین لازم آتا
کہ خدا اونکی سب کامونسی راضی ہوا ہو اور آیندہ بھی راضی رہی اور بعض کا قول یہ
ہی کہ بعد اس بیعت کی صحابہ کبارنی وہ کام کئی جو مخالف اس بیعت کی تھے
یعنی لڑائی مومنین سہاگ کئی خلافت خلیفہ برحق کی غصب گرگئی پس وہ اس آیت
کی وعدہ سی خارج ہوگئی پس بہ نسبت امر اول کی ہم یہ جواب دیتی ہین کہ خدا کے
نسبت یہ گمان کرنا کہ وہ صحابہ کی اور کامونسے راضی نہ تہا صرف ایک فعل
خاص بیعت سی راضی ہوا اسلئے لقد رضی اللہ عن المومنین فرمایا ایسی تہمت
ہی کہ کوئی مسلمان اپنے دلمین اوسکا خیال بھی نہین کرسکتا کیا یہ ممکن ہے کہ اگر
ندای عزوجل اون بیعت کرنیوالونسے ہرطرح پر راضی نہوتا تو وہ لقد رضی اللہ
عن المومنین صرف اونکی دل خوش کرنیکو اوسنے تدلیس فرماتا اور جن باتونسے
اونکی ناراضی تہا اونکو تقیۃً ظاہر کرتا اور یہ امر بہی غور کرنیکے لایق ہی کہ حضرات
شیعہ کو کسطرح معلوم ہوا کہ صحابہ کی اور کامونسے خدا ناراض تہا آخر کیونکر
اونکی ناراضندی کا حال معلوم ہوا نہایت تعجب کا مقام ہی کہ خدا اونکی اوس
فعل کو جس سی راضی ہوا لقد رضی اللہ کہکر ظاہر کری اور اونکی اون افعالونکو
جنسے ناراض ہو سوای شیعیان عبداللہ بن سبا کی کسی پر اظہار نفرماوی شاید
شیعیان پاک پیجوابدین کہ اوس قرآن مین جو امام مہدی کی پاس ہے
اصحاب کی برائیان لکہی ہوئی ہین مگر ہم جبتک کہ اوسکو اپنے آنکہونسی نہ دیکہلین
اور امام صاحب سی اوسکی تصدیق نہ کرلین اوسکو قبول نہین کرسکتے لیکن افسوس
تو یہ ہی کہ نہ امام صاحب کا کچہ نشان ملتا ہی نہ اوس قرآن کا کچہ پتا چلتا ہے

ہزار برس تو گذر گئی اور ہنوز معلوم نہین کہ ابھی کتنے دن امام کی ظہور مین باقی
ہین ۔ صد شب ہجر گذشت و سہ سن پیدا نیست ۔ طرفہ عمری کہ بصد سال
ندیم یکماہ ۔ اور بہ نسبت امر دوم کی کہ صحابہ کبار اس آیت کی وعدہ سی بہ سبب نکث
بیعت کی خارج ہین اوسکا جواب ہم اسطرح پر دیتے ہین کہ اس اعتراض سی یہی اتنا
ثابت ہوتا ہی کہ بیعت رضوان کیوقت تک صحابہ کبار اور مہاجرین و انصار سچی
مسلمان اور پکے مومن تہی نہ منافق تہے نہ کافر اور اونکی بیعت صادقانہ تہی
نہ منافقانہ چنانچہ یہ فقرہ صاحب تقلیب المکائد کا کہ این کلام مخبر نظام دلالت میکند
برینکہ بعضے از اہل بیعت رضوان نکث خواہند کرد دلیل اسپر ہی کہ جب بیعت کے
تہی اوسوقت تک نہ منافق تہی نہ کافر بلکہ قدسے اللہ عن المومنین مین داخل تہی
اور شہید ثالث نور اللہ شوستری کا یہ کلمہ کہ مدلول آیہ عند تحقیق رضای حق تعالی ست
از ان فعل خاص کہ بیعت ست و کسی منکر این نیست کہ بعضے از افعال حسنہ مرضیہ
از ایشان واقع ہست شاہد اسپر ہی کہ اونکا بیعت کرنا فعل حسنہ تہا پس اسے
سی یہ اعتقاد کہ صحابہ کبار اول ہی سے منافق تہی باطل ہوا اور جبتک یہ آیت جسمین خدا نے
اپنی رضامندی ظاہر کی نازل ہوئی اونکا مسلمان اور با ایمان ہونا ثابت ہوا
خیر اب آگی چلئے اور بعد اس بیعت کی اونکی حال پر نظر کیجئے کہ کیا کام اونسے
ایسے ہوئے جسنے اونکا نکث بیعت کرنا ثابت ہوا اور وہ کام کسوقت ہوئی پیغمبر
صاحب کی سامنے جی یا اونکی وفات کی بعد چنانچہ اوسکی نسبت شہید ثالث اور
صاحب تقلیب المکائد نی جو کچہ لکہا ہی اوس سی ظاہر ہوتا ہی کہ بعد اس بیعت کی
پیغمبر صاحب کی سامنے اونسے نکث بیعت ہوا نہی و جنگ خیبر سی ثابت قدم

بلکہ بہاگ گئی اوسکے نسبت ہم یہہ جواب دیتی ہین کہ اگرچہ قلعۂ خیبر صدیق اکبر یا عمر کے
ہاتھہ سی فتح نہین ہوا لیکن فتح ہونا مستلزم فرار نہین ہی بہاگنا جنگ خیبر سی حضرات
شیعہ نی کہانسی ثابت کیا و بالفرض اگر وہ جنگ خیبر سی بہاگی ہا و راونہون نے
نکث بیعت کیا تو جسطرح پر ہمنے اونکی بیعت کو خدا کی کلام سی ثابت کیا اور خدا کی
رضامندی کا تقدر رضی اللہ عن المومنین کی آیت پیش کر کی ثبوت دیا اسی طرح پر
حضرات شیعہ کی ذمہ ہی کہ بمقابلہ اس آیت کی اونکا بہاگنا جنگ خیبر سی اور نکث بیعت
کرنا اور خدا کا اونسے ناراض ہونا کسی آیت سی ثابت کرین و اذا لیس فلیس اور
ہم خوب یقین کرتے ہین کہ اگر صحابہ کبار سی کوئی فعل بعد اس بیعت کی موجب
نارضامندی خدا کا ہوتا تو ضرور وہ ابسی بھی خبر دیتا اور جسطرح پر اونکی بیعت سی راضی
ہو کر لقد رضی اللہ فرما دیا اسی طرح پر فرار اور نکث بیعت سی ناراض ہو کر لقد غضب اللہ
علیہم ارشاد کرتا اسلئے کہ لڑائی سے بہاگنا اور بیعت کا توڑنا آخر پیغمبر صاحب ہی
کی سامنے ہوا اور سوقت تک سلسلہ وحی کا جاری تہا جبرئیل کا آنا بند نہوا تہا
پھر کیا سبب ہی کہ خدا اونکی سچے کا مونکو ظاہر کری اور بری کا مونکی خبر تک
نہ دی اونکے افعال حسنہ کی تو شہرت دیدی اور اونکے افعال قبیحہ کی پردہ پوشی
کری پس یا تو خدا اونسے ڈرتا تہا کہ اونکی برائی بیان نکر سکتا تہا یا درحقیقت اونسی
کوئی برائی نہوئی تہی جسکو ظاہر کرتا یا اگر کوئی لغزش ہو جاتی تہی تو اوسکو عفو
کر دیتا تہا اور اونکی اور نیک کامونپر خیال کر کے اوسکو براہ ستاری جیا دیتا تہا اور
اگر یہہ کہا جائی کہ بعد وفات پیغمبر صاحب کی صحابہ کبار نے ایسی کام کئی کہ جسنے
خدا نارانس ہو اسلئے خلافت غصب کرنی وغیرہ کی اوسکے نسبت ہم یہہ کہتی ہین کہ

اگر انسنے بعد وفات پیغمبر خدا کوئی کام ایسا ہو نیوالا تھا کہ جس سے خدا ناراض ہوتا تو
ضرور اوسکی خبر دیتا اور کیسے اونکی حق مین رضی اللہ نہ فرماتا اور جبکہ خدا نے اس
آیت مین یہ فرمادیا کہ فعلم ما فی قلوبہم کہ مین اونکے دلونکی بات جانتا ہون اور فرمایا
کہ فانزل السکینۃ علیہم کہ مینے نازل کی اونپر تسلی تو کیونکر قیاس مین آسکتا ہے
کہ ایسے لوگ کبھی جادۂ حق سے منحرف ہوئی ہون لیکن ہم حضرات شیعہ سے
عرض کرتی ہین کہ وہ کیون سوال وجواب مین اپنے اوقات ضایع کرتی ہین اور
کیون علامہ کاشانی کی تفسیر کی ان لفظونکو نہین دیکھتے کہ آنحضرتؐ فرمود
بروے نخ نرود یک کس از ان سوگنان کہ در زیر شجرہ بیعت کردند اس مفسر نی تو کچھ قصہ
جھگڑا باقی ہی نہین رکھا عام شہادت جنت کی اون لوگونکے حق مین جو اس بیعت
مین شریک تھی پیغمبر صاحب کی زبان سے تصدیق کردی لیکن اگر اس ایک
روایت پر اطمینان نہین ہوتا تو اوسکی تائید مین دوسری روایت سنین کہ ترجمۂ
کشف الغمہ مین لکھا ہے کہ از جابر بن عبداللہ انصاری روایت ست کہ ما دران
روز ہزار و چہار صد کس بودیم کہ دران روز من از حضرت پیغمبر خدا صلعم شنیدم
کہ آنحضرتؐ خطاب بہ حاضران نمود و فرمود کہ شما بہترین اہل روی زمینید و ما ہمہ دران
روز بیعت کردیم و کسے از اہل بیعت نکث نکرد مگر قید بن قیس کہ آن منافق
بیعت خود را شکست اس روایت سے چند فائدے حاصل ہوئی اول یہ ثابت
ہوا کہ بیعت کرنیوالے وہ صحابی موجود تھے جنکے ایمان اور اسلام کے خبر خدا
و پیغمبر ہی کہ رضی اللہ عنہم و رضوا عنہ اونکی شان مین فرمایا ہی لقد رضی اللہ عن المومنین
دوسری حضرت پیغمبر خدا نے اونکے نسبت فرمایا کہ تم بہترین اہل زمین سے ہو

تیسری ثابت ہوا کہ سوای ایک منافق کی اور کسنے بیعت کو نہین توڑا پس ای
ستیعیان پاک اب تم انصاف سی ان روایتونکو دیکھو اور اپنی شبہات
اور صاحب تعقیب الکاظمہ کی ایمان اور انصاف پر خیال کرو کہ وہ محبت اہلبیت
کی پردہ مین کیسے خدا کی آیتونکی تکذیب کرتے ہین اور کسطرح ایسے صریح
نصوص سی انکار فرماتی ہین لیکن اگر ہم صحابہ کی برائیونکو تسلیم بھی کرین تب
بھی کچھ فائدہ شہید ثالث کی تقریر کا نظر نہین آتا اسلئے کہ جو علامہ کاشانی
نی اپنی تفسیر مین لکھا ہی کہ انحضرت فرمودند مدرو زخ نزود یک کس ازان جمعنان
کہ در زیر شجرہ بیعت کردند اسکا کیا جواب ہی بغیر اسکی کہ یہ کہا جائی کہ حضرت نی
تقیہ سی کہا ہوگا یقول بلسانک بولاتیہ علی بن ابیطالب ع بیشک یہ
جوابات شیعونکی ہین لیکن حقیقت مین بنی اوپر تنزل کے ہین باین معنے
کہ مومنین سی مومنین حقیقے نہ مراد لین بلکہ اعم ان ہی اور مومنین بافواہہم دون
قلوبہم سے مراد لین پس اسصورت مین صرور ہوگا کہ رضا کو مقید کرین ساتھہ کسی
قید کی مثلاً رضا بفعل خاص اور رضا بشرط بقا بر بیعت اور اگر تعقلاً دلالت ان قیود
پر نہوتی تو لاریب کہ عقل اسپر دلالت کرتی اسلئے کہ بالبداہہ معلوم ہے کہ
رضا مطلقہ جناب باری مومنین بافواہہم سی فقط بیعت کرنیسے نہین حاصل ہوتے
حب تلک ایمان حقیقے اور وفا بر عہد بیعت اوسکی ساتھہ منضم نہو پس حال آیہ مبینہ
مثل دیگر آیات عامہ اور احادیث عامہ کی ہوگا کہ مقتضائی ما من عام الا وقد
خص دلیل عقل اور تخصیص کے دلالت کرتی ہی مثل ان اللہ علی کل شئی قدیر
کہ خصوص بمکنات ہے کما قرر مثل حدیث ابوہریرہ کما فی الصحیح البخاری من

قال لا الٰہ الا اللہ وخل الجنۃ کہ شروط بسیار وطاعت بیشمار ہی چہ جای اینکہ خود بنقل
ولالت کری اور تخصیص کے اور سامنہ عقل ہو جاوی چنانچہ اس مقام پر جناب
باری فی رضے اللہ عن المومنین کو مخصوص کیا ہی آولاً ساتھ اذ یبایعونک کی
پس اذ یا ظرفیہ ہی تو معنے یہ ہونگی کہ رضا مخصوص بوقت بیعت ہی یا اذ تعلیلیہ
ہی تو معنے یہ ہونگی کہ رضا مخصوص من حیث البیعت ہی پس دونوں صورتون
مین رضا ایک امر خاص پر ہوئی جیسے حدیث مشہور مین ہی کہ التسعی بعبید اللہ
ولو کان کافرا یعنی نبوسبیت سعی من حیث الاستخادۃ ہے نہ من حیث الکفر و
النفاق وغیرہ اور ثانیاً اس رضا کو مخصوص کیا خطاب باری فی بعدم نکث اور بعد
رضے اللہ کی فرمایا فمن نکث فانما ینکث — آہ کما مر انہا موخرۃ فی التنزیل
بہرکیف احتیاج ان تخصیصات کی نہین ہے مگر اوس صورت مین کہ لفظ رضے
اللہ سی رضائی مطلق مراد لیجاوی بطور موضوع موضوعہ کلیہ کے مطلق الرضا بطور
موضوع مہملہ کی اور چونکہ ظاہر ہی کہ کوئی لفظ یہان شمول اور عموم پر دلالت نہین کرتا
ہی لہ سور موضوعہ کلیہ ہوسکے تو ضرور ہوگا کہ بطور موضوع مہملہ مراد لیا جاوے اور مہملہ ملازم
جزئیہ کا ہی کما ثبت فی المیزان پس مراد رضا سی نہوگی مگر بعض الرضا اور ظاہر ہے
بعض الرضا کفار اور منافقین سے بھی باعتبار بعضے افعال حسنہ کی ہوسکتے ہی

جیسا کہ التسعی بعبید اللہ ولو کان کافرا مین گزرا ہو لا یفید النجاۃ لعدم الایمان پس اس
تقریر سی ہماری ثابت ہوا کہ جوابات شیعہ مبتنی بر تنزل علی التنزل ہین یا بینے
کہ اولاً نسلم کہ مراد مومنین سی اعم از مومنین حقیقی وظاہری ہین کیون نہین جائز
ہی کہ مومنین سے حقیقی مراد ہون پس مضرات ثلاثہ اس سی خارج ہوجاوینگے کیونکہ اونکا

مومنین حقیقی ہونا ہماری نزدیک نہین ثابت ہی اور ثانیاً سلمنا کہ مومنین سے
اعم مراد ہی لیکن لانسلم کہ رضا ہی رضای مطلق مراد ہی کیون نہین جائز ہی کہ مطلق الرضا
مراد ہو کہ وہ ملازم خبریہ ہی اور مفاد اوسکا ثبوت بعض الرضا ہوگا اور بعض بالرضا کفار
اور منافقین سی بھی ممکن ہے باعتبار بعض افعال حسنہ کی وہ لایفید شیئوکم
لعدم الایمان ثالثاً سلمنا کہ رضا سی بھی مراد رضای مطلق ہی لیکن مابعد اوسکا مختص
ہی بدو تخصیص کہ دلالت کرتا ہی احدہما پر اویا یعونک اور دلالت کرتا ہی ثانی پر
فمن نکث کما ذیں جواب ثالث کہ ہمتنے بروقت نزول ہی آپ اوسی مین بحث لاطایل
کرتی ہین اور دو جواب اولی کی جواب سی اپنی دم چرایا اور یہی دستور ہی حضرات
اہلسنت کا کہ جب جوابات اصلی کا جواب نہین سوجھتا تو جوابات تنزلی پر جان لڑاتی
ہین اور اصلے جواب کا جواب بالکل اوڑا دیتے ہین اور یہ نہین سمجھتی کہ جوابات
تنزلی تطفلے ہوتی ہین اگر بفرض محال بزعم باطل تمہارے باطل بھی ہو جائینگے تو ہم
آپکا بنظر جواب اصلی کی آپکے جان نچھوڑیگا اور نہ بحث وجدال سی نہ موڑے گا
اب ہم بحث کرتی ہین آپکے جوابات ناصواب سی **قولہ** بہ نسبت امر اول کی
ہم یہ جواب دیتی ہین **اقول** یہ جواب محض پوچ اور لچر ہی اسلئے کہ بنا اسکی دو باتون پر
ہی ایک تو یہ کہ خدا نی فقط رضے اللہ عن المومنین کہا دوسری یہ کہ رضے اللہ
عن المومنین سی رضای مطلق یعنی رضای کلی سمجھے جاتی ہی کہ مخصل جسکا یہ ہی
کہ ہر طرح پر راضی ہوا اور دونو باتین محض غلط ہین اسلئے کہ خدا نی فقط رضے اللہ
عن المومنین نہین کہا بلکہ ساتھ اوسکی اویا یعونک بھی فرمایا یعنی خدا راضی ہوا مومنین
وقت بیعت کے یا بسبب بیعت کے اور بیعت ایک فعل خاص ہی پس رضا نہوئی مگر ایک فعل

خاص پر اور لا نسلم کہ رضا بفعل خاص مستلزم رضا بجمیع افعال ہو اور اسیطرح خدا نے
رضے اللہ رضا و مطلقًا یا رضے اللہ عن کل الوجوہ نہین فرمایا کہ مخاطب کے کہنے
طرح پر خدا راضی ہوا اور جب کوئی لفظ اپنے عموم شمول کی نہین دلالت کرتا ہی تو ضرور
ہی کہ رضا سی مراد رضا فی الجملہ لیجاوی اور رضا می فی الجملہ سے رضا می کلی مراد لینا
سراسر جہالت ہی قواعد منطقیہ سی قولہ خدا کی نسبت یہ گمان کرنا کہ وہ صحابہ کی اعمد
کا موننہ اضی نہ تہا اقول اور کا سون مین نکتہ بیت بہی ایک کام ہے
اور کون مسلمان خدا کی نسبت یہ گمان کرسکتا ہی کہ وہ جانتا نہ تہا نکتہ بیت سی بہی
راضے تہا اور اگر راضے تہا تو پہر فمن نکث کیون فرمایا قولہ ایسے تہمت ہی کہ
کوئی مسلمان اپنے دلمین خیال بہی نہین کرسکتا اقول خدا تو فرماوی کہ مین بیت
ہی کرنی پر راضی ہوا اور مخاطب کہی کرنین ہر طرح پر راضی ہوا کیون یار تہمت
یہ ہے کہ وہ ہی افسوس کہ دنیا مین انصاف نہین ہی خود خدا پر تہمتین کرین اور
دوسرونکے گلی منڈین سے چپ دلاورہ ست زردی کہ کف چراغ دارد قولہ ہر
طرح پر راضی نہوتا اقول لقد رضے اللہ کی معنے ہر طرح پر راضی ہونا سوای کے
کافر جاہل کی کوئے مسلمان عالم نکہی گا کلام لفظے مین تو کوئی لفظ ہر طرح پر نہین
دلالت کرتا ہی ان کلام نفسے مین ہو تو ہو لیکن مجبوری یہ ہی کہ شیعون کو
معلوم ہی نہین کہ کلام نفسے سوای لفظ و معنے کی کس جانور کا نام ہی آیا اونٹ
ہے یا امام رازی کی بکری یا آپکے حضرت اوستاد کی گردن مروڑی کرکرے
جیسا کہ پرچہ تہذیب الاخلاق مین ہے قولہ صرف انکی دل خوش کرنیکو اقول
البتہ کچہ جہلا ایسے ہین کہ جو قیود اور شروط کلام خدا پر نظر نہین کرتے اور ایسے

آیات سی جنکو کسیطرح مناسبت سنرات ثلثہ مذکورہ نہین نبی اپنا دل خوش کیا کرتے
ہین لیکن صحابہ رسول خدا نو اس آیت سی کب اپنا دل خوش نہین کرتی تھے
دلیل اسپر حدیث صحیح بخاری فی کتاب الباری ہے عن العلاء بن مسیب عن ابیہ
قال لقیت براء بن عازب فقلت طوبی لک صحبت رسول اللہ و بایعتہ تحت الشجرۃ
فقال ابن اخی انک لا تدری ما احدثنا بعدہ فی ملاقات کی سینے براء بن عازب
سی پس کہا مینے طوبی ہی تیری واسطے کہ شرف صحبت رسول خدا پایا تو نے
اور بیعت کی تحت شجرہ پس کہا اوسنے ای برادر زادہ میری تو نہین جانتا کہ ہم لوگون
نی بعد اوسکی کیا کیا اور کیون کیون بدعتین حادث کین تھے پس اگر کل صحابہ رضا مند
خدا کو ایک فعل خاص پر تھے کہ رضا مندی ہمیشہ من کل الوجوہ سمجھتے اور رضامندی
دائمی سمجھتے اور شروط بعد مرگ فعل خلاف رضامندی اور شروط بہ بقا بر
مقتضای بیعت نجاتے تو انک لا تدری ما احدثنا بعدہ کتنی افسوس ہی کہ حضرت
مخالف اوسوقت موجود تھے ورنہ برادر ابن عازب سی یون عتاب و خطاب فرماتی
کہ تو یہ کیا یک مرتبہ ہی خدا نی تو رضامندی ہمیشہ ہمیشہ دائمہ ہمیشہ فرمائی ہے
اور شرط ساتھہ کسی شرط کی نہین کی ہے پھر تو ما احدثنا بعدہ کا کیون ذکر کرتا
ہی شاید تو نی مذہب اہلسنت و جماعت چھوڑ کی اس آیت مین مذہب شیعہ اختیار
کیا ہی قولہ براہ تدلیس فرمانا اقول تدلیس بظاہر تب ہوتی کہ خداوند تعالی اس
آیت کو یون فرماتا کہ لقد رضی اللہ عن المبایعین من کل الوجوہ رضاء دائما ابدا
تمت و فجر و کفر لیکن جبکہ خدا نے تخصیص رضا بو سنین کی اور قید اذ یبایعونک کی
اور شرط بقا یا عدم نکث فرمایا تو ان قیود و شروط و تخصیصات سے

قطع نظر کرنا تدلیس حضرات اہلسنت ہی نہ تدلیس خدا ورسول قولہ اور جن باتون
سی اونکی ناراضی تہا اونکو تقیہ ظاہر کرتا اقول جن باتونسے ناراض تہا دو سم ایمان تہا
اور عدم وفا بما عاہد علیہ اللہ تہا اونکث بیعت تہی اور فرار عن الزحف تہا اور محبت مال دنیا تہی ان سب
باتونکو جو منافقین سی سرزد ہوئین خدا نی بیان فرمادیا پس محل وہ مصداق تقیہ کہان ہوا آری اگر
مومنین مین اظہار نکرتا یا بخصوص اسماء حضرات ثلاثہ کی بقیہ از شیعیان ہی تو
منافقین مین اظہار نکرتا اون نامونکا بقیہ از زنیان ہی اور از عدم اظہار نام کرام میں
لمصلحتہ ہی تو دونو مقام پر ہی تقیہ کرنہ بیان وتنزیل ہی نہ وبال مگر حضرت مخاطب
کو تخصیص البدعہ لازم ہی وان تنصرف امنا فانا ننصرف منکم کما تسخرون من
قولہ غور کرنیکی لایق ہی اقول غور کرنیکے لایق حال رضامندی ہی کہ کن
لوگونسے ہی مومنین سی ہی یا منافقین سے اور کس بات پر ہی بیعت پر یا میل
دنیا کی کا مومنین پر در کسوقت تک ہی تا بعدم نکث بیعت یا ابا لا بین قولہ حضرات
شیعہ کو کسطرح معلوم ہوا کہ سابقہ کی اور نا مونسی خدا نا راض تہا اقول جسطرح
سی تمکو حال رضامندی معلوم ہوا کہ تمہاری زعم باطل مین فقط ایک سے رضے اللہ
سی حال رضامندی ظاہر ہوا اور شیعونکو سیکڑون آیتون سے جو در بارہ
منافقین ہین حال نارضامندی خدا بعض صحابہ سی ظاہر ہوا قولہ کیونکر اونکو اونکی
نارضامندی کا حال معلوم ہو اقول اسطرح معلوم ہوا کہ خدا نی فرمایا فمن نکث
فانما ینکث علی نفسہ اور پھر فرمایا فقد باء بغضب من اللہ ومأواہم
جہنم وبئس المصیر۔ اور پھر فرمایا لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ۔
پس ان آیات اور انکی امثال سی کہ سیکڑون ہین کہ حال نارضامندی خدا معلوم ہوتے

اعتراض کرتی ہے کہ ان آیات مین ثلثہ کی نام کی تصریح نہین ہی تو ہم کہینگے آیہ تطہیر
اور مباہلہ مین بھی ثلثہ کی نام کی تصریح نہین ہے تعجب اونسی نکتہ بیت اور فرق عن ارتفع
اور ایذای خدا و رسول واقع ہوئی تو خود بخود بمصداق آیات غضب خدا ہوگئی قولہ
تعجب کا تو مقام ہی اقول تعجب کا مقام ہی کہ تقدیر رضی اللہ سی تو رضامندی ظاہر
ہوا اور تعین نکتہ سی نارضامندی نہ ظاہر ہو علاوہ اسکے تقدیر رضی اللہ سے تو فقط
مومنین ہی سے نارضامندی ظاہر ہوئی نہ سر گروہ منافقین سی پھر کیونکر اہل سنت
معاویہ العاویہ کو دعوی کرتے ہین اور نام اصحاب ثلاثہ زبان پر لاتی ہین تعین شیطان
پاک کو نابجان سگ ناپاک جوابدین کہ اگرچہ اس قرآن مین تصریح بنام ثلثہ کی نہین ہی لیکن قرآن کو
حضرت عثمان نی جلادیا اسمین تصریح نام ثلثہ کی موجود تھی لیکن چونکہ آیہ رضی نکتہ سی وہ نام خ
ہی ہوگئی تھی اسلئے بیار عثمانی مقتضے اونکی جلا نیکے ہوئی پھر اب اوسکا ذکر زبان پر لانا لغو
ہی اسلئے کہ اگر شیعہ اسکو دیکھین گے بھی تو بسبب منسوخ التلاوۃ ہونیکے قبول نہین کرسکتی
قولہ لیکن افسوس تو یہ ہی اقول الحمد للہ کہ شیعہ کو امام مبین کا نشان
ملا ہی اور اپنی امام زمان کو پہچانا ہے مقام افسوس ہی کہ سنیون نی اپنا امام زمان کو
نہین پہچانا اور بموت جاہلیت مری اور بقول خلیفہ زادہ عبداللہ بن عمر کی جنہون نے
بخوف موت جاہلیت یزید کی اور حجاج بن یوسف کی بیعت کی ہی بیعت بھی انکی گلے مین
اسکا پھندا نہ گہر کی ہوئی اور نہ یہ کہا کی قولہ ہزار برس تو گذر گئی اقول قریب
تیرہسو برس کی گذری کہ اہلسنت منتظرین کہ امام مہدی متولد ہونگے اور ظاہر ہونگے
اور جو طرق شیعون نے حضرات ثلثہ کی گردن مین ڈالا ہی اوسکو نکلوا ڈالین گے اور بیعت کرنی
اس زمانہ دراز کی اب تک کچھ اونکا اثر بھی نہ پیدا ہوا یہ انتظار کو انتظار

فرد ای قیامت سی کم نہین یہ شعر نہایت مناسب بمقام پیدایش امام ہی صد
شب ہجر گذشت و مہ من پیدا نیست ر طرفہ عمری کہ بصد سال ندیدم یک ماہ۔ آری
بجای صد سال کی تیز دو صد کہنا مناسب تہا بہر حیف دیکہا چاہیئے کہ وہ حضرت
اوس طوق کا نگر کچہ پڑہا دیتے ہین یا گنا دیتے ہین **قولہ** اس اعتراض سے
بہی اتنا ثابت ہوتا ہی **اقول** یہ اعتراض نہین ہی بلکہ سنیونکی استدلال کا جواب ہے
اور حاصل اوسکا یہ ہی کہ بیعت حدیبیہ اوپر شرط عدم فرار کی تہی اور رضامندی خدا منوط
اوپر اسی بیعت مشروطہ بشرط عدم فرار کی تہی اب ان لوگون سے نے ایفا بشرط
کیا وہ داخل رضامندی خدا ہوئی اور جن لوگون سنے بعد اس بیعت کی وفا بشرط
نکی بلکہ بفرار از محاربات غیر وحنین نکث بیعت کی وہ من نکثین داخل اور لعنت
رضے سی خارج ہین نابر اسکے ناکثین ہمیشہ لعنت رضے سی خارج تہے چونکہ یہی
وفا کنندہ بشرط بیعت نہی تہی پس جو رضا کہ موقوف اوپر ایفای شرط بیعت
کی تہی وہ کیونکر متحقق ہوتے واذا فات الشرط فات المشروط پس حضرت
مخاطب جو فرماتی ہین کہ اس اعتراض سی اتنا ثابت ہوتا ہی کہ بیعت رضوان کی
وقت تک صحابہ کبار اور مہاجرین وانصار سچی مسلمان اور پکی مومن تہی محض غلط
ہی ہرگز ناکثین سچی مسلمان تہی نہ پکی مومن تہی اگر سچی مسلمان اور پکی مومن ہوتی تو کبہی اونے
نکث بیعت عمل مین نہ آتا اونکا نکث کرنا سچی دلیل ہی اوپر جہوٹی مسلمان ہونیکی اور پکی منافقی
ہی اور پکی مومن ہونی کے **قولہ** نہ منافق تہی نہ کافر تہی اونکے بیعت صادقانہ تہی
نہ منافقانہ **اقول** اگر کافر یکبارگی نفاق نہوتی تو پیغمبر کو تہا کافرون مین چہوڑ کر نہ
بہاگتی اور اگر عہد پیمان عدم فرار مین صادق ہوتے اور منافق نہوتی تو مرجاتی

اور فرار نکرتی اور ہرگز کسی عاقل کے عقل باور نہین کرتے کہ خدا کبھی ایسی منافقین ناکثین فارّین سے راضی ہوا ہو آسے راضی اونسے ہوا جنھون نے وفا بہ بیعت پیمان کے اور لڑی یا مری یا مارا قولہ چنانچہ یہ فقرہ صاحب تقلیب المکائد کا اقول یہ فقرہ ہرگز دلالت نہین کرتا اوپر اسکے کہ بیعت کرنیوالے مومنین منافق نہ تھی اسلئے کہ صاحب تقلیب المکائد یہہ فرماتے ہین کہ آیہ فمن نکث اسپر دلالت کرتا ہے کہ بعض مبائعین بیعت حدیبیہ جو موسوم بہ بیعت رضوان ہے ناکثین بیعت سے تھے اور بیعت ظاہری کہ ناکثین نہ تھی مگر منافقین پس خداوند علام الغیوب اون منافقین ناکثین کیونکر راضی ہوا اور وہ منافقین لقد رضی عن المومنین المومنین اسلام مین کیونکر داخل ہوے قولہ اور شہید ثالث کا یہہ کہنا اقول یہ کلمہ شہید ثالث کا ہرگز اسپر دلالت نہین کرتا کہ آپکے صحابہ کبار اول سے منافق نہ تھی اسلئے کہ بعض افعال حسنہ کا اونسے سرزد ہونا دلیل اوپر ایمان کے نہین ہے کیونکہ بعض افعال حسنہ کفار اور منافقین سے بھی واقع ہوتے ہین جیسا کہ سابق مین بمنے التنخی حبیب اللہ ولو کان کافرا سے بیان کیا بلکہ یہہ فرمانا شہید ثالث کا کہ بعض افعال حسنہ مرضیہ الٰہیشان واقعست دلیل ہے اوپر نفاق اونکی کے اسلئے کہ اگر بقول آپکے وہ پکے مومن ہوتے تو سب افعال اونکی حسنہ ہی ہوتے اور جب فقط بعض افعال حسنہ ہوئی تو بیشک وہ منافق تھے کہ بعضے ظاہری افعال اونکے حسن تھے اور باطنی افعال اونکی سب کے سب قبیح تھے قولہ حتیٰ یہہ آیت جسمین خدا نے اپنی رضامندی ظاہر کی نازل ہوئی اقول محض غلط آیت رضامندی کے ساتھ ہے آیت فمن نکث نازل ہوئی کہ اونمی منافقین کو رضامندی سے خارج کردیا قولہ خیر اب آگے چلیے

اقول خیر نہین ہے آپ چاہئی آگے چلئے چاہئے پیچھے چلئے اچکا پیش ویسا ہی برابر ہے
مطلع سی مقطع تک صاف پڑا ہوا ہی آبتدای حضرات ثلثہ کفر پرستی تھی اور
شراب پینا اور سور کھانا تھا اور وسط اوسکا نفاق اور خاتمہ اونکا بارتداد ہوا بین
المعانی تھا قولہ اونکی حال پر نظر کیجئی اقول جب ہمنے اونکے حال پر نظر کی تو دیکھا
کہ ہمیشہ اونسے افعال منافقانہ ہی واقع ہوے کیا سامنے جناب رسول خدا کے کیا
بعد اونحضرت کے آرے سامنے کسیقدر ڈرتے تھے اور بعد اونحضرت کے خلیع العذار
اور بالکلیہ گستہ سا رہو گئے قولہ جنگ خیبر پر ثابت قدم نرہے اقول صاحب
تقلیب المکائد رحمہ اللہ نے بعد خیبر ذکر حنین بھی کیا ہے آپ نے فقط خیبر ہی کیون پکڑ لیا
مگر یہ کہ حنین کا فرار لاجواب تھا اسلئی کہ حنین مین فرار صحابہ کبار مثل احد کے منصوص
فی القرآن والحدیث ہے اور سچی تو یہ ہے کہ اہل تواریخ کی کل لڑائیون مین بجز فرار کی نسبت
قرار طرف ثلاثہ کے دی ہی نہین ہے قولہ لیکن فتح نہونا مستلزم فرار نہین ہے
اقول حضرات ثلاثہ کا فرار آپ کہانتک چھپائینگے اور چکنی چپڑی باتین بنائینگے کچھ نکشت
بیت خیبر ہی سے بھاگنے پر موقوف نہین ہے بلکہ حنین سے بھاگنا بھی اسی قسم کا ہے
کہ خود کلام اللہ مین فولیتم مدبرین موجود ہے صحیح مسلم مین ہے کہ عباس عم رسول
کہتے ہین کہ جناب رسول خدا اوس روز ایک بغلہ بیضا پر سوار تھے فلما التقی
اوس مغفرت کی وعدہ مین شریک ہین جو اللہ جل شانہ نی اہل بدر سی کیا ہی کہ مین نے اونکو
مرفوع القلم کر دیا ہے چنانچہ اس امر کو علمای امامیہ بہی قبول کرتے ہین علامہ کاشانی
خلاصۃ المنہج مین تفسیر کریمہ ماکان للنبی ان یکون لہ اسری کی بابین الفاظ کرتی
ہین کہ اگر نہ حکمی و فرمانی می بود از خدای تعالی کہ پیشتے گرفتہ شد و اثبات آن در لوح محفوظ کہ
بی نہی صریح عقوبت نہ فرمود یا اصحاب بدر را عذاب نکند اور اسی طرح پر تفسیر مجمع البیان
طبرسی مین لکہا ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی فرمایا لعل اللہ اطلع علی اہل بدر فقال
لہم فقال اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم کہ خدا نی اہل بدر کی شان مین فرمادیا ہی
کہ جو چاہو سو کرو مین تمکو بخش چکا ہون اور تفسیر خلاصۃ المنہج مین لکہا ہی کہ خدای تعالے
بدریان را وعدۂ مغفرت داد و ایشان را بخطاب مستطاب اعملوا ما شئتم فقد غفرت
لکم نوازش فرمود پس جب پیغمبر خدا کی زبان مبارک سی تمام اہل بدر کا قطعے

جنتی ہونا اور خدا کا اونکی نسبت اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم کہنا ثابت ہوا تو پھر
اب صحابۂ کبار علی الخصوص اصحاب شجرہ کی قطعے جنتی ہونی مین کونسا شبہ رہا ای یارو
ہم ابتک نہین سمجھے کہ حضرات شیعہ کی مذہب کا مدار کس پر ہی اگر خدا کی کلام پر ہی تو وہ صحابہ
کی فضیلتون سے بھرا ہوا ہے اگر پیغمبر کی حدیثون پر ہے تو اونمین بھی اونہین کے
صفات کا تذکرہ ہے اگر ائمہ کرام علیہم السلام کی روایتون پر ہی تو اونمین بھی اون کی
خوبیونکا بیان ہے اگر اپنی ہے تفسیرون اور کتابون پر ہی تو اونسی بھی انکی فضایل کا ثبوت
ہوتا ہے پس اب اور کیسی سند حضرات چاہتے ہین جو صحابہ کی فضایل مین ہم پیش کرین اور
کیسی دلیل چاہتے ہین جو انکی بزرگیون کے ثبوت مین بیان کرین اصل یہ ہی کہ اگر
ایمان اور انصاف ہو تو خدا کی کلام اور رسول کی احادیث اور ائمہ کی اقوال کو مانین
جب ایمان اور انصاف ہی نہین ہے اور پیروی عبداللہ بن سبا کی کرنی منظور ہی
تو پھر کیونکر اپنی پیر و مرشد کے سکھلای عقیدونکو چھوڑین افسوس ہزار افسوس کہ بارہ سو برس
گزر گئی اور اوس ملعون یہودی کی ہڈیان خاکستر تک ہو گئین مگر جو بچہ وہ اپنی شیعون کو
سکھلا گیا اوسکو وہ نہین بھولتے اور جس راہ پر وہ اپنے یارون کو چلا گیا اوس سی نہین
ہٹتی ہزار ہزار کوی سمجھاوی لاکھ آیتین اور حدیثین دکھلاوی مگر اپنی پیر و مرشد کی قول کی
روبرو ایک پر بھی نظر نہین کرتے کلام اللہ کی تاویل کرین حدیثونکو بناڈالین لیکن اونکے
قولونکو رد کرین مگر اپنے جد امجد کی بات کو نہین بھولتی جس عقیدہ کو خیال کیجی اوسمین
اوسی ملعون کی تعلیم کا ابتک اثر ہی جس مسئلہ مین غور کیجی ابتک اوسی کمبخت کی قول پر
عمل ہے ولنعم ما قیل ؎ بہ لب زدرد دل آہی کہ داشتم دارم نہشتنی سر راہ کہ داشتم دارم
یقول المتمسک بولاء علی بن ابیطالب علیہ السلام تعجب کل العجب کہ حضرت

مخاطب باشور وشغب مدعی بیان آیات فضایل صحابہ ہے لیکن خدا نی کیسا عقل پر پردہ ڈالا
ہی کہ قلم اتجو بہ رقم سے وہ آیت نکلتی ہے جو نفس صریح اوپر مذمت صحابہ بکبار عنان کے
ہی اور بس سے بیدینی اور دنیا طلبی صحابہ کی اور اونکا سزاوار مستحق عذاب عظیم ہونا ثابت
ہے کو خدا نی اپنے فضل وکرم سی چھوڑ دیا ہو تفصیل اس اجمال کی یہ ہی کہ خداوند باری بکمال
تاریخی خطاب پر عتاب صحابہ دنیا طلب سی مخاطب ہو کر فرماتا ہے کہ تریدون عرض الدنیا
واللہ یرید الآخرۃ واللہ عزیز حکیم لولا کتاب من اللہ
سبق لمستکم فیما اخذتم عذاب عظیم یعنی ای صحاب رسول تم لوگ طالبین مال دنیا ہو
اور خدا خواہان ثواب آخرت ہے اور خدا عزیز وحکیم ہے اور اگر نوشتہ خدا پیشتر نہ گزرا ہوتا
تو ہر آئینہ بیشبہا تمکو بسبب اوس چیز کی کہ لیا تمنے عذاب عظیم غرض جناب باری عزاسمہ کی سرزنش
کرتا صحابہ کبار سے جنہون نے دوست کہا اسیران بدر سی فدیہ لینی کو جنکے راس و رئیس
حضرت ابوبکر تھی کہ تم اگر دیندار ہوتی تو طالب مال دنیای فانی نہوتی بلکہ طالب ثواب
باقی ہوتی اور خدای عزیز وقہار تمپر اس دنیا طلبی اور بیدینی پر عذاب کرتا لیکن حکمت
اوسکی مقتضے عذاب نہین ہوی اور اگر بمقتضا اپنے حلمت کی پیشتر اس تی یہ امر مقرر کیا
ہوتا کہ عذاب دنیا تمپر نکریگا تو فدیہ لینے کی سبب سی تمپر عذاب سخت نازل کرتا بان یار دہم
ہستی یہنین کہتے کہ غور وفکر کرو بلکہ تم آنکھین بند کر کے اپنی حافظونکی طرح تقلید کرو تب بھی اس آیت
مین حضرات صحابہ کی سے وہ صحابہ جنکو تم کبار کہتے ہو سوای عذاب عظیم کے کچھ نپاؤگے
اب تبلاؤ کہ یہ آیت مذمت صحابہ کی ہے یا تعریف صحابہ کی لیکن اوسی بھروسے کا کیا علاج ہی
یہ تھا حال آیت فضیلت کا اب جھوٹی روایت کا حال بھی سنیے کہ جو روایتین کتب اہلسنت
کی ہماری علمانی نظر مبارکہ نقل کفر کفر نباشد اپنی کتابہ مین نقل کی ہین حضرت مخاطب

خوش فہم کی زعم مین یہ آجاتا ہے کہ وہ مصدق ہی اوسکی ہوگئی حالانکہ یہ بہیات سی ہے
کہ روایت اور یکیسی اور تصدیق روایت مردیگری چہ جای اینکہ کوئی تو در روایت ہی نکاری بلکہ نقل روایت
اہل خلاف کرے وہ کیونکر مصدق ہو جائیگا و زعلاوہ اسکی کہ کوئی دلیل اوپر تصدق
کی قایم نہین ہے نقل اقوال مختلفہ کرنا دلیل قطعی اوپر صدم تصدیق کی ہی اسلیے
کہ کوئی آدمی مصدق اقوال مختلفہ نہین ہوسکتا ہی بلکہ اگر مصدق ہوا تو ایک ہی کا ہوگا اس
مقام پر چند روایتین اہل سنت کی ہماری علما نی ذکر کی ہین بعضو نمین ذکر اسکا ہے کہ
اونحضرتؐ نی مشورہ لیا صحابہ سی در باب اسارای بدر کی کہ ان قیدیونکو کیا کرنا چاہیئے
قتل کرنا چاہیئے یا فدیہ لیکر چہوڑ دینا چاہیئے اور بعض دیگر مین اسطرح ذکر ہی کہ انحضرتؐ نی
صحابہ کو اختیار دیا کہ تمہارا جی چاہی چہوڑ دو اور تمہارا جی چاہے قتل کرو اور خود آنحضرتؐ نی کچہ حکم نہین دیا اور بعض
مین یہ ہی کہ اونحضرت نی رای ابوبکر کو کہ جو فدیہ لیکر چہوڑ دینی کو سکتے نہی بہت پسند کیا اور
اوسی پر عمل کیا اور رای عمر کو کہ قتل پر تھے ناپسند کیا اور بعض مین یہ ہی کہ رای تہ یعنی عمر کے
اونحضرتؐ کو نہایت ناپسند ہوئی اور حضرت کو غصہ سے تغیر ہوا یہانتک آثار کراہت چہرہ
مبارک سی سعد معاذ نی مشاہدہ کرکے کہا کہ یا حضرت انکی قتل سے کا حکم دینا میرے
رای کے بہی موافق ہے اور عمر نی بہی یہی کہا کہ میری رای مین بہی یہی آتا ہے
گو ہماری نزدیک حضرت عمر کا یہ فرمانا فقط خوش امدی کے راہی ہو نہ تہ دل سی اب ہم
صاحبان انصاف سی پوچہتی ہین کہ آیا کوئی عاقل ان سب اقوال مختلفہ کی تصدیق
کرسکتا ہی اور کہہ سکتا ہے کہ ان باتونکو حضرت نی پسند بہی کیا اور پہر نہین بہی پسند کیا
یہ دونو نقیضین سچ ہین اور مشورہ لیکر خود حکم دیا اور خود ہی حکم نہین دیا بلکہ صحابہ کو اختیار
دیا یہ دونون ضدین سچ ہین ہم سب کی مصدق ہین پس کوئی حضرت مخاطب سے

کہ تم جو مدعی تصدیق علمائی شیعہ ہو تو تصدیق اسی کا نام ہے کہ نقائض اور اضداد کو کوئے
جمع کرے اور سب کا مصدق کہلائے حضرت مخاطب سے عرض ہے کہ اگر تمہاری ایسی بیڑھی
سمجھ ہوتی تو تم شیعہ سے سنی اور سنی سے نصرانی نہ بنجاتے **قولہ** لیکن حضرت نے موافق
مشورۂ ابوبکر صدیق اور صحابہ کے فدیہ لیکر چھوڑ دیا **اقول** ابوبکر اور عمر سے مشورہ لینا اور
اسی ابوبکر کو پسند کرنا مضمون حدیث صحیح مسلم ہے کتاب الجہادیات امداد الملائکہ فی
غزوۃ البدریین شیعہ ایسی احادیث کاذبہ کو کب تصدیق کرتے ہیں عبارت اس حدیث کی
یہ ہے قال ابن عباس فلما استولوا الاساری قال رسول اللہ لابی بکر
وعمر ما ترون فی ہؤلاء الاساری فقال ابوبکر یا نبی اللہ ہم بنو العم والعشیرۃ
اری ان تأخذ منہم فدیۃ فتکون لنا قوۃ علی الکفار فعسی اللہ ان یہدیہم
الی الاسلام فقال رسول اللہ ما ترے ابن الخطاب قال قلت لا واللہ
یا رسول اللہ ما ارے الذی رای ابوبکر ولکنی ارے ان تمکنا فنضرب
اعناقہم فتمکن علیا من عقیل فیضرب عنقہ وتمکنی من فلان نسیبا لعمر
فاضرب عنقہ فان ہؤلاء ائمۃ الکفر وصنادیدہا فہوی رسول اللہ ما قال
ابوبکر ولم یہو ما قلت فلما کان من الغد جئت فاذا رسول اللہ وابوبکر قاعدین
یبکیان قلت یا رسول اللہ اخبرنی من ای شیئ تبکی انت وصاحبک فان وجدت
بکاء بکیت وان لم اجد بکاء تباکیت لبکائکما فقال رسول اللہ ابکی الذی عرض
علی اصحابک من اخذہم الفداء لقد عرض علی عذابہم ادنی من ہذہ الشجرۃ شجرۃ
قریبۃ من رسول اللہ فانزل اللہ عزوجل الحدیث ماحصل ترجمہ
ہر گاہ اسیران بدر کو اسیر کیا جناب رسول نے مشورہ لیا کہ در باب

ایسران تمھاری رای کیا ہے پس کہا ابوبکر نی یہ سب تمھاری ابنای ہمام اور قوم قبلیہ مین سے
رای مین یہ ہے کہ انسے فدیہ لیکر چھوڑ دو کہ شاید بعد ازین مسلمان ہو جائین عمر نے کہا کہ
ہرگز یہ رای میری نہین ہے بلکہ حکم دیجیئ ہمکو انکے قتل کا پس علیؑ سے کہو کہ عقیل کو قتل
کرین اور مجھسے کہی کہ مین فلانی کو قتل کرون اسلیئے کہ یہ سب سرداران اہل کفر ہین پس عمر
کہتے ہین کہ جناب رسولخدا نے ابوبکر کی رای پسند کی اور میری رای نہین پسند کی پس
دوسرے روز مین حاضر ہوا تو دیکھا کہ رسولخدا اور ابوبکر بیٹھے روتی ہین کہا مین نی کہ مجکو بھی
خبر دو کہ تم لوگ کیون روتے ہو تا کہ اگر رونا آوے تو مین بھی روؤن و نہ تکلف صورت
رونیوالونکی بناؤن پس فرمایا حضرت نی کہ مین اسلیئے روتا ہون کہ عذاب فدیہ لینے کا جو
تیری اصحاب کیواسطے مقرر کیا گیا وہ مجھپر عرض کیا گیا پس انکی عذاب کو دیکھکر مین روتا ہون
کہ عذاب ادنی سبب فدیہ لینی کی قریب تر اس درخت سی ہو گیا تھا اور اشارہ کیا طرف
ایک درخت کی جو قریب رسولؐ خدا تھا پس اوسوقت خداوند عزوجل نی آیہ عتاب
خطاب کو نازل کیا انتہے محصلاً حقیقت واقعی یہ ہے کہ جب بیدینان دنیا طلب پر عتاب
خطاب تریدون عرض الدنیا نازل ہوا اور رئیس طالبین مال دنیا حضرت خلیفہ اول
تھی پس واضع حدیث نی واسطے عیب پوشی اپنی خلیفہ جی کے چاہا کہ جناب رسولؐ خدا
کو بھی شریک عتاب و خطاب جناب باری بناوی پس حدیث جھوٹی بنائی جسکا محصل یہ
ہے کہ جناب رسولؐ خدا نی شیخین سے مشورہ لیکر رای ابوبکر کو پسند کیا اور خود فدیہ
اسارٰی سے لیا پس غرض راوئی کذاب کی یہ ہوئی کہ چونکہ اصل حکم دینی اور فدیہ لینی والی
جناب رسولؐ خدا تھے اور کل قوم اونکے تابع تھے تو حقیقت مین مصداق عتاب و خطاب
لمشکم فیما اخذتم عذاب کی عظیم معاذ اللہ رسولؐ خدا ہی تھے لیکن کوئی مسلمان یا ایمان

اس بات کو نہ مانیگا کہ شرف انبیاء و مرسلین و زاہد ترین اولین و آخرین تو ڈرسے سال
دنیای نفاسے کہ سبلی راہ حق سے عدول کری اور متاع قلیل دنیا پر گری اور تحق عذاب
عظیم ہو جاشاہ اور مصدق ہماری قول کی دوسری روایت اہلسنت سے ہے جو
صاحب مجمع البیان نی کتب اہلسنت سی نقل کی سے ان النبی ص کرہ اخذ الفدآء
حتی رای اسعد بن معاد کراھیۃ ذالک وجہہ یعنی جناب رسول خدا نی فدیہ لینی
کو نہایت مکروہ اور نا پسند جانا یہانتک کہ آثار کراہت چہرہ مبارک سی لوگون نی مشاہدہ
کرکے پہچان کر رای ابوبکر پسند خاطر تھے تو کراہت کی کیا وجہ تھی سوا وہ اسکے خود است
روایت کا آخر مکذب اسکی اول کا ہے سلمی کہ محصل آخر روایت یہ ہی کہ جب عمر نے
سبب گریہ و بکا پوچھا تو حضرت نی فرمایا کہ عرض کیا گیا مجھپر عذاب نیری اصحاب کا بسبب
فدیہ لینی اونکے کی قریب تر اس درخت سی پس اگر خود ہی جناب رسول خدا نی بطیب خاطر
اور پسند کرنی رای ابوبکر کے فدیہ لیا ہوتا تو بجای عذابہم کی عذابی فرماتی یعنی عذاب نیچا ہم
عرض کیا گیا اور لا اقل یہ ہی کہ عرض علینا عذابنا یا عذابی و عذاب اصحابک فرماتے
اور جب یہ نفرمایا بلکہ عذاب کو مخصوص اصحاب آخذین فدیہ کیا تو اس سے ظاہر ہو گیا کہ
کہ وہ حضرت شریک عتاب و خطاب نتھی پس راوی کذاب لی مقتضای انکہ در دغگو را
حافظہ نباشد چار سطر کی سباعت مین اول و آخر کلام کو متناقض کر دیا قولہ مفسرین اما سیہ ہی
تصدیق کرنے ہین اقول اس تصدیق مین ہم آپکے تکذیب کرتی ہین جب تلک کوئی
دلیل تصدیق نہ بیان کیجیگا ہم آپکو جھوٹا کہے جائینگے باری کوی جھوٹی ہی سے
دلیل بھی بیان کردی ہوتے والا قول زہ بلک قولہ چنانچہ تفسیر خلاصہ منہج اقول مضمون
اس روایت کا کہ مصدر بلفظ آوردہ اندہی مشہور با اصحاب مین قریب بروایت

صحیح مسلم ہے جو کہ ابھی مذکور ہوئی اور قریب تر بروایت بیضاوی ہے کہ باین عبارت ہے
ہی انی یوم بدر بسبعین اسیرا فیھم العباس وعقیل ابن ابیطالب فاشتشار
فیھم فقال ابو بکر قومک واھلک استبقھم لعل اللہ یتوب علیھم وخذ منھم
فدیۃ تقوی بھا اصحابک الی اخر ما قال پس جو روایتین کہ ماخذ اوسکا کتب اہلسنت ہین تعبیر
اثبات تصدیق علمای شیعہ شیعون پر حجت نہین ہوسکتے قولہ مجمع البیان طبرسی مین
لکھا ہے الی قولہ چاہو مار ڈالو اور چاہو جانی دو اقول یہ روایت تخییر بھی اصل اسکے
کتب اہلسنت سی ہے چنانچہ صاحب مجمع البیان نے عبیدۂ سلمانی سے کہ رواۃ اہلسنت
سے ہی نقل کی ہی اور مضمون اسکا روایت بیضاوی مین بھی موجود ہے حیث قال فخیر اصحابہ
فاخذ والفداء الحدیث پس یہ روایت بھی بغیر اثبات تصدیق علمای شیعہ شیعون پر
حجت نہین ہوسکتی ہے اور بفرض صحت مضمون تخییر ضرور ہے کہ تخییر سی تخییر جوازی نہ مراد
لی جاوی ورنہ امر جائز مین عتاب وخطاب کی اور استحقاق عذاب عظیم کی کیا معنی بلکہ مراد
تخییر سے تخییر اختیاری لیجاوی یعنی واسطے امتحان اور آزمایش نیت ہای صحابہ
کی دینداری اور دنیا طلبی مین اونکو اختیار دیا گیا درمیان قتل اور فدیہ کے تاکہ معلوم ہو
کہ بحسن اختیار دینداری کو مقدم کرتے ہین یا بسوء اختیار مال دنیا کو پسند کرتے ہین
لیکن صحابہ نے خلاف مرضی خدا اور رسول کے بسوء اختیار مال دنیا کو پسند کر کی مصداق
تریدون عرض الدنیا اور مستحق عذاب عظیم ہوی اور ضرور ہے کہ بنا بر لا تتبع الا ما یوحی
الی کے یہ اختیار انحضرت کی جانب پروردگار سے ہوا اور اگر فرض کیا جاوے کہ یہ اختیار انحضرت
تھا بنا بر خطای اجتہادی رسول خدا تھا تاہم اختیاری کرنا اختیار کرین بلکہ مشق مشورہ و پسند رای ابوبکر
بنا بر خطای اجتہادی کی کہین جیسا کہ فرعوم اہل السنت ہی تب بھی عتاب وخطاب کی کیا وجہ تھی کہ

مجتہد صائب بنا بر ان حضرت کی مستحق دو ثواب کا ہی اور مجتہد مخطی مستحق ایک ثواب کا ہی
نہ مستحق عذاب عظیم مگر یہ کہین کہ یہ قاعدہ مخصوص و اعلی مجتہدہ صاحب حضرت عائشہ اور مجتہد
صاحب حضرت معاویہ کی سے ہے اور جناب رسول خدا کی بارہ مین یہ قاعدہ مرعی نہین ہی
تب بہی ہم کہینگے کہ استحقاق عذاب عظیم خصوص مجتہد صاحب ہونا چاہئے نہ مقلدین بیچارے
مقلدین کا کیا قصور تھا کہ جناب باری بصیغہ جمع خطاب اونکی طرف کرکے فرمائے
لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم مگر یہ کہین کہ مراد نوع سے یہان واحد ہے
یعنی فتعاجنا ب رسول خدا جیسا کہ الو الفضل مین مراد الوسی فقط ابوبکر ہین گو آیۂ انما
ولیکم اللہ الذین یؤتون الزکوٰۃ و ھم راکعون سی تنہا جناب امیر کا مراد لینا جائز
نہین ہے بہرکیف نا برابری کے یہ خدشہ باقی رہجاتا ہے کہ یہ خطاب رسول خدا کی
نا برابر حدیث سے بدا ہی گذرتا کہ فرمایا لقد عرض علی عذابھم یعنی
تیری امت کے عذاب کو لیا پس مجھ پر کی کہ کیا کہئے کہ آدمی اپنا
کن دوسرے سے نہی شاید وقت تک آیہ من یکسب خطیئۃ او اثما
ثم یرم بہ بریئا فقد احتمل بھتانا و اثما مبینا نہین نازل ہوا
تہا غرض اتمہ یا وان نا برابر اہلسنت کا استقام پر مثل نا برابر عشرہ کے تماشا کرنی ہے کہ
اسطرح پر ایتین بناست ایتین مارسی پہلوانٹ نہین منہتا قولہ باقرار علمای امامیہ چند
فائدی حاصل ہوے اقول جب اقرار علمای امامیہ ثابت نہین کیا تو ذکر فائدون کا
بیفائدہ ہے اور بنای فاسد علی الفاسد ہے اور نقل اقوال اور روایات کی اقرار
اور تصدیق نہین ثابت ہوتی ہے مشہور ہی کہ نقل کفر کفر نباشد قولہ اول حضرت ابوبکر
اور عمر کا مہاجرین اور اہل بدر سے ہونا اقول ایمان ظاہری اور مہاجرت ظاہری

او بدری ظاہر ہونیکا کوئی انکار نہین کرتا کہ اکثر منافقین موصوف باین صفات تھے
کلام ایمان حقیقی مین سے کہ ہم شیخین کو مومن حقیقی نہین جانتے بلکہ ہو منون بافواھھم
مین داخل سمجھتے ہین اور مہاجرین حقیقی نہین جانتے اسلئے کہ بنا بتصریح بیضاوی
اور صاحب مشکوۃ مہاجرت حقیقی مین مہاجرت عن الشرک اور مہاجرت عن المعاصی
اور مہاجرت عن الاوطان للدین شرط ہے اور حضرات ثلثہ حقیقت مین نہ تارک شرک
اور نہ تارک معاصی تھے اور نہ تارک اوطان للدین تھے بلکہ بطمع دنیا تارک وطن ہوئے
تھے کما تقدم اور اہل نفاق کا اہل مدینہ ہونا کس کام آتا ہے مگر یہ کہ کسی عذاب دنیا
سے بچ جانیکا شاید کچھ فائدہ کرے قولہ دوسرے پیغمبر خدا کا اونسے مشورہ کرنا اقول
مشورہ کرنا بھی ثابت ہے اور انہین روایات صحیح مسلم اور بیضاوی سے ہے اور اگر مشورہ
کرنا ہم مسلم بھی کرین تو بنا بر استکشاف مافی الضمائر کے تھا نہ حال اخلاص اور عدم اخلاص
اور دینداری اور دنیا طلبی معلوم ہو جاوے ورنہ عقل مجال جانتے ہی کہ عقل انسان
محتاج بمشورہ دیگرے چہ ہو قولہ تیسری صورت مدینہ کا فرشتہ نہ ہونا اقول سخت
ہونی پر حدیث صحیح مسلم کے لفظ اوضح بھی دلالت کرتے ہی اور حدیث بیضاوی تو بہت
صاف ہے وہ بھی دلالت کرتی ہی لیکن خیال کرنیکی بات ہی نہ ایسی قسے القلب سی ہو اشد
من الحجارۃ ہو کفر راسخ چہل سالہ کا نکلنا اور ایمان سی متاثر ہونا بھی بہت دشوار امر ہی مگر یہ کہ کسی
جاوی کے پختہ فقار باتھ ہے تھی اور حقیقی بندگی ہوتی ہی نہ باتکی بڑی ہی ہوتی ہی مصرع عشق ہی جو
کر سکتے ہین وہ بادل کم رستے مین بہرکیف لانسلم کہ بمشورہ قتل عمر نے دیا ہی کہ
مبتنی اوپر روایات کا فوق اہلسنت کی سے ہے سلمنا لاکن لانسلم کہ یہ مشورہ باخلاص
تھا بلکہ افعال جملہ منافقین رسول پر باکا دسے ہین چونکہ جناب رسول خدا کو فدیہ لینی

پر تغیر پایا یہانتک کہ حضرتؐ کی چہرۂ مبارک سی آثار کراہت ظاہر ہوی تب عمر صاحب بی
بجوشا پر صہ لخذا ظاہر مین یون کلمات متکلم ہوے اور باطن مین بجہت طمع چیفۂ دنیاوی
انکی اور ابوبکر کی ایک ہی تہی یقولون بافواہہم مالیس فی قلوبہم
سلمنا کہ تہا دل کہا تہا لیکن لاسلم کہ بمقتضای داعیۂ ایمانی تہا بلکہ بقساوت قلبی وبمیلان
الی الیہودیت تہا ورنہ یہ تجویز نکرتے کہ ہر شخص اپنے عزیز رشتہ کو ماری وقت قرنی
بیان اسشدار علی الکفار فتدبر تاکہ ان فائدونسی فائدی حاصل ہوتی ہین اقول
ہم کہچکی کہ اصل فائدی بناء فاسد علی الفاسد تہی پس فائدونکی فائدی بناء فاسد علی الفاسد
ہونیکے قولہ جو فضیلتین اللہ جل شانہ نی مہاجرین کی بیان کی ہین اقول فضیلتین اللہ جل شانہ
نی مہاجرین تحقیقی کی بیان سے ہین نہ اونکی کہ جو ظاہر مین مہاجر اور باطن مین منافق تہے
قولہ جنکو ہم اوپر نقل کر چکے ہین اقول ہم اونکی نیچے جواب بہی لکہا چکے ہین قولہ دوسری
جو علای امامیہ نی اقول ایسی بدحواسی کیون ہے کہ دوسری کا پہلا مدار دہی ہر کیف
تخصیص بعض علماء امامیہ کی لغو ہے کل علماء امامیہ ثلثہ کو مہاجرین حقیقی سے نہین
جانتے جیسا کہ مومنین بایمان حقیقی نہین جانتے اری ظاہر مین مومن بہی تہی مہاجر
بہی تہے لیکن منافق بہے تہے قولہ مکائد شیعیان کے اقول مکائد شیطان رایا
کید وشید مین چونکہ شاہجی مدعی اسکے ہوی ہین کہ ثلثہ مہاجرین اولین سے تہی
صاحب تقلیب المکائد قدس سرہ نی اوسکے رد مین منع کیا کہ ثلثہ از مہاجرین اولین
نبود ند اور سند منع حدیث صحیح بخاری سے لای ہین کہ جناب رسولؐ خدا کے فرمانی
سے ثابت ہوتا ہے کہ مہاجرین اولین وہ لوگ ہین جنہون نے طرف حبشہ کے
ہجرت کی اشال جعفر طیار وغیرہ پس جبتک شیعہ نکی مستند کتابون سے ہر ایک کا

اصحاب ثلثہ سے مہاجرالی الحبشہ للدین ہونا نہ کوئی ثابت کری اوسوقت تک مدعی اسکا نہین
ہوسکتا کہ اصحاب ثلثہ مہاجرین اولین سے تہی اس تعن کا جواب تو حضرت مخاطب کو کچہ نہ
سوجہا مگر اونکی مہاجرت پر اب دلیل لاتے ہین اپنی حدیث سی کہ جسکی شیعہ تصدیق نہین
کرتے وعلی التنزل اثبات نہوگا مگر مہاجرت ظاہری کا حقیقی کا اور اسکا انکار صاحب
تقلیب المکائد نی نہین کیا بلکہ کسے نی علمار امامیہ سی نہین کیا بلکہ وہ منکر اولیت ہین خصوصًا
اور منکر مہاجرت حقیقی ہین عمومًا لیکن حضرت مخاطب کو خدا نی اسقدر فہم سے نہین
دیا ہے کہ اطراف وجوانب کلام اور قیود وشروط پر نظر کرے **قولہ** تیسری امامیہ کا
یہ گمان کہ حضرت ابوبکر وعمر ابتدا ہے سی منافق تہے الی قولہ فاسد ٹہرا **اقول** الحمد للہ
کہ ان احادیث سنیہ مین یہی کوسے لفظ اوپہ عدم نفاق اور حسن نیت ثلثہ کی نہین
دلالت کرتا ہے پس گمان امامیہ فاسد نہ ٹہرا بلکہ بہت ٹہیک اور درست ٹہرا
اسوجہ سے کہ فسادنیت ابوبکر جو بانی مبانے فدیہ لینی کے تہی جیسا کہ ان روایات
مین بالتصریح موجود ہی کہ ابوبکر نے کہا کہ خذ منہم فدیۃ وارہ ان تاخذ منہم فدیۃ وہر ایک
بقدر طاقت واستطاعت فدائی دہ خود نص صریح آیت قرآنی تریدون عرض الدنیا
سے بخوبی ثابت ہوگیا اور فسادنیت عمر بسبب حکم بہودیت دینی کے اور سبب
عدم قبولیت مشورت اونکی کے عند اللہ والرسول ثابت ہوگیا اب ارشاد فرمائیی کہ
خوش نیتے اور ایمان کہان سے نکلا **قولہ** جناب میر صاحب قبلہ حدیقہ سلطانیہ
اقول جو کچہ جناب علیین آب رضوان اللہ علیہ نی حدیقہ سلطانیہ مین ثلثہ کی بدنیتے
کا حال لکہا ہے بہت درست ہی اور علاوہ دلائل قطعیہ دیگر کے یہی آیت اور روایت
بہی اوسپر دلیل بین ہے کما اوضحنا آنفا **قولہ** تو بدر کی لڑائی مین کیون شریک

اقول کیون نہ شریک ہوتے کیا طمع مال غنیمت اور حرص مال فدیہ اسارے
نہتی اور قول خدا تریدون عرض الدنیا جھوٹ تہا بدر کی کیا تخصیص ہی سب ہی لڑائیون
مین لطمع مال غنیمت شریک ہوتی تہے مگر جب کہین تیر ہے پڑجاتی تہے اور وقت نصرت
و اعانت ہوتا تہا دم دبا کر بہاگ کہڑی ہوتے تہے قولہ اور کیون خدا اونکے ہاتہہ
پر فتح دیتا اقول تف برین بیحیای حضرت والا کچہہ بہی شرم و غیرت نہین آتی کہ فتح کو نام
ثلثہ سے مقارن کرتے ہین جنکی تلوار کسی معرکہ مین سیان بے سی نہ کبہی بہلا اونکو فتح تہی
کیا واسطہ اس لڑائی مین باتفاق مورخین جناب امیر اور حضرت حمزہ اور حضرت عبیدہ
علیہم السلام نے دس بیس مین دو تین کافرون کو فی النار کیا کہین جہوٹی ہی تاریخ
مین دکہایا ہی کہ حضرات ثلثہ نی ایک کافر بہی مارا ہو تب ہم شاید قایل ہو جائین کہ
فتح اونہین کے ہاتہہ پر ہوئی ہم بہت حیران ہین کہ آپ استدر بی سر و پا باتین کیون بکتے
ہین قولہ کیون پیغمبر خدا اونسے مشورہ کرتے اقول آیہ وانی ہدایہ شاورہم
فی الامر مین علمائی تفسیر نی اختلاف کیا ہے کہ باوجود اس بات کی کہ وہ حضرت
اعقل الناس تہے اور بوحی ربانی و الہام یزدانی مستغنی تہے صواب رائی ناس سے تہی
پہ کیون حکم شاورہم ہوا پس کہا قتادہ اور ربیع اور ابن اسحاق نے کہ امر مشاورت
مقتدا واسطی خوش کرنی دلہاے مومنین کے اور واسطی تالیف قلوب منافقین
کے تہا اور واسطی قدر و ہے اور عزت بخشنی صحابہ کے تہا تاکہ وہ جانین کہ حضرت
اونپر نظر عنایت رکہتی ہین اور اونکے اوپر اعتماد رکہتے ہین اور اونکی رای کیطرف
مراجعت کرتے ہین اور سفیان بن عیینہ نی کہا ہے کہ امر مشاورت اسلئی ہوا کہ امت
رسول خدا اونحضرت کی اقتدا و پیروی اسبارہ مین کرے اور اپنی امورین آپسمین

مشورہ کیا کرے اور زمن اور ضحاک نے کہا ہے کہ حکم مشورہ نظر بعزت بخشی صحابہ ہے
اور نظر باقتدای امت ہی ساتھ اور بحسب سنت کی اور کہا بعض مفسرین دیگر نے کہ عرض
مشاورت سے امتحان مکنون ضمائر ناس ہے تاکہ رای صالحہ اور رای فاسدہ کا سدہ
سے ظاہر ہو جائے کہ کون خیر خواہ اور کون بدخواہ اور کون صاف باطن اور کون
صاحب غش ہے اور کون دیندار اور کون طالب بیضہ دنیای ناپائدار ہی پس اس مقام
خاص مین دنیا طلبی ابوبکر کے مشورہ سے اور فساد نیت عمر کے مشورہ سے
صاف ظاہر ہو گئی اگر حضرت مخاطب نے اقوال اپنے مفسرین کے ملاحظہ فرمائی
ہوتی تو یہ نہ پوچھتی کہ کیون پیغمبر نے اونسی مشورہ لیا **قولہ** اور کیون آپکے جد امجد
کاشانی اور طبرسی مہاجرین اور اہل شوری مین ہونا قبول کرتے **اقول** آپکے باپکے
جد امجد کاشانی اور طبرسے نے اونکو کہین مہاجر نہین کہا بلکہ اونکی تقریر سے ثلثہ کا
مہاجر منافق ہونا ثابت ہی **قولہ** ای مسلمانو شیعونکی ایمان اور عقل اوپر غور کرو
اقول اے مسلمانو شیعونکے تسلط اور حیا اور ایمان پر غور کرو کہ شیخین کی نسبت
جو تمام جان و تن سے عاشق مال دنیا اور بندہ زر خریدہ مال و زر تھے اور [illegible]
مفلس اور قلاش اور پیغمبر کی جو تین سو تیرہ سے مال و دولت و عزت و منصب مین
پہنچا سکتے تھے اور باوجود اسکے شب و روز باین ہمہ محبت در پے ایذا اور ازار انحضرت
کے رہتے تھے گمان کرتے ہین کہ اونکی نیت بخیر تھی اور وہ منافق سچے مومن تھے
افسوس ایسے عقیدی پر خیر بہر حال جد امجد سنیان سنا۔ عبد العزیز صاحب چوچاہین
فرماوین اور اونکے پدر بزرگوار جنکو اپنا آشنا بتاتی ہین اور حقیقت مین وہ اونکی اشنا انکی
آشنا ہین جو اولین آدمی ارشاد کرین لیکن اس امر کو کہ شیخین منافقین مہاجرین

اور دنیا طلبان اہل مدرمین سے تھی ہو ٹال نہین سکتے اسلئے کہ خود خدا نے تردید و تن
عرض الدنیا سی اونکے نفاق پر گواہی دی ہے اور ہمارا مطلب اتنی ہی بات سی
حاصل ہوا جاتا ہے اسلئے کہ جب وہ دنیا طلبان مہاجرین سے تھی تو اون فضیحتو نکے
مستحق ہین جو خدا نے جابجا قرآن مجید مین منافقین کے لئے بیان کی ہین یہانتک کہ فرما
دیا ہے کہ ان المنافقین فی الدرک الاسفل من النار — اور جبکہ وہ منافقین
دنیا طلبان اہل مدرست تھے تو اوس مغفرت کی وعدہ مین جو اللہ جل شانہ نے
مومنین کیواسطی کیے ہین شریک نہونگے **قولہ** کہ مین نے اونکو مرفوع القلم کر دیا ہی
اقول مضمون مرفوع القلمی سے دلالت کی اوپر اسبات کی کہ حضرت مخاطب بھی
مرفوع القلم ہین جو ایسی سنے نہکانی باتین بکتے ہین رفع القلم عن الصبی والمجنون مشہور
ہے تہین معلوم کہ حضرات اہلسنت اسپیران نابالغ کو کس قسم مین شمار کرتے
ہین جو اونکو مرفوع القلم بناتے ہین **قولہ** علمای امامیہ یہی قبول کرتے ہین **اقول**
استغفر اللہ کہ علمای امامیہ ایسے دیوانی باتونکو قبول کرین بلکہ دیوانگی دیوانگی ظاہر
کرنیکے لئی اونکے کتابون سے نقل کرتے ہین ونقل کفر کفر نباشد **قولہ** باین الفاظ
کرتے ہین **اقول** یہ الفاظ تفسیر لولا سبق ہین نہ تفسیر ما کان للنبی نہ مخاطب فی تدلیسا
وتخدیعا ترجمہ تریدون عرض الدنیا اور ترجمہ لمسکم فیما اخذتم عذاب عظیم
کو چھوڑ دیا تا عوام متوحش نہون اور حقیقۃ الامر پر پردہ نہ لیجاوین لیکن ان چوریون سے
کچھ کام نہین چلتا بہرکیف کوئی مجنون دیوانہ ان الفاظ سی مضمون مرفوع القلمی سمجھیگا
ورنہ ان الفاظ سی صاف سمجھا جاتا ہے کہ جو عذاب دنیا واسطے منافقین ودنیا طلب اہل مدرسہ
کے جناب رسول خدا کو قریب تر از شجرۂ قریہ دکھلایا گیا جناب باری فرماتا ہے

کہ اگر ہمارے علم مین حکمت و مصلحت نہوتا تو یہ عذاب ہم ان پر دنیا مین نازل کرتے
یعنی یہ منافقین دنیا مین بہی مستحق اسکے ہین لیکن چونکہ مقتضاے مصلحت وقت نہ تھا
باین جہت کہ جھوٹ سچ نام اسلام کا لینے والی اوسوقت دنیا مین اتنی ہے لوگ
تہے پس اگر بسبب افعال ناشایستہ کی یہ لوگ بہی متاصل کردئی جاتے تو نام
ظاہرے اسلام بہی باقی نرہتا اسلئے عذاب انکا آخرت ہی پر اوٹہہ رہا ولعذاب
الاخرۃ اشد وابقی اور منجملہ چند احتمال کے جو علمائی فریقین نے تفسیر لولا کتاب
مین لکہا ہے یہ ایک احتمال ہے کہ اگر فی الواقع یہے ہو تو ایک وقت خاص مین ایک شخص
خاص فریبی سی سچ جانی ضلالت کرتا ہی اسکو مرفوع القلم ہوجانے سی کیا علاقہ علاوہ اسکے
اگر وہ مرفوع القلم ہے بہی تو پیغمبر خدا کو عذاب کسکا دکہلایا گیا تہا اور اس دکہانی سی
کیا فائدہ تہا اور جب خدا کیطرف سے مرفوع القلم ہے تہے تو پہر عذاب کہانسے آیا تہا
اور کسلئے آیا تہا اگر عذاب کرنے سے یہ غرض تہے کہ پہر ایسا کام نکرین تو جب وہ
مرفوع القلم ہوگئے تہے تو پہر کون اونکو مانع اوس سے بدتر کام کرنے سی تہا تعجب ہے
کہ عذاب کا پہر جانا جو مصلحۃً اتفاق ہوا دلیل مرفوع القلمی ہوگیا اور عذاب کا آنا باعث
گریہ اور بکا لوگونکا ہوا وہ دلیل تکلیف اور مؤاخذہ نہو قولہ اسیطرح پر تفسیر مجمع البیان
طبرسی مین لکہا ہے اقول اسطرح پر تو نہین ہے بلکہ دوسرے طرح پر ہے بیان کر
اوس عذاب کا ہے جو دنیا طلبان اہل بدر سے لمصلحۃ پہنچا گیا تہا اور یہ عبارت
لعل اللہ اطلع علی اہل بدر الخ اخرہ قصۂ حاطب بن بلتعہ مین ہے کہ جس نے
سترِ رسول خدا کو فاش کرنے کا ارادہ کیا تہا جسوقت کہ جناب رسول خدا نے عزم
فتح مکہ کیا اس شخص نے خفیۃً کفار مکہ کو خط لکہا تہا کہ تم ساز و سامان حرب سے غافل

نرہو کہ پیغمبر جنہون نے تمہارا قصد کیا ہے یہ خط باخبار حضرت جبرئیل پکڑا گیا
جناب رسولؐ ندا نے بہب حاطب سی یہ خندہ اسکا فرمایا اور سنے معذرت کے
اوس صاحب خلق عظیم نے اسکا عذر قبول کر کے فرمایا کہ حاطب نی جو بیان کیا وہ
سچ ہے کہ یہ حرکت ناشایستہ اوس سے بوجہ کفر و نفاق نہین ہوئی ہے حضرت عمر نی
تصدیق جناب رسولؐ خدا کی تکذیب کی اور بکمال طیش و غضب فرمایا کہ مجھی چھوڑ دیجیے
کہ مین اس منافق کے گردن مارون اوسحضرت نی جواب مین فرمایا مایدریك
لعلّ اللہ اطلع علی اھل بدر فغفر لھم فقال لھم اعملوا ما شئتم یہی محصل روایت
بعد اسکے صاحب مجمع البیان فرماتے ہین کہ اسیطرح پر روایت کی ہے مسلم و بخاری
نے اپنی اپنے صحیح مین اسیکو نقل کیا ہے صاحب مجمع البیان نے شان نزول مین
آیہ والے ہے یہ کی یا ایھا الذین اٰمنوا لا تتخذوا عدوّی وعدوّکم اولیاء
تلقون الیھم بالمودّۃ الی قولہ تسرون الیھم وانا اعلم بما اخفیتم وما اعلنتم
ومن یفعلہ منکم فقد ضلّ سواء السبیل یعنی نہ لو میرے دشمن
کو اور اپنے دشمن کو دوست القا کرتے ہو طرف اونہین دشمنی کے دوستی کو یا خبر دیکو
میرے رسولؐ کے طرف کفار کی بسبب دوستی کے پہنچاتی ہوتا اینکہ فرماتا ہے
چھپاتے ہو دوستی کفار کو یا چھپا کر خبرین بھیجتے ہو طرف کفار کی بسبب محبت کفار
کے یعنی تمہارا زعم باطل یہ ہے کہ خدا پہ یہ باتین تمہاری چھپ رہین گے حالانکہ مین
جانتا ہون یا دانا تر ہون اوس چیز کا جو تمنے دلو مین چھپائی ہے نفاق اور محبت کفار
سے اور اوس چیز کا جو تمنے ظاہر کی ہے ایمان اور دوستی خدا اور رسولؐ خدا سی
اور جو شخص ایسا کرتا ہے تحقیق کہ وہ گمراہ ہوا راہ راست سی یہانتک کہ فرماتا ہے

ومن یتولھم فاولئک ھم الظالمون یعنی جو لوگ کہ کفار کو دوست رکھین گے
پس وہی لوگ ظالمین ہین اب حضرت مخاطب مخاطب ہو کر جواب فقرۂ لعل اللہ اطلع علی
اہل بدر سنے کہ اولا جب بتصریح صاحب مجمع البیان معلوم ہوا کہ یہ روایت مسلم اور
بخاری سے ہے کہ بمقتضاے آنکہ نقل کفر کفر نباشد جسکے طبرسی ناقل ہوئے ہین تو شیعہ کب اسکی
تصدیق کرینگے اور صاحب مجمع البیان کے زبان سے کون کلمہ ایسا نکلا ہی کہ جس سے
تضمنا یا التزاما بھی تصدیق سمجھے جائے فضلا عن المطابقہ پس اپنی اون روایات
سے جسکو شیعہ افترائے بحت سمجھتی ہین شیعون پر استدلال کرنا نہایت خوش نمہنے
مخاطب ہے ثانیا آیت اور صدر روایت کو اس فقرۂ باطلہ سے کچھ واسطہ نہین ہے
اسلئے کہ صدر روایت اسپر دلالت کرتا ہے کہ حاطب سے ایک فعل قبیح قابل
عتاب و خطاب رب الارباب واقع ہوا اور مضمون آیت یہ ہی کہ جناب باری سے
عتاب فرماتا ہے اوس فعل قبیح کرنیوالون پر یہانتک کہ فرماتا ہے کہ جو تم مین سے ایسا
کرتے ہین وہ راہ راست سے گمراہ ہین اور وہ ظالمین مین سے ہین اور مضمون اس
فقرۂ کا ذبہ کا کہ جزافترے علی اللہ والرسول کے کچھ نہین ہے یہ ہے کہ اہل بدر
مرفوع القلم ہو چکے ہین پس جسکو اندک عقل ہے وہ یہ سمجھے گا کہ اگر مرفوع القلم ہونا
واقعی تہا تو پھر عتاب و خطاب کی کیا معنے اور اونکو ایسے کام سے منع کرنے کی کیا وجہ
اور گمراہ ٹھہرانے کا کیا باعث اور پھر اونکو ظالم کہنا کسواسطے ہے عجب تناقض
خدا کے کلام مین لازم آتا ہے کہ خود ہے تو فرماتا ہے کہ تم جو جی چاہی سو کرو چاہے
شرابین پیو چاہو کون ہنونے تنا کرو چاہو سور کھاؤ تم کو سب معاف ہی پھر ایک اوسنے
کام پر کہ دوستی کفار ہے یہ عتاب و خطاب ہے کہ گمراہ بتاتا ہے ظالم ہونا بہے سناتا

ہی سنے بھی فرماتا ہے ہرگز سمجھ مین نہین آتا کہ یہ امر و نہی کیونکر جمع ہو سکتا ہے بجز اسکے
کہ کہا جاوی سنے افعال قبیحہ سے جو کلام اللہ مین موجود ہے واقعی ہے اور امر اِعْمَلُوا
مَا شِئْتُم راوی کذاب کی بنائے ہوئی بات ہی ورنہ کلام خدا مین تناقض ممکن نہ تھا
تالث قطع نظر از مخالفت آیت و روایت کی یہ فقرہ فی نفسہ بھی باطل ہے اور عین
مذہب اباحتیہ ہے کہ جس سے بنائی مذہب اسلام اَنیخ برکندہ ہوتی ہے اسلئے کہ
صیغۂ امر اِعْمَلُوا مَا شِئْتُم اگر وجوب اور ندب پر محمول نہوی تو لا اقل اوپر اباحت اور
جواز کے محمول ہوگا پس مضمون اسکا یہ ہوگا کہ تمکو جائز اور مباح ہے کہ جو فعل چاہو
شنایع افعال اور قبایح اعمال سے بجالاؤ اور جو دل چاہے منکر اور فحشاء اور معاصی
سے عمل مین لاؤ اور اگر کوئی کہے کہ افعال قبیحہ کہانسے سمجھی گئے تو ہم کہین گے کہ فقرۂ
غَفَرْتُ لَکُمْ سے سمجھی گئے اسلئی کہ افعال حسنہ مین غفران کے کیا حاجت ہی ضرورت
مغفرت نہین ہے مگر بہ نسبت افعال قبیحہ کے اور اعز القبیح اور امر بافعال قبیحہ کار
شیطان ہے چنانچہ جناب باری فرماتا ہے اَلشَّیْطَانُ یَعِدُکُمُ الْفَقْرَ وَیَاْمُرُکُمْ بِالْفَحْشَآءِ
پھر فرماتا ہی اِنَّمَا یَاْمُرُکُمْ بِالسُّوْٓءِ وَالْفَحْشَآءِ پھر فرماتا ہی قُلْ اِنَّ اللّٰہَ لَا یَاْمُرُ بِالْفَحْشَآءِ پھر فرماتا ہی
یَنْھٰی عَنِ الْفَحْشَآءِ وَالْمُنْکَرِ الغرض کل آیات اور روآیاتِ اوامر و نواہے کا
مدار اوپر امر بالمعروف اور نہی عن المنکر کی ہے اور بنائی دین اسلام اسی پر قایم
کی گئے پس مضمون سے اس فقرہ کے بیخ اسلام برکندہ ہوئے جاتی ہے مگر حضرات اہلسنت
کو محبت حضرات ثلثہ مین اسکا کچھ خیال نہین ہے نعم حُبُّ الشَّیْءِ یعمی ویصم حالانکہ اس
راوی کذاب نے واسطے اظہار فضیلت عمر ابن الخطاب کی بعد قصۂ قرطاس رسول اللہ کے
جو آخر قصہ یا طب ہی عبارت فقام عمر بن الخطاب وقال دعنی یا رسول اللہ اضرب

عنق ہذا الفاسق فقال رسول اللہ یا ابدر یک یا عمر لعل اللہ اطلع علی اہل بدر الخ بنائی
ہے تاکہ لوگ جانین کہ نصرت عمر ایسے بہادر بھی اور حمایت دین مین مستعد تھی کہ
ہر وقت قتل منافقین پر تلوار کھینچی رہتے تھے شاید ایسی باتون سی عیب سراپا بھار
و شنار پشت دادن بکفار کو چھپاوے بعد اسکے فقرہ اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ جمایا ہے تاکہ حمقا
حضرات ثلثہ کی حرکات منافقانہ سے قطع نظر کرکے اونکو بہشتی قطعے تعین فاضل
اس سے کہ بعد تصدیق رسول خدا کی عدم نفاق حاطب پھر حاطب کو منافق کہنا تکذیب رسول اللہ
ہے اور تکذیب رسول اللہ عین کفر و الحاد ہے اور کفار کے حق مین خداوند تعالے
فرماتا ہے لا یدخلون الجنۃ حتی یلج الجمل فی سم الخیاط یعنی نہ داخل
ہونگے بہشت مین یہانتک کہ سما جاوی اونٹ بیچ سوراخ سوزن کے نبابر اسکی عمر کا
بہشتی ہونا موقوف ہوا اوپر سما جانے اونٹ کی سوراخ سوزن مین پس بہشتی قطعی
ہونا کہان سے ثابت ہوگا تعجب ہی کہ جس بزرگ کی صحابیت پر لوگون کو فخر ہے اسکی
شان مین تو خطاب باری فرماوی کہ فاستقم کما امرت یعنی جسطرح پر تو حکم کیا
جاتا ہے اوسیطرح پر قایم اور ثابت قدم رہ اور فرماوی اذاً لاذقناک ضعف
الحیوۃ وضعف الممات یعنی تو اگر اوسنے میل طرف کفار کے کرتا تو ہم دونا عذاب
دنیا اور دونا عذاب اخرۃ تجکو چکھاتے اور فرماوے لان اشرکت لیحبطن عملک
یعنی اگر شرک بخدا لائے گا تو مکمل اعمال خیر تیرے ساقط ہو جاوین گے الغرض شان
پیغمبر مین تو خداوند تعالیٰ یہ سختیان فرماوے اور صحابہ کرا ایسا مطلق العنان گستہ ہا
اور خلیع العذار کرے کہ فرماوے اِعْمَلُوْا مَا شِئْتُمْ یعنی جو کفر اور زندقہ اور شنایع اور
قبایح تمہارا جی چاہے عمل مین لاؤ تمسے کچھ مؤاخذہ نہین ہے تم مرفوع القلم کر دیے گئے

خدا جانے کہ حضرات اہلسنت کی عقلونپر کیسے پردی پڑے ہین کہ کچھ نہین سمجھتی کہ ہم کیا
کہتے ہین اور آل اس کلام سراپا ابلام کا کیا ہے فذرھم فی سکرتھم یعمھون
اب یہ بات بھی سن لینی چاہئے کہ بعض علمائی اہلسنت کو جو کسیوقت بیہوشی اور غفلت
سے فی الجملہ افاقہ ہوا ہے اور شنایع اور قبایح اس کلام سراپا ابلام پر کچھ تنبیہ ہوا ہے تو وہ
اس غباوت کی تاویل کی فکر مین پڑے ہین اور مثل نا آشنا عشوا ہاتھہ پاون مارنا شروع
کیا ہے چنانچہ طیبی شرح مشکوۃ مین فرماتے ہین قولہ قد غفرت لکم الخ ھذہ فی
الآخرۃ اما فی الدنیا فلو توبۃ علی احدٍ منھم حدًا او غیرہ اقیم علیہ واقاد رسول اللہ
علی مسطح حد الفریۃ وکان بدریًا انتہی یعنے وعدۂ مغفرت عام نہین ہے دنیا اور
آخرت سی بلکہ مخصوص بآخرت ہی پس اگر متوجہ ہو طرف کسیکی اہل بدر سے
کوئی حد وغیرہ یعنی تعزیر تو دنیا مین اوسپر قایم کیجائیگی جیسا کہ جناب رسولخدا نے
قذفِ حضرت عایشہ جاری کے حالانکہ اہل بدر سے تہا لیکن اس تاویل سے
کچھ فائدہ نہدیا اسلئے کہ اغراء قبیح اور امر بالفحشاء محکوم شنیع کا بحال خود رہا
غایۃ الامر یہ ہے کہ اہل بدر افعال قبیحہ کو نظر حاکم شرع سے بچا کر کرین تا دنیا کی
عذاب سی بچ جائین اور آخرت کا تو اونکو خوف ہی نہین ہے طرفہ یہ ہے کہ بعد
اسکی خود فرماتے ہین وفعل حاطب کان کبیرۃ قطعا لانہ تضمن ایذاء النبی لقولہ ان
الذین یؤذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ ولا یجوز قتلہ الا کفر بہ انتہی یعنے فعل حاطب
گناہ کبیرہ تہا اسلئے کہ متضمن ایذای رسول تہا اور جناب باری فرماتا ہے کہ جو لوگ
خدا اور رسول کو ایذا دیتے ہین لعنت کی ہے خدا نے اونپر اور قتل اوسکا جائز نہ تہا
اسواسطے کہ فعل کبیرہ موجب کفر نہین ہے الغرض شارح صاحب جب اقرار کرتی

ہین فعل حاطب کی کبیرہ ہونیکا اور مواخذہ دنیویہ کا اور سپر دعوی کلی مرفوع الحکمی، اہل بدر
تو باطل ہو گیا اسکے کہ مواخذہ دنیا تو ثابت ہوا باقی رہا کلام مؤاخذہ آخرت مین پس
جس دلیل سے فعل حاطب کا کبیرہ ہونا اور قابل مواخذہ دنیا ہونا ثابت کرتی ہین
اوسی دلیل سے ہم قابل مواخذہ اخرت ہونا بھی ثابت کرتے ہین اسلیے کہ موذیان خدا
ورسول فقط ملعون اور مطرود فی الدنیا نہین ہین بلکہ بمقتضاے باری فرماتا ہے ان الذین
یوذون اللہ ورسولہ لعنھم اللہ فی الدنیا والاخرۃ کو بشارت مشارکۃ کہا
کیے اور اوسکی انہار سے جی چرا گئے یہ فقط اسلمی تہا کہ بھی جواب سی عاجز تھے کما
یخفی اب ایک دوسرے سنی صاحب کا کلام سنے کہ حضرت عسقلانی شارح صحیح بخاری
فرماتے ہین وقد استشکل قولہ اعملوا ما شئتم فان ظاہرہ للاباحۃ وہو خلاف عقیدۃ الشرع
یعنے اشکال واقع ہے قولہ اعملوا ما شئتم مین اسلیے کہ ظاہر اس قول کا دلالت
اوپر اباحت کی رکہتا ہے جو مذہب کفر والحاد و فرقہ اباحیہ ہی اور خلاف شرع ہے پھر
فرماتے ہین کہ اجیب بانہ اخبار عن الماضی اے کل عمل کان لکم فہو مغفور لکم وقال
ویؤیدہ انہ لو کان کما یستقبلونہ من العمل لم تقع بلفظ الماضی ویقال ما غفر لکم بصیغۃ
بانہ لو کان للماضی لما حسن الاستدلال بہ فی قصۃ حاطب یعنی جواب دیا گیا ہے
اشکال لزوم اباحت کا بدینوجہ کہ قد غفرت لکم اخبار ہے زمانہ ماضی سے یعنے
جو اعمال قبیحہ زمانہ گذشتہ مین تمسے ہوئی تھے وہ بخش دیئے گئے اور یہ جواب ہی
ابن جوزی کا علمائی السنت سے چنانچہ دوسری مقام پر اسکے تصحیح کے ہے کہا
اوسی کہ تائید کرتی ہی ہمارے جواب کی یہ بات کہ اگر واسطے اعمال مستقبلہ کے ہوتا تو بلفظ ماضی
نہ بیان کیا جاتا اور بجاے قد غفرت لکم کے سا تغفرہ لکم ہوتا پھر خود ہی فرماتے ہین

کہ اعتراض کیا گیا ہے اوپر اس جواب کی بدنیوجہ کہ اگر ماضی کے واسطے ہونا تعیین
نہوتا استدلال لانا ساتھ اسکے قصۂ حاطب مین یعنی فعل حاطب زمانۂ ماضی عن الیقین تہا بلکہ زمانۂ مستقبل
لہذا یہین تہا پس غفرت لکم مین داخل نہین ہوسکتا فندہ کہتا ہے کہ علاوہ اس اعتراض
کی اس جواب کو اباحت اعملوا ماشئتم سے بہی کچہ مناسبت نہین معلوم ہوتی ہے مگر
یہ کہ کہا جاوے کہ ماشئتم سی افعال قبیحہ نظر بوعدۂ مغفرت مراد لیگئی تہی اور سب مغفرت
محضوص بزمانہ گذشتہ ہوئی تو اب اعملوا ماشئتم سی ضرور ہی کہ افعال حسنہ مراد لیئے
جاوین لیکن اس صورت مین مضمون مرفوع القلمی اہل بدر بالکلیہ باطل ہوا جاتا ہے اور
عرق ریزیان حضرات اہلسنت کی دربارۂ ترک تنی حقیقی قد غفرت کہ حقیقۃً واسطی ماننے
کے ہی اور زبردستی بلاضرورت داعیہ اوس ہی سننے مجازی استقبالی تاویل تحقق وقوع
مغفرت حتمی مراد لیتی مین خاک مین ملی جاتی ہین بعد اسکی حضرت عسقلانی دوسرا جواب
اباحت اعملوا ماشئتم سے یون دیتی ہین وقیل ان صیغۃ الامر فی قولہ (اعملوا) للتشریف
والتکریم فالمراد عدم المواخذۃ بما یصدر منہم بعد ذالک انتہی خصوصاً بذلک لما حصلت لہم من الحالۃ
العظیمۃ التی اقتضت مغفرۃ ذنوبہم السابقۃ وتاہلوا الان لیغفر اللہ لہم الذنوب اللاحقۃ ان
وقعت ای کلما عملتموہ بعد ہذہ الواقعۃ من ای عمل کان فہو مغفور یعنی کہا گیا ہی کہ صیغہ
امر بیچ اعملوا کے واسطی تعظیم اور تکریم کے ہی پس مراد عدم مواخذہ ہی اوسی اوپر
اوس چیز کے جو اونسے صادر ہوا بعد اسکے اور تحقیق کہ خاص کئے گئے ہین وہ لوگ
ساتھ اسکے بجہت حصول ایک حالت عظیمہ کے واسطے اونکی جو مقتضی مغفرت گناہان
سابقہ ہوئے اور لاہلیت پہر پہونچای اونہون نے واسطے اسکے کہ گناہان لاحقہ
بہی اونکی بخشے جاوین اگر واقع ہون یعنے کل عمل تمہاری بعد اس واقعہ کی جس قسم کے

عمل مین ہون وہ سب مغفور ہین بندہ کہتا ہے کہ یہ عجیب کلام بیجا اور لچر ہے کہ جسکا کچھ
فصل نہین معلوم ہوتا ہے اسلئے کہ اگر غرض یہ ہے کہ اِعْمَلُوا مَا شِئْتُم محض واسطے
تعظیم اور تکریم کے کہا گیا ہے لیکن جو اعمال قبیحہ اونسے سرزد ہونگے اوسپر مؤاخذہ کیا
جاویگا تو آمین شک نہین کہ اباحت کا جواب ہوگیا لیکن مرفوع القلمی اہل بدر کی بالکل
باطل ہوگئی اور مایۂ فخر و مباہات حضرات اہلسنت بالکل خاکمین مل گیا اور اگر غرض یہی
کہ یہ تعظیم موجب عدم مؤاخذہ بر افعال قبیحہ آیندہ ہے جیسا کہ آخر کلام مین فرماتے ہین
کہ کل عمل تمہاری جس قسم کے ہون یعنے خواہ کفر و نفاق ہو خواہ شرب خمر ہو خواہ زنا با
مادر و خواہر ہو سب مغفور ہین تو پھر اباحت مین کیا باقی رہا اور مذہب اباحیہ اور مذہب
اہلسنت مین اسبات مین کیا فرق ہوا اور رفع اشکال اباحت سبکو خلاف مقصود شرع
فرمایا تھا کیونکر ہوا بعد اسکے جواب ثالث کی تقریرون بیان فرماتی ہین وقیل سے
بشارۃ بعدم وقوع الذنوب منہم وفیہ نظر ظاہر کما سیاتی فی قصۃ قدامہ بن مظعون حین
شرب الخمر فی ایام عمر فحجرہ بسبب ذلک فرأی عمر فی المنام من یامرہ بمصالحتہ وکان قدامۃ
بدریا یعنی جواب اشکال اباحت مین بعضون نے یون کہا ہے کہ مراد اِعْمَلُوا مَا شِئْتُم
سے بشارت دنیاہی اسبات کی کہ بعد از واقعۂ بدر اہل بدر سے کوئی گناہ واقع ہی
نہوگا بلکہ جو فعل اونسے واقع ہوگا وہ حسن ہی واقع ہوگا پھر خود فرماتے ہین کہ اس جواب
مین اعتراض بہت ظاہر ہی جیسا کہ اویگا قصہ قدامہ بن مظعون مین کہ اونسے شراب پی
اور حضرت عمر نے اوس سی ترک ملاقات کی پس خواب مین دیکھا کسی شخص کو کہ خلیفہ صاحب
کو حکم کرتا ہے کہ تم قدامہ سی مصالحہ کرو اور تنہا قدامہ اہل بدر سی نبندہ کہتا ہے کہ یہ
جواب سب سی زیادہ پوچ ہی کہ جسکو من حیث اللفظ بھی قدر غفلت نگری کچھ واسطہ

نہین اور علاوہ شراب خواری قدامہ کی افک حضرت عائشہ جو سطح سے سرزد ہوا
اور اظہار اسرار رسول اللہ جو مثل عائشہ وحفصہ کے خاطب سی ہوا کہ جسکو طیبی صاحب
نی ایذاے رسول اللہ کہا اور اونکے حق مین یہ لعنہم اللہ فی الدنیا والاخرۃ
پڑہا اور خود خدا شہادت بعض اہل بدر کی دنیا طلبی پر بقول خود تریدون
عرض الدنیا دیتا ہے اور بلسکو فیما اخذتم عذاب عظیم سی ڈراتا ہے یہ سب
افعال اہل بدر کی مجیب کی نزدیک حسن تہے تو پہر فعل قبیح کسکا نام ہے اور حکم
بصالحۃ شارب الخمر دینی والا سوای شیطان کے اور کون ہوسکتا ہے اس سے
الشیطان یفرق من ظل العمر کی بہی خوب تصدیق ہوجاتی ہے بہرکیف اضطراب
علمائی اہلسنت اور ہاتہہ پاؤن مارنا اونکا تاویل روایت مین دیکہنا چاہیئی اور پہر
اسی روایت سی جو کیسطرح بنانے سی نہین بنتے سر افتخار تا فلک دوڑا پہنچانا اور
حضرات ثلثہ کا بہشتی قطعے ہونا اوس سے ثابت کرنا نہایت تعجب کا مقام ہی لازم
تہا کہ پہلے اس خبر کے جو از قسم احاد ہی قطعیت ثابت کرتے پہر قطعیت کوئی ایسے
معنونکی جو خالی از اعتراض ہون ثابت کرتے تب بحث اسمین کرتے کہ قطعیت
بہشتے ہونی ثلثہ پر اسکو دلالت ہے یا نہین اب ہم رابعاً علی التنزل وبفرض محال
کہتے ہین کہ یہ روایت سُنیہ صحیح ہے لیکن خود اہلسنت اسکی تاویلات کرتے ہین
اور اپنی عموم پر باقی نہین رکھتے اور تخصیصات دور از کار لگاتی ہین جیسا کہ ابہی
ہمنے بیان کیا کہ کوئی صاحب مخصوص بآخرت کرتے ہین اور مغفرت دنیا سی ہاتہہ
اوٹہاتی ہین کوئی صاحب مخصوص بزمانہ ماضی کرتے ہین کوئی صاحب مخصوص
بر تشریف وتعظیم کرتے ہین کوئی صاحب مخصوص بافعال حسنہ کرتے ہین تو اگر

شیعہ بھی اس روایت کو مخصوص بحسن ایمان وحسن خاتمہ کرین تو کیا قباحت ہی لیکن
حضرات ثلثہ کے نہ ایمان سہے کی شیعہ قایل ہین نہ خاتمہ بالخیر ہی ہونیکے پس اونکا
بہشتی قطعی ہونا اس روایت سی ہرگز نہ ثابت ہوگا طرفہ یہ ہے کہ مثل اسکے اور بھی
روایتین حضرات اہلسنت کی صحاح کی اس مقام مین موجود ہین چنانچہ اصح الکتب بعد
کتاب الباری صحیح بخاری مین بروایت ابی ہریرہ موجود ہے قال سمعت رسول اللہ
قال ان عبدا اصاب ذنبا وربما قال اذنبت ذنبا فقال رب اذنبت وربما قال
اصبت ذنبا فاغفرہ لی فقال ربہ اعلم عبدی ان لہ ربا یغفر الذنب ویاخذ
بہ غفرت لعبدی ثم مکث ماشاء اللہ ثم اذنب ذنبا او اصاب ذنبا الی ان کرر المقال ثلثا فقال
فی المرتبۃ الثالث قال اللہ غفرت لعبدی ثلثا فلیعمل ماشاء محصل یہ ہے کہ کہا
ابوہریرہ نے کہ جناب رسول خدا فرماتے تہے کہ ایک بندہ نی بندگان خدا سے
ایک گناہ کیا پس کہا خداوندا گناہ کیا مینے پس بخش تو واسطی میرے پس فرمایا
جناب باری نے کہ جانا میرے بندہ نی کہ اوسکے واسطی ایک رب ہی کہ گناہ کو
بخشش بھی دیتا ہے اور گناہ پر مؤاخذہ بھی کرتا ہے مینی بخشا اپنے بندہ کو پھر بعد چند
روز کی پھر گناہ کیا اور پھر اوسیطرح سے کہا اور خدا فی بہی اوسیطرح سے فرمایا اور بعد
چندے پھر گناہ کیا اور پھر اوسیطرح سے کہا پس مرتبہ ثالثہ مین خدا فرماتا ہے کہ
مین نے اپنے بندیکو تین مرتبہ بخشا اب اوسکو اختیار ہے کہ جو چاہے سو کرے پس
اس حدیث مین فلیعمل ماشاء مثل اعملوا ما شئتم کے ہی بلکہ اوس سے بڑہکر ہایئی کہ وہان
تو صرف ایک کار خیر من اباحت فواحش کی گئے تہی اور یہان تو بعد چند گناہون اور
چند توبہ شکنیون کے مرتبہ مرفوع القلمی ملا اس قسم کے روایتون کو تصحیح کرنا اور پھر اوپر

ظاہر کی تحویل کرنا بجز بدبینی کے کار دیندار نہین ہے اور بغیر غیر
ذوی العقول کی کرتے ذی عقل مرفوع القلمی کے ذی عقل کی پسند نہین کر سکتا ہی
اور اسی سبب سے عقلائی تاویل اہل سنت بین فرماتے ہین معناہ ما دمت تذنب
فتتوب غفرت لک یعنی سنتے اسکے یہ ہین کہ جب تک تو گناہ کرکے توبہ کریگا ہین
بخشوں گا تجکو پس سبب اس حدیث مین علماء اہلسنت مغفرت کو شرط توبہ کرنے مین تو کیون نہین حدیث اہل مدینہ سے
شرط توبہ کرتا کہ مثل یہ نام دوہانہ سادق اوپے بالجملہ چونکہ مطمح نظر اہلسنت اثبات مرجع انعلم
حضرات ثلثہ ہی ادنسے تاویل حدیث مین پہنچ نہین پڑتے ورنہ تاویل اسکی کوئی
اور دشوار نہین ہے اسلئے کہ غفرت کو اوپر معنی ستر ذنبہ ماضی کے محمول کرین اور عملوا
باستقبال ہی افعال سنہ آیندہ مراد لین یعنے خدا فرماتا ہے گناہان سابق مومنین کو
سنے بخش دیا اب آیندہ چاہیئے کہ اعمال صالحہ مین ان ویسا شامل سابقہ کی مواخذہ
اعمال قبیحہ مین اپنے تئین گرفتار نکرین اور مناسب تر یہ ہے کہ مخاطب ہی ہوتا ہی
ہے کہ جب عمر نے تکذیب رسول اللہ کرکے مخاطب کو منافق کہا اور اوسکی گردن مارنے
پر مستعد ہوئی تب جناب رسول خدا نے مغفورت سابقہ مخاطب کو کہ مومن تھا
یاد دلائی اور فرمایا کہ خدا جن مومنین کے گناہان گذشتہ سے درگزرا ہے
اور آیندہ کو حکم کیا ہے کہ مراقب اپنی احوال کے رہین اور اعمال قبیحہ سے باتھہ
اوٹھاوین ایسے لوگون کو تکذیب صریح رسول اللہ کرکے تو کیون زبردستی منافق
بناتا ہے اور اس سے نہین لازم آتا ہے کہ جنکا نفاق اور شقاق بدلائل قطعیہ مثل
حضرات ثلثہ کے ثابت ہو جائے اونکو بھی کوئی منافق نہ کہے اور جنکا اصرار اور عدم
توبہ بدلیل قطعی ثابت ہو اونکو بہشتی قطعی جانے سو اسکے اور بھی توجیہات ہمارے

علمارنی بفرض تنزل بیان فرمائے ہین ہم کہانتک لکھین قولہ اور تفسیر خلاصۃ المنہج
مین لکھا ہے کہ خدا یتعالیٰ بدریان را وسدہ مغفرت داد اقول ہم آپکی تکذیب
کہانتک کرین جو جو عبارتین آپ خلاصۃ المنہج سے نقل فرماتے ہین ہم ہرگز
اوسکو مطابق اصل نہین پاتے ہین ہمارے پاس دو نسخہ تفسیر خلاصۃ المنہج کی موجود
ہین ایک قلمی ایک چاپہ ایران کہ جو ۱۲۸۴ھ مین چھپا ہے کہین اس عبارت کا پتا
نہین ملتا معلوم نہین کہ آپ کس تفسیر کو خلاصۃ المنہج سمجھتے ہین کہ جس سے یہ عبارتین
نقل کیا کرتے ہین خلاصۃ المنہج مین آخر رکوع آیت حاطب مین یہ عبارت لکھی ہوئی
ہے پیغمبر ان افسوس تا اورا از مسجد بیرون کنند مردمان اورا میزدند می انداختند
و آو باز پس میگریست و برسول خدا گناہ میکرد شاید کہ بروے رحم کند چون بر
مسجد رسید رسول فرمود تا اورا باز گردانید پس حضرت اورا تو بہ داد و حق تعالیٰ
این آیہ فرستاد یہ ہی عبارت خلاصۃ المنہج کے آمین نہ کہین خطاب مستطاب
سے نہ کہین اعملوا ما شئتم کا باب ہی یہ آپکا حقیقی جواب ہی آیۃ التنزیل اگر یہ
عبارت خلاصۃ المنہج کے ہو تو یہ ترجمہ اوستے حدیث شیخ مسلم اور بخاری کا ہے
جسکا جواب بتفصیل ہم آپکو ابھی دے چکی ہین قولہ پس جب پیغمبر خدا کی زبان
مبارک سی اقول پیغمبر خدا کی زبان مبارک سی تو ہمنے کچھ نہین سنا مگر آپکے زبان
مبارک سی سنتے ہین کہ ہمین لگام نہین ہے بے سر و پا باتین بکتے ہین سب کچھ
کہانتک بکیگا ہم ہی آپکے خدشگزاری کو بلکہ آپکے لئی ہر وقت کفش بردار سے
کو حاضر ہین قولہ خدا کا اونکی نسبت اعملوا کہنا ثابت ہوا اقول قرآن مین تو
کہین یہ کلموا ما شئتم نہین ہے اور اگر ہے تو ملحدین کے شان مین ہے

اعملوا ما شئتم انہ بما تعملون بصیر پس اگر اسی کو ثلثہ کے شان مین کہے تو ہم بھی
مسلم کرتے ہین اور سوائی اسکے جو اعتراض صحیح مسلم اور بخاری مین ہے گو آپ اوسکو
کتاب الباری سے پڑہکر سمجھین مگر ہم زند و پارند زرشتی بہتر جانتے ہین اسلئے کہ
اسقدر افترا آیات خدا اور رسول پر تو شاید اوسمین بہے نہونگی قولہ کون سی۔
رہا قول شک و شبہ آپ ہی کو ہوگا ہمکو تو اونحضرات کی دوزخی قطعی ہونیکا یقین ہے
قولہ ای یار وہم اتبک نہین سمجھے اقول آپ مرتے دم تک نہ سمجھینگے جب خدا نے
سمجھ ہی نہین دی ہے تو کہان سے سمجھی قولہ کہ حضرات شیعہ کی مذہب کا مدار
کس پر ہے اقول حضرات شیعہ کے مذہب کا مدار غاصبین خلافت اور غاصبین
فدک پر تبرا کرنے پہی قولہ تو صحابہ کی فضیلتون سے بہرا ہوا ہے اقول اور
منافقین صحابہ کی رذیلتون سے بہی بہرا ہوا ہے قولہ اونمین بہی اونہین کے
صفات کا تذکرہ ہے اقول اونمین بہی منافقین بذات کا تذکرہ ہے قولہ
انمین ہے اونکی خوبیونکا بیان اقول انمین ہے منافقین کی بدذاتیون اور
نکمراپیون کا بیان ہے قولہ تو اونسے بہی اونکی فضائل کا ثبوت ہوتا ہی اقول
غلط محض ہے بلکہ ثلثہ کے رذائل کا ثبوت ہوتا ہے قولہ اور کیسی سند حضرات
چاہتی ہین اقول سند ایسی چاہتے ہین کہ جسکو ہم مانتے ہین اور حجت جانتے
ہین نہ مزخرفات صحیح مسلم و بخاری و ترمذی و ابن ماجہ و آبن داؤد و نسائے کہ
جسکو صحاح ستہ کہتی ہین قولہ کیسی دلیل چاہتے ہین اقول ایسی دلیل
چاہتے ہین کہ جسی عقل عقلا باور کرسکے نہ ایسی دلیل پوچ کہ جسکے توجیہ مین
تمہاری علما خود غوطے کہاتے ہین اور ہاتھہ پاؤن مارتے ہین مگر کچھہ بن نہین

پڑسنے قولہ اصل یہی اقول مسم بداصلون کے اصل دنیل سے خوب واقف
ہوچکے اگر کچھ بھی اصالت کا اثر ہوتا تو راہ انصاف اختیار کیجاتی قولہ جب
ایمان اور انصاف سے نہین ہے الی قولہ پر عمل ہے اقول جب حضرات
اہلسنت مین ایمان اور انصاف ہی نہین ہے اور پیروی منافقین صحابہ کا
تلمثہ منظور نظر ہی تو پھر کیونکر اپنے نجار اکے پیرون اور چہیتی مرشدون
کی سکھلائی ہوئے عقیدونکو چھوڑین افسوس ہزار افسوس کہ بارہ سو
برس گذر گئے اور اون لعینون منافقون کے ہڈیان سڑگل کے خاکستر
تک ہوگئین مگر جو کچھ وہ اپنے ستیون کو سکھلا گئے اوسکو وی نہین بھولتے اور
جس راہ پر وہ اپنے مریدون کو چلا گئے اوس سے نہین ہٹتے ہزار ہزار کوئے
سمجھاے لاکھ آیتین اور حدیثین دکھلائے مگر اپنے اشال یہودی بغدادی پیر پیران
بے پیر اور دستگیر پیروان مضلان بے توقیر کے قول کے روبرو ایک پر بھی نظر
نہین کرتے کلام اللہ کی تاویلین کرین حدیثون کو ابوہریرہ کے نام سے بنا ڈالین
اماموں کے قول کو رد کردین مگر اپنے اجداد فاسد کے باتون کو نہین
بھولتے جس عقیدہ کو خیال کیجئے اوسمین اونہین لوگون کے تعلیم کا اثر ہے
جس مسئلہ پر غور کیجئے اتبا اونہین کمبختون بیدینونکے قول پر عمل ہے ولنعم
ماقیل ؎ بلب زرد دل آہے کہ داشتی دارے نشستنی سر راہے کہ
داشتی دارے حضرت سلامت یہ جواب ترکی بہ ترکے ہی آپ ہوش
نہو بجئے آپ نے اس مقام پر تہذیب اخلاق کو بالاے طاق رکھکر ایک
ملعون یہودی کو شیعون کا جد امجد بنا یا ہے نہی طابق النعل بالنعل اوسکا

جواب دیا کما تدین تدان مگر قابل گزارش دو امر ہین ایک تو یہ کہ ہم شروع
کتاب ردّ تمہید مین آپکی ثابت کر چکے ہین کہ شیعیان علیؑ ابن ابیطالب منہب
اہل بیتؑ طہارت رکھتی ہین اور اسکے بڑے بڑے علماء آپکے مذہب کے
مثل تفتازانی اور ابن اثیر جزری اور شہرستانی نے سب مقر ہین پھر آپ
نے شیعیان علیؑ بن ابیطالب کو شیعیان عبداللہ بن سبا بدلیل و
برہان کیونکر کہا آپ ہم بالخصوص آپکے خدمت مین کچھ گستاخی نہین کر سکتے
ہین لیکن جس نے آپ سے یہ کذب و افترا کہا ہے کہ اہل تشیع عبداللہ بن سبا
کو اپنا پیشوا جانتے ہین اور اوسکے کی تمام باطلہ پر عمل کرتے ہین اوسی سے
ہم مخاطب ہو کر کہتے ہین کہ اے شخص کذاب اگر تو حلال زادہ ہے تو مستند
کتابون سے قطع نظر کر کے کہ یہ مستند ہی کتاب مین شیعون کی
دکھلا دے کہ کوئی لفظ کوئی سخن شیعون نے عبداللہ بن سبا سے نقل کیا
ہی یہ خلاف عقل ہے کہ کوئی شخص کسیکو اپنا پیشوا جانے اور پھر اوسکی اقوال اور
عقائد اپنے دین و ایمان کے کتابون مین نقل نکرے پس یہ مفتری کذاب یا
اپنے دعوی کو کسی دلیل سے ثابت کرے یا وہ گوئی اور افترا پردازی
سے باز آوے دوسری ایک نقل مشہور ہے کہ ایک روز مجلس عالمگیر بادشاہ
مین رافضیون کے باپ پر تبرا ہو تا تھا اتفاقاً کوئی شیعہ ظریف
بھی حاضر مجلس تہا اوسنے آواز بلند کہا کہ محمد بن ابی بکر رافضی ہوا کل
اہل مجلس سنے بی غور و تامل کہا کہ برپدر ش لعنت غرض نقل کی اس
حکایت کے یہ ہے کہ آپ صدر کتاب مین اسکا اظہار کر چکے ہین

کہ ہمارے آبا اور اجداد سب شیعہ تھے پس اس صورت مین جب آپنی
ایک یہودے ملعون کو سب شیعون کا دادا بنایا تو قطع نظر اسکی کہ
وہ آپ کا بھی لکڑ دادا ہوا آپ کو اس قدر ناخلفی اور عقوق ابا اور اجداد کا
مناسب نہتھا اور اگر فرمایئے کہ بکمال نارسانمدی از ابا رہے اپنی
تئین اونکے نبوت سی خارج کر لیا ہے تو پھر شروع کتاب مین
اپنے تئین ابن سید ضامن علی غفرہ اللہ کیون کہا اور بعد از خروج
بنا بر مذہب استحلاے ابو حنیفہ کے جس مین نطفہ مزابن ہندوی پر چلتا
ہے یا کسی افغان کے تحت نبوت آپ تھے کے مین یا نہین اگر ہوگے ہین
تو ضرور رہی کہ ایک اشتہار دیجئی تاکہ لوگ آپ کو ابن سید ضامن علے
نہ کہین بلکہ ابن فلانے خان کہین اور اگر آپ نی کسیکو ابہی تک باپ نہین
بنایا تو مشکل ہے کہ قیامت تک آپ بن بیاہے کہلائین گے جناب والا یہ بہادری
کی بات نہین ہے قدیم سے یہ ہوتا چلا آیا ہی دیکھئے جب حارثہ نے
نبوت زید کا انکار کیا تو جناب رسول خدا نی اونکو اپنے نبوت مین داخل
کر لیا اور اسی طرح جب محمد بن ابی بکر نی اپنے باپ سے انکار کیا اور
قاتلین عثمان مین شریک ہو گئی تب جناب امیر علیہ السلام نی اونکو
اپنی فرزندی مین لے لیا اسیطرح آپ بھی کیسکی فرزندی مین در آئین
اور چونکہ آپ کو مذہب اہلسنت پسند آیا ہے اور بڑی کرنے افغانان
توران مین تو مناسب یہ ہے کہ اونہین کے فرزند ارجمند بنئی ہمارے
راہی ناقص مین جو مناسب معلوم ہوا ہے عرض کیا آیندہ آپکو اختیار ہی

قال المخاطب المقام یہ اہ اللہ سبل السلام جسپر یہ آیت والذین امنوا وہاجروا
وجاہدوا فی سبیل اللہ والذین اووا ونصروا اولئک ہم المؤمنون حقا لہم مغفرۃ
ورزق کریم اس آیت کی معنی یہ ہین کہ جو لوگ ایمان لای اور جنھون نی ہجرت کی اور خدا کی راہ
مین جہاد کیا اور جن لوگون نی جگہ دی اور مدد کی وہی سچی ایمان والی ہین اونکی لیئی مغفرت اور
رزق باکرامت ہی اس آیت پر ایمان لانیوالی مہاجرین اور انصار کی ایمان اور اسلام پر کچہہ
شبہہ نہین کرسکتی اور انکی مغفرت اور جنتی ہونیمین کچہہ شک نہین لاسکتے اسلئی کہ جب اللہ جلشانہ خود
تصدیق فرماتا ہی کہ جن لوگون نی ہجرت کی اور اپنی گہربار کو چہوڑا اور جنہون نی پیغمبر صاحب کو اور
ہجرت کرنیوالونکو اپنی گہرونمین جگہہ دی اور انکی مدد کی وہی سچی مسلمان اور پکی ایمان لانیوالی ہین
اور مغفرت اور رزق کریم اونکی حصہ مین ہی پس خدا کی ایسی شہادت کو سنکر کونسا شخص ہوگا کہ
مہاجرین اور انصار کی ایمان مین شبہہ کری اور اونکی مغفرت مین کلام کری شیعیان عبد اللہ
ابن سبا کو ذرا سوچنا چاہئی کہ جب اللہ جل شانہ مہاجرین و انصار کی ایمان کی تصدیق کرتا
ہی اور اونکی حق مین شہادت اولئک ہم المؤمنون حقا کی دیتا ہی اور اونکی شان مین
لہم مغفرۃ و رزق کریم فرماتا ہی پھر کیونکر اونکی دلمین ایسی پاک لوگونکی طرف سی شبہہ
ہوتا ہی اور کسطرح اونکی زبان سی ایسی شخصونکی نسبت کفر و نفاق کا کلمہ نکلتا ہے کبرت کلمۃ
تخرج من افواہہم اگر کسی کو شک ہو کہ آیت اون مہاجرین و انصار کی شان مین نہین ہے
جنکی نسبت حضرات شیعہ نیک اعتقاد نہین رکہتی اسلئی ہم تفسیر مجمع البیان سی جو معتبر تفسیر امامیہ
ہی تفسیر اس آیت کی لکہتے ہین جسکو شک ہو وہ صفحہ ۵۲ ۴ تفسیر مذکور مطبوعہ طہران ۱۳۱۳ ہجری کو
دیکہہ لی مفسر موصوف لکہتا ہی کہ خدا نی پہلی آیتونمین مہاجرین اور انصار کا ذکر کیا اور انکی
ثنا اور صفت بیان کی پس خدا کی اس قول کا والذین امنوا وہاجروا وجاہدوا فی

سبیل اللہ یہ مطلب ہی کہ تصدیق کی اونہون نے خدا کی اور رسولؐ کی اور ہجرت کی
اپنے گہرون اور وطن سے یعنی مکہ سی مدینہ کو اور جہاد کیا اونہون نے خدا کی دین کی
ترقی کے لئے اور والذین اووا ونصروا کی یہ معنے ہین کہ جگہ دی مہاجرین کو اپنی گہرون
مین اور مدد کی پیغمبرؐ کی اور اولئک ہم المومنون حقا کا یہ مطلب ہی کہ وہی لوگ سچے
مسلمان ہین اسلئے کہ اونہون نے اپنی ایمان کو ہجرت کرکی اور مدد دیکر ثابت کردیا اس
تفسیر کو دیکھکر اگر حضرات شیعہ مہاجرین اور انصار کی فضیلت کا اقرار نکرین تو سوای تعصب
اور ضلالت کی کیا تصور کیا جاوی کاش اگر حضرات بمقابلہ ایسی صریح آیتون اور ایسے
صاف بشارتونکی ایک دو آیت بہی قرآن سے نکالکر ہمکو دکہلاتی اور جسطرح پر ہم نی اونکے
فضائل اور درجات کو کلام اللہ سی ثابت کیا وہ قرآن ہی کی سند سی اونکی ایک بہی برائی
کا ثبوت پہنچاتی تو ہم اونکو کسیقدر معذور بہی جانتے لیکن افسوس تو ہمکو اسی بات کا ہی کہ ہم
تو مہاجرین اور انصار کی فضائل مین قرآنکی آیتونکو پیش کرتے ہین رسولؐ کی احادیث کو
بیان کرتی ہین آماموںکی قولونکو اونہین کی کتابونسی نکال کر دکہلاتے ہین اور وی ان سبکو
چہوڑکر چند مفتری کذابونکی جہوٹی باتونکو پیش کرتے ہین اور اون لوگونکی قولون پر عمل کرتی
ہین جنکو اماموں نی نکال دیا اور جن پر اپنی زبان سے لعنت کی اور جنکو جہوٹا اور مفتری
خطاب دیا جسکا ثبوت ہم آیندہ کرینگے انشاء اللہ تعالی اب انصاف کرنیوالی انصاف
کرسکتی ہین کہ خدا کی کلام پر ہم ایمان رکہتے ہین یا حضرات شیعہ امامہ قرآن کے آیات کی ہم
تصدیق کرتے ہین یا شیعیان عبداللہ بن سبا یقول لمہتمک بولایتہ علی ابن
ابیطالب علیہ السلام ترجمہ آیہ تو ترا جم قرانیہ سے دیکہکر آپ نی لکہا مگر افسوس ہے
رفیق بی توفیق کا گلا گھونٹا کہ جزع وفزع پھر نکر سکا یہ ہی توجیہ وجیہ آیت کی مطابق
مذاق شیعہ کی نہ جو توجیہ غیر موجہ مخاطب نی کے باقی رہی گفتگو رد توجیہات رکیکہ
مخاطب مین پس بعد اسکے مطاوی رد کلام آیندہ مین آویگے انشاء اللہ تعالے
قولہ تمام مفسرین کیا شیعہ اور کیا سنے اسپر متفق ہین **اقول** دعوی بیدلیل
کرنا کار مخاطب والا مقام ہی اور غیر مسلمات کو تحت مسلمات دخل کردینا مکاری و
خداعی کا کام ہی آگے مفسرین متفق ہین کہ اذا خرجہ سی مراد زمانہ ہجرت ہی اور
صاحب الغار بمقتضای ثنین الصاحب الخ حضرت ابوبکر تھی لیکن کس مفسر شیعہ نے
لکھا ہی کہ جو شخص کہ شریک ہجرت بمعیت خلاف مرضی خدا و رسولؐ ہوا اوسکا بھی
رتبہ سب سی بڑا ہی اگر مصلحت خدا اقتضی اپنے پیغمبرؐ کی تنہا سفر کرنیکی نہوتی تو جان
نثاران اونحضرتؐ کی مثل جناب امیرؑ وحمزہ وعلیدہ وابوذر وعمار یاسر ومقداد
جنہون نے کسی معرکہ مرد آزما اور کسی شدت درخاین اونحضرتؐ کی قدم سی مقدم
نکی اور وقت اشتعال نوائر کارزار برق سیوف صاعقہ کردار سے کبھی اونکی

پلک تک نہ جھپکی اور مثل حضرات ثلثہ کے کبھی پیغمبر کو نرغہ کفار مین تنہا چھوڑکر اپنے
جان بچاکر نہ بھاگی پس ایسے لوگ اوس شب تارمین کہ جسکا ستارہ تھی مقام غار
مین کہ مامن خطر و حراست ایزد کردگار تھا اور محروس بملائکہ اخصاء و نصبار تھا کب
اونحضرت کا ساتھہ چھوڑتے آری رتبہ اوسکا سب سی بڑا ہی جسنے بقصد قتل بشری
نفسہ ابتغاء مرضات اللہ اپنی جان بیچکر سیکڑون شمشیر ہای برہنہ مین اپنی
تئین فرش رسول خدا پر سلایا چنانچہ علمای فریقین متفق ہین اسپر کہ وہ جناب امیر
علیہ السلام تھے اور یہ آیہ اونہین کی شانمین نازل ہوا جیسا کہ ازالۃ الخفا مین آثر
مین انحضرت کی مذکور ہے اور بی اجازت خدا و رسول ساتھہ دنیا بوبکر کا نہ للہ و نہ للرسول
تھا سلئی کہ حامیان دین مبین اور صحابہ رد دین اور ہی لوگ تھی کہ امتثالاً لامر اللہ
و الرسول متخلف ہوی اور ابوبکر بطمع دنیا کا ہنولنسی سنا تھا کہ انحضرت کو مدینہ مین
رفعت و ترقی ہوگی ساتھہ ہوئی قولہ اور اس سے بھی کسیکو انکار نہین ہی اقول شیعونکو
انکار ہی مگر افسوس ہی کہ آپکو دروغگوئی سے کسیوقت انکار نہین ہی قولہ جب سے
پیغمبر صاحب اپنی گھر سی برآمد ہوئی اقول بعد اسکے خود ہی شیعون سی نقل ہوا ہی کہ
بوبکر سی اثنار راہ مین بعد تھوڑی راہ ملی کرنیکے ملاقات ہوئی بیان فرماتی ہین کہ جسے گھر سی نکلی آسے دروغگو
لعافظہ نباشد قولہ ہمارہی اور شیعونکی یہ اختلاف ہی اقول یہی اختلاف نہین ہی بلکہ
بہت سا اختلاف ہی منجملہ اوسکی یہ بھی ہی کہ شیعونکی نزدیک چونکہ عند اللہ یہ سفر تنہائی
قرین مصلحت تھا پس قطع نظر از بدنیتی بہ نیک نیتی بھی مشارکت اس سفر مین خلاف
حکم خدا و رسول جائز نہ تھی اس سبب سی کوئی شخص نیک نیتون سی شریک اس سفر کی
نہوا قولہ بدنیتی پر و نعوذ باللہ من ذلک محمول کرکے اقول کچہ تخصیص ابوبکر نہین ہے

بلکہ کل منافقین کے اعمال بدنیتی پر محمول کرتے ہین اور کچھ تخصیص اس فعل خاص
کی یہی نہین ہے بلکہ کل افعال ابوبکر کو نعوذ باللہ منہ ومن افعالہ نیک نیتی پر محمول
نہین کرتے چنانچہ بدنیتی اور رزایل اونکے بہت سی آیات سی مثل تزیدون
عرض الدنیا اور بہت سی احادیث سے مثل غصب فدک وغیرہ ثابت ہین اور بالخصوص
اس آیت سی بھی ثابت کرکے شبہات اہلسنت کو رد کرتی ہین قال المخاطب
القمقام ہداہ اللہ سبل السلام بیان صدیق اکبر رضی اللہ تعالی عنہ کے
فضائل کا جو اس آیت سی ثابت ہوتی ہین۔ اس آیت سی بہت سی فضیلتین حضرت
ابوبکر صدیق کے ثابت ہوتی ہین اول یہ کہ جب پیغمبر خدا صلے اللہ علیہ وسلم کے
قتل پر کفار مکہ نے اتفاق کیا اور اللہ جل شانہ نی اونکے ارادہ سی حضرت کو آگاہ
فرمایا اور اجازت ہجرت کی دی تب پیغمبر خدا نے بحکم الٰہی حضرت ابوبکر صدیق کو
اپنے ہمراہ لیا پس اگر خدای جل شانہ کی نزدیک ابوبکر صدیق ایمان مین سچے اور اسلام
مین پکے نہوتی اور پیغمبر صاحب پر جان ودل سے عاشق نہوتی تو ہرگز وہ ایسی وقت
مین اونکو ساتھ لینی کے اجازت نہ دیتا اور خود پیغمبر صاحب کو اگر اونکی محبت اور
عشق پر یقین کامل نہوتا تو کبھی ابوبکر صدیق کو اس سفر مین اپنے ہمراہ نہ لیتی دوسری
اگر ابوبکر صدیق اپنے جان ومال کو حضرت پر نثار کرنیسی راضی نہوتے تو وہ ایسی
مصیبت کیوقت مین خود شریک نہوتی اور اپنی آپکو معرض ہلاکت مین نہ ڈالتے بلکہ
حیلہ حوالہ کرکے اپنی آپکو ایسی مصیبت کیوقتمین شریک ہونیسی بچالیتی تیسری گھر مین
سے نکلنی کیوقت سی مدینہ منورہ مین پہونچنے تک جو باتین صدیق اکبر نے کین
اور جسطرح پر پیغمبر خدا کی حفاظت کی اور جسطرح پر حق رفاقت کا ادا کیا اون سب کو تمنی

ظاہر ہوتا ہے کہ ابوبکر صدیق کو پیغمبر خدا کے ساتھ عشق کا مرتبہ تھا اور پیغمبر صاحب
کے بچانی کی لئے اپنی جان اور آبرو کا کچھ خیال نہ تھا چوتھی جتنی اور صحاب پیغمبر خدا
صلی اللہ علیہ وسلم کے تھی اونمین سے کوئی اس رتبہ کا نتھا کہ جسکو پیغمبر خدا اپنے ہمراہ
لیتے اور جسکو اپنا یار غار بناتی سوای ابوبکر صدیق کے کہ اونہین کو ایسی وقتین
اپنا رفیق بنایا اس سے ابوبکر صدیق کی فضیلت اور صحابیت ثابت ہوتی ہے
پانچوین اللہ جلشانہ کو یہ خدمت صدیق اکبر کی ایسے پسند آئی کہ اونکی صدیقیت اور
رفاقت کو اور لوگونکی تحریص اور ترغیب کیواسطی اس آیت مین بیان کیا تاکہ سنکو
سنکر لوگونکو غیرت آوی اور پیغمبر صاحب کی رفاقت پر مستعد ہوجاوین پس اگر ابوبکر صدیق
کی صدیقیت خدا کی تزویک مقبول نہوتی اور اونکی خدمت اور رفاقت اعلی درجہ کی نہوتی
تو اونکی مثال کیون دیجاتی اور اونکے یاری اور مددگاری اور اونکی دل بڑہانی شان
لئی بیان کیجاتے چھٹوین اللہ جل شانہ نی ثانی اثنین کا لفظ فرماکر ظاہر کیا کہ بعد
پیغمبر خدا کے دوسرا شخص ادای مناصب دینی کیواسطی ابوبکر ہے ساتوین اللہ جلشانہ
نی صاحبہ کا لفظ ابوبکر صدیق کی نسبت فرماکر اونکی صحابیت کو ثابت کیا کہ یہ رتبہ
کسی دوسرکو نہین نصیب ہوا اسلئی ابوبکر صدیق کی صحابیت کا انکار درحقیقت نص
قرآنی کا انکار ہے آٹھوین اس آیت مین لا تحزن ان اللہ معنا سی ثابت
ہوتا ہے کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم نی ابوبکر صدیق کو تسلے دی اور خدا کی حفاظت
اور نصرت نے اونکو اپنا ساتھی فرمایا جس سی معلوم ہوتا ہی کہ اللہ جلشانہ کا لطف اور ناصر
اپنے پیغمبر کا تہا اور جلشانہ پر اپنے پیغمبر کے یارغار کا حامی و مددگار رہتا اور جبکہ اس آیت سے
یہ ثابت ہوا کہ اللہ ابوبکر کے ساتھ تہا تو اسی سے ابوبکر کا متقی اور محسن ہونا ثابت ہوا

سائی کہ دوسری آیت مین اللہ جل شانہ نی فرمایا ہے کہ ان اللہ مع الذین اتقو ا
والذین ھم محسنون کہ خدا اونہین لوگونکے ساتھہ ہوتا ہی جو کہ متقی اور نیک ہوتی
ہین تو ہین اللہ جل شانہ نی نے اپنی تسلے ابوبکر صدیق پر نازل کی اور خدا اپنی تسلے
نازل نہین کرتا مگر اونہین لوگون پر جو کہ ایمان مین پکے اور اسلام مین مضبوط ہوتے
ہین اور جن پر خدا اپنا فضل کرتا ہی اور تسلے نازل کرنیکا ثبوت فانزل السکینۃ علیہ
سے ہوتا ہی دسویں ان آیتون پر غور کرنیسے بڑی فضیلت صدیق اکبر کے
ثابت ہوتی ہی اسلئے کہ یہ آیتین صرف واسطی ترغیب اور تہدید اون لوگون کی
نازل ہوی ہین جو کہ جہاد پر جانیسے سستی کرتی تھے اور ان آیتونمین خدا نے اون
سستے کرنیوالونکو سمجہایا اور ڈرایا اور اپنی بے نیازی کو ظاہر کیا چنانچہ اول دنیا
کی حقارت کرکے اونکو سمجہایا پہر اونکو عذاب نازل کرنیسی اور اونکی بدلی دوسری
قوم کو پیدا کرنیسے ڈرایا آخرکار اپنی بے نیازی اور رسولؐ کی بی پروائے کو
بیان فرمایا اور پہر اوس بے نیازی اور بی پروائی کی بیانمین صدیق اکبر کی تمثیل دی
اور اونکی رفاقت اور محبت کا تذکرہ کیا پس اسسے سی ابوبکر صدیق کی صدیقیت اور
اونکی صاحبیت کی مرتبہ کو قیاس کرنا چاہیے کہ اللہ اور اللہ کی رسولؐ کے نزدیک
اونکی نصرت اور یاری کے کیسی کچہ وقعت تہی کہ منجملہ اور امور ترغیب و تہدید کے
اونکی نصرت اور رفاقت کو بہی بیان کیا غرضکہ فضائل ابوبکر صدیق جو ان آیتونسے
ثابت ہوتی ہین اجمالاً ہم بیان کرچکے اب اون شبہات کو جو حضرات شیعہ کرتے
ہین بیان کرکے اوسکا رد کرتے ہین اور چونکہ شبہات اونکے ایسے پوچ اور
رکیک ہین کہ اونکے تردید کرنا ایسا ہے جیسا کہ روز روشن مین آفتاب کی طلوع

سے انکار کرنیوالی کے مقابلہ مین دلائل اور براہین بیان کرتا لیکن بمجبوری موافق
قول خاتم المحدثین کے چون بنا کلام بر اصول گروہی نہادہ است ناچار زمام اختیار
بدست آنہا دادہ ہر جا کہ کشیدہ برند میرود و بہر رنگ کہ رنگین کنندے شود مگر
منصف مزاجون سے امید ہی کہ اون اعتراضات کو ذرا انصاف سی دیکھین اور
علما و مجتہدین امامیہ کی تعصب اور عناد پر خیال کرین کہ عداوت نی اونکی دلونپر کیسا
پردہ اور دشمنی نے اونکی عقلون پر کیسا حجاب ڈال دیا ہی کہ ایسے نص صریح سے
انکار کرتے ہین اور فضایل اصحابہ کی فضیلت کی انکار کے لئی کیسی پوچ تاویلین
بیان کرتی ہین و ہا انا اشرع فی بیان ہفواتہم لیقول الممتمسک بولایۃ علی ابن
ابیطالب علیہ السلام یہ فضیلتین جو آپ ثابت کرتی ہین یا اپنی عقاید باطلہ کی راہ
سی بتصدیق روایات کاذبہ ہین یا بنا بر روایات شیعہ اور عقاید شیعہ کی ہین اگر بنا بر عقاید و روایات
اہلسنت کی ہین تو شیعہ اوسکو باطل اور کاذب جانتی ہین اور اگر بنا بر مذہب شیعہ کی
ہین تو آپکو اونکی کتابون سے سند دیکر بیان کرنا تہا تاکہ معلوم ہوتا کہ بنا بر عقیدہ شیعہ
کی یہ فضیلتین ہین تو اسصورتمین البتہ شیعونکو قبول کرنا ضرور ہوتا و اذلیس فلیس قولہ
اول یہ الی قولہ اجازت ہجرت کی دی اقول اس کلام کو فضیلت ابوبکر سی کچہ واسطہ
نہین ہے قولہ تب پیغمبر خدا نی بحکم الٰہی حضرت ابوبکر صدیق کو اپنی ہمراہ لیا اقول
تحریر تقریر فضیلت بطریق قیاس یہ ہی کہ ابوبکر کو پیغمبر خدا نی بحکم خدا وقت ہجرت کے
ہمراہ لیا یہ پہلا قضیہ ہی دوسرا یہ کہ جو شخص کہ ایسا ہو ضرور ہے کہ سچے ایمان والا اور پکا
مسلمان ہو نتیجہ مقدمتین یہ ہی کہ ابوبکر سچا ایمان والا اور پکا مسلمان تہا قبل اسکی کہ صحت
مقدمتین مین گفتگو کیجاوی ہم کہتے ہین کہ اس آیت سی ان دو قضیونکو کچہ واسطہ نہین

ہے اسلئے کہ آیت کا مفہوم اسیقدر ہی کہ ہمنے اپنی پیغمبر کی اوسوقت مدد کی کہ وہ ایک تنا دوسرے خصوصکا
اور اوسوقت اپنے ساتھی سے کہتا تہا کہ لاتحزن آہ اس عبارت سی یہ نہین نکلا کہ ہمنی حکم ابوبکر کے ساتھ
لینی کا دیا تہا اور ساتہی اوسکا پکا مسلمان تہا ہان اگر مضمون آیت یہ ہوتا کہ ہمنے اوسوقت مدد کی
کہ جسوقت حکم کیا تہا کہ ایک پکی مسلمان کو ساتھ لو اور پیغمبر نے ابوبکر کو ساتھ لیا تو مقدمتین کو آیت سے
کچہ واسطہ ہوتا اور لیس فلیس اور جب مقدمتین کو آیت سے واسطہ نہوا تو ہم کہتے ہین کہ دونو غیر مسلم ہین
کیون نہین جائز ہے کہ ابوبکر بی حکم خدا و رسول گہر سے باہر نکلی ہون جیسا کہ شیعہ کہتی ہین کہ باوجود
ممانعت رسول خدا گہر سے نکلی پس بمجبوری بخوف افشای راز حضرت نی اوس
وقت بحکم خدا اپنے ہاتہہ لیا پس بنا برا سکے ابتدا بحکم خدا نہ ثابت ہوا اور جو شخص
کہ بمجبوری ساتہہ لیا جاوی اوسکا پکا مسلمان ہونا مدیہی البطلان ہی یہ گفتگو بہ نسبت
مقدمہ اولی کے ہی لیکن مقدمہ ثانیہ کہ جو شخص بحکم خدا رسول وقت ہجرت کی پیغمبر
کی ساتہہ ہو وہ ضرور ہی کہ پکا مسلمان ہو یہ بہی غیر مسلم ہی کیون نہین جائز ہے کہ
رسول خدا بحکم خدا لمصلحۃ پکی مسلمان کو ساتہہ نہ لین بلکہ ایک کچی مسلمان کو ساتہہ لین
جیسی کہ ایک کافر کو کہ دلیل رسول اللہ تہا ساتہہ لیا تہا باقی رہی وہ مصلحت کہ جس سے
پکی مسلمان کو ساتہہ نہ لیا اور کچی مسلمان کو ساتہہ لیا اسمین ہمکو غور و فکر کی کچہ ضرورت
نہین ہے جائز ہی کہ کچی مسلمان سی ایک وقت خاص مین ایک کام ایسا نکلے
کہ پکی سے نہ نکل سکی اور جائز ہی کہ یہ کچا سب کچون سی بدتر ہو اور تاب تحمل کفار کی
ایذاؤنکی نہ لا سکے اور فوراً پہر جائی اور شریک کفار ہو جائی اور اوس سی کوئی
مفسدہ عظیم پیدا ہو اسلی اسیکو ہمراہ لینا ضرور پڑا باقی رہا خیال اوس فساد کا جو
اوس سے اثنا راہ مین پیدا ہو پس جب خدا اپنی حفظکا وعدہ کر چکا ہو تو پہکا

خیال کرنا کچھ ضرور نہین ہے پس اس تقریر سے یہ بازی ثابت ہوا کہ اگر ظاہر سی حدیث
سے ابوبکر کا بیحکم خدا ساتھہ لیجانا ثابت بھی ہو تو اوس سے نکوئی فضیلت ابوبکر کے
نکلی سکے نہ اونکا سچا مسلمان ہونا ثابت ہوگا قولہ پس اگر خدائی جل شانہ کی نزدیک
ابوبکر ایمان مین سچے اور اسلام مین پکے ہوتی الیٰ قولہ اس سفر مین اپنے ہمراہ نہ لیتی
اقول بخوف افشائی راز ساتھہ لینا دلیل اوپر کچی ہونی اسلام اور سچی ہونی ایمان
کے ہی اگر خدا اور رسول انکو محب صادق اور مومن کامل جانتی تو مثل جناب امیر
علیہ السلام کی انکو بھی کفار مین چھوڑ جانے سی کچھ پروا نکرتی پس یہ ہمرا ہے عین
دلیل کذب ایمان اور صدق نفاق خلیفہ صاحب ہی اور شیعونکی نزدیک عاشقے
معشوقی درمیان افضل اور حضرت عمر کی مسلم ہی لیکن اسمقام سے اوسکو کچھ علاقہ نہین
ہے یہان اسکا ذکر ہی کہ اگر ابوبکر عند اللہ و الرسول معتمد علیہ فی الایمان والایقان
ہوتی تو مثل جناب امیر علیہ السلام کی اونکو اپنا خلیفہ اور جانشین کرتی اور اپنی فرش
خواب پر سلاتی قولہ دوسری اگر ابوبکر صدیق اپنے جان و مال کو حضرت پر نثار
کرنیسی راضی نہوتے اقول جناب والا وقت جان نثاری روز روشن احد و خیبر جنمین
تھا یہ من خلیفہ صاحب فی پشت بہ کفار دیگر راہ فرار کو اختیار کیا نہ مقام اوسکا شب
تار حال اہتشار فی الغار تھا اور مفلس قلاش انا عن حجتی کہان مال پایا جو نثار کرتا اور
اوس شب تار مین کیا محل مال نثار کرنیکا تھا اور کسکو دیا اور کیونکر نثار کیا شیعونکے
کتاب سی تو کہان کہین سنیسون ہی کی کتاب سی بیان فرمائیے قولہ تو وہ ایسے
مصیبت کیوقت مین خود شریک نہوتی اقول اگر پیشتر سے کفار مین گھر جانی کا
حال معلوم ہوتا تو شاید مثل احد و خیبر کے کنارہ کش بیٹھے ہو جاتے خیال سابرک

مین تو یہ تہا کہ شب تارمین عالم غفلت کفارمین نکل جائینگے اور وہان جاکر مال دنیا پر
ہاتھہ لگائینگی سفر کو وسیلہ انتظفر جانتے بی اجازت خدا و رسول گھر سے باہر نکلی یہ سفر تو
وس ہی منزل کا تھا طلب دنیا مین کلاب جیفۂ دنیا تا بہ چین و روس جاتے ہین اور
کیسی کیسے تکلیفین اور مصیبتین سفر بحر و بر کی اوٹھاتے ہین آپ اپنی اشال اور اوزان
سے قیاس کرلیجیئ دنیا بمقام اعتبار ہی فاعتبروا یا اولی الابصار قولہ تیسری گھر
مین سی نکلنے کیوقت سی مدینہ منورہ مین پہنچنی تک جو باتین صدیق اکبر نی کین اقول
ہمارے خیال مین تو یہی آتا ہے کہ جو باتین کین سب تدبیر حصول دنیا مین کین اگر
کفش برداری اور خدمتگاری کی تو بحر حصول دنیا کی اگر غدر اور خیانت کی راہ پر قدم
مارا تو وہ بہی برائی حصول دنیا تہا جب در غار پر اپنی برادران کفار پر نظر پڑی تو خیال
شریف مین یہ آیا کہ جناب رسول خدا سی جس دنیا کی حصول کی طمع ہی وہ ابھی بعید
ہی اور اگر اپنی برادران کفار کو کسی حیلہ سے تنبہ کرکی او نحضرت کو گرفتار کروا دیجیئ
تو اسکے مین انہین کفار سی کچہ مال دنیا عاجلا ہاتہہ لگ جائیگا اس خیال خام سے
بہت جزع و فزع کرنا شروع کیا اور گریہ زاری مار کا حیلہ کیا مگر چونکہ ملائکہ نی گوش و چشم
کفار پر پردہ ڈالدیا تہا یہ افسون کچہ کارگر نہوا الاجرم پہر وہی جو تیان سیدہی کرنے
کی راہ پر چلی یہانتک کہ مدینہ مین پہنچی قولہ اور جسطرح پیغمبر خدا کی حفاظت کی اقول حافظ
او نکا خود ایزد کردگار اور ملائکہ خداوند گار تہی و ابو بکر چون کس چہ فتہ و چہ بیدار جو
شخص کہ خود اپنی حفاظت نکر سکی اور مقابلہ کفار مین باوجود اعوان و انصار کے
بہاگ کہڑا ہو وہ تنہا حفاظت دوسرونکی کیا کریگا قولہ اور جسطرح پر حق رفاقت کا
ادا کیا اقول ادای حق رفاقت جزع و فزع کرنے سی اور قلق اور اضطراب کے

رومیسی ظاہر ہوی آری جب یہ مکر و خدع پیش رفت نہوا تو بجز خوش آمد کی اور کشش
بروزی ظاہری کے حصول دنیا کی لئی اور کون صورت تھی لاجرم مثل دیگر منافقین
کی اتنا وصدقہ ناکارے تحو قولہ اپنی جان و آبرو کا کچھ خیال نکیا اقول جان کا
خیال نکرنا تو درائیون سے جان بچاکر بھاگنی سے ظاہر ہی آری آبرو کا خیال
البتہ نکیا ہوگا کہ اشال ابن ربیعہ کی پرانی جوتیونکے صدقہ سی پھر حاصل ہو جائینگے
قولہ حقیقی اور صحابہ پیغمبر خدا کی تھے اونمین سی کوئی اس رتبہ کا نتھا جسکو پیغمبر خدا
اپنی ہمراہ لیتی الخ اقول جیتنی اصحاب نفاق تھی کسیکو ایسی طمع دنیا غالب نہ تھے
کہ خلاف حکم رسول گھر سے باہر نکلی بجز خلیفہ صاحب کی اس راہی ہم بھی انکار رتبہ سب
سی بڑھکر جانتی ہین مگر بے اعتمادی مین انکا رتبہ سب سی بڑھکر جب ہم جانتی کہ اور
اصحاب نفاق بھی گھر سے باہر نکلی ہوتی اور اوسوقت مین وہ حضرت سبکو چھوڑ جاتی
اور انکو ہمراہ لیجاتی تو ہم کہہ سکتے تھی کہ انکا رتبہ خوف افشای راز مین سب سی بڑھا
ہوا تھا لیکن جب بجز انکی کوئی باہر نہ نکلا اور واقف راز نہوا لاجرم انہین کو بخیال
اسکے کہ ایک مرتبہ جو تیان کفار کی کھا چکے ہین مبادا اب تاب تحمل نہ لاکی افشار راز
کرین یا طمع دنیا بیجا غارین افشای راز کیا چاہتے تھی یہان سے کرین ہمراہ لیا
اس بات سی حاشا کہ کل صحابہ پر فضیلت ثابت ہو قولہ پانچوین اللہ جل شانہ کو یہہ
خدمت صدیق اکبر کی ایسے پسند آئی کہ اونکی صدیقیت اور رفاقت کو الخ اقول آیہ
کتاب خدا بالفاظ معدودہ ہی کسی لفظ کو تضمنا اور التزاما بھی کسی ادای ندمت پر دلالت
نہین ہے فضلا عن المطابقۃ آری التزاما دلالت اوس حرکت ناشایستہ پر ہی کہ جس سے
صاحب خلق عظیم نے بلفظ لین لاتحزن نہی فرمائی اور اگر بجاے اوسحضرت کے

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

کوئی افظ و اغلظ مثل حضرت عمر کی کافی الصحیح اختیاری ہوتا تو اسکت ایھا الشقی غراتا
اور اسیطرح آیۂ شریفہ مین نہ ذکر صدیقیت اور ادای حق رفاقت ہی اور نہ ذکر یاری
و مددگاری ہے آری یہ سب مفہومات بمقتضای المعنی فی بطن الشاعر حضرت مخاطب
کی پیٹ مین ہین اور خداوند تعالی نے ذکر رفیق بی توفیق مثل سارق ابریق اسلئے
فرمایا تاکہ معلوم ہو کہ ہمارا پیغمبر اوسوقت دشمنان ظاہری اور باطنی دونون مین
گرفتار تہا اور ہمنی ایسی وقت مین اپنی قدرت کاملہ سی اوسکی نصرت اور مدد کی کہ
کوئی مددگار نتھا نہ یہ کہ جب ابوبکر مددگار تہی تب ہمنی مدد کی قولہ چہارمین اللہ جلشانہ
نے ثانی اثنین کا لفظ فرماکر ظاہر کیا کہ بعد پیغمبر خدا کی دوسرا شخص اوسے
مناصب دینی کیونکر ملی ابوبکر ہے اقول پیشتر اس سی بیان ہوا کہ اہل لغت و تفسیر
متفق ہین اسپر کہ معنی ثانی اثنین اوثالث ثلثہ کی احد الاثنین اور احد الثلثہ کی ہین یعنی
ایک دوکا اور ایک تین کا اور اذھما فی الغار جو بعد اسکی ہے دلالت کرتا ہی
کہ احد الاثنین ہونا فی الغار تہا جسطرح سے کہ احد الاثنین ہونا اوسکی خلوت
خلوت حضرت عائشہ کی مثلاً فی الدار تہا تو اگر یکبار احد الاثنین فی الغار ہونا موجب
خلافت ہی تو صدبار احد الاثنین فی الدار ہونا البتہ صدبار موجب خلافت ہوگا پس
حضرت عائشہ صدبار مستحق تر بخلافت اپنی پدر بزرگوار سی ہونگی شاید اسی سبب سے
لعنی اونٹ پر چڑہکر چاہا تہا کہ خلافت جناب امیر علیہ السلام سی چھین لین مگر ننگ
خدا کر شکست فاش پائی اور جنگ جمل کی ندامت الی یوم القیامت سینونکی ہاتھ
آئی اور اگر کوئی کہی کہ بنسبت غار کی ثانی اثنین خدا نے فرمایا ہی اور یہ بنسبت اوسکے
نہین فرمایا تو ہم کہین گے کہ گو خدا نی نہین فرمایا مگر واقع مین تو ایکوقت خاص مین

ساتھہ اونکی ثنا سے اثنین ہوتی تھے یا شیعونکی نزدیک اوسوقت خاص مین کوئی
ثالث یا غیر بھی موجود ہوتا تھا اور ترتب احکام اوپر امور واقعیہ کی ہوتا ہے خواہ خدا
بھی اوسکا ذکر کری خواہ نکری بہرکیف ثانی اثنین سے شیعونکی نزدیک غرض اسقدر
ہی کہ مثل حضرت عائشہ کی ایک خانگی دشمن اوسوقت مین بھی موجود تھا اسبات کو
ادای مناصب دنیا و دین سے کیا علاقہ آری اگر اتحاد بین الاثنین مفاد آیہ ہوتا
بسطن النفساء انفسکم مین سے ہے تو البتہ اگر کوئی شخص اتحاد منصب کا قائل ہوتا تو بیجا
نہ تھا لیکن اس مقام مین تو ہرگز مفہوم احد الاثنین مین اتحاد شیئین صنفاً و نوعاً و جنساً ضرور
نہین ہے فضلاً عن اتحاد الذات والصفات ایک آقا اور ایک غلام ملاکر اثنین
ہوتی ہین اور آقا احد الاثنین کہلائیگا اور اسیطرح ایک ملک پاک اور ایک سگ
ناپاک اور ایک ایزد اور ایک بت آذر اور ایک خدائی برحق اور ایک باطل مطلق
ملکر اثنین اور احد الاثنین پایا جاتا ہی اسی ایک دوسری مماثلت اور مشابہت فی الذات
والصفات نہین لازم آتی ہے اور اگر حضرات اہلسنت کو لفظ ثانی سے دہوکا ہوا
ہے کہ کبھی مشابہت اور مماثلت مین مستعمل ہوتا ہے جیسی کہتی ہین کہ زید ثانی اسد
ہی تو ہمنے بیان کیا کہ اس مقام پر ثانی بمعنی احد ہی نہ بمعنی مشابہ بلکہ معنی مشابہت
وقت اضافت باثنین کہنا فی نفسہ سخن مہمل ہے ورنہ بر قیاس ثانی اسد معنی اسکی
مشابہ باثنین کے ہونگی دہو لغو بحت علاوہ اسکی جناب باری سے ثانی اس مقام
پر جناب رسول خدا کو فرمایا ہے نہ ابوبکر کو پس اگر معنی مشابہت مراد ہون تو لازم
آتا ہی کہ جناب رسول خدا مشابہ ابوبکر ہون اور چونکہ قاعدہ کلیہ ہی کہ مشبہ باقوی
مشبہ بہی ہوتا ہی پس لازم آویگا کہ ابوبکر العیاذ باللہ افضل جناب رسول خدا سی ہو

وہو باطل بالاجماع من کل اہل الاسلام وبفرض محال اگر خداوند تعالیٰ ثانی ابوبکر کو
فرماتا اور معنی شباہت ہی مراد ہوتی تو تشبیہ کی لئے مشارکت فی بعض الامور کافی
ہے نہ مشارکت فی کل الامور یہانتک کہ زید کا لاسد مین زید کی لئے دم بہی ضرور ہو
پس تشبیہ کی لئے مشارکت فی الاستتار فی الغار کافی ہے ادای مناسب دینی کہانسے
ثابت ہوسکتا ہے اگر ابوبکر کو لیاقت ادای مناصب دینی ہوتی تو تبلیغ آیت سورۂ
برات کہ ادنی مناصب دینی سی تھا حضرت ابوبکر اوس سی بی لیاقت نہ کہی جاتی
اور حضرتؐ نفرماتی یودی عنی رجل من اہلبیتی ولایودی عنی الا اہلبیتی
کمافی البیضاوی وفی ازالۃ الخفا پس ادای مناصب دینی کی لیاقت بعد او حضرتؐ کی اہل بیت
کو تہی نہ اوسکو کہ جبی لیاقت ادنی منصب کی ادا کرنیکی نہ تھی لیکن جب خدا نے
مثل کفار غار کی آنکہون اور کانون پر پردی ڈالی ہون تو بجز راہ ضلالت کے راہ
ہدایت کب دکہائی دیتی ہے فاعتبروا یا اولی الابصار قولہ سائرین اللہ جلشانہ
فی صاحبہ کا لفظ ابوبکر صدیق کی نسبت فرماکر اونکی صحابیت کو ثابت کیا اقول
شیعونکو ہرگز صحابیت ابوبکر کا مثل صحابت جملہ منافقین کے انکار نہین ہے لیکن اس
صحابت لغوی کو یا صحابت ظاہری کو موجب شرف وفخار نہین جانتی اسلئے
کہ یہ صحابتین بین المومن والکافر وبین المومن والمنافق اطلاقات قرآن وحدیث
سی ثابت ہین کما سبجے آری شرف اوس صحابت مین البتہ ہے جسمین قید
ایمان حقیقی کے اور ما تو اہل الایمان الحقیقی کی لگے ہوئی ہی اور شیعون کی نزدیک
بہ نسبت صدیق سنیان کے دونو مسلم نہین ہین بلکہ عدم ایمان اور موجب الکفر ثابت
ہے قولہ آٹہوین اس آیت مین الفاظ لاتحزن ان اللہ معنا سی ثابت ہوتا ہے

کہ پیغمبر خدا نی ابوبکر صدیق کو تسلی دی اقول ابہی تو آپ ابوبکر کی یاری اور مددگاری
اور جان نثاری اور خدمتگذاری کو گہر سی نکلنے سی مدینہ مین پہنچنی تک سراہتی تہی
اب کیا ہوگیا کہ خود ابوبکر قابل تسلے و تشفی دادن ہوگئی کہ خود جناب رسول خدا
کو انکی مددگاری اور خدمتگذاری کرنے پڑی حال جان نثاری بخوبی معلوم ہوگیا
کہ فقط کفار کی دیکہنے سی جان نکل گئی اور قبل از مرگ واویلا کرنیلگی یہانتک کہ پیغمبر
کو تسلی دینی پڑی احیاناً اگر کفار تلوارین کہینچکر آہی پڑتے تو یقین تہا کہ بی ارے
مرجاتی سبحان اللہ کیا اچھی حفاظت اور کیا اچہی خدمت اور رفاقت تہی آور بعد
اسکے معلوم ہوگا کہ لاتحزن صیغہ نہی سے ہے اور حقیقت نہی واسطی حرمت کے ہی
اور دلالت کرتی ہے اوپر منع کرنیکی ایک فعل قبیح سے مگر یہ کہ کوئی قرینہ اوسکی
خلافت پر قایم ہو جیسا کہ شان کل معجزات ہی ویسیہی قولہ اور خدا کی حفاظت اور
نصرت مین اونکو اپنا ساتہی بنایا اقول بناس کلام کی اسپر ہی کہ ان اللہ معنا
مین مراد معیت سی معیت من حیث التائید والنصرۃ ہی نہ من حیث العلم والقدرہ
اور ضمیر جمع متکلم کا استعمال واحد پر نہین ہوسکتا اور یہ دونو امر خیر منع مین مین و
علی التنزل کوئی فضیلت بکری پر دلالت نہین ہی بلکہ رذلیت پر دلالت ہوسکتی
ہی تفصیل اسکی یہ ہی کہ اگر معیت سی جو لفظ معنا مین ہی مقصود اصلی ابوبکر ہوتے تو
ان اللہ معک بجای معنا ہوتا اور اگر جناب رسول خدا اور ابوبکر دونو مقصود
اصلی ہوتی تو معی ومعک ہونا ضرور تہا اور جب نہوا تو ہم کہتی ہین کہ اس مقام
مین معنا سی فقط جناب رسوخدا مقصود ہین اس دلیل سے کہ مراد معیت سی
معیت من حیث العلم والقدرۃ بنا بر فہم مخاطب کی نہین ہی ہرچند شیعونکی لئے اسکی

ل ان اللہ معنا
ع ان اللہ یحفظنی
ف ان اللہ ینصرہ
ص ان اللہ یعصمک
ب ان اللہ یرحمہ
ا و ب ان اللہ یغفر لہ
ا و ح ان اللہ یوفقہ
ا و ع ان اللہ یسامحہ
ا و ی ان اللہ یعینہ
ا و ی ان اللہ یحبہ
ا و ی ان اللہ یرضی عنہ
ا و ی ان اللہ یسامحہ
ا و ی ان اللہ یعینہ
ا و ی ان اللہ یحبہ
ا و ی ان اللہ یرضی عنہ

گنجایش ہے کہ کہین کہ جناب رسولؐ نے خدا نی معنا اس راہ سی فرمایا کہ اے ابوبکر
جناب باری میری اور تیری حال سے خوب واقف ہی اور تیری بدنیتی اور میری
نیک طینتی کی جزا دینے پر قادر ہی تو کیون جزع وفزع کرکے مجکو ایذا دیتا ہی جیسا
کہ آپ معنی دوم شیعہ مین بعد اسکی لکہین گی لیکن یہ بات چونکہ آپکی طبع نازک پر
اسقدر ناگوار ہی کہ اسکے سنی سے حالت جنون طاری ہوتے ہی لہذا پاس خاطر
آپکی ہم اس سے درگذر کرکی کہتی ہین کہ جیسا آپ نی فرمایا کہ مراد معیت سی معیت
تائید ونصرت ہی یہی ہے لیکن یہ تائید ونصرت بقول خداوند تعالی وایدہ بجنود
لوترونہا مخصوص بجناب رسولؐ خدا ہی اور حضرت ابوبکر اوس سی بی بہرہ ہین
پس نابراسکے ضرور ہی کہ صیغہ جمع سے اسمقام مین معنی مفرد کی مراد ہون ہرچند
اہلسنت نی آیہ انما ولیکم اللہ مین جو بروایات فریقین مخصوص بجناب امیر
علیہ السلام ہی اسکا انکار کیا ہی اور اطلاق جمع علی الواحد جائز سمجہا ہے مگر
محاورات فصحا وبلغا مین یہ کثرت ہی بلکہ خود کلام خدا مین انا اور نحن واسطے
ذات واحدہ اپنی کی بہت آیا ہی اور اسیطرح ربت ارجعون اور یاایہا النبی اذا طلقتم
ورسانیتہم ولنخرجنہم یاایہا النبی اذا طلقتم قصہ حضرت سلیمانؑ مین مذکور ہی بلکہ خود حضرات اہلسنت فی نابرسکے
کاذبہ کی جو شان نزول آیہ ولایاتل اولوالفضل مین بنایا ہی حضرت ابوبکر کو
مصداق اُنوٹہرایا ہی الغرض اسیطرح اس مقام مین بہی کیون نہین جائز سمجہی کہ معنا
سی فقط ذات واحدہ جناب رسولؐ خدا مراد ہو لیکن اگر آپ کہی نہ مانئی
اور فرمائی کہ ہم کو اطلاق جمع علی الواحد پسند نہین ہے بلکہ ضرور ہی کہ اس مقام پر
دو شخص شریک کئی جائین تو ہم کہین گے کہ شخص دیگر جناب امیر علیہ السلام ہین

جیسا کہ آپ معنیٔ اوّل شیعہ مین بیان کر گئے یعنی جب جناب رسولؐ خدا نے پوچھا کہ لم
تبکی یعنے ای ابوبکر تو کیون روتا ہے کمانی ازالۃ الخفا ابوبکر نے از راہ زور و مکر
کہا کہ مین اپنے واسطے نہین روتا ہون بلکہ علی کیواسطے کہ وہ مار ڈالی گئی ہونگے اور
آپکی واسطے روتا ہون کہ عنقریب شہید ہو جاوی گا تب حضرت نے فرمایا کہ ان اللہ معنا
یعنی ہمارا اور علیؑ کا ناصر و معین خدا ہے اور اگر یہ بات بھی آپکو نہین پسند ہے تو
باپس ناظرین عاطرہم اس سے بھی درگزر کرتے ہین اور کہتی ہین کہ بہت خوب جیسا
آپ فرماتی ہین کہ ابوبکر ہی معنا مین شریک ہین وہ ہے سہی لیکن ہمین کچھ شک
نہین ہی کہ جب دونو مقصود اصلی نہین ہین جیسا کہ ہمنے اوپر بیان کیا تو لاریب کہ ایک
بالاصالۃ اور دوسرا بالتبعیت ہی اور ظن غالب ہی کہ اتنی سنے انصافی تو آپ
نکرینگی کہ مقصود اصلی ابوبکر کو ٹہراوین و ز تفضیل ابوبکر جناب رسولخدا پر لازم آوینگی
ہر چند آپکی علما کا اس سے کچھ باک نہین ہی ابوبکر یا عمر کو تفضیل رسولخدا پر دیجاتی ہے
جیسا کہ مصافحہ بخدا اول عمر سے بیان ہوتا ہی اور قصۂ اسارای بدر مین ما کان لنبی الاسمر
ہی کہا جاتا ہی اور بے عائشہ کی ناچ دیکھلانی کیوقت شیطان حضرت عمر ہی سے
بھاگتا ہے بہرکیف آپ مسلم کرین یا نکرین مقتضاے ادب یہی ہے کہ کہا جاوی
کہ مقصود اصلی بیعت رسولؐ خدا ہی اور بیعت ابوبکر بالتبعیت ہی چونکہ آنحضرتؐ کی
ساتھ تہی لیکن ہر چند ہم غور کرتے ہین مگر ہمکو کوئی شرافت و فضیلت اور مزیت اس
تبعیت مین حضرت ابوبکر کی لئے نہین ثابت ہوتی ہے اگر فرض کیجئے کہ دعوت
مین ایک بادشاہ عالیجاہ کی کچھ انفار بھی بہرہ یاب ہو جاوین تو ادن انفار کی کیا
شرافت ہی اور اگر ظل سلطنت مین ایک شاہباز کی ایک کہوسن کی جان بچ جاوے

تو کہوسٹ کی لڑی کیا فضیلت ہی اور اگر تسکا شیر شرزہ کی طبع خودہ سے لومڑی بھی سیر
ہوگئی تو لومڑی کو کیا فرت حاصل ہوئی قولہ ابو بکر کا محسن اور متقی ہونا ثابت ہوا اقول احسان
اور اتقا بعد از ایمان ہے اِنَّ اللہَ مَعَنَا کو تو دلالت اوپر عدم ایمان ابو بکر کے ہے
سہائی کہ علم فصاحت و بلاغت مین ثابت ہوا ہے کہ تاسیس اولیٰ اور اقدم تاکید ہی
ہے پس اگر حضرت ابو بکر کو تصدیق و اذعان و ایمان و ایقان بتائید و نصرت خداوند
منان لسید الانس و الجان ہوتا تو وہ حضرت اِنَّ اللہَ مَعَنَا ابو بکر سے کیون فرماتے
خصوصاً تاکید لفظ اِنَّ کہ حقیقۃً مخصوص واسطے منکرین کی ہی کما ثبت فی علم البیان
اور نہ ایمان رکھنے والی تائید و نصرت خدا رسولہ وہ منافقین تھے جنکی شان مین
خطاب باری ورتا ہی الظّانین باللہ ظنّ السّوء علیھم دائرۃ السّوء و غضب اللہ
علیھم و لعنھم و اعدّ لھم جھنّم و ساءت مصیرا تعجب ہی کہ جو
لوگ مصداق غضب خدا اور لعنت خدا ہون اور جنکا مصیر ہو وہ محسن اور متقی
کیونکر ہو سکتے ہین قولہ نعم اللہ بل شانہ فی اپنی تسلی ابو بکر نازل کی اقول
لانسلم کہ ضمیر علیہ کی صرف ابو بکر کی پھرتی ہے کیون نہین جائز ہی کہ سکے
طرف کل ضمیرین ماقبل و مابعد کی پھرتی ہون اوسکی طرف ضمیر علیہ کی بھی پھرتی ہو و اِذا جاء
الاحتمال بطل الاستدلال چہ جای انیکہ گر نا درجۂ فصاحت و بلاغت سے
اوس کلام کا جو حدّ اعجاز مین ہے دلیل بطلان احتمال اور متعین ہو جانی احتمال
ثانی کا ہو کما سیجئی عنقریب یہ کلام متعلق بہ نقل ہے لیکن دلیل عقلی اوپر تعین احتمال
ثانی کے پس قول مخاطب ہی دہونا اور خدا اپنی تسلی نازل نہین کرنا مگر اونہین
لوگون پر جو کہ ایمان مین پکے اور اسلام مین مضبوط ہوتے ہین اقول اسبات مین

ہم اُنکی سرمو مخالفت نہین کرتے اور بمقتضای الکذوب قد یصدق ہمقام پر اُنکو سچا بھی
ہین اور ہم بھی کہتے ہین کہ بی ایمان کے لئے خدا تسلی نہین نازل کرتا لیکن چونکہ بی ایمانی
ابو بکر کی بعدم تصدیق وعدۂ خدا و رسولؐ اور قلق اور اضطراب اور جزع اور فزع اور
ظن السوء باللہ سی ثابت ہی پس جو شخص کہ مورد غضب و لعنت خدا ہو وہ مورد تسلی خدا
کیونکر ہو سکتا ہے یہی ہے دلیل عقلی اوپر اسبات کی کہ ضمیر جلیہ کی جناب رسولؐ خدا
کیطرف پھرتی ہے نہ ابو بکر کی کیطرف اور جب بدلیل عقل و نقل ثابت ہوا کہ ضمیر
طرف رسولؐ خدا کے پھرتی ہے تو تخصیص نزول سکینہ علی رسول اللہ ہمقام پر
دلیل ہے اوپر اسبات کی کہ ہیچجا پر بعد الرسول کوئی مومن نتھا ورنہ انزل اللہ
سکینتہ علی رسولہ و علی المؤمنین ہوتا ولا اقل علیہما ہوتا اسلئے کہ جہان جہان جناب
رسولؐ خدا کی ساتھہ مومنین ہوی تو تخصیص سکینہ بر رسولؐ نہین کی گئی بلکہ خدا نے
انزل اللہ سکینتہ علی رسولہ و علی المؤمنین فرمایا ہی اور جب ثابت ہوا
تو یہ ایک دلیل دیگر ہی اوپر کفر حضرت صدیق عتیق کے بس علاوہ فضیلت ہشتم کی
فضیلت نہم بھی دلیل اوپر کفر کے ہوی اور مثل مشہور ایک نشد دو شد کی صادق
آئی بلکہ یہان تو باعتبار اسکی کہ ہر فضیلت سی ایک کفر ہی نکلتا ہے ایک نشد دہ
شد کہنا چاہیے قولہ وسوین اِن آیتون پر غور کرنیسی بڑی فضیلت صدیق اکبر کے
ثابت ہوتی ہے اقول صاحبان بصیرت اگر فضیلت دہم اور نہم پر غور کرینگی تو بجز
تکرار بی سود کی کچہ حاصل نہ نظر آویگا فرق اسیقدر ہی کہ اسمین حاصل مضامین آیات
سابقہ بڑہا دیئی ہین اور حقیقت یہ ہی کہ وہ تین سخن واہی ہین کہ خنکو رنگ برنگ
کی تقریرون سے دس کی گنتی گنائے ہی اور اسے سبب ہی احراز فضیلت

وہم کو شامل چارم و پنجم و ششم کی کہا گیا ہی اور عوام فریبی کیو اسطی حاشیہ پر لکھہ یا
ہی کہ ہمنی ضمناً ذکر کیا ہے حالانکہ دس کی گنتے تہی عقلا سمجھتی ہین کہ محض فریب
عوام ہی بہرکیف جواب وہم وہی ہی جو پنجم مین مذکور ہوا یعنی خداوند تعالی نے
اس آیت مین کہین صدیقیت صدیق کا ذکر نہین فرمایا اور نہ کوئی تمثیل دی اور نہ
کوئی ادائی خدمت اور ادای حق رفاقت کا ذکر کیا اور نہ کہین یاری اور
مددگاری پر کوئی لفظ دلالت کرتا ہی بجز اسکی کہ رفیق بے توفیق ایسا تہا کہ خود
پیغمبر کو اوسکی قلق اور اضطراب کی اہتمالت کرنی پڑی اور اوس دشمن خانگی سے
بہی مثل دشمنان بیرونی کے ایذا اوٹہانی پڑی اور ایسے وقت مین ہمنی اپنے
پیغمبر کی مدد کی کہ درمیان دو قسم کی دشمنونکی وہ گرفتار تہا اور کوئی حقیقت مین اوسکا
دوست نہا پس وقت تنہائی وقت مددگاری ہے نہ یہ کہ ایک مددگار کی موجود
ہونی کیو وقت وقتِ مددگاری ہو طرفہ یہ ہے کہ خود حضرت مخاطب بیان فواتی
ہین کہ خداوند تعالی اپنے بی نیازی اور بے پروائی کو بیان فرماتا ہی پس ایسے
وقت مین ذکر یاری و مددگاری غیر کا کیا موقع ہے جو خداوند تعالی یاری اور
مددگاری ابوبکر کا ذکر فرماوی اور اپنی بی نیازی اور بی پروائی کو باحتیاج مددگاری
و نصرت ابوبکر ظاہل کری اور کون لفظ اس آیہ مین اوپر مددگاری اور نصرت
ابوبکر کی دلالت کرتا ہی مقام حیرت ہی کہ خداوند تعالی تو فقد نصرہ اللہ سی
نص صریح اوپر اپنی نصرت کی فرماتا ہے اور مخاطب نے بردوستی نصرت اور مددگاری
ابوبکر کا حمل مچاتا ہی عقل کسے عاقل کی تجویز نہین کرتے ہی کہ اگر مقام نصرت و
یاری غیر خدا ہوتا تو وہ حضرت کسی شخص کو شجاعان اور ابطال سے ساتہہ

نہ لیتی بلکہ ایک بیان کہن سال مخنث خصال کو جسکا خود قلق و اضطراب سے برا
حال ہو ہمراہ لیتی اور جب وہ خود ہی ایسا حواس باختہ ہو کہ خود پیغمبر کو اوسی تسکین
دینی پڑی تو کیا مدد اور نصرت اوسنی کے ہوگی قولہ غرضکہ فضائل ابوبکر اقول
اس کلام مختل النظام مین بجای لفظ فضائل کے رذائل اور بجای حضرات شیعہ
کی حضرات سنیہ اور بجای محدثین بالتشدید کی بالتخفیف اور بجای افضل الصحابہ کے
اکفر اہل النفاق کر کے اس تقریر کو ہم منقلب کرتے ہین کہ کالای یہ بریش خداوندش
اولی لست وہا انا اشرع فی رد ہفواتہ الآخر قال المخاطب المقام ہذا اللہ
سبل السلام بیان شیعیان عبداللہ ابن سبا کی اعتراض کا اس آیت پر ہم
اعتراضات کو اوسی ترتیب سی بیان کرتی ہین جس ترتیب سی ہمنے فضیلتین بیان کین
ہین تاکہ دیکھنی والونکو ہر فضیلت کی مقابلہ مین اعتراضات اور شبہات شیعونکی معلوم
ہو جاوین پہلا اعتراض پہلی فضیلت پر جو کہ ہمنے پہلی فضیلت مین بیان کیا ہے کہ
اللہ جلشانہ کی حکم سے پیغمبر خدا نی صدیق اکبر کو اپنے ہمراہ لیا اوسکو امامیہ اسطرح پر رد
کرتے ہین کہ نہ خدا نے پیغمبر خدا کو ابوبکر کی ہمراہ لینے کی اجازت دی نہ پیغمبر صاحب
نے اپنی خوشی سے اونکو اپنے ساتھہ لیا بلکہ بلا مرضی اور بغیر اجازت حضرت
کے ابوبکر ہمراہ ہو گئی چنانچہ اسبات مین جو کچھہ علمار شیعہ نے لکھا ہی اوسکو ہم بیان
کرتے ہین بڑی مجتہد صاحب یعنی شیعونکی قبلہ و کعبہ ذوالفقار مین لکھتے ہین کہ
کہ احتجاج باین آیت موقوفست کہ بہ ثبوت رسد کہ ہجرت ابوبکر باجازت حضرت
نبوی واقع شدہ و شیعہ این را قبول ندارند اور قاضی نوراللہ شوستری سے
مجالس المومنین مین اور اپنے اور رسالون مین بھی یہی لکھا ہی کما فی منتہی الکلام

کہ قاضی نوراللہ شوستری در مجالس المومنین وبعضی از رسائل دیگر ذکر میکنند کہ ابوبکر از منافقین بود و بر خلاف امر اقدس نبوتی در اثنار راہ ایستاد و حضرت صلی اللہ علیہ وسلم بعد زجر شدید او را ہمراہ گرفت تا کفار را دلالت نہ کند او را کب رسالہ مین جو منسوب بہ حسینہ ہی ایک بڑی سیر صاحب اسطر پر لکھتے ہین کہ چون پارہ راہ برفت دید کہ شخصی در برابر آنحضرتؐ می آید حضرتؐ توقف نمود چون نزدیک رسید بشناخت کہ ابوبکر ست فرمود کہ ای ابوبکر نہ من امر خدا بشما رسانیدم و گفتم کہ از خانہ خود ہا بیرون نیائید تو چرا مخالفت امر الٰہی کردی گفت یا رسول اللہ دلم از بہر تو خائف بود دوست ان بودم نخواستم کہ در خانہ قوا گیرم پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم متحیر ماند بواسطہ آنکہ حکم الٰہی نبود کہ کسے در ہمراہی خود ببرد در ساعت حضرت جبرئیل باز رسید و گفت یا رسول اللہ بخدا سوگند کہ اگر این را نگذاری و ہمراہ نہ گیری کفار را گرفتہ از عقب تو بیایند و ترا بقتل رسانند پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم آنوقت بطرف غار ست باور ا با خود برد و در غار داخل شد غرض کہ اس اعتراض سی ثابت ہوا کہ ابوبکر صدیق بقصد گرفتار کرانے پیغمبر صاحب کی گھر سی نکلی اور راہ روک کر کھڑی ہو گئی اور باوجودیکہ حضرتؐ نی گھر سی نکلنی کو منع کر دیا تہا وہ عدول حکمی کر کے بارادۂ ایذا رسانی پیغمبر صاحب کے سد راہ ہوئی آخر کار پیغمبر صاحب مجبور ہوئی اور بصلاح جبرئیل علیہ السلام کی اونکو اپنی ساتہہ لی لیا اگر ہمراہ نہ لیتی تو ضرور ابوبکر کفار کو لی آتے اور پیغمبرؐ کو گرفتار کرا لیتے اگرچہ اہل انصاف غور کر سکتی ہین تو یہ تو یہ ایسی بدیہی امر مین غور کی کیا حاجت ہی ویسی ہی سمجہہ سکتی ہین کہ یہ اعتراض بالکل پوچ اور واہی ہی اور اوسکی رکاکت الفاظ و معنی سی ظاہر ہے لیکن ہم چند باتین اس اعتراض کی ابطال پر لکھتے ہین

اور صفاہت اس دعوی کی کہ ابو بکر صدیق بہ قصد گرفتاری و ایذای پیغمبر صاحب کی
نکلی تہی ثابت کرتی ہین اول سوچنا چاہیے کہ ابو بکر صدیق اسوقت پیغمبر صاحب کی دوست
تہے یا دشمن اگر دوست تہے تو قصد گرفتاری اور نیت ایذادہی کی کیا معنے اگر دشمن تہی تو بسطح پر
ابوجہل وغیرہ اور دشمن حضرت کی قتل کی نیت سی آپکے گہر پر گئی تہی اوسیطرح پر ابو بکر
اونکی ساتہہ کیون نہ گئی اونسی علیحدہ کیون ہوی دوسری ابو بکر کو حال ہجرت کا اور
وقت وہلتسر اسی برآمد ہونیکا اور غار مین تشریف لیجانیکا پیغمبر صاحب نی بتلایا تہا
یا نہین اگر نہین بتلایا تو ٹہیک وقت پر عین اوسی راہ پر جس طرفسی حضرت جاتے
تہی ابو بکر بسطح راہ روک کر کہڑی ہوگئی اگر پیغمبر صاحب نی پہلی سے بتلادیا تہا تو
حضرت کو ابو بکر کا ہمراہ لیجانا منظور تہا یا نہین اگر منظور نہ تہا تو راز فاش کرنی سے
کیا حاصل تہا اور ایسی پوشیدہ بات کو دشمن پر ظاہر کرنیسی سوای اندیشہ ضرر کے
کیا فائدہ تہا اگر ساتہہ لیجانا منظور تہا تو پہر اعتراض ہی باطل ہوا تیسری اگر فرض بہے
کیا جاوی کہ ابو بکر صدیق بہ نیت قتل پیغمبر خدا راہ روک کر کہڑی ہوگئی اور اپنے
بدنیتی مین ایسی مضبوط تہی کہ حضرت جبرئیل اونکی نیت سی خوف کرکے فوراً الہی سدہ سے
اوتری اور پیغمبر صاحب سی کہنی لگی کہ اگر اس رامیگذاری و ہمراہ نہ گیری کفار دا از
عقب تو گرفتہ باید و ترا بقتل رساند لیکن یہ بات معلوم نہین ہوتی کہ اوسوقت ابو بکر
تنہا تہی یا اور کوئی کافر بہی اونکی ساتہہ تہا اور ہتیار بند تہی یا خالی ہاتہہ اگر یہ کہا جاوی
کہ اور کافر بہی موجود تہی تو کوئی شیعہ بہی اسکا قائل نہین اور اگر کوئی اور کافر ہمراہ
ابو بکر کی نہ تہا تو تعجب آتا ہی کہ ابو بکر باوجود جانی شجاعت اور قوت پیغمبر صاحب
کی تنہا حضرت کی گرفتاری اور قتل کو بغیر ہتیار کی چل دیئی اور دو چار رفیقو کو بہی

اپنی ہمراہی نہ لیا اور اگر یہ کہا جاوی کہ وہ فقط خبر لینی کی لئے کھڑی ہوگئی تہی چنانچہ جبرئیل
علیہ السلام کی اس ارشاد سی کہ کفار را از عقب تو گرفتہ بیا ثابت ہوتا ہی تو یہ
امر معلوم نہین ہوتا کہ کفار اسجگہہ سی جہان حضرت صلی اللہ علیہ وسلم ابوبکر کو ملی ایسے
نزدیک تھے کہ آواز پہنچ سکتے تہی یا اتنی دور تہی کہ اونکے ملانی کے لئی جانا پڑتا اگر
نزدیک تہی تو تعجب ہی کہ ابوبکر نے اونکو اواز دیکر کیون نہ بلا لیا اور چپ چاپ
کیون کہڑی رہی اور اگر دور تھی تو معلوم نہین کہ کیون پیغمبر خدا کو دیکہتی سنے ابوجہل
وغیرہ سی خبر کرنیکو نہ دوڑی کس امر کی انتظار مین کہڑی رہی اور تعجب تو اس امر پر ہی
کہ جبرئیل علیہ السلام نی یہ صلاح تو پیغمبر صاحب کو دی کہ اس دشمن کو اپنی ساتھہ لی لو
اور یہ مشورہ نہ دیا کہ ذرا ٹہرو جب یہ تمہاری دشمنون کو خبر کرنی اور ملانی کو جاوی تب
چل دینا اور جب تک وہ لوٹی تب تک سای مقصود پر پہنچ جانا خدا جانی جبرئیل
کی عقل کو معاذ اللہ کیا ہوگیا تہا کہ ایسی اضطرار کیوقت مین پیغمبر صاحب کو ایسی دشمن
کی ہمراہ لینی کے صلاح قہری اور جو حکمت اوسی بچنے کی تہی وہ نہ بتلائی چہ تہی تعجب
ہی کہ جب ابوبکر کو پیغمبر صاحب کا گرفتار کرانا ہی منظور تہا تو پیغمبر صاحب کی ساتھ
کیون چل دیئی اور کیون غار مین جاکر حضرت کی ساتھہ چپ چاپ بیٹھہ رہی اور
کس لئی کوئی تدبیر گرفتار کرانی کی نکے اہل انصاف غور کرین کہ جسطرح پر اوسوقت
ابوبکر صدیق نی حضرت کو راہ مین پایا تہا اور اونکا قصد قتل کا تہا اگر اوسطرح پر ابوجہل
یا اور کوئی کافر قریشی حضرت کو دیکہلیتا تو کیا کرتا اور حضرت اوس سی کیا کرسکتے
اگر کسی کی ذہن مین یہ بات آوی کہ وہ حضرت کو چہوڑ دیتا یا حضرت اوسکو اپنے
ہمراہ لی لیتی تو ہم ابوبکر کی نسبت یہی شیعونکی خیال کو درست کہہ سکتی ہین ہم تنہا

تعجب کرتی ہین کہ شیعونکی عقل پر کیسا پردہ پڑگیا ہی کہ آتا نہین سمجھتی کہ ہجرت کا
وقت وہ تھا کہ تمام کفار مکہ کی پیغمبر صاحب کی قتل کے درپی تھی اور دور دولت پر
مجمع کرکی اپنے ارادہ کی پورا کرنیکی لیے پہنچ گئی تھی اور کسیکو خبر تک نہ تھی کہ پیغمبر صاحب
اس گھر سی نکل گئے بلکہ سب جانتی تھی کہ اپنی جگہ پر آرام کر رہی ہین اوسوقت مین جو
رفیق حضرت کا ہوا اوسکی نسبت دشمنی کا گمان کرتے ہین اگر وہ رفیق بحکم اور مرضی
پیغمبر صاحب کی رفاقت کی لیے آمادہ نہوتا تو وہ اوس گروہ مین شامل ہوتا جو درد دولت
پر واسطی قتل کے گیا تھا یا بلا اطلاع بلا خبر راہ روک کر کھڑا ہوجاتا یقول لمستمسک
بولایۃ علی ابن ابیطالب علیہ السلام بیان ستیان یزید و معاویۃ العاویۃ کا
کہ اعتراض شیعہ اس آیت پر ہی محض کذب اور دروغ بیفروغ ہے بلکہ حسب عادت باطل
اپنی اہلسنت معاویہ مدعی ثبوت فضائل ابوبکر اس آیت سی ہوتی ہین تو شیعہ
بعدم تسلیم دعویہای بے دلیل اوسکی مجیب ہوتی ہین ان جوابون کا نام اعتراض
آیت پر رکھنا کمال حماقت اور بی عقلی پر دلیل ہے کجا اعتراض برآیت اور کجا جواب
استدلالات اہل بدعت ومجاعت قولہ ہم اعتراضات کو اوسی ترتیب سی بیان
کرتی ہین اقول ہذا وعدہ کذوب وعدہ تو یہ کیا کہ ہر فضیلت کی مقابلہ مین اعتراضات
بیان کرینگی لیکن انجام کو نہ پہونچا اور بحیلہ بیان ضمنی جان چرا کر اور دم دبا کی نکل گئی
بحمد اللہ کہ شیعونکی پوری پڑی کہ ہر فضیلت کو باطل کرکے بیدینی حضرت ابوبکر
ہمنی ثابت کردی اب جو ٹوٹی پھوٹی جوابات اہلسنت نی دی ہین کہ مصداق اس
کنواری مثل کی ہین کہ سیانی بلی کہیا نوچی اسکو بھی لعون اللہ باطل اطراً بیتاً مضمحل
کئی دیتی ہین قولہ پہلا اعتراض پہلی فضیلت پر اقول چونکہ یہ فضیلت مبتنی ہے آپ

کہ ابتدا سی حکم خدا سی پیغمبرؐ ابوبکر کو ساتھہ لی گئے شیعہ اس دعوئی بلا دلیل پر سلام نہ
کہتی ہین اور چونکہ منع ایک مقدمۂ خاص کی ہے احتیاج بسند منع نہین ہی کما تقرر
فی علم المناظرۃ ومع ذلک تبرعًا واحتاجًا سند منع ہم کتب اہلسنت سی ثابت کرتے
ہین کہ ابوبکر کو جناب رسولخدا نی ابتدا سے ساتھہ نہین لیا تہا کما سیجی من ازالۃ الخفا
وغیرہ اب اہلسنت کو لازم ہی کہ اثبات اپنی دعوی کا کسے دلیل عقلی سے کرین
یا سی ایسی دلیل نقلی سی کرین کہ شیعونکو جسکی انکار کی گنجایش نہ رہے ورنہ خرط القتاد
پس بفرض محال اگر کسی خبر سی جو اخبار احاد سی ہو کوئی سنّے اثبات اپنی دعوے
کا کری تو شیعہ کب اوسی مسلم کرینگی باآنکہ بحمد اللہ کسی خبر واحد کو بھی اسپر دلالت
نہین ہے کما ستعلم عنقریب قولہ بڑی مجتہد صاحب اقول بڑی مجتہد صاحب
اور چھوٹی مجتہد صاحب مثل مجتہدۂ سنیان نواب خورد محل صاحبہ کی ایسے ناوان
نہین ہین کہ امثال طلحہ وزبیر کی فریب مین آوین اور چھوٹی گواہیان اہلسنت کے
مثل شہادت روزہ اجرائی کلاب حوأبؓ کی مان لین اسے سبب سی طالب دلیل
ہین قولہ ذوالفقار مین لکہتی ہین کہ احتجاج ہاین آیت موقوف ہست اقول ممنوع ہے
مقدمہ اولی کی مقدمتین دلیل سے اور جسطرح سی اثبات فضیلت اوپر اثبات امامت متقدمہ
کی موقوف ہی اسیطرح احتجاج موقوف ہی اوپر اثبات مقدمۂ ثانیہ کی یعنے
جسکو پیغمبرؐ بحکم خدا ساتھہ لین وہ ضرور ہی کہ پکا مسلمان ہو اسپر ہی ہم لانسلم کہتے ہین
کیون نہین جایز ہے کہ ایک منافق کو بھی مثل ایک کافر کی جو دلیل رسولؐ اللہ
نہا ساتھہ لین کما مر مشروحًا فلا تغفل قولہ کما ذکرنی منتہی الکلام اقول صاحب منتہی
اسنے کی صادق اور حضرت مخاطب اونکی خلف الصدق ہین قولہ ایک بڑی

میر صاحب اقول بڑے میر صاحب نی بڑے شیخ صاحب کی طرف نسبت قتل کی نہین دی ہے
بلکہ کفار کی طرف دی ہی آپ تباسی ایک کاذب کی ناحق تبلائی کذب فضیح ہوتے ہین رسالہ حسینیہ
کوئی کتاب یا باب نہین ہی لڑکونمین متداول ہی عبارت اوسکی یہ ہی در ساعت جبرئیل در رسید و
گفت یارسول اللہ بخدا کہ اگر او را بگذاری کفار او را گرفتہ از عقب تو بیایند و ترا
بقتل رسانند الخ تا قال جناب والا اس تغیر اور تبدیل عبارت بکذب و افترا سے
بجز خسر الدنیا والاخرہ کی کچھ کام نہین نکلتا غرض اس کلام سی یہ ہی کہ اگر آپ
ابوبکر کو چھوڑ جائین گے تو یہ گرفتار دست کفار ہو جائینگی اور کفار مار ڈالینگی اوسے
سمت تشریف بری کا پتہ اور نشان پوچھینگی تو یہ بسبب خبث سریرت کی حسب
اعتقاد شیعہ اور بسبب حسن سیرت کی باعتبار اعتقاد اہلسنت کی اہلئی کہ صدیق
تھی ضرور سچی بتا دینگی ورنہ کذبیت کہ سنانی وصف صدیقیت ہی لازم آئیگی
بہر کیف خواہ بخوشی خاطر خواہ بجبر و اکراہ بخوف کہنہ نعال ابن ربیعہ گمراہ جب نظہر
سر رسول اللہ ہونگی تو البتہ سبب قتل آنحضرت کی ہوجاوینگی اور مسند قتل طرف
سبب قتل کی دنیا مجازات شائعہ سی ہے پس اگر صاحب رسالہ حسینیہ نے
مسند قتل طرف ابوبکر دی ہوتی تو ہو سکتا تھا لیکن جب اونہون نی نسبت
ہی قولہ غرضکہ اس افترا سی ثابت ہوا کہ ابوبکر صدیق بقصد گرفتار کرانے
پیغمبر صاحب کی گھر سی نکلے اور یہ گریبانی جواب شیعہ اور بقصد ابوبکر کے
نہین ہے بلکہ ابھی تو ضبح تمام بیان ہوئی گریبانی جواب اوپر عدم تسلیم اوس
مقدمتین کی ہے جسکا مقدمہ اولی یہ ہی کہ پیغمبر خدا انجام خدا ابتدا سی ابوبکر کو ساتھ لیکر

گہری نکلے چنانچہ چوتھے بار تین بجانت آپ فی الفعل کین بعض مرجح اسے بات پر
دلالت کرتی ہین بانے رہا یہ امر کہ ابوبکر گھر سے کس قصد پر نکلی آیا گرفتار کرنیکے
قصد پر نکلی یا کرانیکی قصد پر نکلی یا خود قتل کرنیکی قصد پر نکلی ہا کفار سے کروانیکی قصد پر نکلے
یا بطمع دنیای عاجل نکلے کہ کفار سی ہاتہہ آوی یا بطمع آجل نکلی کہ بعد مدینہ پوہنچنے
کی جب اسباب بمکنت وحشمت بہم پہنچین تب مال دنیا حاصل ہو واتیا کان کسے لفظ
کوان عبارتون مین دلالت اوپر قصد ابوبکر کی نہین ہے **قولہ** راہ روک کر کھڑے
ہوئی **اقول** در اثنای راہ ایستادن دلالت اوپر راہ روکنی کے نہین ہے اوین کھڑا ہونا واسطے
انتظار کے بہی ہوتا ہی اور واسطے واقف ہونے اوپر اسرار کے بہی ہوتا ہے راہ روکنی پر منحصر نہین ہے
حضرت مخاطب نے راہ کا روکنا کہان سے نکالا **قولہ** عدول حکمی کرکے بارادہ ایذا رسانی پیغمبر صاحب
کی ستدراہ ہوئی **اقول** عدول حکمی کرنا مسلم ہے لیکن بارادہ ایذا رسانی یا بارادہ دیگر اسکا ذکر
ان عبارتون مین نہین ہے اور کوئی لفظ ان عبارتون کا ارادہ ابوبکر پر نہین دلالت کرتا ہے
اور اسی طرح ستدراہ ہونی پر بہی دلالت نہین کرتا **قولہ** تو ابوبکر ضرور کفار کو ہمراہ لاتی
اقول ابوبکر کفار کو ہمراہ لاتی یا نہ لاتی اسکا ذکر نہین ہی بلکہ اسکا ذکر ہے کہ کفار
ابوبکر کو بضرب تمانچہ واسطی نشان دہی کے ہمراہ لاتی **قولہ** یہ اعتراض بالکل ہیچ
اور واہی ہے **اقول** تم خود ہیچ اور واہی ہو اور تمہاری اعتراضات بہی از سر
تا پا ہیچ اور واہی ہین جنکے رکاکت اوسکی الفاظ و معانی سی ظاہر ہے **قولہ** اور
سفاہت اس دعوی کی **اقول** تم خود سفیہ ہو اور یہ دعوی تمہاری سفاہت کا مترشحہ
ہوا ہی شیعہ اس مقام پر ہرگز مدعی کسے امر کی نہین بلکہ تمہاری اس دعوی کو
کہ پیغمبر خدا نے بحکم خدا ابتدا سے ابوبکر کو ساتہہ لیا مسلم نہین رکہتے ہین اوکہتی ہین

کرکیون نہین جائز ہی کہ جیسا شیعہ روایت کرتی ہین کہ ابوبکر کا گھر سے نکلنا بلا مرضے
خدا و رسول واقع ہوا یہی سچ ہو لیکن ابوبکر کس قصد سے نکلی باغوای شیطانی یا بالقصد
تحصیل دنیای فانی یا بقصد ایذا رسانی اسکا ذکران عبارت توضین نہین ہی پس اپنی طرف سے
ایک دعوی تراشنا اور فکر اوسکی ابطال کی کرنا نہایت سفاہت پر دلیل ہی **قولہ** صدیق
اوسوقت پیغمبر کی دوست تہی یا دشمن **اقول** افسوس ہی کہ باینہمہ دعوای تحقیق ابے
تک حضرت مخاطب کو یہ نہ معلوم ہوا کہ شیعون کا عقیدہ اسباب مین کیا ہی خیر اگر نہین
معلوم ہی تو اب سنئی کہ حضرات شیعہ حضرت ابوبکر کو منافق کہتے ہین یعنے بظاہر
دوست و بباطن دشمن پس ہمارے مذہب مین محض اور نہ کافر محض بلکہ لااِلیٰ ہٰؤُلاءِ ولااِلیٰ ہٰؤُلاءِ یہ لوگ
ایک قسم کی کافر علاوہ کفار پرست کی تہی حقیقت مین یہ لوگ سبدہ کفر تہی نہ دوست
پیغمبر تہے نہ دوست کفار تہی بلکہ دوست کامل بقیہ دنیای بی اعتبار تہی **قولہ** اگر دوست
تہی تو قصد گرفتاری اور نیت ایذا دہی کی کیا تہی **اقول** در دافع اگر دوست ہوتی
تو کیہ اوسکی ساتہہ اور اوسکے اولاد کی ساتہہ بلکہ اوسکی غلامونکی غلامونکی ساتہہ ایسا کرتی
جیساکہ کیا لیکن جب دوست کامل دنیا کی تہے پس مین جب بلکہ احتمال حصول دنیا گرفتاری
و ایذا دہی ہوتا تو حتی المقدور کیون اوس سی باز رہتے اور حقیقت یہ ہی کہ حتی المقدور باز
نہین رہی مگر جسوقت تک سعی و تدبیر فی مساعدت نکی بجوری عذر شکار ے
اور کشش برداری مین حاضر رہی اور جب قابو پایا یا قہر تک جلا یا جیسا کہ خود
شاہ عبدالعزیز تحفہ مین آگ لیجانی واسطے جلانیکے در اہلبیت رسالت پناہ مین وسیعلم
الذین ظلموا ای منقلب ینقلبون **قولہ** اگر دشمن تہی تو مسطح پر اوجہل وغیرہ اور
دشمن حضرت کی قتل کی نیت سے **اقول** واعجبا حضرت مخاطب کی لکیر پیٹنی تو بجا نہ پہنچے

رہی مگر بچپنکی سے یاتین کرتی ہین ابوجہل وغیرہ کی دشمنی اور عداوت ظاہر تھی ظاہر تھے
وہ منافق تھے اور ابوبکر منافق تھی باطن کی دشمن اور ظاہر کی دوست تھی پس اگر ظاہر
کی دوست بھی کفار کی پاس جاتی تو وہ کچھ مرنباتی اسلئے کہ کفار علم باطن نہ رکھتی تھے کہ
درمیان دوست ظاہری اور باطنی کی تمیز کرتی آری کچھ منافقین ایسے بھی تھی کہ کفار
بھی کسیقدر رسم وراہ رکھتے تھی اونکو کفار ایسا نہ ستاتی تھے جیسا مومنین کو ستاتی تھی
جیسے حضرت عثمان جب کفار مکہ مین تشریف لیگئی تو اونکو کسنے مارنہین ڈالا بلکہ باعزاز
واکرام پیش آئی پھر کیف حضرات شیخین چونکہ ظاہر مین ربقہ اسلام مین در آئی تھے
گو یہ در آنا بطمع دنیا ہی تھا مگر اب شرکاء کفار سی ہونا اونکا نہین ہو سکتا تھا بیغیبت شرکت
ابوجہل ممکن تھے اور اگر شرکت ابوجہل مین کچھ نفع دنیا دیکھتی تو پیشتر ہی سے اوسکا ساتھ
چھوڑ کر بظاہر مسلمان کیون ہوتی آرے اگر پیغمبر کو گرفتار کرا دیتے تو انعام اون تک رسائی
ہو جاتی بلکہ کچھ خلعت اور جائزہ اور انعام بھی ملنے کی امید تھی اور ممکن ہی کہ خلیفہ صاحب نے
اسی طمع پر خار مین غل مچایا ہو لیکن چونکہ بقدرت کاملہ پروردگار وہ تمام سعی و کوشش
بیکار ہوئی لاجرم بحیلہ وحوالہ گزیدگی مار سپر اپنا اعتبار جایا والنعم ماقیل ؎ میرین آن
امام کہ در مہد کشت مارہن این امام مار گزیدہ کجا یرم + قولہ دوسری ابوبکر کو حال ہجرت
کا اور وقت مدینہ تک سے برآمد ہونیکا الخ اقول نہ پیغمبر خدا نی ابوبکر کو حال ہجرت کا بتایا تھا نہ
ہمراہ لیجانا منظور تھا بلکہ گھر سے نکلنی کو منع فرمایا تھا مگر ابوبکر اس منع کرنیسے سوچی کہ کوئی
امر مہم درپیش ہی اور قرائن حال سی معلوم کیا کہ پیغمبر خدا کو گھر سی نکل جانا منظور ہی پس
ایک ابن ربیعہ کی جو تیونکا خوف دوسری طمع دنیا جسکا ذکر ہم سابق مین کر چکی دونو امر باعث
آنکی ہوئی کہ خلاف حکم خدا و رسول گھر سی باہر نکلی اور اتفاقات لاقات بھی ہو گئی اسکے

کئی شبیک وقت جاننی کی کیا ضرورتہی علاوہ اسکی اگر شبیک وقت نہ معلوم ہوتو اسی
سے چارکہ مسی وقت مظنون سی پیشتر نکل کر سر راہ مشترک منتظر کہڑا ہو سکتا ہی کہ جسین
خواہی نخواہ ملاقات ہو خصوصًا وہ شخص جو ہمسایہ مین کسی شخص کی ہوا و سکونہ زیادہ تر
آہٹ جاگنی کی اور اوسٹھنے کی ہمسایہ کی مل سکتے ہی بہرکیف ایسی استبعادات پوچ
و لچر سی اثبات کسی دعوی کا نہین ہو سکتا ہی جب تک کوئی دلیل یا برہان قطعی
سی اسکا اثبات نکہجی کہ پیغمبر خدا بیکخدا ابتدا ابوبکر کو ساتھہ لیگئی واذ یمکر بک الذین کفروا الایۃ
اگر فرض بہی کیا جاہی کہ ابوبکر صدیق بہ نیت قتل پیغمبر کی راہ روک کر کہڑی ہو گئے
اقول سابق مین بیان ہوا کہ جو عبارتین آپنے نقل کین اوسمین کوئی لفظ اور پتہ اور
قصد اور ارادہ کسیکے نہین دلالت کرتا ہی کہ قتل کرنیکے قصد سی کوئی نکلا یا کروانیکے
قصد سی نکلا یا بلا حکم خدا التش قہر خدا سی اپنا موہنہ جلسانیکی قصد سی نکلا یا دنیا کمانیکی قصد سے
نکلا یا ابن سعید کے جو تیون سی جان بچانیکی قصد سی نکلا پھر وہ نکلنا راہ روکنا بہی ان عبارتون سی نہین نکلتا
جس عبارت مین آپنے بکذب وضع تبدیل اور تغیر کردی ہی اوس سی بہی بجز بہتیت
قتل کی مباشرت قتل کا ثبوت نہین ہی اپنے جو تقریبات اوپر اسکی کئی ہین وہ سب بنائی
فاسد علی الفاسد ہین ایسے طہی تقریرون خود ساختہ کا جواب دینا حق ملاقات معزز کو
ضایع کرنا ہی قولہ حضرت جبرئیل انکی نیت سی خوف کرکے فورًا ہی سیدہ سی اوتر آئے اقول
ہمکو معلوم نہین کہ مخاطب کی نزدیک حضرت جبرئیل کا نازل ہونا بی حکم خدا برخلاف
یفعلون ما یؤمرون اور برخلاف نزلہ علی قلبک باذن اللہ کے ہوتا تہا
یا بحکم خدا ہوتا تہا اور کار قابل ہونا تو مین بہودیت ہی اور بنا بر ثبات کی کہنا چاہیے کہ خدای
جبرئیل خود بہی سناقین سی بایسا خائف اور ترسان تہا کہ ہمیشہ منافقین کی سکایون اور دھمکیون

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

سی سے اپنے پیغمبر کو خبر دیتا رہتا تھا اور بی بی عائشہ اور حفصہ کی شرسی زبانی کی سے با الکل خود
بذات اقدس متوجہ ہوتا تھا پہلے جبرئیل اور صالح المومنین کو شریک کمک فرماتا تھا اور پھر
نبی اکتفا کر کے بمقتضای والملائکۃ بعد ذالک ظہیرا اور فرشتوں کو بھی
مددگاری کیواسطے بلاتا تھا پس جب خدائی جبرئیل مکرر سہ کرر ایک زن ضعیفہ کی ایسا خائف
ہو تو اگر خود جبرئیل مکرر بہ ضعیفہ ہی خائف ہو کر سدرہ سی اوتر آئی تو کون مقام شکایت ہی
قولہ کہنی گے کہ اگر این را میگذاری و ہمراہ نگیری کفار را از عقب نمو گرفتہ باید اقول
لعن اللہ الکاذبین المحرفین الکلم عن مواضعہا قولہ لیکن یہ بات نہین
معلوم ہوتی کہ اوسوقت ابوبکر تنہا تھے یا کوئی اور کافر بھی ساتھہ تھا اقول ایک کافر
جو کان من الکافرین تھا وہ تو بیشک تھا اور ہمکو بھی نہین معلوم قولہ ہتیار بند تھی یا خالے
ہاتھہ تھی الی قولہ اپنی ہمراہ نہ لیا اقول اس بحث و تفحص اور وقت نظر پر روح حضرت عمر
کی سو جان سے اپ پر قربان اور روح ابوبکر و عثمان کی بلا کردان اگر آپ ایسے ہی موقعہ فہمان
کرینگے تو پھر بچاری شیعونکا کہان ٹھکانا ہے آری ۔۔۔ و ظہیر شوکانی کا
تلامذہ است لیکن ہتو ایک بھونڈی سی بات یہ جانتی ہین کہ شیعہ ہرگز اسکی
قایل نہین ہین کہ حضرت ابوبکر اس نیت سی نکلی کہ نعوذ باللہ آنحضرت کو قتل کرینگے
بیامرنیت دنیا طلبی کی خلافتہا غایۃ الامر یہ ہے کہ اگر گرفتار دست کفار ہو جاتے
تو وہ مار مار کی مستکشف اسرار ہوتی اور یہ حضرت اپنے جلین اور بدینی سی کا شعار کر
ہو کر سبب قتل نبی مختار ہوتے آری اگر شیعہ کہتی کہ خود بدست عزیز پرست
قتل کرنیکو نکلے تھی تو بیشک آپ یہ فرما سکتی تھی کہ ایک جہان کو قصد قتل آنحضرت کا
امکان کرنا ایک انتہا کی سماقت ہی اور باوجود سمع قصد سماقت کی یہ بی بی بچا رہیں

گہرسی نکلنا ایک دوسری پہلی سے بھی بڑی حماقت ہی اور عقل کسی ماقل کی قبول نہین
کرتی کہ حضرت ابوبکر ایسے بیخبر تھے ہون کہ اسطرحکی دو دو حماقتین اونسے عملمین آوین اصلیہ
تقریر آپکی بہت درست ہوتی اور اگر شیعہ اسکی جوابمین کہتی کہ جو شخص دنیا کو آخرت
پر دیدہ ودانستہ اختیار کرے اوس سے زیادہ احمق من اینقبہ کون ہوگا تو یہ بات کسیقدر
غور وفکر طلب ہوتی مگر الحمدللہ کہ شیعون نی باوجود دشمنے کی خلیفہ صاحب کی جان
بچادی اور ایسا کوئی دعوی نہین کیا کہ جس سی حماقت حضرت ابوبکر کی لازم آوے مگر
حیف ہی اہلسنت سی کہ باوجود دعوای دوستے انتہا مرتبہ کی حماقت خلیفہ صاحب کی
لئی ثابت کرتی ہین آری ؎ دشمن دانا کہ پی جان بود بہتر ازان دوست کہ نادان
بود ہای یار حضرات اہلسنت کی لئی یہ مقام رونی اور خاک اوڑانی اور صف ماتم بچھانے
کا ہی بگوش دل متوجہ ہوکر سنو راویان اخبار فضائل ابوبکر وحفی کنندگان آثار غدر وبکر
کہ انہین مین سی حضرت مخاطب بہی ہین یون روایت کرتی ہین کہ حضرت ابوبکر بخلوص
نیت اور کمال صدیقیت جانبازی اور جان نثاری پر مستعد ہوکر واسطے یارے اور
مددگاری پیغمبر کے تن تنہا ہزارون کفار مین بی یار ومددگار اور بی ہتیار گہرسی باہر نکلے
چنانچہ سارے غذار فضیلت چارم وپنجم مین اسکا تذکار کرتا ہی اور تنہائی اور بی ہتیار ہونی کا
اسمقام مین اقرار ہی ؎ یار واس روایت سی چند حماقتین ابوبکر کی ثابت ہوئین پہلی یہ کہ
باوجود جاننی شجاعت اور قوت اور کثرت کفار کی ایک پیغمبر قوت کو خدا اونکی مقابلہ کا کرتا ہین
حماقت تہی دوسری حماقت یہ تہی کہ تنہا نکلی دو چار اور رفیقونکو ساتہہ نہ لی تیسری حماقت
یہ تہی کہ بی ہتیار پکڑی ہوئی نکلے کاش ہاری ہاتہ سے جان بچنی کی لئی ایک سپر ہی ہوتی
سے ہوئے تا وقت قتلی دبرین ہاتہ سپر نکرسنے پڑتے شیعہ اسمقام پر ایک فقرہ

مگر سوز اور بی بیان کرتے ہین کہ جب احد اور خیبر اور حنین مین باوجود ہتیار پکڑنیکی حضرت
خلیفہ صاحب سی کچہ یاری اور مددگاری نہو سکی تو اس نہتے پن مین جو یاری اور مددگاری
ہوئی ہوگی وہ بخوبی معلوم ہی ولنعم ماقیل ؎ اور تو اگر مرد ہا بدیودہ ہر بخت صلاح جنگ
چہ سود قولہ چپ چاپ کیون کہڑی رہے اقول حضرت سلامت آپ ہوتی تو
اور مقام پر کچہ کام کر جاتی مگر خلیفہ صاحب سی تو کچہ بھی نہ بن پڑی اسوجہ سی کہ ایکطرف تو
ابن ربیعہ کی جوتیون کا خوف تہا اور دوسری طرف تو کفش اسلامی کا بھی ڈر لگا تہا پھر
بیمار چپ چاپ نہ رہتا تو کیا کرتا قولہ اس دشمن کو اپنی ساتھہ لیلیوا اقول اس سوت
ظاہری اور دشمن باطنے کو اپنی قابو ہی مین رکہنا اوسوقت مناسب تہا تا افشای راز
نہوتی پائی قولہ یہ مشورہ مت دیا کہ ذرا شہر وا اقول اگر آپ مشاور ہوتی تو یہی مشورہ دیتی کہ
شہر وکہ جسمین کفار اگر گرفتار کرین لیکن عقل کہان وہ بدلون مثالق کل تشریف لاوی وہ ایسا
قاضی صاحب اور ملا صاحب پر کیا تہا کہ اونکی تقریرونکو بلفظہ نقل نہ کیا اور فضیحت اور
رسوای سی اونکو بچا یا لیکن چونکہ حضرات امامیہ کو اونکی تشہیر ہی منظور ہی اسلئے اب ہمنی
بمجبوری اونکو نقل کرتے ہین اگرچہ ہمکو ایسی بیہودہ تقریرونکی جواب مین لکہنا اوقات کا ضایع
کرنا ہی مگر تبیینا للمستبصرین کہ لکہتی ہین یقول المستکبر لا یہ علی ابن ابیطالب

ہم نے بھی اوپر بیان کیا ہی کہ ابوبکر کا اظہار خوشی و بیزاری جو مستبع گریہ و زاری تہا اور قریب
بافشای راز رسول ایزد بار تہا اگر امر واقعی تہا تو بیشک اوپر بیدینی اور بی ایمانی کی تہا کہ تصدیق
بوعدۂ خدا اور رسول باوجود کمینی علامات اور امارات حفظ و حراست کی نکی اور اگر امر وضعی تہا
تو دلالت اوسکی بیدینی اور بی ایمانی پر ظاہر تر ہی اور اگر ایک اونی چھوکرہ کسیکے ساتہ ہو
اور مالک اوسکا کہین اپنی دشمنونسی چھپا کر بیٹہی اور وہ رونا پیٹنا شروع کری اور
خلق و اضطراب ظاہر کری گو مالک اوسکو سمجہاوی تاکہ وہ تسکین پاوی اور راز پوشیدہ
افشا نہوجای مگر ایسے غلام کو لوگ نمکحرام کہینگے گو وہ کہی کہ مین اپنی وسطی نہین بہ دتا ہون
بلکہ تمہاری ہی واسطے روتا ہون لیکن یہ کہنا اوسکا اور مالک کا سمجہانا موجب اسکا نہوگا
کہ عقلا اس فعل غلام کو ممدوح کہین بلکہ ہر عاقل سنی گا یہی کہیگا کہ یہ چھوکرہ بڑا ہی نمکحرام تہا کہ
مالک کو اس فکر ہی کرانیکی فکر کی تہی گو وہ مالک اپنی قسمت سی بچ گیا ہو پہ جای اسکی کہ
ایک پیر فرتوت بقول مخاطب وسطی یاری اور بدکاری کی ساتہ ہو اور پہر اوس سے
ایسی حرکت ناشایستہ عمل مین آوی پس جسطرح مالک کا سمجہانا دافع عار و شنار واسطے
غلام کی نہوگا بعینہ اسیطرح سی جناب رسول خدا کا ابوبکر کو بقول تمہاری لاتحزن ان اللہ معنا
کہکر سمجہانا موجب دفع عار و شنار ابوبکر کو اسطی نہوگا اور اگر فرض کیا جاوی کہ جناب رسول خدا
باین لفظ یعنے بصیغہ نہی کہ اصل اوسکی واسطے حرمت کے ہی نسمجہاتی بلکہ لفظ دیگر مثل اسکتان اللہ معنا
سے سمجہاتے جب بہی فعل قبیح کا قبح اوس سے ہرگز برطرف نہوتا چہ جای اینکہ وہ صیغہ ہو جسکی دلالت بالاصالۃ
اوپر ایک فعل قبیح کی ہی کما ستعرف اور حضرت مخاطب جو اسکا دعوی کرتی ہین کہ ابوبکر
بخیال اسکی کہ حضرت کو صدمہ نہ پہنچی اندوہگین ہوئی یہ ایک دعوای محض بلا دلیل ہی شیعہ
اسکو کب مسلم کرتی ہین نہ آیت کا کوئی لفظ اسپر کسی دلالت سی دال ہی نکوئی حدیث

مقبول شیعہ اسپر دلالت کرتی ہی پہر آپکو کہانسے ثابت ہوا کہ ابوبکر کسواسطے روتی تھی
کیون نہین جائز ہی کہ بکمر و فریب روتی ہون یا از راہ چین و بزدلی و بی ایمانی بوعدۂ خدا
و رسول روتی ہون جیسا کہ اعتقاد شیعہ افنکی روایتون سی ہی اور اگر فرمائیی کہ ابوبکر
خود ہی اسکی منظہ ہوئی ہین کہ مین اپنے واسطے نہین روتا ہون بلکہ آپکی واسطے روتا
ہون تو ہم اولاً ابوبکر کا کہنا ہی نہین مسلم رکہتے اسلئی کہ ماقبل اسکی مسلم اور بخاری ہین سو جگہ
ہزارون روایتین ہم کذب و افترا علی اللہ جانتی ہین اور ثانیاً اگر ہم تسلیم بہی کرین تو
جب ہم خود فعل ابوبکر کو محمول بر مکر و فریب کرتی ہین تو قول ابوبکر کو بدرجۂ اولی محمول بر
خدع و فریب کرینگی حضرت مخاطب کو اپنی قسم اور ابوبکر ہی کی قسم ہی کہ ذرا انصاف کو
راہ دیکر فرمائین کہ جو لوگ حضرت ابوبکر کو شہادت حضرت عمر بقول جناب امیر کا کذاب اور
خائن اور غادر اور آثم کما فی صحیح المسلم سمجہتے ہین وہ کیونکر قول و فعل ابوبکر کو محمول بر کذب و خدع
و فریب نکرین اور کیونکر اونکی اس فرمانیکو کہ مین آپکی واسطے روتا ہون عذر تقصیر بدتر از تقصیر
نہ سمجہین علاوہ اسکی اختلاف بیانی آپکا کہ مبتنی اوپر اختلاف بیانی حضرت ابوبکر کی ہی اول
دلیل ہی اوپر کذب و خدع کی کہبی قتلے دینی رسولخدا کو مبتنی اوپر سانپ کاٹنی کی کرتے
ہین جیسا کہ پیشتر اس سی آپنے فرمایا اور کہبی مبتنی اوپر اسکی کرتی ہین کہ آپکی واسطے غمگین
تہی بلکہ جناب رسول خدا کیواسطے غمگین تہی جیسا کہ اسجگہ آپ فرماتی ہین اور کہبی مبتنے اوپر
مقتضائی بشریت کی کرتی ہین جیسا کہ آگی چلکر فرمائیگا الغرض یہ قلق اور اضطراب تحریر نہین
ہی مگر ایک فعل قبیح جسپر نکیواسطے آپکی معتقدین ان باتونکی بانی کو مان لین تو ان لین سبلا شبہ
کب مانتی ہین اسلئے کہ ابوبکر کو اصحاب کفر و نفاق سی جانتی ہین قولہ ا۔ مینا بین ضمیر جمع متکلم
کی بہی اسلئی فرمایا کہ اوس معیت مین خدا کی ابوبکر بہی شریک ہو دین اقول جواب سنا

تنقیح و توضیح تمام ہم رد فضیلت ہشتم مین بیان کرچکی ہین اور چند طرحکی جوابات دیچکی ہنجا اونکی
یہہی ہی کہ اطلاق صیغہ جمع اور پر واحد کی مجاورہ و فصحا و بلغا مین اور کلام خدا مین بہت ہی اور
انا اور نحن سی ذات واحدہ معتدسہ مراد ہی اور اسمقام پر کلام حضرت مخاطب بہی اسکا موید
ہی سائلے کہ سطر سابق مین آپ فرماتی ہین کہ جب ابوبکر صدیق نی کفار کو در غار پر آپہنچا ہوا
دیکہا تو بخیال اسکی کہ حضرت کو صدمہ پہنچی اندوہگین ہوئی اس سی صاف سمجہا گیا کہ اپنی
واسطی اندوہگین نہ تہی اور صاحب ازالۃ الخفا نی بہی تصریح اسکی کی ہی کہ جب جناب رسولخدا
نی ابوبکر سی پوچہا کہ ہم تجکی سینے تو کیون روتا ہی تب ابوبکر نی فرمایا کہ مین اپنی واسطی نہین
روتا بلکہ آپکی واسطی روتا ہون اور ظاہر ہی کہ جس چیز کیواسطی انسان اندوہگین ہوا ہین تسلی
اور تسکین دینا کسی شخص کا ایسا امر خوب ہے پس تسلی دینا جناب رسولخدا کا ابوبکر کو فقط
اپنی ہی واسطی تہا نہ یہ کہ اپنی واسطی اور خود ابوبکر کیواسطی بہی تہا پس اسصورت مین بقول مخاطب
محتمل ان اللہ معنا کا یہہوا کہ ای ابوبکر تو اپنی واسطے تو غمگین ہی نہین ہی باقی رہا میری
واسطی بہی اندوہگین نہو کہ اللہ میری ساتہہ ہی بنابر اسکی معنا کا پہیم مفید معی کی ہونا خود آپ ہی
کی اقرار سی ثابت ہوگیا اور قائلین وحدہ لاشریک لہ کی نزدیک حضرت مخاطب کا شرک
ابوبکر باطل ہوگیا والحمد للہ و ہذا من سوانح الوقت **قولہ** اقول اسطرح پر کہتی ہین کہ حزن ابوبکر کا
طاعت تہا یا معصیت **اقول** ہرگز یہ تقریر اعتراض شیعہ نہین ہی کاذب
معترض ہی جو شخص کہ مدعی اسکا ہی کہ یہ تقریر شیعہ ہی آج قریب ہزار سال کی زمانہ گذرا
کہ شیخ مفید علیہ الرحمہ نی اسکا انکار کیا اور اس تقریر کو تراشدہ ابوالحسین خیاط خود و متداولان ابوبکر
سی تہا سمجہا لیکن آجتک کسی سنی سے یہ نہو سکا کہ کتب شیعہ سی اس تقریر کو ثابت کرکی
قول شیخ مفید علیہ الرحمہ کو باطل کردیتا کسقدر حضرات باغیرت ہین کہ اوسی فرقہ مہارشیہ خیاط

مین آج تک پیوند لگاتی ہین اور اوسی کہنہ چرکینہ سی بشست و شو لباس فاخرہ
ابو بکر کو پہناتی ہین غافل اس سی کہ شیعہ جب دیکھین گی تو اوسکو چیر پہاڑ ڈالین گی اور بی تکلف
خلیفہ صاحب کی پردہ دری کر ڈالین گی مصدیق اس مقال کی اور مکذب مخاطب سپر ا
کذب و احتیال کی عبارت مجالس ہی کہ اوسمین مذکور ہی کہ از جملہ حکایات مفید شیخ مفید علیہ
الرحمہ آنست کہ در مجالس خود از ابو الحسین خیاط رئیس معتزلہ نقل نمود گفت روزی یکی از
شیعۂ امامیہ نزد من آمد و اظہار نمود کہ رئیس ایشان مرا فرستادہ کہ سوال نماید از آنکہ
عزنی کہ از ابو بکر در غار واقع شد و حضرت رسالت بقول خود لا تحزن ازان نہی فرمود طاعت
بود یا معصیت اگر طاعت بود پس نہی آنحضرت منع از طاعت باشد و اگر معصیت بود پس
عصیان ابو بکر ثابت شود ابو الحسین گوید کہ چون آن سوال از رو شنیدم گفتم کہ مرو جواب
را بگزار رو پیش آن رئیس برو و از و سوال کن کہ خوفی کہ موسیٰ را بود وحق تعالیٰ بقول خود لا
منع فرمود طاعت بود یا معصیت اگر طاعت بود پس خدای تعالیٰ نہی او را از طاعت
کرده باشد و اگر معصیت بود معصیت موسیٰ لازم آید آن سائل نزد رئیس خود رفت چون
باز آمد گفتم کہ رئیس تو را ازان سوال چہ جواب داد گفت مرا نصیحت نمود کہ دیگر با او آشنائی مکن
و بعد از نقل حکایت مذکورہ خطاب بشیخ فرمود کہ صحت این بر من ظاہر نیست و دور نیست
کہ ابو الحسین آن حکایت را از پیش خود وضع کرده باشد و اگر راست بودی کہ کسے از
رؤسای شیعہ محرک آن سوال بودی ہر آینہ آن رئیس در دفع معارضہ ابو الحسین
تقصیر نخواستی نمود و انچہ بخاطر میرسد آنست کہ ابو الحسین چون آن نقض را قوی گمان برده
خواستہ بود کہ بوضع آن حکایت تقبیح حال امامیہ نماید انتہے بلفظہ مصنفین اس عبارت کی
دیکھنی سی دریافت کرنگی کہ یہ تقریر اعتراض شیعہ نہین ہی بلکہ قطع و برید ایک خیاط کی

ہی بنا برا سکی ضرور تہا نہ مخاطب تقریر اعتراض اول کتب شیعہ سی ثابت کرتا تب شیعے

جواب ہوتا اور نہ اپنی بنائی بات کا جواب دینا صداق مثل کہ انتی تقضت غزلہا انکاثا

ہوتا ہے۔ پہ یعنی مثل اوس زن منکارہ نابکارہ کی کہ اپنی بٹی ہوئی کو آپ ہی کہولی اعتراض شیعہ

استمام پر اوس تقریر کی ہی جو قاضی علیہ الرحمہ فی احقاق الحق مین بیان فرمایا ہی اور آپ نے

بعد اوسکی نقل کی جو ابات تیئو اوسکی سی بھی چرایا ہی اور بنا بر جواب اوپر اوسی تقریر خیالی کی

ٹہرایا ہی کما یتضح عنقریب قولہ دوسری ابو بکر کو خدا اور رسول کی قول پر یقین نتہا

اقول یہ اعتراض ایک جزو ہی اوسی اعتراض اول کا جو کلام قاضی علیہ الرحمہ مین مذکور ہی

اور منتظم یا ان مخاطب اصل تقریر کی ملانی سی ظاہر ہوجاتا ہی کہ یہان بنا ی کلام لحوق خوف

پر ہی اور وہان کلام مبتنے ہی اوپر اظہار خوف و قلق و اضطراب و انزعاج اور بکا کی جو

مستوجب افشاء راز خدا و رسول تہا اون دونون باتون مین بڑا فرق ہی جیسا کہ عنقریب

ظاہر ہوگا قولہ تیسری ابو بکر کا رونی اور چلانی سے یہ مقصد تہا اقول ابو بکر نی اپنی مقصد

دلی کا حال تو شاید اپنی زبان سی بیان کیا ہوگا شیعیان علی ابن ابیطالب کو کیا

معلوم مگر ہم اہانت سی از روی انصاف ابو بکر ہی کی قسم دیکر پوچہتے ہین کہ اگر کوئی غلام یا

خدمتگار کہیں بھاگ جاوے اور کسکا پتا نشان کرے کہ سر ہی افشاء راز مالک لازم آوی تو ایسے غلام اور خدمتگار

کو قتل کیا کہین کی حضرت ابو بکر کا سن شریف تریسٹہ برس چھ مہینے تہا اور اون کا یہ رعشہ و ارتعاش

و ملال اسدرجہ کہ نماز مین بسی قلق اور اضطراب اور انزعاج اور بکا اعضا و جوارح پر طاری

ہوا سکی کیا معنے پس اگر شیعہ کہین تب بہی جو سنی گا یہی کہی گا کہ یا قصد ابو بکر گرفتار کرانے کا

رسول خدا کو تہا تا کہ کفار سی کچہ فریبی حاصل ہاتہ آوی یا مثل غزارات عمن الزحف کی ہین بنا

اوسپر تہی اور عدم ایمان بر صدق نصرت خدا و رسول باعث اسکا تہا بہر کیف ان حرکات کی

ہر طرح سے دلالت اوپر سوء حال حضرت ابو بکر کی ہی قولہ یعنی بی دنشسن ون نی استدلال درہی
بڑا دیا ہے اقول پاؤن ڈسنیکا ابو بکر کے خود مخاطب ہی اقرار کرچکی ہین فرق استقدر ہی
کہ علت اوسکی اپنی سوراخ مار بند کرنا فرمایا ہی اور یہ سبب اسکی ہے کہ آپ اونسی حسن اعتقاد
رکھتی ہین ورنہ کوئی دلیل اسپر قایم نہین ہی اور شیعونکی نزدیک چونکہ نفاق ابو بکر کا ثابت
ہی وہ خواہی نخواہی اس حرکت کو بھی مثل جملہ افعال کی محمول حرکت نفاقی پر کرینگی اور دلیل
شیعونکی اسپر سانپ کا کاٹنا ہی اگر نیت بخیر ہوتی تو ہرگز ایسی وقت مین کہ حیوانات
دیگر مثل کبوتر و عنکبوت محکوم مشیت الحائی اور سرگرم حفاظت بالہام کبریائی تھی بلکہ نباتات
بھی مثل درخت مغیلان کی جو بحکم انیزو قہار در غار پر اگیا تھا جیسا کہ بعض روایات مین ہے
کیون سانپ ابو بکر کو کاٹتا اور جادہ اطاعت سے سرکشی کرتا پس درحقیقت شیعون ہی
کا قول درست معلوم ہوتا ہی اسلئے کہ سانپ کا کاٹنا ابو بکر کو عین حفاظت رسول خدا کی تھی
اگر مجبوری ابو بکر پاؤن کینچ نہ لیتے تو شیطان افشائی راز رسول خدا ہوجاتا قولہ چوتھی جب
ابو بکر کا مطلب پاؤنکی باہر کرنیسی بھی حاصل نہوا اقول مطلب فی ابو بکر کو تو خدا جانی ہم کو تو
اونکی حرکات سخیفہ سے سوائی نفاق کی بوی وفاق نہین آتی بسوقت کہ باظہار قلق و اضطراب
و بکا قریب بافشائی راز ہوئی تو کیون نہین جائز ہی کہ رسول خدا فی بقول آپکی واسطے تسلے
اور تشفی ہی کی وجہ بکا کو بقول خود لم تبکی یعنے کیون روتا ہی کما فی ازالۃ الخفا مکرر پوچھا ہو
اور حضرت ابو بکر نی ہر دفعہ بغایت اضطراب یا بمقتضای آنکہ در دو گفتن را حافظہ نباشد
ایک نئی وجہ بیان فرمائی ہو پس جسطرح ایک دفعہ یہ بیان فرمایا کہ سانپ کی کاٹنی سے
روتا ہون دوسری دفعہ کہا کہ آپکی واسطے روتا ہون جیسا کہ آپ خود مقرین اوسیطرح اوسی
دفعہ یا تیسری دفعہ یہ بھی بیان کیا ہو کہ آپکی واسطے روتا ہون کہ تعریب ہی کہ گرفتار دست

دست کفار ہوکر شہید ہوجائی اور علی آکیواسطی ؓ پر روتا ہون کہ وہ تو غمہیہی ہوگئی ہونگی پس
اگر شیعون نی اسکی روایت کی تو اسمین کونسا کمال اور کیا اجتماع النقیضین اور کون
شریک الباری لازم آیا کہ آپکی عقل اوسکو قبول نہین کرتی **قولہ** پانچوین ان اللہ مناسی و
معنی مراد لیتی ہین **اقول** سابق مین توجیہات بیان ان اللہ مناسی کذرچکی اوس سی مخاطب
کو معلوم ہوا ہوگا کہ شیعونکی نزدیک توجیہ کلام انہین دونو معنی پر موقوف نہین ہی بلکہ جائز
ہی کہ بخاطر حضرات اہلسنت ہم اوس سی درگذر کرین جب ہی حضرت ابوبکر کی لئے کچہ
نفع اور شیعونکی لئی کچہ ضرر نہین ہی بلکہ امر بالعکس ہی فقد کر **قولہ** ان تقریر ذکو سنکر ہر شخص
محو حیرت ہوگا **اقول** ہر شخص نفرمائی بلکہ اپنا سا ہر شی فرمائی **قولہ** او تعجب کریگا
اقول ہمکو تو اسمین کچہ تعجب نہین ہی بلکہ تعجب اسمین ہی کہ سب آیہ ہی شیعہ کتوک
حضرت خلیفہ اول کا بلا فصل و برا ہین ثابت کی دیتی ہین پہر کیونکر حضرات اہلسنت اوس سی
فضیلت ابوبکر کی ثابت کرتی ہین اگر کچہ بھی شرم و حیا ہوتی تو پہر اس آیت کا نام نہ لیتی **قولہ**
یہ اعتراض ہی کہ مجنونونکی بڑ طرح ہی جواب ہی کہ دیوانون کی جھک ہی **اقول** جبک مارتی
ہو گروہ کہاتی ہو کیا بکتی ہو طریقہ علم کلام نقض و ابرام ہی و بلا وجہ درشتی اور بدزبانی
پاجیونکا کام ہی جواب بات کا بات ہی اور پاجی پن کا جواب جوتا اور لات ہی حضرت
مخاطب کو اعتراضات شیعہ نی باؤلا کردیا جب جواب نہین سوجھتا تو دوسرونکو دیوانہ
اور مجنون کہتی ہین اور یہ نہین سمجھتے کہ اگر خصم آپکا برسر انتقام آویگا تو آپکی کیا حقیقت ہے
آپکی ملائہ کی کیا گت بناویگا تعجب ہی کہ تیزی زبان شیعیان سی تو حضرات اہلسنت
نالان اور گریان ہین اور آپ اونہین سی زبان درازی کرتی ہین اور مآل کار سی نہین
ڈرتی کہ اگر اوسی تیزی کی پتھرونکی بوچھار ہوگی تو حضرات کی اگلی پشتون کی

پیشانی حضرات ثلثہ تاک نگارسوں سے چہ کردی باکاوخ انداز پیکار ہمر خود رانباد دانی
نگستی، چونگ انداختے بر روی دشمن، حذر کن کاندر آماجش نشستے قولہ کہ انہین
تقریر ذکو شہید ثالث نی کس آب وتاب سی لکھا ہی اقول اگر غداعی اور سکا
پیش نظر مخاطب ہوتی تو شہید ثالث کی تقریر ذکو بعینہ اوسی آب وتاب سی نقل
کرتا اور اوسکا جواب دیتا اور کرشانی تقریر ذکو نہ بیان کرتا طرفہ یہ کہ باوجود بگاڑنی تقریر نیکی
پھر بھی جواب نہو سکا بجز ایک تقریر خیالی کی کہ اوسکی جواب الجواب مین بلا فہم مقصود ایک
عالم کی خاک اپنی سر پہ اوڑالی اور پھر بھی لچہ پن نہ آئی اور باہمہ شور وشین مصداق
رجع بخفی حنین ہو کما ستعلم عنقریب قولہ ملا خضر مشہدی اقول ہم نہین جانتی کہ یہ بزرگ
کوئی تمہاری بزرگوار ونسے ہین یا تمہاری والد ماجد کی بزرگوار ونسی ہین ہماری علمامین
کوئی مشتہر بملا خضر نہین ہی قولہ صاحب تقلیب المکائدنی بجواب تقریر خاتم المحدثین اقول
صاحب تقلیب المکائدنی آپکی خاتم المحدثین بحدث اکبر واصغر کی کیا دی ومکاری بنقل
عبارت قاضی علیہ الرحمہ ظاہر کردی ہی کہ اعتراض شیعہ کی تقریر اوپر ہی اور شاہجی کی
تقریر اوپر ہی شاہجی نی بکذب وفریب ایک تقریر خود تراشیدہ کو شیعہ کی طرف بتقریبی
منسوب کیا اور یہی عادت جبلی اونکی ہی کہ کل تقریرین ساختہ وپرداختہ اپنی شیعون
کی طرف نسبت دیتی ہین اور کسی کتاب شیعہ سی نقل نہین کرتی اور پھر جوابات مین اون
تقریرہای خود ساختہ کی کیسے کیسے نازونخرون سی مشکتے ہین اور اٹکھیلیان کرتی ہین و
نعم ماقیل ؎ خرچو سرگینش کند بخندہ برگردون زند ہا: چونکہ مخاطب نی بجوف
افضل حاپنی خاتم المحدثین کی عبارت تحفہ اہتمام پر نقل نہ کی کہ کیا دی اونکی ملانی عبارت
قاضی طیب الرحمہ سی ظاہر ہو جائیگی اسلئے مناسب معلوم ہوا کہ ہم عبارت شاہجی اور عبارت

صاحب تقلیب علیہ الرحمہ اسمقام پر نقل کریں تاکہ منصفین کی نزدیک فرق درمیان تقریر
قاضی علیہ الرحمہ کی اور تقریر خود ساختہ شاہ جی کی معلوم ہو جائی اور حضرت مخاطب کا بے
خدع اور فریب ضبط اور غلط درمیان تقریر قاضی علیہ الرحمہ کی اور درمیان تقریر خیاطی کی
ظاہر ہو جائی پس واضح ہو کہ عبارت تحفہ سروقہ شاہ جی یہ ہی کہ اپنی مکائد جزئیہ مین فرماتی
ہین گویند اہلسنت جبان را بر شجاع در مقدمۂ خلافت و امامت کہ بنای کار آن بر شجاعت
و دلیری ست و جنگ و قتال با کفار و تجہیز جیوش لازمۂ آن منصب است ترجیح دہند
ایضاح این مہم آنکہ شجاعت حضرت امیر چیزیست کہ در تمام عالم ضرب المثل و در جمیع آفاق
شہرہ و علم است و ابوبکر صدیق جبان بود مدلیل قولہ تعالیٰ اذ یقول لصاحبہ لا تحزن معلوم
شد کہ ابوبکر در غار محزون بود و حزن درین قسم معارک استحقانیہ دلیل جبن ست انتہی صاحب
تقلیب المکائد اسکی جواب مین فرماتی ہین چون اہلسنت بر فضیلت ابوبکر باین آیۂ کریمہ
تمسک جستند علمائی شیعہ در جواب ایشان گفتند کہ آیۂ مذکورہ ہرگز دلالت بر فضیلت
ابوبکر نمیکند بلکہ دلالت بر منقصت او البتہ میکند چنانچہ قاضی نور اللہ شوستری در احقاق الحق
گفتہ و کیف یتوہم حصول منقبۃ لہ فی حضور الغار و قد ظہر فی الغار خطاءہ و زللہ لانہ لما دخل
فی الحزر الحرز و المکان المصون بحیث یامن اللہ تعالیٰ علی نبیہ ما یظہر لہ من الآیات
من تشویش الطائر و نسج العنکبوت علی بابہ و لم یثق بالسلامۃ و لا صدق بالآیۃ و اظہر الحزن
و الخوف حتی غلبہ بکاؤہ و تزاید قلقہ و انزعاجہ و یلی النبی لا یتوجہ فی تلک الحال الی مقاساۃ
و رفع الی مداراتہ و نہاہ عن الحزن و زجرہ و نہی النبی لا یتوجہ فی الحقیقۃ الا الی زجر عن القبیح
و لا سبیل الی صرفہ الی المجاز بغیر دلیل لا سیما و قد ظہر من جزعہ و بکائہ ما یکون من شدۃ فساد
الحال فی الاخبار فہو انما نہی عن استدامۃ وقع منہ و لم یکن نفسہ الی ما وعدہ اللہ تعالیٰ بنیۃ

وصیۃ فیما اخبرہ بہ من نجاتہ لم یحزن حیث ان یکون امنہ ولا انزج قلبہ فی الموضع الذی
یقتضی سکونہ فاتی فضیلۃ فی الغار یفتخر بہا لابی بکر ولا لاکابر تہ ولا لاحد اور ہذا انتہی حاصل یہی
کہ کیونکر تو ہم کہہ یا سکتا ہی کسی تعریف کا واسطے ابوبکر کی بیچ ماجرای غار کی حالانکہ اونکی
خطا اور لغزش وہان ظاہر ہوگئی اسلئے کہ سرگاہ وہ داخل ہوئی ایسی مقام محفوظ اور مکان
مصون مین کہ خداوند تعالی نی اپنے نبی کیواسطے جای امن وامان ٹہرایا اور نشانیون کو
انپی حفظ وحمایت کی برملا وکہلا یا بیسے کبوتران وحشی کا اوس جگہہ پر بیحکم خدا نشیمن کرنا اور
انڈی دینا اور عنکبوت کا درہانہ پر جالا لگانا الغرض آیات وعلامات طمانینت بخوبی ملاحظہ
کئی تب بہی خلیفہ صاحب نی اعتماد قول وفعل خدا ورسول پر نکیا اور وثوق بسلامت و
عافیت حاصل نہوا اور آیات حفظ خداوندی کی تصدیق نکی اور اعلان اور اظہار حزن وخوف
بیجا شروع کیا یہانتک کہ غلبہ کیا اونپر بیتابی اور زیادہ ہوا قلق اور اضطراب اور انزعاج
یعنی بیقراری اور بی صبری اور زجار قتلی اونکی یہانتک کہ جناب رسولخدا کو رنج وغم اوٹہانا
اور ابوبکر کو سمجہانا پڑا اور جسرو منع کیا رسول خدا نی اسپر اظہار حزن وملال سی جو
سورت افشای راز تہا اور نہی رسول کی بنا بر معنی تعلیق کی نہین ہی مگر منع کرنا ایک فعل
قبیح سی اور بیدلیل طرف معنی مجازی کی مانا جائز نہین ہی خصوصًا ایسے مقام پر جہان
جزع وفزع اور بکا موجب خرابی حال اختفا ہو اور امر دفع انتظاری نہ تہا کہ بالقصد وعمد دفعۃ
سرزد ہوگیا ہو ورنہ احتیاج بمنع نہوتی بلکہ جب اس حالت پر استدامت ہوئی تو حاجت بمنع
ہوئی اور اگر سکون ہوتا اونکی نفس کو ساتہہ اوس وعدی کی جو خدا نی اپنے نبی سی کیا تہا
اور تصدیق رسول کی کرتی اوس خبر مین جو رسول نی دی تہی اپنے نجات کی دست کفار
سی تو اسقدر اضطراب حزن ایسے مقام امن مین نہ ظاہر کرتی اور نہ بیقرار ہوتا دل اونکا ایسی مقام مین

جو مقتضی اطمینان نفس تھا پس کیا فضیلت مولانا ابوبکر کو اسمیں غامین جو استثنت کی لائی موجب
افتخار ہو بلکہ اگر انصاف کرین تو یہ بحث اور عنصاف کو راہ دین تو یہ سرکشت انکی
موجب عار و شرمندگی نہ باعث افتخار صاحبان انصاف اس تقریر شستہ و رفتہ پر بغور
وضبط کو دعا مارون اور یہ بحث کہ کہری بڑی تقریر ہے ملاحظہ کرین کہ ہم کسقدر حق ہی یہ ہی تقریر
شیعہ کی کہ جسمین بحث کی ہی حزن خاص کی ہی یہ مقام خاص ہین کہ مقام اشعار تھا
جو طریقہ جی کی لئی عارض ہوا اور مستتبع اظہار بیقراری اور گریہ وزاری تھا جو موجب نوشادی راز
برگزیدہ خداوندی تھا اور متفرع اوپر عدم اطاعت بقول خدا و رسول کی تھا نہ وہ تمام تقریر کہ جوابکی
ورزی صاحب نی کترا کہ جسمین بحث مطلق حزن سی کی ہی اور معارضہ حزن بجا بحزن بجا انبیا کیا ہے
اور صیغہ نہی کو جو ایک فعل قبیح کی بعد ہی متامل کیا ہی ساتھ اوس صیغہ نہی کی جو بعد ایک فعل
حسن کی ہی جو انبیا زسی واقع ہوا کہ اوسمین کسیطرح گنجایش اسکی نہین ہی کہ نہی کو معنی اصلی پر کوئی
محمول کرسکی اسلئے کہ عصمت انبیا مانع ہی معنے اصلی پر محمول کرنیسی اور نہ وہ مباطا تقریر کہ جو
ملای مباطلی نی سلسلے تحفہ مسروقہ مین بیان کی کہ مطلق حزن و خوف کو دلیل حسن نہ ایا حالانکہ کلام
ایک حزن و خوف خاص مین ہی جو سبب تنے اوپر عدم تصدیق آیات اور عدم ایمان بقول خدا و
رسول کی ہی اور جو ثبوت افشانی راز خدا و رسول ہی اور بدیہیات جایہ سی ہی کہ جسمین نوعاً مطلقاً
صفات ذمیمہ سی شمار کرتی ہین اور جسمین حزن و خوف کو عند نزول البلاء و قبل نزول البلاء بطریقہ موہوم
نہین جانتی بلکہ تحقیقت مین حزن و خوف مثل شک بیقین کی کیفیات نفسانیہ علی النفس سی ہی
فی نفسہ حسن و قبیح اور امر و نہی او تکلیف اور مواخذہ او سی متعلق نہین ہو سکتا مگر باعتبار سوابق
اور لواحق کی کہ امور اختیاریہ سے ہو تے ہین مثل شک و یقین کے سوابق سی ہے تفکر و تامل کرنا اور سکو اعتقاد
خلاف سے پاک کرنا اور ترک تقلید اور اجتہاد کرنا اور لواحق مین سے اعتراف حق بلسان و ارکان کرنا اور ترک

سلسلہ نوشادی
ابن سلسلہ نوشادی
از سلسلہ
سلسلہ نوشادی
۱۲ ۱۲

خصومت ولد او ساتھ ارباب حق کی کرنا اور اوسکی مقتضے پر عمل کرنا تاکہ مصداق جحدوا
بہا واستیقنتہا انفسہم کا نہو جیسا کہ جو اشی شروح سلم مین بیان سنے تصدیق واذعان
نہین بخوبی تحقیق کیا گیا ہی اسیطرح حزن وخوف بہی فی نفسہ متعلق بحسن وقبح نہین ہوسکتا ہی
مگر باعتبار سوابق ولواحق کی جو امور اختیاریہ سے ہوتی ہین پس اگر سوابق اور لواحق بجا ہین تو حزن
وخوف بہی بجا اور ازقبیل حسن ... ہے اور اگر سوابق ولواحق بیجا ہین تو حزن وخوف بہی بجا
ازقبیح ہی پس سوابق سے ہی مثلاً بلحاظ ظلم جسوقت کہ نوبت بجان ومال وعرض پہنچے
اور کوئی مانع اور عائق اور حافظ وحارس اوسی ظلم کا نہو پس اس مقام پر حزن وخوف بجا ہی اور
فعل حسن ہے اور عقلا اسکو مذموم نہین گی بلکہ ایسے مقام پر خوف نکرنا عین سفاہت و
وقاحت اور مجنون پر تہور مذموم ہی اور فاعل اسکا ملوم اور ضروری ہی کہ خوف معصومین
اسی قسم کا ہو جیسا کہ مقتضای عصمت ہی اور سوابق حضرت ابوبکر سے یہ امر تنہا بلکہ خلاف
اسکی تہا اسلئے کہ نہا رہین دست ستم ظلمہ کی لئی مانع اور عائق حفظ وحراست خداوندی تہی
اور وعدۂ وصیانت جانب خدا سے بقول رسول مقبول اونکو معلوم ہوچکا تہا اور آیات اور
علامات حفظ خدا مثل تغشیش الطایر ونسج العنکبوت وغیرہ خود اپنی انکو نسی دیکہتی تہے
پس ایسے وقت کا حزن وخوف نہایت بیجا اور فعل قبیح اور مبتنے بر عدم ایمان بقول خدا
ورسول تہا پس ایسے خوف اور حزن مخصوص کو جو مبتنے اوپر عدم ایمان کی ہی خوف
وحزن معصومین پر قیاس کرنا قیاس آسمان بر زمین ہی اور چند درجہ بالاتر از قیاس شیطان
لعین ہی ... چہ نسبت خاک را با عالم پاک ۔ یہ تہا ذکر بعض سوابق کا اب لواحق کا
ذکر بہی سن لیجئی پس لواحق سے ہی مثلاً ثبات وقرار اور صبر وسکون ووقار وقت لحوق
حزن وخوف خصوصاً اوس مقام پر جہان کوئی امر واجب کنندہ ثبات وتحمل ہو مثلاً امر خدا

jabir.abbas@yahoo.com

بہ ثبات قدم و عدم فرار عن الزحف یا حکم خدا نبدم افشای راز خدا و رسول پس حسنی مقام خوف
اور حزن مین یہ ثبات قدم اختیار کیا اور صبر و تحمل کو راہ دیا اوسنے نہایت فعل حسن کیا اور
عقلا کی نزدیک قابل مدح و ثنا ہوا اور معصومین علیہم السلام کو عصمت سے مانع ہی کہ خلاف
اسکی عمل مین لاوین پس خوف و حزن اونکا صحیح طرح با عتبار سوابق کی قبیح نہ تہا با عتبار لواحق کے
بہی قبیح نہین ہو سکتا ہی برخلاف خوف و حزن ابو بکر کہ جس طرح با عتبار سوابق کی قبیح
تہا اوسیطرح با عتبار لواحق کی بہی قبیح تہا اسلئے کہ بعد لحوق خوف و حزن بیجا کی ثبات قدم
اور صبر و تحمل کو ایک ذرہ بہی کار فرما نہوئی چنانچہ فرارات اونکی عن الزحف اسپر شاہد عادل
ہین اور بالخصوص مقام غار مین انظہار قلق و اضطراب اور جزع او بیقراری اور گریہ و زاری کہ
موجب افشائی راز خدا و رسول تہی اوسنے عمل مین آئی پس یہ حزن و خوف خاص جو
مستتبع عار و شنار اور مستلزم ایذای رسول ایزد کردگار تہا اسکو حزن و خوف انبیا اور معصومین سے
کیا نسبت جو کوئی ایک کو دوسری پر قیاس کریگا پس یہ قیاس بہی دہی قیاس آسمان بر زمین
اور چند درجہ بالاتر از قیاس شیطان لعین ہی اب صاحبان انصاف تبلائین کہ آیا نہی
جو بعد ایک حسن کی ہو ساتہہ اوس نہی کی جو بعد ایک قبیح کی ہو مساوی ہو سکتی ہی اور کس
نہی کو لیاقت اسکی ہی کہ تسلے اور تشفے پر محمول ہو اگر نہی نے کوسنے اصلی پر محمول کرنا
ضرور ہی جسکو ایک ذرہ بہی عقل ہوگی وہ خواہی نخواہی اوس نہی کو جو بعد وقوع ایک فعل
قبیح کی ہوگی حرمت پر محمول کریگا اسیوجہ سی جناب قاضی صاحب علیہ الرحمہ نی فرمایا کہ اس
مقام پر نہی کو محمول سے مجازی پر کرنا بیوجہ ہی کہ عقل کسے قائل کی اسکو جائز نہ کہے
گی اور اسیوجہ سی جناب مفتی صاحب علیہ الرحمہ نی فرمایا کہ ناصبے رامی بایست کہ این عبارت
جناب قاضی را نقل میکرد و بر آن انچہ می توانست رد میکرد و تراشیدن تقریری از جانب خود

ونسبت دادن بطرف شیعیان وبعد ازان بجواب ان مشغول شدن از اعظم مکاید ان ناصبی است
قولہ بلکہ مولانا صاحب پر طعنہ کیا ہی اقول جب تمنی تقریر تراشیدہ آپکی مولانا کی اور تقریر اصلی قاضی
علیہ الرحمہ کی دونو نقل کردی تو تیقین ہی کہ منصفین آپکی مولانا کو ہدف طعن سنان
ملام کرین کہ جواب اپنے خصم کی تقریر کا دینا تہا اور مخالف کی کرتوتونکی وار رد کنا تہا
نہ یہہ کہ خود ہی اپنے نازک ہاتھونسی اپنے سر پر ماریں اور خود ہی شمشیر سنبھالین قولہ
اب ہم اون تقریرونکا خلاصہ تو لکہہ چکی اقول ایک تقریر باضبط وربط بگار کر چند تقریرین
بی سروپا کین اور اوسکا نام خلاصہ رکہا کہ حسبین کہین سی جای فرار ملجای اور کوی ملجا
اور ماوا جان بچنی کا ٹہر جائے لیکن شیعہ کب اس مکر وفریب مین اتے ہین اور کب اس
کیتادی کا دہوکا کہاتے ہین قولہ اصل عبارت کو لکہتی ہین اقول اصل عبارت کو تو خود
صاحب تقلیب الکائد علیہ الرحمہ نی لکہہ دیا ہی لیکن تمنی اصل عبارت شاہ جی کو نہ لکہا کہ حسبین
دونو باہم ملانے سے کیا دی شاہ جی ظاہر ہو جاتی قولہ اور نہایت اوسبی خدمت
حضرات شیعہ مین الی قولہ ما اینجاست اقول ہم بہی بعد اسکی کہ دونو عبارتین
شاہ جی اور قاضی علیہ الرحمہ کی نقل کر چکی نہایت تراز نہایت دانی اور ادب ہی خدمتمین
حضرات اہلسنت کی عرض کرتی ہین کہ وی ان دونو تقریرونکو ملاوین اور ذرا انصاف
کرین کسقدر آپسمین فرق ہی کجا ایک خوف وحزن خاص کو باعتبار سوابق اور لواحق کی بی دینی
اور بی ایمانی ٹہرانا اور کجا مطلق خوف وحزن کو دلیل حسبین ٹہرانا شتان بین السماء والارض
اور بعد اسکی ذرا غور فرماوین کہ اپنی تقریر میل کا خود جواب دینا اور اوسپر اسقدر ناز ونخری
کرنا صاحبان شرم وحیای عثمانی کا کام ہی یا عار ونگ کا مقام ہی اور یہہ کسی کیتا دو مکار کے
شعبدہ کارے ہے یا بی غیرتے اور بحیاے فواحش بازارے ہے

جب دانشمندون اور علماء کا حال یہ ہی تو واسی بر حال نہ ہلا بلکہ کسی ادنی سے ادنی
جاہل سی سے یہ گمان نہیں ہوتا کہ ایسے لچر اور بیہودہ حرکت کری کہ اپنی تقریر بیہودہ کو
دوسرونکی گلی منڈہی اور پھر اپنی بیہودگی پر نازو غمزہ فرماوی اور خدا اور خلق خدا سی نشرماوے معلوم
نہین کہ شاہ صاحب اور مخاطب صاحب کو یہ کونسی باتھال کیمیا ہاتھ آئی کہ جواہر بیش بہا کی
جگہہ جھوٹی سوتی دکھائی اور عوام کو دام فریب مین لائی ہم تو اور جو دان لوگونکی رو بہ بازے
اور حیلہ سازی کی ایک بات بھی ایسے نہین پاتی جو بیہودگی سے خالی ہو اور ایک لفظ
بھی ایسا نہین دیکھتے جو سفاہت اور رکاکت اور حماقت اور قباحت اور فضاحت اور
شناعت اور رذالت اور خداعت سی محفوظ ہو سے زبانی ابسرش ہر کا کنگر
کرشمہ دامن دل میکشد کہ جا اینجاست ۔ قولہ ہماری نزدیک تو شاہ صاحب نی بڑا
احسان الی قولہ نقل کردیا اقول ہماری نزدیک تو شاہ جی نی جو کچھ احسان کیا حضرات
اہلسنت پر کیا کہ جو تقریر شیعونکی جگر سوز اہلسنت تھی اور اونکی خرمن تشکیک کو سرتاسر جلاتے
تھی اور جیتی جی دوزخ کی کناری لگاتی تھی شاہ جی نے اوسکو بخدع و فریب بالکل بدل دیا یا
لعبہ تبرد تازگی تقریر بلیغہ فریب آتش درونی اہلسنت پر آب پاشی کی اور اپنی سی فضیحتے اور
رسوائی بکذب و فریب اپنی اوپر گوارا کری اور استقامہ پر خواطب والا مقام اپنی بعوض احسان شاہ جی
اونپر یہ احسان کیا کہ عبارت شاہ جی کو نقل نکیا باین خوف کہ اگر کوئی منصف اس عبارت
کو عبارت تقریر قاضی علیہ الرحمہ سی ملاویگا تو شاہ جی کی فضیحتے اور رسوائی بکذب و فریب
ظاہر اور عیان ہو جاویگی لیکن اس پر وہ وہی سی کیا حاصل کہ پیشتر اوس سی صاحب تلبیس الکاذب
علیہ الرحمہ کشف عورات شاہ جی بقبل عبارت تقریر قاضی علیہ الرحمہ کر چکے ہین اور اونکی
مکاری اور چالبازی اور بیشرمی کو کہ ایک نمونہ بارات الاسلام سی بھی بڑھی ہوئی ہی کا اظہار

علی رؤس الاسلام شہر کرچکے ہین آری گدہی پر جڑہانی کی تقصیر باقی رہگئے ہی وہ بہی
انشاء اللہ فی یوم الوقت المعلوم عمل مین آجائیگی قولہ اگر یہ ہمکو ایسے ہوتے تقریر ونکی
اقول اگرچہ ہمکو بہی ایسی ہی بیہودہ خود ساختہ پہل تقریرونکی جواب مین کچہ لکہنا اوقات کا
ضایع کرنا ہی مگر تنبیہا للستہاد والجہلاء الانبیاء الاشقیاء کچہ لکہدیتے ہین قال
المخاطب اقتحام ہداہ اللہ سبیل السلام بہ نسبت پہلی اعتراض کی کہ حزن
ابوبکر کا طاعت تہا یا معصیت اگر طاعت تہا تو پیغمبر صاحب نے کیون منع کیا اگر معصیت تہا
تو ابوبکر کا گنہگار ہونا خدا کی کتاب سے ثابت ہو الجواب الزامی یہ ہی کہ اللہ جلشانہ
نے جو خطاب حضرت موسیٰ سے کیا ہی کہ لاتخف انک انت الاعلیٰ اور حضرت لوط سے
فرمایا ہی کہ لاتحزن انا منجوک واہلک اور پیغمبر خدا سے فرمایا ہی کہ لایحزنک قولہم اس سے
ظاہر ہوتا ہی کہ حضرت موسیٰ اور حضرت لوط کو خوف تہا اور پیغمبر خدا کو کافرونکے باتون
سے رنج ہوتا تہا خدا نے اونکی اطمینان اور تسلے کی لئے لاتخف ولاتحزن فرمایا پس ہم
شیعیان پاک سے پوچہتے ہین کہ اون پیغمبرون کا خوف طاعت تہا یا معصیت
اگر طاعت تہا تو خدا کا طاعت سے منع کرنا ثابت ہوتا ہی اگر معصیت تہا تو انبیاء
معصومین کا گنہگار ہونا ثابت ہوتا ہی پس جو کچہ وہ اسکا جواب دینگے وہی ہمارے طرف
سے ہمین اسکی جواب مین تاسے فرالله شوشتری فی مجالس المومنین مین بضمن
حکایات سفید شیخ مفید کی جواب تقریر ابوالحسن خیاط رئیس معتزلہ کی لکہا ہے کہ انبیاء
کی عصمت پر دلیل عقلی ثابت ہی لہذا جو نہی اونکی نسبت ہی اوس سے ظاہر ہے
معنے مراد نہین ہو سکتے اور ابوبکر کی عصمت ثابت نہین اہلی جو نہی اونکی شان مین
ہے اوسکی ظاہری معنے مراد ہین نہ بنا عبارہ یعنون آن یا معنی ہست لیکن انبیاء

راز از ارتکاب قبیحی که فاعل ان مستحق ذم میشود بواسطهٔ دلیل عقلی که بر عصمت انبیا واجتناب
ایشان از گناهان قایم گشت موجب عدول از ظواہر آن آیات عدول میکنیم
وہرگاہ اتفاق حاصل باشد در آن کہ ابو بکر معصوم نبود واجب است کہ اجرای نہی کہ در شان آن
واقع شدہ بر ظاہر آن کہ قبح حال ابو بکر است بماند بجواب اسکی ہم یہہ کہتی ہین کہ خوف کو
معصیت مین شمار کرنا ہی غلط ہی اور انبیاء علیہم السلام نی جو خوف کیا اور خدا نی اونکو
اوس سے مطمئن کیا اوس نہی کو بلا ضرورت ظاہر سی عدول کرنا ہی لغو ہی بلکہ خوف کو معصیت
قرار دیکر عمدًا انبیاء پر تہمت کرنا ہی اور جو فرقہ انبیا کی عصمت کا قایل نہین ہی اوسکو تقویت دینا ہی
حالانکہ خوف منجملہ اون امور بشریت کی ہی جنسی کسی بشر کو خواہ وہ نبی ہو یا امام ہو خواہ ولی ہو
چارہ نہین اوسپر خدا کے طرف سے ہے مواخذہ نہین ہے
چنانچہ حضرت موسےٰ اور ہارون کو حکم ہوا کہ فرعون کو جاکر سمجھاؤ اور
اوسکو دعوت ایمان کی کرو تو اونھون نے خوف کیا اور یون کہا کہ ربنا
انّنا نخاف ان یفرط علینا او ان یطغی کہ خداوندا ہمکو خوف ہوتا ہی کہ کہین وہ ہمپر زیادتی
کری تب اللہ نی مطمئن کیا اور فرمایا کہ لاتخافا انّنی معکما کچھہ خوف نکرو مین تمہارے ساتھہ ہون پس
ذرا غور کرنیکا مقام ہی کہ جب کہ حضرت موسیٰ اور ہارون باوجود نبوت کے خوف کرین اور خدا کیطرف سے
اس خوف پر اونکو غلط نہ بتاوے اور اونکی نبوت مین فرق آوے اگر حضرت ابو بکر صدیق جو بالاتفاق نبی نہین
نہ معصوم خوف کیا تو کیا گناہ کیا بلکہ جسطرح پر خدا نی حضرت موسیٰ اور ہارون کو انّنی معکما کہکر
مطمئن کر دیا اسی طرح پر پیغمبر خدا نی ان اللہ معنا فرماکر ابو بکر کو مطمئن کر دیا ہمکو شہید ثالث کی
سمجھہ پر نہایت تعجب آتا ہی کہ ابو بکر صدیق کی محزون مغموم اور خائف ہونیسی خوف
کو بھی گناہ نہین داخل کر دیا اور ایک ابو بکر کی ذمہ گناہ ثابت کرنی کی لئی تمام پیغمبرونکی

نسبت معاصی کا الزام لگایا او بلا ضرورت الفاظ خوف کو او نکی حقیقی ظاہری معنی سے
عدول کیا لیکن جب کہ جا بجا قرانمین الفاظ خوف کی انبیاءؑ کی نسبت وارد ہین
اور مفسرین نی اوسکی ظاہری معنی مراد لئی ہین اور کسی نی خوف کو معصیت اور گناہ
اور نقص مین شمار نہین کیا ہی تو ایک شہید ثالث کی کہنی سی کچہ نہین ہوسکتا چنانچہ آیہ
فاوجس منہم خیفۃ کی تفسیر مین علامہ طبرسی نی جو محققین شیعہ سی ہین لکہا ہی کہ فلما
امتنعوا عن الاکل خاف منہم وظن انہم یریدون بہ سوءً فقالوا ای قالت
الملائکۃ لاتخف یا ابراھیم کہ جب فرشتون نی حضرت ابراہیمؑ کی ساتہہ کہانا نہ کہایا
تو وہ ڈری اور گمان کیا کہ کہین یہ لوگ کچہہ بدی سی پیش آوین تب ملائکہ نی کہا ای ابراہیم
کچہہ خوف نکرو اور ہمسی نہ ڈرو ہم آدمی نہین ہین پس خوف دور کرنیکی لئی جو کلمات تشفی و تسلی
کی بہ لفظ لاتخف یا لاتحزن کلام الہی یا احادیث نبوی مین مذکور ہین اونکو از قبیل اوس
نہی کی تصور کرنا جو ارتکاب معاصی کی منع کی لئی مستعمل ہین بڑی غلطی ہی ورنہ اگر یہہ امر تسلیم
کرلیا جاوی کہ جہان لفظ لا جو حرف نہی کا ہی استعمال کیا جاوی وہان مراد نہی عن المعصیت ہو
یا جہان کسی شی کی نہی بیان ہو اوس سی اوسکا وقوع ہونا بہی ضروری سمجہا جاوی تو ہزارون اعتراض
ائمہ کرامؑ پر ایسی وارد ہونگی کہ سوای اونکی عصمت کی دوسرا جواب حضرات امامیہ سی بن نہ پڑیگا
مثلاً علل الشرایع مین لکہا ہی کہ پیغمبر خدا صلی اللہ علیہ وسلم حضرت علی علیہ السلام سی فرماتے ہین کہ یا علی
لاتتکلم عند الجماع ولا تنظر الی فرج امرأتک ولا تجامع امرأتک بشہوۃ امرأۃ
غیرک ذکر ای علی نہ کلام کرو وقت جماع کی اور نہ دیکہہ اپنے عورت کی شرمگاہ اور نہ صحبت کرو اپنے
بی بی سی اور کسی عورت کی شہوت پر پس اگر کوئی پوچہی کہ حضرت علیؑ یہہ کام کرتی ہتی یا نہ کرتی ہتی اگر نہ کرتی ہتی
تو وہ قاعدہ باطل ہوا جاتا ہی کہ نہی شئی وقوع شئی پر دال ہے اور اگر کرتی ہتی تو وہ فعل

طاعت تہا یا معصیت اگر طاعت تہا تو پیغمبر خدا نے کیون منع کیا اگر معصیت تہا تو ابو بکر معصوم
کا گنہگار ہونا ثابت ہوا اگر کوئی یہ جواب دی کہ امام معصوم ہوتے ہین اسلئے اس نہی کو الزام
نہی من المعصیت ہی از ظاہر آن عدول کنیم تو ہم بہی مجبور ہی یہ کہنے کہ ابو بکر صدیق
بہی محفوظ تہی اسلئے ہم بہی نہی لاتحزن ان اللہ معنا کو از ظاہر آن عدول کنیم ای یار و ایسے
صریح اور صاف بات کو عناد اور عداوت سی کیون معما اور پہیلی بنا دیتے ہو اور میاہے
سچی بات کو کسلئے مشکل کئی دیتی ہو ذرا انصاف کرو کہ اگر کوئی دوست کسی دوست پر
صدمہ پہنچنی سے رنج کرے اور وہ دوست اوسکو مطمئن کری اور کہی کہ کچہ خوف نکر اللہ ہمارا
مددگار ہی تو یہ کہنا از قبیل تشفی اور تسلی کی ہی یا از قسم زجر و توبیخ کی اگر تشفی و تسلی کی قسم ہی ہے
تو لاتحزن ان اللہ معنا کو بہی اوس قسم ہی سمجہو خدا کی آیتون کی تحریف لفظی نکرو اور یہ خیال
نکرو کہ نہی کی حرف کا استعمال واسطے منع اور زجر و توبیخ کی ہوتا ہی بلکہ واسطے ترحم
اور شفقت کی بہی ہوتا ہی چنانچہ اگر قرآن مجید کی لفظون پر کوئی غور کری تو اوسکو خود معلوم ہوجائیگا
کہ اکثر جگہہ خدا نے بہی حرف نہی کا استعمال کیا ہی چنانچہ پیغمبر خدا سی فرمایا ہی
کہ لاتحرک بہ لسانک تعجل بہ کہ بہت جلدی زبان نہ کہولہ یا کہ اور میری کلام کو پورا سن لیا کرو
اور دوسری مقام پر فرماتا ہی کہ فلا تذہب نفسک علیہم حسرت کہ لوگون کی پیچہے تیری جان
نہ جاتی رہے تو اونکی لئی اپنی جان ندی تو کیا ان کلمات کو بہی نہی حسب زجر و توبیخ کی کہی
سمجہین گی اور تحریک لسان اور ذہاب نفس کو معصیت اور ذم تصور کرکی بلحاظ عصمت
حضرت کی ظاہر سی عدول کرینگی اور اگر ان کلمات کو رحمت اور شفقت پر محمول کرینگی
تو اپنی دعوی کی سفاہت کی قائل ہونگی اعتراض دوسرا کہ ابو بکر کو خدا اور رسول پر کیہہ
یقین نتہا اسلئے باوجود یکہ سبت سی نشانیون حفاظت کی وہ روئی داد ہائی ہے

مچانی لگن اسکا جواب یہ ہی ہان ہائی کرنا اور زور زور سی چلانا ابوبکر صدیق کا کسی
طرح پر ثابت نہین ہی اسلیے کہ قرآن مجید ہی تو سن کرنا ثابت ہوتا ہی اور حزن کی
معنی نوحہ اور فریاد کی نہین ہین اگر کوئی خاص لغت کی کتاب حضرات امامیہ کی ایسی ہو
کہ جو الفاظ صحابہ کبار کی شان مین ہون اونکی کچھ معنی ہی علیحدہ اسمین لکھی ہون تو ہم نہین
جانتی ورنہ حزن کی معنے غم کی ہین نہ ہائی ہائی مچانی اور زور زور سی چلانی کی جسکو نور اللہ شوستری
فی احقاق الحق مین لکھا ہی حتے غلبہ بکاؤہ و فی رائیۃ قلقۃ و انزعاجہ علاوہ اسکی خود مفسرین
امامیہ کی تفسیر پر خیال کرنا چاہیے کہ اونہون نی حزن کی کیا معنی لکھی ہین پس مفسر کاشانی
فی خلاصۃ المنہج مین اسکا ترجمہ کیا ہی کہ چون گفت پیغمبر یار خود را اندوہ مخور اور علامہ طبرسی
فی فرمایا ہی لاتحزن ای لاتخف پس ہمکو سراسر حیرت ہی کہ قاضی صاحب فی حزن
کی معنے نوحہ و فریاد کی کہانسے نکالی بقول الشئ بولا تیہ علی ابن ابیطالب علیہ السلام
سابق مین بیان ہوچکا کہ یہ تقریر اعتراض شیعہ نہین ہے بلکہ تراشیدہ ابوالحسن خیاط ہے شیعہ بہ مطلق حزن و خوف
سی بحث کرتے ہین بہ مطلق نہی سی بحث کرتی ہین بلکہ ایک حزن و خوف خاص سی بحث کرتی ہین
جو ابوبکر کی لئی عارضی ہوا ہو بلکہ بوجہ بی ایمانی و عدم تصدیق بقول خدا و رسول عارض ہوا جو مستحق
بیقراری اور گریہ و زاری تھا اور باعتبار سوابق اور لواحق کی بجز امر قبیح کی کسیوجہ سی اوسکی لئی کوئی
محمل صحیح نہین نکل سکتا اور اسیطرح ایک نہی خاص سی بحث ہی جو بعد اسکے فصل
قبیح کی واقع ہوئی کہ جسکو بجہ معنی اصلی حقیقی کی سنے معنی مجازی پر حمل کی لیاقت نہین
ہی اور باوجود اسکی اگر کوئی معنے مجازی تشفی پر حمل بھی کری تب بھی مطلوب الیہ
نہین حاصل ہوسکتا ہی اسلئے کہ اگر کوئی قباحت متعلق بہ فعل اسے ایک کافر کی مثل انشائی
نماز کی لازم آوی تو ممکن ہی کہ بنظر عدم ثبوت مقصود کی ایک کافر بھی قسلے اور تشفی

دیا جاوی فضلا عن المنافق المظہر بلسانہ التوافق اور جب یہہ تقریر اعتراض خود ساختہ
خیاط ٹہری تو شیعونکو اسکی ردّ جواب کی کچھ ضرورت نہین ہی اور جو کچھہ اس تقریر کے
جواب مین لکھنی والے بلے سر و پا لکھین یا کوئی موچی صاحب کہنہ ہزار سالہ کو از سر نو
سجھین یا کوئی بساطی صاحب اپنے بساط پر نئی ڈھنگ سے جماوین یا کوئی اونکی
مستقد صاحب ایک عالم کی خاک اپنے سر پر اوڑاوین کلاوطرّا تباہی فاسد علی الفاسد ہے
قولہ جواب الزامی یہہ ہی اقول ردّ جواب الزامی سی جو بعد اسکے خود مذکور فرمائیگا
ایسے ہوش و حواس باختہ ہوگئی کہ ذکر جواب تحقیقی بہول گیا یہہ بعینہ وہی جواب جسکا جامہ اوڑہ
سال کما بیش اس زمانہ سی پیش اوسی خیاط مذکور نی واسطی ستر عورات ابو بکر کی قطع
کیا تہا اور بریسمان جدّ و کد سبوزن شدہ مد اونکی قامت زیبا پر سیا تہا اور ہر چند شیعون نے
چیر پہاڑ کر اوسکی پُرزی اوڑدئی مگر ابتک ہوا خواہان حضرت ابی بکر اسمین جوڑ پیوند لگاتے
اور سڑا لگوٹا بناتی ہین اونہونکو مار مار کر زبردستی پہناتی ہین اور اونکی فضائح کو چہپاتی ہین
لیکن جسکو خدا نی ایک خلق کثیر کی سامنی از شرق تا غرب رسوا کیا ہو اوسکی فضایح کیسکے چہپانے
سی نہین چہپتی قولہ حضرت موسیٰ کو اور حضرت لوط کو خوف تہا اقول بنا بر تقریر
شیعہ کی جب تک مماثلت خوف انبیاؑ اور خوف ابو بکر مین نہ ثابت کیجاوی تب تلک قیاس ایکا
دوسری پر قیاس مع الفارق ہی پس ثابت کرنا چاہیے کہ حضرت موسیٰ اور حضرت لوط کو اور
جناب رسولخدا بہی بعد اسکی کہ مثل ابو بکر کی ایک مامن حفظ و حراست مین پہنچ چکی تہی اور
خدا نی وعدہ حفظ و حراست بہی کیا تہا بلکہ آیات اور علامات حفظ و حراست مثل
تعشیش الطائر و نسج العنکبوت سے دیکہا یا تہا پہر بہی ان بزرگونکو اطمینان نہ حاصل
ہوا اور اسدرجہ خوف و حزن سے بیقرار ہوا

کہ باوجود اسکی کہ مقام مقتضی سکوت تہا اسکو خلاف رضای ندا بافشار راز خدا لازم نہا
مگر ان انبیاؑ نی مثل ابوبکر کی کچہ اسکا لحاظ نکر کی قلق و اضطراب و بیقراری اور گریہ وزاری
کو شروع کیا اسیسے ہنگام مین خدا نی ان پیغمبرون سی لاتخف اولا تحزن فرمایا تہا
پس جب تک یہ سب حالات نفاق دلالات العیاذ باللہ انبیاء کی ہوئی حضرت مخاطب
ثابت نکری تب تک وہ نوخوف وحزن ایسے نہین ہوسکتی وانی لہ ذلک قولہ بجواب
تقریر ابوالحسن خیاط اقول سابق مین بیان ہوا کہ تقریر خیاطی تقریر شیعہ نہین ہے پس
برادران اخیائی فی خیاط کو ضرور تہا کہ اس تقریر کہ تقریر شیعہ ہونا اونکی کسیے کتاب معتبر
سی ثابت کرتی لیکن قریب ہزار سال کی زمانہ گذرا کہ کسی منے سی اثبات اسکا نہو سکا
پس اسصورت مین اسکا جواب شیعونکو دینا کچہ ضرور نہین ہی باوجود اسکی علی التنزل
شیخ مفید علیہ الرحمہ نی وہ جواب معقول دیا کہ قابل قبول فحول فدوی العقول ہی اور اہلسنت
اجتک اوسکی تہیج وتاب مین اور مثل ابوبکر کی عجب قلق و اضطراب مین ہین کہ کچہ بنائی
نہین بن پڑتی دیوانونکی طرح اوکہڑی پکڑی باتین بی سروپا بکتے ہین اور اوسی سی اپنا جی خوش
کرتے ہین ما استعلم قولہ وبذہ عبارتہ مضمون آن آیات نہی ہست اقول یہ تقریر
باتوقیر لاجواب مبتنی ہے اوپر چند مقدمہ کی ایک یہ کہ مطلق امر ونہی یعنی صیغہ
افعل ولاتفعل حقیقۃ موضوع واسطے وجوب اور حرمت کی ہی اور یہ وہ بات ہے
کہ تحقیق اہل اصول کا اسپر اتفاق ہی اور بکثرت دلائل عقلی اور نقلی کتاب اور سنت سی
علم اصول فقہ مین اسپر قایم ہین از انجملہ قولہ تعالی فلیحذر الذین یخالفون عن امرہ
ان تصیبہم فتنۃ الخ یعنی چاہیئے کہ ڈرین خلاف کرنیوالے امر خدا اس بات
سی کہ پہنچے اونکو کوئی بلا دنیا مین یا عذاب دردناک آخرت مین دوسرا قولہ تعالی

ما منعك ان لا تسجد اذ امرتك یعنی کون چیز مانع ہوئی تجکو سجدہ کرتی سے
جسوقت کہ کہا میںنے تجکو باسجد قال البیضاوی بعد اذ امرتک دلیل علی ان مطلق الامر
للوجوب والفور یعنی توبیخ شیطان نمخالفت امر ازدمان دلیل ہی اوپر اسبات کے
کہ مطلق امر موضوع حقیقۃ واسطے وجوب اور فوریت کی ہی اور جو لوگ کہ قائل اسکی نہیں
کہ امر للوجوب ہی اونکو چارہ اس سی نہین ہی کہ قائل ہون نہی مین اصالت حرمت کی
بدلیل قولہ تعالی ما نھاکم عنہ فانتھوا یعنی خدا ورسول جس کام سی تمکو منع کرین
اوس سی باز رہو امر جب باز رہنا واجب ہوا اصلی کہ انتہوا امر ہی اور امر للوجوب ہے
تو یہی سنے حرمت کی ہین اسواسطی کہ جس شے سی باز رہنا واجب ہی اوسکو حرام
کہتی ہین اور جب ثابت ہوا کہ حقیقۃ امر ونہی واسطے وجوب وحرمت کی ہی پس
بدیہیات سی ہی کہ سنے حقیقتے سی بلا قرینہ صارفہ طرف معنی مجازی کی جانا جائز نہین ہے
دوسرا مقدمہ یہ کہ بدلائل قاطعہ اور براہین ساطعہ ثابت ہی کہ انبیاء معصوم ہین اور کافی
ہی واسطی اثبات اس امر کی تنزیہ الانبیاء جو جواب تنقیحۃ الانبیاء المنت مین لکہی گئی ہے
اور باوجود گذرنی سیکڑون برس کی تاحنبک اوسکا جواب نہین ہوسکا اور بدیہیات سی
ہی یہ امر کہ عصمت مانع ہی اس سی کہ کوئی منہی اوسکے بارہ مین متعلق واقع ہو کسی امر قبیح کی
اور سکی قسم مقدمہ یہ ہی کہ ابوبکر مثل انبیاءؑ کی معصوم تھے چنانچہ ابوبکر کے
معصوم ہونے پر کل امت کا اجماع ہی بلکہ بنظر بت پرستے و شراب خوارے و
حرام کاری ایام جاہلیت یہ امر اجلای بدیہیات سی ہی پس کوئی ضرورت دعوی اسکے
نہین ہی کہ جو نہی اونکی بارہ مین ہووے خواہی نخواہی مصروف معنی حقیقۃ ظاہری سے
کیجاوی پس حاصل ان مقدمات بدیہیہ جلیہ کا یہ ہی کہ کلیشہ جو سنے انبیاءؑ کی بارہ مین ہی

بضرورت عصمت ضروری ہی نہ حقیقی خبری سی مصروف الی المعنی المجازی
ہوا حدا ابو بکر کی الٰہی یہ امر ضروری نہین ہی بلکہ بلا وجہ معنی حقیقی ظاہری سی عدول کرنا جائز
ہی نہین ہے یہ تقریر وعایشہ اہلسنت سے تھے کہ جسکا نام حضرت مخاطب نے
جواب الزامی کہا ہی اور اس تقریر کی اوٹھا دینے کی الٰہی ضرورت ہی کہ کسی مقدمہ کو مقدمات
ممہدہ سی باطل کرین لیکن حضرات اہلسنت سی از متقدمین یا محدثین کسی صاحب سے
یہ نہ ہو سکا کہ کسی مقدمہ کو ان مقدمات سی رد کرین بلکہ متاخرین محدثین نی از جانب خود
بیہودہ تقریرین بنا کے نی سر و پا جواب دئی اور اپنی اور دوسرونکی اوقات عزیز کو
ضایع کیا کما سمعت و سیجی تفصیلہ اما قولہ بجواب اسکی ہم کہتی ہین اقول یہ سوال
از سر سیان اور جواب از آسمان ہی قولہ خوف کو معصیت مین شمار کرنا ہی غلط ہی اقول
یہ کیا مہمل اور لغو کلام ہی کسنے مطلق خوف کو معصیت کہا بلکہ بعض خوف کو ہم معین عبادت
و طاعت شمار کرتی ہین مثلاً وہ خوف جو انسان کو بلا ناشتی کردار اور غضب خدا و نار قہار
اور خوف نار کی عارض ہوتا ہی اور باعث توبہ و استغفار و بیدگار اینده کردگار رہتا ہی
پس ایسا خوف ہرگز معصیت نہین اسکو معصیت مین شمار کرنا ہم سی غلط کہتی ہین کلام
اور بحث اوس خوف مین ہی جو غیر انبیا مین مورد نہی ہوا و معارک کارزار مین موجب
فرار عن الزحف ہوا و مقام قتال مین باعث انشار و نزول اینده کردگار ہو اگر یہ خوف
معصیت نہ تھی تو خدا نی کیون ایسے خوف سی نہی فرمائی اور مقاتلین کی حق مین غضب
من اللہ کیون فرمایا قولہ اور نہی کو بلا ضرورت ظاہر سی عدول کرنا ہی لغو ہی اقول
حضرت مخاطب خود لغو ہی اور اوسکا ہر کلام لغو ہی اور بالخصوص یہ کلام لغو تر از ہر لغو
ہی کچھ نہین ہوتا کہ مطلق نہی سی تبادر ہی حرمت ہوتی انکاری یا اقرار

اگر انکار ہی تو اپنے اجداد کی تصریحات کا کتب اصول مین کیا جواب دیتی ہین اور
اگر اقرار ہی اور بخصوصیت مقام بقیام قرائن صارفہ عن المعنی الحقیقی اسمقام پر سنے
کو محمول بر معنے تسلی فرماتی ہین تو مثل شیعونکی معنی اصلی حقیقے سے عدول
کرتے ہین پھر سنے اصلی سے عدول کرنے کو لغو کیونکر ٹھہراتے ہین اور
شیعون نی کب معنی تسلی سی اس مقام پر عدول کیا ہی آری ان معنون کو سے اصلے
نہین ٹھہراتی جیسا کہ ہمنی برخلاف تصریحات اپنے علماء اصول کی ٹھہرایا ہی اور جب یہ معنے
اصلی نہوئی تو ضرور ہی کہ محتاج بقرینہ ہون اور قرینہ انبیاء مین عصمت انبیاء ہی اسی لئی
شیعون نی جہان کہین ہمی متعلق بانبیاء ہی وہان مقتضائی مطلق نہی سی کہ حرمت ہے
عدول کیا ہی طرف معنی تسلی وغیرہ کی مثل یہنی قبل از وقوع فعل تقدماً بالحفظ کما فی قولہ
تعالیٰ لا تطع منھم آثما او کفورا لیکن اسکی لئی ضرور نہین ہی کہ جو ہنی متعلق بغیر
انبیاء ہی ہا وہمین ہمی خواہی نخواہی بلا وجہ عدول کرین آری اگر کوئی وجہ عدول قایم ہو
تو کرینگی اور اگر غرض یہ ہی کہ جو ہنی متعلق بخوف ہی مطلقاً خواہ نسبت بانبیا ہو خواہ نسبت بغیر انبیا
ضرور ہی کہ معنی اصلی حرمت سی عدول کرکی معنے تسلی پر محمول کرین تو یہ اول بحث ہم
اسلئے کہ خوف انبیاء بسبب عصمت کی کسیطرح قبیح نہین ہو سکتا ہی پس معنی اصلی حرمت
اوسمین مراد لینا جائز نہین ہی بخلاف خوف غیر انبیاء کی کہ باعتبار سوابق اور لواحق
کی قبیح ہو سکتا ہی جیسا کہ ہمنی خوف ابوبکر مین بالخصوص غار مین اور بالخصوص فرار مین
صف جنگ سی بعد اوز خیبر اور حنین مین یا کیا قولہ بلکہ خوف کو معصیت قرار دیکر عمداً انبیاء
پر تہمت لگانا ہی اقول ہر گز مشیعہ خوف انبیاء اور اور صیار کو معصیت نہین ٹھہراتے
بلکہ عدم معصیت انبیاء مین تنزیہ الانبیاء لکھتے ہین تہمت انبیاء پر کرنیوالا وہی فرقہ

Presented by: Rana Jabir Abbas
jabir.abbas@yahoo.com
Contact : jabir.abbas@yahoo.com
http://fb.com/ranajabirabbas

گمراہی ہی جو کہ تخطیہ الانبیاء کہتا ہی اور معصومین کی خطائین ثابت کرتا ہی **قولہ** جو فرقہ
انبیاء کی عصمت کا قائل نہین **اقول** وہ حضرات اہلسنت و جماعت ہین جنکی بعض
علماء یہانتک قائل ہین کہ کافر صادق الکیہ بھی نبی ہو سکتا ہی فضلاً من الفاجر **قولہ** تقویت
دینا ہی **اقول** تقویت دینی والی وہ نالایق ہین جو سنے ظاہری سی عدول نہین کرتی
اور آیات متشابہات سی بمعنی ظاہری مراد لیکر خطائی انبیاء ثابت کرتی ہین نہ وہ لوگ کہ
جو انبیاء و اوصیاء کو از اول عمر تا آخر ہر گناہ صغیرہ و کبیرہ سی معصوم جانتی ہین یہانتک کہ
کہ خطای اجتہادی بلکہ اجتہاد تک نو کی نسبت نہین جایز رکھتی بلکہ بالمطلق عن السہو کا ایمان لائے ہین
قولہ حالانکہ خوف منجملہ اون امور بشریت سی ہی **اقول** یہ بات سچ ہی مگر انبیاء اور غیر
انبیاء مین اسقدر فرق ہی کہ انبیاء کا خوف بدلیل عصمت کبھی بیجا نہین ہو سکتا اور باعتبار
سوابق اور لواحق کی خواہی نخواہی حسن ہوگا اور خوف غیر انبیاء کبھی جا اور کبھی بیجا اور باعتبار
باعتبار سوابق و لواحق حسن اور کبھی قبیح ہو سکتا ہی جیسا کہ ہمنی خوف ابی بکر مین بیان کیا کہ
محض بیجا تہا اور نہایت قبیح تہا **قولہ** اور اوسپر خدا کیطرف سی بھی مواخذہ نہین ہے
اقول اگر مراد یہ ہی کہ بالخصوص بعض خوف خاص پر مواخذہ نہین ہی تو مسلم ہی ہم بھی
کہتے ہین کہ بعض خوف پر یعنے جو خوف کہ بیجا اور حسن ہی اوسپر مواخذہ نہین ہے
جیسے خوف انبیاء اور اوصیاء مطلقاً کہ بسبب حسن ہونیکی قابل مواخذہ نہین ہی بلکہ
بعض خوف کو ہم عین طاعت و عبادت و عین ایمان سمجھتے ہین جیسے خوف خدا
اور خوف عذاب اپنی سیئات اعمال پر لیکن خوف ابو بکر اس قسم کا نہ تہا بلکہ خوف بیجا
اور قبیح اور عین بی ایمانی تہا کما مر آور اگر مراد یہ ہی کہ مطلق خوف قابل مواخذہ نہین ہی
تو غیر مسلم ہی اور دعوائی بلا دلیل ہی اس دعوائی کاذب پر کاش کوئی بھوٹی سے بھی

دلیل نہ ذکر کی ہوتی اگر مطلقاً ہر خوف میں مواخذہ نہیں ہی تو آیہ وتنی ہدایہ اتخشونھم فلا
حق ان تخشوہ از کتم مومنین میں مذموم اور کفار کی کیون مدح ہوا یا انکشتر مومنین شعار اسکا ہی کہ خوف خدا
میں بیان ہوا ویسطرح اس مقام پر خوف از کفار میں بی یہ بات ہی اور ہر تعریف مومنین
مجاہدین میں فرمایا ہے یجاھدون فی سبیل اللہ و لا یخافون لومۃ لائم
پس ہر گاہ عدم خوف از لائمین ممدوح ہوا تو خوف ایلمین البتہ مذموم ٹھہرا اور یہ فرمانا
ہی فلا تخشو الناس واخشون یعنی جن مقامات میں تکو خوف ناروا سے منع کیا گیا
ہی وہان آدمیون سی نڈرو بلکہ خدا سی ڈرو انغرض ایسے مقامات کا خوف البتہ مذموم
اور مقابل مواخذہ ہی پس ہر خوف پر مواخذہ نہونا محض باطل ہوگیا اور بدیہات سی ہی
کہ خوف آپکی شیخ کبار کی واسطے سبب فرار مقابلہ اور مقاتلہ کفار سی ہوتا تہا اگر جای
مواخذہ نہ تہا کیون خداوند تعالی فی آیہ من یولھم یومئذ دبرہ نازل فرماتا اور
کیون فقد باء بغضب من اللہ سی بیگرو نیز انیا غضب ظاہر کیا اور کیون ماواہ
جہنم وبئس المصیر سی جہنم کو اونکا بازگشت قرار دیا افسوس ہی کہ حضرت مخاطب
عمدگی لیت عہد جناب رسالت مآب مین موجود نتہی ورنہ صحابہ کبارین اور مدرسین متخلفین
از جہاد کیطرف سے بذریعہ سند حاصل کردہ از صدر رو کالت فضولی کرتی اور مدین تحریر
دلپذیر درگاہ خدا اور رسول امین معذرت خواہ ہوتی کہ فرار اور تخلف بعلت خوف ہی اور
پایا جانا معلول کا عند وجود العلۃ ضروری ہی اور خوف اون امور بشریت سی ہی جس سے
ہر نبی وولی کو مجبوری ہی اور کسے طرح قابل مواخذہ نہین ہی تو فارین غضب خدا مین اور
متخلفین خصوصا الثلثۃ الذین خلفوا وری از رحمت خدا مین بمقتضای من اللہ من تخلف
عن جیش اسامۃ کما فی الملل والنحل گرفتار ہوتی قولہ چنانچہ حضرت موسی اور ہارون

اقول سب کل افعال کل انبیاؑ اور اوصیاؑ کی بدلیل عصمت حسن تھی تو لاریب کہ خوف
اونکا بھی بجا اور حسن تھا نہ مثل خوف ابوبکر کی بجا اور قبیح بالجملہ ذکر موسیٰ و یوشعؑ و ہارونؑ
و ابراہیمؑ کا مخاطب کو کچھ فائدہ نہیں دیتا جب تک عصمت ابوبکر کو ثابت نہ کرے یا عدم
عصمت انبیاؑ ثابت نہ کرے والا فلک کاش اسیقدر ثابت کردیتا کہ ان انبیاؑ کو بھی
باوجود اسکی کہ خدا کی طرف سے وعدۂ حفاظت تھا اور آیات حفاظت بھی مثل تعشیش الطائر
و نسج العنکبوت دکھائے گئے پھر بھی قلق و اضطراب و بیقراری اور گریہ و زاری لاحق ہوئے
اور تصدیق بوعدۂ خدا و رسول صلعم نہیں ہوئی اور پھر بھی خوف لاحق رہا تب البتہ دو خوف
یعنی خوف انبیاؑ اور خوف ابوبکر یکساں ہو جاتی والا لیس فلیس قولہ اس خوف پر انکو عتاب
نہ ہوا اقول خوف بجا اور سبب عتاب کی کیا دہ قولہ خوف کیا تو کیا گناہ کیا اقول
گناہ یہ کیا کہ خوف بیجا اور قبیح کیا بلکہ گناہ کیا یہ کہ کفر اور بے ایمانی کی کہ تصدیق قول خدا
و رسولؐ کی قولہ ابوبکر کو معلوم کردیا اقول ہمکو کلام اسمیں نہیں ہی کہ خدا اور رسولؐ کسی کافر
کو بصلحہ مثل عدم افشای راز مطمئن کریں خصوصاً ساتھ دکھانی آیات حفظ و حراست کی مثل
تعشیش الطائر و نسج العنکبوت کی لیکن کلام اسمیں ہی کہ ابوبکر کو باوجود اس سب کے
اطمینان نہ ہوا اور اظہار بیقراری اور گریہ و زاری کی کار بند ہوئی کما سیجئے من بعد حکم پس
یہی دلیل کفر اور نفاق اور بے ایمانی کی ہی قولہ ہمکو شہید ثالث کی سمجھ پر نہایت تعجب
آتا ہی اقول ہمکو حضرت مخاطب کی سمجھ پر نہایت تعجب آتا ہی کہ اظہار حزن و غم و
خوف ابوبکر کو کہ مستغنی او پر بیدینی اور عدم ایمان بوعدۂ خدا و رسولؐ اور عدم تصدیق آیات
حفظ کی تھا کیونکر گناہ بلکہ کفر و نفاق نہیں کہتا اور اس خوف کفر و نفاق کو ساتھ خوف مستحسن انبیاؑ کے
مساوی کیونکر کرتا ہی قولہ ایک ابوبکر کی ذمہ گناہ ثابت کرنیکی لئے اقول

سے تمنے ایک ابوبکر کی ذرہ گناہ ثابت نکرنیکی لئی نکسے خوف کو قابل مواخذہ نرکہا اور کل
فارین من الزحف کو اور کل متخلفین اور قاعدین عن الجہاد کو خدا سی خوف نکرنی پر اور
کفار سی ڈرنی پر معذور کردیا قولہ تمام پیغمبرونکی نسبت معاصی کا الزام لگایا قول
الزام معاصی انبیاء جب ہوتا کہ خوف انبیا سی العیاذ باللہ مثل خوف ابوبکر کی ہوتے
برکفر و نفاق و عدم ایمان بوعدۂ خدا و رسول ہوتا اور نہ انبیاء عصمت معدوم
سنی اصلی ظاہری حرمت سی نہوتی اور ہرگاہ انبیاء اور ابوبکر مین فرق آسمان و زمین پایا
گیا پہر معصیت ابوبکر سی معصیت انبیاء کیونکر لازم آئی قولہ الفاظ خوف کو اونکے
حقیقی ظاہری معنی سی عدول کیا اقول کلام مین ہی کہنے خوف کی معنون سے
عدول کیا نہی کی ہے اصلی حرمت سی عدول کرنیکو خوف کی معنی سی صعل کرنا قرائن
مین نہین معلوم کہ یہ غباوت ہی یا غوایت ہی قولہ الفاظ خوف کی انبیاء کی نسبت وارد
ہین اور مفسرین نی اوسکی ظاہر معنی مراد لئی ہین اقول بی شبہان جان خوف انبیاء
ہی اوسکی ظاہر ہی معنے مراد ہین کوئی خوف کی باطنی معنی نہین ہین لیکن خوف انبیاء بجا اور
مستحسن ہی اور خوف ابوبکر بیجا اور مستہجن قولہ کیونکے خوف کو معصیت اور گناہ اور نقص شمار
نہین کیا اقول اگر خوف حسن انبیاء کو معصیت اور گناہ اور نقص نہین کہا ہی تو اونکی معصومیت
کی وجہ ہی اسکو لازم نہین ہی کہ خوف ابوبکر کو بہی معصیت اور گناہ بلکہ کفر و عدم ایمان باسنکو ہی
شمار کری قولہ تو ایک شبہ ثالث کی کہنی ہی کچہ نہین ہو سکتا ہی اقول خوف انبیاء کو
حسن اور خوف ابوبکر کو کفر و معصیت کہنی والی فقط شبہ ثالث نہین ہین بلکہ دنیا بہر کے
شبہ ہین اور اسپر تفرع اگرچہ بالفعل کچہ نہین ہو سکتا ہی تاہم استعداد ہو سکتا ہی کہ مجالس خاص
شیعہ مین آپ کہنی نہین ہو سکتی اور ضرورت اسکی پڑجاتی ہی کہ مثل شیوخ کیا رکی رد نظر

لاتی ہین اور سوتی اوبار ہو جاتی ہین قولہ چنانچہ آیۂ فاوحیٰ منہم خیفۃ مین اسے اقولہ بڑے
غلطے ہی اقول یہ بڑی غلطے اون اشقیا کی ہی جو تخطیۃ الانبیاء لکھتے ہین لیکن جو
لوگ نہی کو معنے اصلی حرمت سی بداعیۂ عصمت سعدول گر کی تنزیہ الانبیا کو لکھتی ہین وہ
ہر چہ پٹی بڑی غلطے سی مبرا ہین لیکن اس سی آپکے حضرت ابوبکر کو نکی عصمت کو اونکی
بیت پرستی اور شراب خواری نی خاک مین ملایا ہی کیا ملیگا پس جونہی کہ اونکی بارہ مین ہے
ہمکو کیا وجہ اور کیا غرض کہ سعدول من ظاہر الحرمۃ کرین آپنی اونکو اپنا پیر بنایا ہی خلیفہ جی
ٹھہرایا ہی اب جو کچہ اونکی حق مین کرین بہت بجا ہی مگر مشکل یہ ہی کہ آپ دوسرونے
بہی وہ بات کروانی چاہتے ہین یہ بیجا ہی قولہ جہان لفظ لا جو حرف نہی کا ہے
استعمال کیا جاوی وہان مراد نہی عن المعصیۃ ہوا قول لڑکی میزان خوان بہی جانتی
ہین کہ لا ہر جگہہ حرف نہی نہین ہے بلکہ اکثر حرف نفی بہی ہی اور کسنے اسکا دعوی کیا کہ ہر
لا نہی عن المعصیۃ ہی آری آپکی محققین علماء اصول اسکی تصریح کرتی ہین کہ اصل نہی للحرمۃ
ہی جیسا کہ اصل امر للوجوب ہی لیکن یہ کچہ ضرور نہین ہی کہ ہر جگہہ اصلی معنی مراد ہون بلکہ جب کوئی
قرینہ صارفہ نہوگا تب اصلی ہی معنے مراد ہونگی اور انبیاء اور اوصیاء مین عصمت قرینۂ صارفہ
ہی کہ وہ ابوبکر مین نہین ہے اور اس امر کو ہر لا نہی عن المعصیۃ ہو نسبی کیا علاقہ مگر ہاری
مخاطب عشق حضرت ابوبکر مین ایسے از خود رفتہ ہین کہ ہر بات مونہہ سی بی ٹہکانی کی نکلتی ہے
قولہ ہزارون اعتراض ائمہ کرام پر اقول خداوند قہار زبان اوس بدلگام بدانجام کے
مقراض آتشین سی قطع کری جس سے نام اعتراض برائمۂ کرام علیہم السلام وعلی جدہم آلاف
التحیۃ والسلام نکلتا ہی اعتراض بر کرام اونہین اشقیائی لیام کا کام ہی کہ جنکو طیب ولادت
سی بہرہ نہین ہی کیا بغیرتی اور ایمانی ہی قیاس کرنا مال رجس الاوثان ورجس الاعیان کو

اوپر انوار پاک خداوند منان کی کجا نطفہای ناپاک مشرکین اور زادہ ہای فواحش عاہرہ
اور کجا معصومین مطہرین سلالہ کتا فی اصلاب طاہرہ و ارحام طاہرہ ابو بکر کو عمر پر قیاس
کرنا چاہئے نہ ابوجہل کو پیغمبر پر ۔ چہ نسبت خاک را با عالم پاک قولہ کہ سوای انکی
عصمت کی دوسرا جواب حضرات امامیہ سی نہ بن پڑیگا اقول دوسرا بن پڑے یا
نہ بن پڑے آپکا مونہہ توڑنی کی واسطے تو یہی جواب عصمت انبیاء اور اوصیاء کافی اور
وافی ہی اسلئے کہ مقام ما نحن فیہ مین مدار جواب شیعہ اوپر عصمت کی ہی یعنی اصل سنے
دلالت اوپر وقوع حرست کی کرتی ہی مگر معصومین مین بقرینۂ عصمت ماول ہی اور ابو بکر
مین چونکہ باتفاق عصمت منتفی ہی اور وقوع خوف اور حزن بیجا باظہار اضطراب و بیقراری
اور گریہ وزاری بہی کتب اہلسنت سی ثابت ہی کما مر مجملاً و سیجی تفصیلاً پس شیعون کی
پاپوش کو غرض نہین ہی کہ ابو بکر کی بارہ مین سنے کو معنی اصلی سی معدول کرین قولہ پیغمبر خدا
حضرت علی سی فرماتی ہین اقول جیسے خدا پیغمبر سی فرماتا ہی لاتطع منہم اثما
او کفورا پس بضرورت عصمت دونون ماول ہین تمنی ابو بکر قولہ بمجبوری یہ کہنی
لگین گی کہ ابو بکر صدیق بہی معفوظ تھی اقول واقع مین یہ جواب مجبوری کا ہے جب
جواب کچہ نہ بن پڑی تو بجز ایسے مہملات مزخرفات کی بکنے کی اور تمکو چارہ کیا ہے
اسی جگہہ سی تمہاری عاجزی جواب سی ظاہر ہی تمنے بنای الزام شیعہ مسلمات شیعہ پر
رکہے ہی اور صدر کتاب مین کہا ہی کہ اونہین کی معتبر کتابون سے ہم اونکو الزام دیتی ہین
اب جب اس مقام مین کچہ نہین بن پڑتے تو بنای جواب اوپر محفوظیت ابو بکر کے
کرتی ہو اب تمپر واجب اور لازم ہی کہ بنا برا پنی اقرار کی محفوظیت ابو بکر کی کسے غیر معتبر
ہی کتاب سی شیعونکی ثابت کرو تم خوب جانتی ہو کہ شیعہ اونکی ایمان ہی کو نہین مانتی

بلکہ اونکو کافر اور منافق جانتی ہین پہر اونکی محفوظیت کو کب مسلم کرینگی پس شیعون کی
مقابل مین یہ جواب دینا نہایت جبک مارنا اور گو کہنا ہی علاوہ اسکی اگر محفوظیت سے معنے
عصمت از گناہ ہی تو تم خود اقرار کر چکی ہو کہ ابوبکر معصوم نہین تہی اور اگر بمعنی عصمت از
معصیت نہین ہی تو معصیت ابوبکر سی کون امر مانع ہے کہ کسیکو ضرورت تاویل
معنی اصلی سے سی ہو اور ہم نہین سمجھتے کہ دعوای محفوظیت کس وجہ سی ہی آیات پر
سی یا شرک سی یا نفاق سی یا ارتداد سی یا شرب خمر سی قبل اسلام یا بعد اسلام اگر محفوظ
ہوتی تو تردید عرض الدنیا کی مصداق کیون ہوتی اگر محفوظ سے ہوتی تو متوتین الذبر
سی کیون ہوتی اور ناکثین بیعت خدا و رسول سی بفرار عن الزحف کیون ہوتی آری اگر بعد
خلافت اہلسنت کی نزدیک محفوظ ہو گئی ہون تو ہو سکتا ہی مگر شیعونکی نزدیک تو یہ
خلافت سراپا خلافت عین ارتداد ہی فلا نفعل قولہ از ظاہر آن عدول نکنیم اقول
بسیار بیجا میکنید کہ بدون عصمت مانعہ از معصیت از ظاہر سی عدول نکنید پس شمارا باید
کہ از سی جملہ اہل سماصے و فسق و فجور عدول کنید چہ نہی فرعونی و ہامانی و نمرودی و شداد
و دست از اسلام چہ از کرستانی ہم بردارید و بہ بہرتیت گرائید قولہ صاف باتکو عناد اور
عداوت سی کیون متہم اور پہلے اقول صاف بات تو یہی ہی کہ باوجود کمینی آیات
حفظ خداوندی کی ابوبکر کا اظہار قلق و اضطراب اور جزع و فزع دلیل نفاق ہی تم اسکو چاہو
ستانا و چاہو پہلے بوجھو قولہ اور سیدہی سچے باتکو کس بری شکل کہی دیتی ہو اقول
سیدہی سچی بات تو یہی ہی جو تم سن چکے شیعونپر تو سکا قایل ہونا بہت سہل
اور آسان ہی اگر سنیون پر مشکل پڑی تو شیعونکی پاپوش سی قولہ اگر کوئی دوست
کسے دوست پر صدمہ پہنچنے سی رنج کری اقول اثبات دوستی زنہ دوستان

ابوبکر ہی شیعہ تو اونکو دشمن حضرت رسالت مآب اہلبیت رسالت سمجھہ کی جو مناسب
بحال دشمنان ہی وہے کہین گے آپ چاہین خوش ہون چاہین ناخوش ہون ۔
قولہ تو یہ کہنا ازقبیل تشفے اور تسلی کی ہی کہ از قسم زجر و توبیخ کی ہے اقول اگر دوست
کی حق مین کہنا ہی اور خوف اور حزن اوسکا بجا اور درست اور مستحسن ہی تو از قسم تشفی
اور تسلے ہو سکتا ہی اور اگر کوئی دشمن باظہار جزع و فزع و قلق و اضطراب افشائی راز
کرکی فکر ایذا رسانی مین ہے اور خوف اور حزن اوسکا بیجا اور مستہجن ہی تو بیشک زجر و
توبیخ پر محمول کرینگی ہر سخن جای و ہر نکتہ مقامی دارد قولہ آیتو نکی تحریف لفظی
کی وا اقول تحریف لفظی تو حضرت عثمان محرق القرآن نی کی اور تحریف معنوی تم کرتی
ہو کہ بلا وجہ و بلا قرینہ معنئ اصلے سی عدول کرتی ہو قولہ اور یہ خیال نکرو کہ نہی کی حرف
کا استعمال وا سطی منع اور زجر و توبیخ کی ہوتا ہی اقول یہ بات تم اپنی گروہ کہنڈالون کو کہون
نہین سکہا دیتی کہ وہ نہی کو منے حرمت کبہی نکہین قولہ بلکہ وا سطی ترحم اور شفقت کی
اقول ترحم اور شفقت اور عنایت اور محبت کوئی معنے اصلی نہین ہین بلکہ بقرائن صارفہ
عن المعنے الاصلی مراد ہوتی ہین برخلاف معنئ اصلے ظاہری کی کہ جسمین احتیاج قرائن
نہین ہی بجائی اینکہ معنئ اصلی پر قرائن بہی قایم ہون جیسے انحن فیہ مین اظہار جزع و
فزع و قلق و اضطراب کہ مقتضی باخبار راز خدا و رسول تہا ولاریب فی حرمتہ قولہ لا تحرک بہ
لسانک الی قولہ تو ان کلمات کو بہی تقاضے صاحب زجر و توبیخ کی کہے سمجہین گی اقول
ہرگز نہ سمجہین گے اور کہین گی کہ معصومین مین بدلیل عصمت تاول اور در باب ابوبکر معنئ
جبرت اور معصیت پر محمول ہونگی قولہ بلحاظ عصمت حضرت کی ظاہری عدول کرینگے
قول ہان بیشک کرینگی لیکن ابوبکر مین تو نکرینگے قولہ اور اگر ان کلمات کو رحمت

اور شفقت پر محمول کرینگے تو اپنی دعوی کی سفاہت کی قائل ہونگی اقول دعوے
سفاہت اور حماقت اور ضلالت اور غوایت اور بلادت یہ ہی کہ کوئی شخص بلا وجہ اور بلا
ضرورت داعیہ اور بلا قرینہ صارفہ معنیٔ اصلیٔ حرمت سی عدول کر کی معنیٔ رحمت
اور شفقت پر محمول کری اور جس جس مقامات پر کوئی قرینہ صارفہ عن المعنی الاصلی موجود
ہی جیسے ہمارے فیہ مین کہ عصمت مانع عمل علی المعنی الاصلی ہی پس یہ مقامات سنوع
بحث سی بالاتفاق خارج ہین پس سفیہ جاہل یا متعصب متجاہل وہ ہی جو غیر معصومین کو
معصومین پر قیاس کرتا ہی قولہ دوسرا اعتراض کہ ابوبکر کو خدا و رسول پر کچہ یقین نہ تہا
اقول وعدۂ خدا و رسول پر یقین نکرنا یہ ایک جرم ہی کہ جسکا منشا اس مقام پر بجز بیدینی
اور بی ایمانی کی اور کچہ نہین ہو سکتا ہی آپ ہی اپنے ایمان ہی کسی صاحب ایمان کا گمان
دیجئے کہ جسکو وعدۂ خدا و رسول پر اعتماد نہوا ہو اور پھر وہ مومن حقیقی کہلایا ہو اگر یقین درست
ہوتا تو حزن و خوف اپنی جان کی لئی یا بقول آپکے بلکہ بقول کاذب خود انکی جناب سے رسول خدا کے لئے
باوجود دیکہنے آیات کے ہرگز نہ عارض ہوتا قولہ وہ رونے اور ہائے مچانیکا اقول رونا اور ہائی ہائی مچانا
ایک جرم دیگر ہے علاوہ عدم تصدیق وعدۂ خدا و رسول کے کہ جس سے افشاء راز خدا اور رسول ہوتا تہا اور
ایذاء خدا و رسول ہتی اور موذیان خدا و رسول مصداق لعنہم اللہ فی الدنیا والآخرہ ہین جیسا کہ
خود جناب باری نی فرمادیا ہی قولہ جواب یہ ہی کہ ہائی ہائی کرنا اور زور زور سی چلانا
ابوبکر صدیق کا کسیطرح پر ثابت نہین ہے اقول سچ ہی اور بجا فرماتی ہین کہ آپکے
نزدیک ثابت نہین ہی بسبب اسکی کہ محبت ابوبکر نی آنکہون پر پردی ڈالی ہین نعم
حب الشیٔ یعمی ویصم لیکن شیعہ تو بدلیل عقل و نقل ثابت کئی دیتے ہین لیکن اقول
پس اسوجہ سی کہ حزن و غم اور خوف و ترس امور قلبیہ سے ہے کہ اگر انسان

اسپنے تئین سنبھالی اور ضبط کری تو ہرگز دوسری شخص پر منکشف نہین ہو سکتا ہی آری اگر ضبط
نکری تو مظہر اوسکی اعضا و جوارح اضطراب و بیقراری و گریہ و زاری ہو جاتی ہین پس اگر حزن
و خوف ابوبکر محض امر قلبی ہوتا اور ابوبکر نے ضبط اوسکا کیا ہوتا تو پیغمبر کو اوسکی منع فرمانی
کی یا بقول تمہارے تسکین اور تسلی دینی کی کیا ضرورت تہی اور حزن قلبی ابوبکر سے
انتظام امور دنیا اور آخرت مین کو نسا خلل آیا جاتا تہا جسکے رفع کرنیمین خدا اور رسول کو یہ
اہتمام ہو کہ ضرورت منع کرنیکے تسکین دینی کی پڑے پس لاریب لاتحزن منع ہوا
اوس حزن و خوف سی جو مستلزم افشائی راز خدا اور رسول اور مبطل مصلحت استتار فی
الغار تہا اور وہ نہین ہو سکتا ہی مگر وہ حزن جو مستتبع شور و غل و بکا ہوا اور وہ خوف جو مصدر
صدا ہائی ہیجا اور بیجا از زبان و بالا ہوا ور اگر فرمائی کہ یہ اہتمام فقط از راہ محبت و دوستی
تہا کہ حزن قلبی ابوبکر چند ساعت کا بھی گوارا نی خاطر خدا و رسول نہا تو ہم اسکی جواب مین
عرض کرینگی کہ محبت اور دوستی بعد الایمان اور فرع ایمان ہی اور ہم ابتدای کتاب سی تا اینجا
اور از اینجا تا آخر کتاب کفر و نفاق حضرات ثلثہ ثابت کرتی ہین اور جس آیت سی آپنی کوئی
جھوٹی فضیلت بہی نکالی ہمنی اوسی جگہہ سے سچا نفاق ثابت کر دیا اور قول سابق
مین ہمنے بیان کیا کہ تصدیق نکرنا وعدہ خدا و رسول کی اور باوجود دیکھنی آیات خدا کی
کی پر ایمان نہ لانا اور یقین امن و امان نکرنا اور اظہار حزن و خوف کرنا عین دلیل کفر و
نفاق ہی اور باوجود ثبوت کفر و نفاق دعوائی دوستی و محبت خلاف عقل ہی یہ ہے
دلیل عقلی لیکن ثانیا نے یعنی دلیل نقلی پس قول آپکی محدثین اور مفسرین کا ہی چنانچہ آپکے
محدث کامل شاہ ولی اللہ صاحب کتاب ازالۃ الخفا مین صحیح بخاری و مسلم سی ناقل ہین
فاتخذوا القوم لیلیلبوننا فلم یدرکنا منہم الا سراقۃ بنی و مینہ فتدرج اور رجمین اوثلثہ

قلت یارسول اللہ ہذا الطلب تبدلتفا فقال لاتحزن ان اللہ معنا حتے اذا دنی فکان بینہ
وبینہ فرسخ فقلت یارسول اللہ ہذا الطلب قد تبدلتفا وکبیت قال لم تبکی قال قلت اما واللہ
لا ابکی علی نفسے ولاکن ابکی علیک تہ بیت یعنی خود حضرت ابوبکر نبی سرگذشت مین دونون با
ہین کہ پس ارتحال کیا سہنے اور قوم نی ہمارا تعاقب کیا پس نہین پایا ہمکو کسی نی مگر سراقہ
نی کہ درمیان ہماری اور درمیان اوسکے بقدر ایک نیزہ یا دو نیزہ یا تین نیزہ کی فاصلہ
ہوگا پس کہا مینی کہ یارسول اللہ یہ ایک شخص پہنچ گیا پس حضرتؐ نی فرمایا لاتحزن ان اللہ
معنا تا اینکہ وہ اور قریب ہوگیا پس کہا مینے کہ یا حضرت وہ اور قریب ہوگیا یہ کہکی مین یا
پس حضرتؐ نی فرمایا کہ کیون روتا ہی کہا مینے کہ مین اپنی لیی نہین روتا ہون آپکی لیی
روتا ہون انتہا اس حدیث سی چند فائدہ حاصل ہوتی ہین ایک تو یہ کہ حضرت ابوبکر
کو اسقدر خوف غالب تہا کہ بجواسی سی یہ نہین مخصص تہا کہ کسقدر فاصلہ سراقہ سے تہا
ایک نیزہ کہ دو نیزہ کہ تین نیزہ دوسری باوجود فرمانی رسول خداکی لاتحزن ان اللہ معنا پر
بہی بسبب اضطراب اور بیقراری ہونے اور نوبت گریہ وزاری پہنچنے تیسری حزن ابوبکر کا
دیکہا کرون تہا نہ فقط حزن قلبی چونکہ نزول سکینہ مخصوص مسکین بالکسر تہا نہ مسکین بالفتح ورنہ
نوبت باضطراب وبیقراری وگریہ وزاری نہ پہنچتی مضمونا بعد فرمانے لاتحزن ان اللہ
معنا کی پانچوین صدیق کا کمال صدق واخلاص کہ کہا کہ مین اپنے واسطے نہین روتا
ہون بلکہ آپکی واسطے روتا ہون اسپر دلالت کرتا ہی کہ ان اللہ معنا سے ضمیر جمع سے
فقط رسول خدا اور ابوبکر کا اونکو اپنا کچہ غم نہ تہا پس معنا مین اونکو داخل کرنا
لغو اور بیکار تہا یہ تہا کلام مخلصین کا اب سنیئے کہ آپکے بڑی مفسر قاضی بیضاوی صاحب
بیضاوی مین یون کرکے کہتے ہین لہ یعنے ابوبکر کا ان منہ عنہ اگر معنی ہا نزاع مین تو

تو قاموس کو ملاحظہ فرمائیے کہ توضیح اوسکے تعلق وصیحہ کرتی ہین اب قابل ملاحظہ یہ بات ہی کہ جناب مولانا ی شوستری کی عبارت مین جسکے آپ ناقل ہین اسیقدر ہی کہ حق غلبہ بکاوہ وتزاید قلقہ وانزعاجہ پس غلبہ بکا باقرار مسلم وبخاری وقلق وانزعاج باقرار قاضی بیضا ثابت ہوگیا اب فرمایئے کہ مولانا شوستری نے آپکے محدثین اور مفسرین سے بڑھکر کونسے بات زیادہ کہی کہ جسکے آپ فکر ابطال اور انکار مین پڑی ہین اور جب صیحہ یہی داخل مفہوم انزعاج ہوا تو اگر ہائی ہائی نہو تو وای وائی ہے اور اگر یہون ہمن نہو تو یون یون سہی الغرض ہر طرح سی بکای یچا یا صدا رصدای یچا ثابت ہوگیا اور آپکا فرمانا کہ رونا اور ہائی ہائی یچانا ثابت نہین ہی باطل ہوگیا **قولہ** حزن کی معنی غم کے ہین نہ ہائی ہائی یچانے **اقول** تبہ بڑین اس سمجھ پر یہ کسنے کہا کہ حزن کی معنی سلئے ہائی یچانی کی ہین جناب والا حزن کی معنے غم واندوہ ہی کی ہین خواہ بوجہ خوف ہو یا بوجہ دیگر لیکن حزن وغم دو قسم کا ہوتا ہی ایک محض قلبی کہ انسان اوسکا ضبط کری دوسری یہ کہ بگریہ وزاری وقلق وبیقراری انسان اوسکا مظہر ہو لیکن حزن ابوبکر قسم ثانی ہی سے تہا جیسا کہ ہمنی قول مفسرین اور محدثین سے ثابت کیا اور احقاق الحق مین زائد اوس سے نہین ہے کما مر اور کوئی لغت خاص اور کتاب خاص کی تصنیف کی شیعونکو کیا حاجت ہی اور اگر تصنیف بہی کرتی تو آپ اوسکو کب مانتی ہمکو کتب عامہ سے اپنے مطالب کی اثبات کی لئی الزاماً علی المخالف کافی ہین لطف اسمین ہے کہ جسکے جوتی اوسے کا سر **قولہ** حزن کی کیا معنے لکہے ہین **اقول** جسنے اندوہ کی معنے لکہی اوسنے محض قلبی کے قید نہین کی اور جسنے تعبیر بحزن کیا اوسنی بطور تسمیۃ المسبب باسم السبب کیا اسلئے کہ وہ حزن وغم جسکا اظہار بکا وقلق وانزعاج ہو اسی

Presented by: Rana Jabir Abbas

تعجب آتا ہی علمار شیعہ سی کہ اونھون نی ابو بکر صدیق کی ایک شب کی خوف

و

ہمار

ہوا ہی اور

موسیٰ نی خدا سی جلسہ

اور اوسکی لشکری مجبی قتل نکرڈالین سب

اسکا خوف نکرتا امن امان مین رہیگا بلکہ علامی یا مامیہ ی

ایسے موقع پر اقرار کیا ہی کہ نہ اوس سی انکار کرسکتے ہین نہ اوسمین تا دیر

بود لیل حضرت علی کی حضرت موسیٰ سی افضل ہونی پر بیان کی ہی اوسمین بہی تقریر کی ہی

کہ حضرت موسیٰ جب مصر سی مدین کو جاتی تھے تب وہ خائف و ہراسان تہی فخر منہا

خائفا یترقب اور حضرت علی ہجرت کی رات کو بیخوف پیغمبر کی بستر پر بیدغدغہ خاطر

سوتی تہی اگر کچہ بہی خوف ہوتا تو ہرگز اوسکو نیند نہ آتی اور اگر اسپر بہی حضرات شیعہ کے

خاطر جمع نہوا در ابو بکر صدیق پر خوف و ترس کی الزام لگانی سی باز نہ آوین تو ہم اونکی

اقرار سے خود پیغمبر خدا کا خائف ہونا ثابت کرتی ہین چنانچہ صاحب تقلیب العقائد

کہ ہشتاد و ہشتم کی جواب مین فرماتی ہین کہ اگر خوف قتل و قتال نبود پیغمبر خدا چرا

مختفی بیرون رفت و حالانکہ سبب آنحضرت شدن رسول خدا محض خوف قتل بود

بار خدایا بحق مین نہین آتا کہ علماء شیعہ حضرت ابو بکر صدیق کی حسن خوف

Contact : jabir.abbas@yahoo.com

http://fb.com/ranajabirabbas

کو کس طرح اونکی عدم یقین پر حمول کرتے ہین جبکہ انبیاء و مرسلین کی حزن و خوف کا خود
اقرار کرتی ہین اور خاص سید انبیاء کی ہجرت کا سبب محض خوف قتل کہتی ہین ہماری
عقیدہ کی مطابق ابو بکر صدیق حضرت موسیٰ سی افضل تھے کہ خائف نہوتی پیغمبر خدا سی
زیادہ اطمینان اونکو نہ تہا کہ قتل و قتال سی نہ ڈرتی یہ عقیدہ تو حضرات شیعہ کا ہی کہ حضرت
موسیٰ کو خائف بتلاوین پیغمبر خدا کی نسبت قتل و قتال کی خوف کو نسبت دینی کو جیب نخالفین
لیکن حضرت ﷺ کی نسبت خوف کا خیال بہی نکرین اور اونکی تقیہ کو تہا ک ابرو کی خوف
کا سبب بتلین جیسا کہ تعقیب المکائد کا مولف لکہتا ہی تقیہ بجہت خوف ہلاکت جان خود
نہو دبلکہ بجہت خوف تہا ک عرض و ناموس بروہائی قولہ کہ واسطے کہ خوف حضرت
امیر المومنین ع نہ از ہلاکت جان بود بلکہ خوف تہا ک عرض و ناموس غرضکہ ان سب باتونکے
دیکہنے سی یہ بات ثابت ہوگئی کہ الزام خوف کا ابو بکر صدیق پر کسی طرح عاید نہین ہوسکتا
اسلئے کہ اگر یہ کہا جاوی کہ اونکو خوف قتل و قتال کا تہا تو ایسا خوف باقرار علمائی شیعہ
انبیاء کو بہی ہوا ہی اور اگر یہ کہا جاوی کہ اونکو قتل و قتال کا خوف نہ تہا بلکہ تہا ک ابرو کا
تہا تو اسکا خوف حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ کو بہی ہوا ہی جو باعتقاد شیعہ سب نبیون ع
سی افضل اور سب پیغمبرون سے بہتر تہی الحاصل قرآن مجید کی آیتین اور ائمہ کی حدیثین اور
علماء امامیہ کی اقوال سی سر شاہد ہین کہ حضرت ابراہیم سی پیغمبر جو خدا کی خلیل تہی اور حضرت
موسیٰ سی نبی جو خدا سے باتین کرتی تہی اور حضرت سید الانبیاء علیہ التحیۃ والثناء سی رسول
جو خدا کی خاص محبوب تہی اور حضرت امیر المومنین علی مرتضیٰ سی امام جو پیغمبر کی وصی اور
خدا کی شیر تہی اور سب پیغمبرون سی افضل اور بہتر تہی قتل و قتال کی خوف اور عزت اور آبرو کے
خوف و ڈر سی محفوظ نہین رہے تو اگر ابو بکر صدیق بہی خوف و ترس سے نہ بچی ہون تو کیا عجب ہی لیکن ہمکو

نہایت تعجب آتا ہی علمار شیعہ سی کہ اونھون نی ابوبکر صدیق کی ایک شب کی خوف
پر اسقدر زبان درازی کی اور اونکی خوف کو اونکی کفر و نفاق کا نتیجہ بجا باوجود یکہ اونکا عقیدا
ہی کہ تمام ائمہ کرام اول سی آخر تک پیدایش کی زمانہ سی موت کی وقت تک ہر لحظہ
و ہر ساعت خوف مین رہی اور امام اول سی لیکر امام آخر الزمان تک سب کی سب تقیہ
کرتی رہے ایک بھی ائمہ اثنا عشر ایسا نہین ہوا کہ جسکی ہر خود و ترس مین نہ گذری
ہو اور ایک لحظہ بھی خوف سی مہلت پائی ہو اور تقیہ جسکے بنا مر مر خوف پر ہی ایمان کا
جزو اعظم قرار دیا گیا اور التقیہ دینے و دین آبای امامت کا کلمہ مقرر کیا گیا پس جبکہ ائمہ
کرام باوجود یکہ موت و حیات اونکی اختیار مین کہ جب تک چاہین زندہ رہین ملائکہ اونکی حکم
مین کہ جو چاہین وہ کرین نگاہ مین اونکی وہ تاثیر اگر پہاڑ کیطرف دیکہین وہ بھی پیس جاوے
بازو مین اونکی وہ قوت کہ اگر ایک ہاتہہ اوٹھاوین سات سو ہزار جن قتل ہو جاوین علم کا وہ
حال کہ جو کچہ ہوا اور ہوگا سب سی آگاہ جو کچہ گذرا اور گذریگا سب سی واقف اعجاز کے
یہ کیفیت کہ عصا ہاتہہ سی گرا دیوین اژدہا ہو جاوی کفار و منافقین کیطرف اشارہ کرین
اکیدم مین سبکو نگل جاوے اور پھر باوجود ایسی قدرت اور طاقت اور اعجاز کے تمام عمر خود اور
ترس مین رہین اور اپنی امامت کا دعوی تک نکرین جان و آبرو کی ڈر سی کسی سی سچ بات نکہین اگر
کسے اپنی خاص خواص سی کوئی راز کی بات کہنی کہوون تو دروازی بند کرلین ڈرتے
ڈرتے اپنی شاگردون کو علوم دینی کی تعلیم دین اور اگر ایک ناصبی سامنی آجاوی تو انکا
کرجا دین سے اپنے مخلص احباب پر لعنت اور تبرا کرنے لگین اور حضرات شیعہ اونکی
خوف و ترس پر کچہ بھی طعنہ نکرین اور اونکی امامت اور فضیلت پر اوس سی کچہ شبہ نظا دین
بلکہ اوس خوف کو بہترین عبادت سمجہین اور تقیہ کو ائمہ کرام کا دین سمجہین اور ابوبکر صدیق کے

ایک شب کی خوفِ پیدا ہوا تعجب نہ ہان درازی کرین اور اونکی خوف ترس کہاں تک کفر و نفاق کی
دلیل ہمین باوجودیکہ نہ ابوبکر صدیق کی اختیار مین موت و زندگی تہی نہ ملائکہ اونکی تابع فرمان تہی
نہ علم ماکان و مایکون اونکو حاصل تہا نہ سات ہزار جن کی قتل کردینی کی اونکو طاقت تہی معلوم
نہین کہ حضرات ائمہ کرام کی خوف مین اور ابوبکر صدیق کی خوف مین کیا امتیاز کیا قرار دیا ہی
کہ وہی خوف ائمہ کی حق مین فضیلت ہو اور ابوبکر صدیق کی حق مین نقص و مسبہ یہ بین تفاوت رہ
از کجاست تا بکجا لیکن اگر ہم شیعون کی عقیدی کی موافق خوف کو انبیا اور ائمہ کی نسبت سبب
معصوم ہونی اونکی ظاہر سے عدول کرین اور اون آیات کی نسبت جنمین خوف اونکی ثابت
ہوتا ہی ازطواہر آن عدول کرین تو بہی کچہ حاصل نہین ہوتا اسلئے کہ علاوہ انبیا اور ائمہ کی خدا کی
کلام سی مومنین کا بہی خائف ہونا ثابت ہوتا ہی چنانچہ اللہ جل شانہ فرماتا ہی کہ ان
الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیہم الملائکۃ الا تخافوا
ولا تحزنوا وابشروا بالجنۃ التی کنتم توعدون کہ جو لوگ کہتی ہین کہ خدا ہمارا پروردگار
ہی اور پہر مضبوط رہتے ہین اونپر ملائکہ یہ کہتی ہوئی نازل ہوتی ہین کہ لا تخافوا ولا تحزنوا
کہ کچہ خوف نکرو اور کچہ حزن نکرو پس اس سی امن مومنین کا جو اپنی ایمان پر نہایت مضبوط ہوتی
ہین خائف اور محزون ہونا ثابت ہوا اور ایک دوسری جگہ پر اللہ جل شانہ مومنین سی فرماتا ہی
کہ ولا تحزنوا وانتم الاعلون کہ کچہ غم نکرو تمہین کو غلبہ ہوگا پس معلوم نہین کہ ان
آیتون مین جو مومنین کی نسبت لفظ لا تحزنوا کا ہی یہی زجر و توبیخ کیواسطے ہی یا تسلی اور تشفی
کی لئی پس یہ تو ظاہر ہی کہ تقاضے صاحب یہی اسکا اقرار نکرینگی کہ یہان یہی زجر و توبیخ کی لئی
ہی بلکہ یہی فرماوینگے کہ تسلی و تشفی کی لئی ہی تو پہر ہم مومنین سچی کہا بوبکر صدیق کی شان مین
جو لفظ لا تحزن کا ہی اوسکو بسطرح زجر و توبیخ کی لئی بیان کرتے ہین تعجب کی بات ہی کہ

لیکن ہی کلمہ لاتحزن ہزار جگہ واسطے تسلی اور تشفی کی استعمال کیا جاوی ہا وا ایک جگہ واسطے
زجر و توبیخ کی ہان اگر کوئی قرینہ خطاب دشمنی کا پایا جاتا تو ہم تسلیم کرتی کہ ابوبکر صدیق کے
نسبت کلمہ لاتحزن واسطے زجر و توبیخ کی ہی سو وہ بھی نہین اسلئے کہ بطرح مومنین کی
نسبت خدا نی فرمایا کہ لاتحزنوا اور آگی بیان کیا کہ البشرو ا بالجنۃ کہ کچھ غم نکرو تمہاری واسطے
بہشت موجود ہی یا ارشاد کیا کہ وانتم الاعلون کہ کچھ غم نکرو تمین کو غلبہ
ہوگا اوسیطرح پر ابوبکر صدیق سی بھی پیغمبر نے فرمایا کہ لاتحزن ان اللہ معنا - کچھ غم
نکرو خدا ہماری تمہاری ساتھ ہی پس بظاہر دونون مین کچھ فرق پایا نہین جاتا اسلئے اگر ان
آیتونمین لاتحزنوا واسطے تسلی اور تشفی کی ہی تو اس آیت مین بھی تسلی کی لئی ہی اور اگر ان
واسطے زجر و توبیخ کی ہی تو یہان بھی لیکن باوجود شباہ الفاظ اور تطابق قران کی لاتحزنوا کو
اون آیتون مین تسلی پر اور یہان عتاب پر محمول کرنا موجب ہزار حیرت ہی اور باعث
صد ہزار تعجب ہی لیکن ہم حضرات شیعہ کو معذور سمجھتی ہین کہ اگر الفاظ قرآنی سے انکی
حقیقت سمجھے مراد لین تو صدیق اکبر کی صدیقیت کا اقرار کرنا پڑتا ہی اور اگر اقرار کرین تو بہت
ہاتھ سی جاتا ہی پس بجز اسکی کہ قران کی تحریف معنوی کرین اور کلام اللہ کی غلطی نکالی نہی سنے
معنی بنا دین اور کچھ چارہ نہین ہی ، دست بیچارہ چون بجان نرسد ، چارہ خرسین دریدن
نیست ، یقول المتمسک بولایۃ علی بن ابیطالب علیہ السلام
جو کچھ آپنے اوپر لکھا اوسکی یہی ہمنی ہی اپنا قلم چلایا اور آپکی بیکار افکار کو ثبات نہ پایا اور
اگر آپ سراد نہین ثبات فرسودہ افکار کو جلوہ گر کرتی ہین تو ہرچند اب ہمکو انکی طرف
رغبت نہین ہی مگر نجاطر آپکی پھر ہم بادل خواستہ بخواستہ بر خاستگی کرینگی اور دلدل سے
آپکی آگی و ہر نیکے گوبار اول رغبت تہا اور بعد اسکی بطریقہ قوت یا فقط آپکی مروت سی ہو

بہرکیف جن جن خوفونکا ان آیات مین سلسلہ ذکر کیا ہی یا خوف حسن اور بجا ہی یا مورد نہی
نہین ہی یا متعلق بمعصومین ہی کہ جسکا حسن ہونا دلیل عصمت ثابت ہی کوئی اسمین ہی مثل
خوف ابوبکر کی باعتبار سوابق ولواحق کی بیجا اور قبیح اور منتہی بر عدم تصدیق قول خدا ورسول اور
مستتبع قلق اور بیقراری اور گریہ وزاری اور مستلزم افشائی راز رسول اور خداوند باری نہین قیاس
حضرت موسیٰ نی کیا کہ اخاف ان یقتلون اقول جواب تقریر خوف ابوبکر بخوف
موسیٰ یہ وہی بجوزہ شوہار بزار سالہ ہی کہ جسکا نشو ونما خانہ خیالی مین ہوا اور فرسودہ افطار
علما وفحول سابقین ولاحقین ہی معلوم نہین کہ کبتک حضرات اہلسنت لباسہای تقریرات
جدیدہ اوسکو پہنا کر ہر ہر محفل مین نچاوینگی اور گائی ہوئی راگ گاوینگی حالانکہ ہم بشرح وبسط تمام
بیان کرچکی ہین کہ خوف انبیاء اور اوصیاء باعتبار سوابق ولواحق کی مستحسن اور خوف ابی بکر
بعد وعدہ خدا اور رسول اور کمینی آیات حفظ وحراست کی نہایت قبیح اور مستہجن تہا اور نہی مقام
اول مین بضرورت عصمت مصروف عن الظاہر اور نہی مقام ثانی مین بعدم ضرورت داعیہ
عن الصرف محمول علی الظاہری پس قیاس لعدہا علی الآخر قیاس مع الفارق ہم
بالجملہ اپکی اگلی پچھلون نی فریب دہی عوام پر کمر باندہی ہی اور اندیشہ قتل کو درمیان مقیس اور
مقیس علیہ کی ایک علت جامعہ ٹہراکی دونو خوفونکو یکسان کردیا ہی حالانکہ یہ جامع محض غلط ہی
خوف ابوبکر تہا مگر خوف جان جسکے وجہ سی ہر ہر لڑائی سی جان بچاکر بہاگتی تہی اور مصداق
وانتم مدبرین کی ہوجاتی تہے مگر چونکہ غارمین راہ فرار سیب آجانی کفار کی مسدود تہی ناچاری
رونی پیٹنے لگی اور افشای راز خدا ورسول کا کچہ خیال نکیا برخلاف حضرت موسیٰ کہ وہ راہ
خدامین قتل ہوجانی کو اور شہادت پانیکو فوز عظیم جانتے تہی اور اپنی جان جانی سی خائف تہی
مگر اسواسطی کہ ایسا نہو کہ یہی قتل ہوجانی سی اہای رسالت مین جو مقصود خداوند جل شانہ ہی

برہمی ہوجائی اور چونکہ کوئی تدبیر مجسد واقع ہونی مقصود خدا مین نہین پڑہی تو شاید یہ امر
موجب نارضامندی خدا ہو پس حقیقت مین یہ خوف راجع طرف خوف خدا کی ہی چنانچہ
آپکی بڑی مغفرت قاضی بیضا صاحب توجیہ حسن خوف موسیٰ مین فرماتی ہین اخاف ان یقتلون
قبل اداء الرسالۃ اور تحت قولہ نخاف ان یفرط علینا فرماتی ہین ان یعجل علینا بالعقوبۃ فلا یصبر
علی اتمام الدعوۃ واظہار المعجزۃ یعنے غرض حضرت موسیٰ کی یہ ہی کہ مین خوف رکھتا ہون
اسکا کہ قبل ادا کرنی تیری رسالت کی مجہی قتل کری اور تبلیغ مین عجلت کرکے عقوبت کری اور اسقدر مہلت نہ دی
کہ تیری دعوت کو مین پورا ادا کرسکون اور تیری آیات معجزہ کو دکہا سکون پس اس سی ثابت ہوا
کہ حضرت موسیٰ کو جان جانی کا خوف نتہا بلکہ حکم خداوندی کی عمل مین نہ لانیکا خوف نتہا اور ہمنے
پیشتر اس سی بیان کیا ہی کہ خوف خدا مین عبادت ہی الحاصل قطع نظر از عصمت انبیاء وجود
حسن و خوبی کل افعال انبیاء کی ہی ہمنے حسن ہذا خوف موسیٰ کا تمہاری بڑی معتبر تفسیر سے
ثابت کردیا اب تمکو چاہیے کہ حسن خوف ابوبکر کو کوئی ہماری غیر معتبر ہی کتاب سی ثابت کردو تب
ایک خوف کو دوسری خوف پر قیاس کرو ورنہ تمہارا قیاس بدتر از قیاس ابلیس لعین تہا
قولہ تب خدا نی فرمایا لا تخف انک من الامنین اقول کیون خدا پر
افترا کرتی ہو کہین خدا نی خاف ان یقتلون کی بعد لا تخف انک من
الامنین نہین فرمایا بلکہ آیہ فلما راٰھا تھتز کانہا جانٌ کی بعد لا تخف انک
من الامنین دعوی حفظ قرآنی کی تو بڑی بڑی اور سونہ کی ہٹو کرین کہانی سے اگر کچہ بہی
غیرت ہو تو چلو بہر پانی مین ڈوب مرو قولہ حضرت موسیٰ جب مصری مین کو جاتی تہی اقول
گمان ہمکی کہ ہر چلی ذرا ہوش مین آؤ عقل کی ناخن لو گفتگو ہماری تمہاری نسبت اون خوفون
کی ہی جو موسیٰ کو نہی ہین کہ تم مطلق خوف منہی عنہ کہ حسن کہتی ہو اور نہی کو محمول بر تشفی کرتی ہو اور ہم

اسکو نہین مانتی پس بحث نہین ہی مگر خوف منہی عنہ نہین اور بالاتفاق خوف موسیٰ وقت
سفر مدین مستحسن تہا اور اوسکی مستحسن ہونیمین کسیکو آجتک بحث نہین کی پہر اوسکا ذکر
کرنا اس مقام مین محض لغو اور گفتگو اوسمین خروج از محل نزاع ہی آری جب انسان عاجز
ہوتا ہی تو ایک شاخ سی دوسری شاخ پہلانا ہی اور اسیطرح سی سرود خارج از آہنگ
گاتا ہی الا انہم فی کل وادٍ یہیمون ○ **قولہ** حضرت موسیٰ کی خائف ہونیکا
ایسے موقع پر اقرار کیا ہی **اقول** اس موقع کی خصوصیت کی کچہ ضرورت نہین ہی علماء امامیہ
نی کسے موقع پر انکا خوف موسیٰ سے نہین کیا ہی آری خوف موسیٰ کی مستحسن ہونیکا بفرض
عصمت ہر موقع پر انکار ہی اور خوف ابوبکر کی قبیح اور غیر مستحسن ہونیکا سبب کریدیگا اور افشاء
راز خدا اقرار ہی **قولہ** جو دلیل حضرت علیؑ کی حضرت موسیٰ سی افضل ہونی پر **اقول** شیعون
کی اسی فضیلت جناب امیر پر بہت دلایل واضح اور صحیح ساطعہ مین مثل آیۂ انفسنا وانفسکم اور
مثل حدیث انا وعلی من نور واحدٍ و من شجر واحدٍ و علماء امتی کانبیاء
بنی اسرائیل فما ظنک براس الرؤس و رئیس الرؤساء
وامیر الامراء جیسا کہ توضیح تمام اپنی مقام پر مذکور ہین پس شیعونکو اس دلیل کی کیا
حاجت ہی اگر آپ سچی تہی تو تمام عالم اور تمام کتاب کیون کہا گئی ایسے تدلیسات ابلیسی سے
کیا کام نکلتا ہی **قولہ** فی الحاشیہ واضح ہو کہ حضرت موسیٰ نی ایک ہی مرتبہ خوف نہین کیا
اقول حضرت موسیٰ نی ایک مرتبہ خوف کیا یا سو مرتبہ یا ہزار مرتبہ کیا جو کچہ کیا بہت خوب
اور بہت مستحسن کیا اسلئے کہ معصوم تہے اور افعال اونکی مثل افعال ابوبکر جستی سرپینی اور بلی
ایمانی نہ تہی کہ جس سی عدم تصدیق قول خدا و رسول لازم آوے اور عدم وفور آیات خدا اور افشائی
راز خدا و رسول لازم آوی **قولہ** فہارستینہ کو سانپ کی شکل پر دکہلایتے ہی حضرت موسیٰ

درگئی القول ہان ڈر سے گئے مگر روئی چلائی توہین افشار راز خدا اور رسولؐ توہین کیا الغرض
جس جس جگہہ پر اور جس جس طرح پر خوف مضرت موسیٰؑ کو لاحق ہوا وہ مستحسن تہا اور توجہات
حسن خوف خود تمہاری مفسرین نی کی ہی وقد قال بعض العرفا فی توجیہ ہذا الخوف ولعمری
ما احسن اذا قال لیت شعری ما خوف موسیٰؑ رونق الجبل فی الوری وما کان یخشی عین ما
ولا عصے قولہ فیہا خذانی حضرت موسیٰؑ سی وسوسہ کر دیا تہا اقول آپکو کہان سی ثابت
ہوا کہ وعدہ وعدہ اللہ اور من تبعکما الغالبون بنسبت غالب آنیکی اور پیاسین
کی تہا اور پیشتر از خوف موسیٰؑ ہو چکا تہا تا خوف موسیٰؑ کا پیدا ہونا لازم آوی آپ پر واجب
تہا کہ پہلی اس اپنی دعوی کو کتب شیعہ سی ثابت کرتی تب ایسی بات موضوعہ سی نکالتی
لیکن غایت کا کیا علاج ہی اور ہم کہتی ہین کہ جسکو کچہ بہی عقل ہی وہ یہ سمجہتا ہی کہ ارشاد
فرمانا جناب باری کا کہ جب خوف لاحق ہوا حضرت موسیٰؑ کو تب ہمنی لا تخف
انک انت الاعلی کیا یہ دلالت کرتا ہی کہ خوف قبل از وعدہ غلبہ تہا اور بعد از وعدہ غلبہ
ہرگز حضرت موسیٰؑ کو مثل ابوبکر کی خوف نہین لاحق ہوا اور روئی پیٹی نہین اور کسیطرح کا
افشار راز خدا اور رسولؐ نہین کیا ومن ادعی خلاف ذلک فعلیہ البیان قولہ فیہا باوجود وعدہ
الہی کی حضرت موسیٰؑ کی خوف واندیشہ کا کوئی محل نہ تہا اقول آخر آپ سی ضبط نہوسکا
اور جو کفر و زندقہ دل مین تہا وہ نکل ہی پڑا ؎ می ترا ودچہ کنم انچہ در آمد نہ نست
ابوبکر آپ نی خوف حضرت موسیٰؑ کا محل ٹہرا ہی یا اور یہ آپنے کوئی امر جدید نہین کیا دلیس ہذا
اول عثارہ وتہ کسرت فی الاسلام بلکہ پیشتر آپکی اشتقا الاشقیا صاحب تخطیۃ الانبیاؑ سے
بہی پاس حفظ ناموس نبی شیخ نکتہ کی کل انبیا کو خاملی اور نقاص افعال قبیحہ ٹہرا چکا ہی
مگر الحمد للہ یہ الزام انبیا رتی اوسکی کذوالحاد کو تو ڈاکہ جسکا آجتک باوجود گذرنی صدہا سال کی

جواب نہوسکا تا بجملہ اول تقدم وعدہ الٰہی کتب شیعہ سے ثابت کرنا چاہئے تب یہ کلمہ پوچ
وباطل موضوعہ سے نکالنا چاہیے حالانکہ نقض قرآنی اور پر تاخر وعدہ کی صریح ہے کما تقدم قولہ
فیہا دلیل عدم رضا و وعدہ الٰہی اقول کہاں رضا اور عدم رضا کا ذکر کرنا دلیل یا لیجو یا ہی
اس مقام سے ذکر عدم وثوق اور عدم ایمان بقول خدا و رسول ہی قولہ فیہا تو ہزار در مصدیق
اکبر سے بڑھکر الزام حضرت موسیٰ پر ہوسکتا اقول ہیچ ہی حضرت موسیٰ کو بھی غلبہ ہوا اور قتل
اور انزعاج ہوا اور ایمان آیات خدا نہین لائے اور افشای راز خدا و رسول ابوبکر سے ہزار درجہ
بڑھکر کیا ذالک ظن الذین کفروا فویل للذین کفروا من النار قولہ فیہا منکرین نبوت پیغمبرون پر
طعنہ کرسکتے ہین اقول حضرت سلامت مشیتین نبوت نبی جو کچھ کیا وہ ہرگز منکرین نبوت سے
نہوسکا ہے ہیچ کافر کہنا نہ مسلمان کرونگا آخر بیعت یزید سے مسلمانون ہی نے کی تھی کہ اوسمین بڑے
بڑے مسلمان خلیفہ زادے ابن عمر ابن الخطاب بھی تھے کما مر من صحیح البخاری و المسلم اور خاندان نبوت
کا قلع قمع مسلمانون ہی کی ہاتھ سے ہوا تا بجملہ آپکو بخوبی معلوم ہی کہ صاحب تحفہ الانبیا منکرین
نبوت سے نتھا بلکہ سواد اعظم معشرات اہلسنت و جماعت سے تھا اور نبی کی تنقیص کو باقی رکھا کہ جسکے
نسبت طرف انبیاء علیہم السلام کی نہین دی وفعہ باشرین ذالک الکفر والزندقۃ والالحاد
قولہ خود پیغمبر خدا کا خائف ہونا ثابت کرتی ہین اقول مگر معرض گزارش و نگارش
مین آیا کہ ہم خائف ہونی انبیاء اور ائمہ سے منکر نہین ہین لیکن اونکی خوف کو بضرورت عصمت
بجا نہین سکتے بلکہ نہایت بجا اور مستحسن بلکہ عین عبادت سمجھتی ہین برخلاف خوف منافقین
کہ کفار نابکار کو پشت دیکر و بفرار لاتی تھی اور افشار راز خدا و رسول صلعم کرنیکی لئی چلاتی
تھی آپ گھائی ہوئی رگ کاٹتی ہین ہم بھی مجبوری ہمنیں کی آگی ہین بچانے ہین قولہ
سمجھ مین نہین آتا اقول جب تعقل پر تعصب کی پردی پڑی ہوئی ہو تو کیا خاک سمجھ کی قولہ

صدیق کی حزن وخوف کو کسوطرح انکی عدم یقین پر محمول کرتی ہین اقول احساسی کیباوجود
وعدۂ خدا ورسول اور کمینی آیات خدا کی پھر بھی رونا پیٹنا شروع کیا اور افشار راز خدا ورسول
کرنیکی قولہ مرسلین کی حزن وخوف کا خدا قرار کرتی ہین اقول ہان اقرار کرتی ہین مگر شل خوف
ابوبکر از راہ بیدینی اور بی ایمانی کی نہین کہتی اور اگر بعد وعدۂ خدا اور دین آیات وہ بے
روئی پیٹی ہوتی تو البتہ آپ انکی خوف کو مثل خوف ابوبکر کہہ سکتی تھے واذ لیس ظلمین قولہ
سید الانبیاءؐ کی ہجرت کا سبب محض خوف قتل کہتی ہین اقول یہ خوف ایسا مستحسن تہا کہ خدا
نی اس سی منع نہین فرمائی بلکہ بعوض اوسکی حکم ہجرت باخفا فرمایا اور گو ابوبکر نی از راہ بیدینے
اوسکی ظاہر کرنیمین کوتاہی کی مگر خدا نی اوسس دشمن باطنی کی شر سی اپنی نبی کو محفوظ رکہا
قولہ ہماری عقیدہ کی مطابق ابوبکر حضرت موسیٰ ہی افضل نہ تہے اقول اور ہماری عقیدہ کے
مطابق کفار ابوبکر سی بدارج اعلی وافضل تہی فما لکم کیف تحکمون بل المومنین فضلاً عن الانبیاء والمرسلین
فان المنافقین فی اسفل الساظلین قولہ قتل وقتال سی نہ ڈرتی اقول انبیا بلکہ ادنی مومنین بہی
بعد وعدۂ حفظ خدا اور دیکہنے آیات خدا کی ہر گز نہین ڈری چنانچہ اپنی بیبادی صاحب فرماتی
ہین کہ بعد یکی کہ حصار ڈالا اور حضرت موسیٰ ڈری پس خدا نی لاتخف فرمایا وما قال لہ
ربہ ذلک الا طمانت نفسہ حتی ادخل یدہ فی فمہا واخذ بلحیتہا
یعنی ہر گاہ خدا نی یہ الفاظ فرمائے تو انکو اسیا مطمئن ہوگیا کہ بخوف وخطر اپنی ہاتہون کو
اژدہی کی منہ مین ڈالکر دونکڑا اوسکی پکڑلی پس اگر ابوبکر کو بہی کچہ بہروسا ایمان ہوتا بعد وعدۂ
خدا اور دیکہنے آیات خدا کی ہر گز نہین ڈری چنانچہ اپنی بیبادی صاحب فرماتی
ہین کہ بعد یکی کہ حصار ڈالا اور حضرت موسیٰ ڈری پس خدا نی لاتخف فرمایا وما قال لہ
ربہ ذلک الا طمانت نفسہ حتی ادخل یدہ فی فمہا واخذ بلحیتہا
یعنی ہر گاہ خدا نی یہ الفاظ فرمائے تو انکو اسیا مطمئن ہوگیا کہ بخوف وخطر اپنی ہاتہون کو
اژدہی کی منہ مین ڈالکر دونکڑا اوسکی پکڑلی پس اگر ابوبکر کو بہی کچہ بہروسا ایمان ہوتا بعد وعدۂ
خدا اور دیکہنے آیات خدا کی تحت ڈری علاوہ اسکی انبیا کا خوف قتل وقتال مستبع گریہ وزاری
وطلب دستگاری اور افشار راز خدا وغیرہا نہین ہوا اور ہمارے کہ قتل وقتال سی مستلزم مغلوبی نہین تہا پس خوف
خوف ابوبکر کہ ڈرانیون سے پاکیزہ تہی اور مخلوقین جلالی تہی غشیان ہایبہا المخلوقین قوا

عیب نہ جانین اقول البتہ کیونکر عیب جانین کہ معصومین کو ہر نقص و عیب سے مبرا جانتے ہین
قولہ علی کی نسبت خوف کا خیال ہی نکرین اقول جو خوف کہ ابوبکر کو تھا کہ کہیں علی سے
بیعتی ارتدادی ایمانی پر ستم ہم اونی مومن کی نسبت بھی ہو اس خوف کا خیال نہین کرتی فضلا
عن المعصومین قولہ جیسا کہ تقلیب المکائد مؤلف کہتا ہی اقول ہو کچھ صاحب تقلیب نے
لکھا بہت درست لکھا اگر اونکو بھی خوف جان ہوتا تو مثل ابوبکر کی لڑائیون ہی وہ بے
بھاگ بھاگ جایا کرتی اور رسول خدا کو نرغۂ کفار مین تنہا چھوڑ دیتی قولہ الزام خوف کا ابوبکر پر
کیسطرح عاید نہین ہو سکتا اقول ہمنی بخوبی ثابت کیا کہ الزام خوف کا ابوبکر پر باعتبار سوابق
اور لواحق دونو کی عائد ہو سکتا ہی باعتبار سوابق کی بی ایمانی اور بی یقینی اور بی
پرواہی باعتبار لواحق کی رونما پیتا چلا افشاء راز خدا و رسول کے بلاب حضرت خطاب کیا الزام
چاہتی ہین قولہ تو ایسا خوف باقرار علمای شیعہ انبیا کو بھی ہوا اقول غلط کہتی ہو ہرگز
علمای شیعہ اسکا اقرار نہین کرتی اسلئے کہ خوف انبیاء کا مثل خوف ابوبکر کی قبیح اور مذموم
اور مستعین اور منہی عنہ نہا قولہ تو اسکا خوف حضرت امیر المومنین علی رضی کو بھی ہوا اقول خوف
ہوا لیکن بعد تصدیق قول خدا و رسول کے نہین ہوا اور مستلزم رونی پیٹنے کا نہین ہوا اور موجب
افشاء راز خدا و رسول نہین ہوا اور مورد نہی من اللہ و الرسول نہین ہوا قولہ سب نتیجہ نے
افضل اقول آری جیسا ابوبکر سب مخلوقات سے اذل اور ارذل تھی قولہ الحاصل قرآن مجید
کی آیتین اقول الحاصل قرآن مجید کی آیتین اور مسلم اور بخاری کی روایتین اور علمای سنیہ
کی اقوال سب اسی پر شاہد ہین کہ حضرت ابراہیم اور خاتم الانبیاء اور افضل الاوصیاء کا خوف
مثل خوف ابوبکر سبتنی بر بیدینی اور بی ایمانی اور بی یقینی کی نتھا اور خوف ابوبکر کا عین کفر و
الحاد اور مستلزم مشاقۃ اللہ اور ایذاء اللہ و الرسول تھا لیکن ہمکو نہایت تعجب آتا ہی کہ علمای سنیہ

کیونکر خوف بجا اور بیجا مین فرق نہین کرتی اور خوف کفری و نفاق کو ساتھ اوس خوف کی جو
عین ایمان بلکہ طاعات اور عبادات مذا سے تہلہ ساوی کرتی ہین اور خوف نفاقی کفری
ہی کی چھاپ کی لئی ہا انبیاء اور معصومین پر زبان درازیان کرتی ہین اور بالکلیہ دین و ایمان سی
ہاتھہ اوٹھا کر بخوف خدا بخاطر ابوبکر خوف معصومین کو بھی بیجا اور بیمحل اور قبیح اور مستہجن کہتی ہین قولہ
خوف کو اونکی کفر و نفاق کا نتیجہ سمجھا اقول سچ ہی ابوبکر مین ایسا ہی سمجھا اسلئے کہ اونکی کفر و
نفاق کی قائل ہین اور دلیل اسکی اس مقام پر عدم تصدیق قول خدا و رسول اور رونا پیٹنا اور
افشاء راز خدا و رسول کرنا ہی اور چونکہ معصومین مین العیاذ باللہ کفر و نفاق کی قائل نہین ہین تو
اونکی خوف کو نتیجہ بے ایمان سے کہتے ہین برخلاف اونکی جو انبیاءؑ کو مثل ابوبکر معصوم نہین سمجھتی ہین سمجھا
بحال اونکی یہ ہی کہ دونو خوفون کو کفر و نفاق ہی کا نتیجہ کہین جیسا کہ مخاطب نی خوف حضرت
موسیٰؑ کی بیمحل اور بیجا ہونیکا اقرار ہی کر دیا قولہ ائمہ کرام کی قولہ ہر ساعت خوف مین رہی
اقول کس خوف مین رہی جو عین ایمان تہا مثل خوف ابوبکر کہ نتیجہ کفر و نفاق تہا اور منہی
عنہ من اللہ و الرسول تہا قولہ آخر تقیہ جسکی بنا سراسر خوف پر ہی اقول عجب نافہم سی کلام پڑا ہے
کہ کچہ نہین سمجھتا کہ کہان ہی کہان جاتا ہی خوف بیدینی اور بی سے تقیہ ابوبکر کو مثل کرتا ہی ساتھہ
خوف مقامات جواز تقیہ کی حضرت سلامت آتا تو سمجھے کہ مین کس مقام پر تقیہ کو شیعہ
جائز جانتی ہین وہان کا خوف منہی عنہ کہان ہی اوس خوف کا مثل خوف ابوبکر کی مذموم اور قبیح
ہونا آپنے کہان سی ثابت کیا اور حسن و خوبی پر اوس خوف کی مستدرکا فی ہی کہ خدا و رسول
نی اوس خوف سی راضی ہوکر حکم بجواز تقیہ دیا اور الا ان تتقوا منہم تقاۃ اور تقیہ کما فی البیضاوی
فرمایا اور اس بارہ مین الا من اکرہ و قلبہ مطمئن بالایمان نازل کیا اور عمار یاسر کی تقیہ کی حدیث
اور جناب رسول خدا کا فرمانا ان عادوا فعد تحت اس آیہ و ما فی ہذا کی بیضاوی مین موجود ہی ہر طرح

سے صحیح بخاری مین التقیۃ الی یوم القیامۃ موجود ہی اور اتقوا منہ یکم الی تہلکۃ اور قال
رجل مؤمن من آل فرعون یکتم ایمانہ بھی کلام خدا مین موجود ہی کما سبجی فی بحث التقیۃ مفصلاً انشاء
اللہ تعالیٰ الغرض خود آیۃ محل بحث یا انہی بدلیل یکتم ایمانہ و بدلیل تمام بہ مطمئن بالایمان اور
خوف ابوبکر حوالہ آپ ہی کی ہو تقیہ مین کفر و نفاق جانتی ہین پس قیاس ایک کا دوسری پر سراسر
جہالت اور نادانی ہی قولہ موت اور حیات اونکی اختیار مین ہی اقول اس فہمی مین آپکا کچھ قصور نہین
آپ معذور ہین یہ قصور فہم ادبی مبادی کا اور ادبی پیمانہ دور کنہ تعالیٰ کا ہی کہ حدیث لا تسبوا الموتی
باختیارہم کو معنون نہین انہون نے نافہمی یہی اختیار کیا یہ نہ سمجھے کہ جس طرح اختیار کی معنی ان شاء فعل و ان
شاء لم یفعل کی ہین اوسیطرح اختیار بمعنی اصطفاء و پسند کردن بھی بہت آیا ہی کما قولہ تعالیٰ
اختر کم لنفسی و فی قولہ تعالیٰ اختر ک بکلامی و برسالتی و فی قولہ اختار موسیٰ من قومہ سبعین
رجلا و کما فی قولہم اختار الدنیا علی الآخرۃ و فی قولہم اختار المبصرتین اعمال الفعل الثانی و الکوفیون
الاول و فی قولہم اختار الخلیل الرفع و ابو عمر النصب پس غرض اس قسم کی احادیث سے یہ ہی کہ انبیاء
اور ائمہ علیہم السلام تقاء خدا کو پسند کرتی ہین اور مثل عمر اور ابوبکر کی موت سی کارہ نہین ہین خوف
مرگ سی اثر ائیون سی مثل حضرات ثلثہ کی بھاگتی نہین کجا یہ معنے کجا وہ معنی جو نافہم سمجھی مگر اپنی
چونکہ نافہمون کا مذہب اختیار کیا ہی آپ کو ضرور ہی کہ انہین کی معنونکو اختیار کیجئی ہماری معنی
آپکو ناپسند ہی ہونگے ہمین ہمارا کیا اختیار ہی ہم کلمہ حق سنا دیتے ہین آئندہ آپکو اختیار ہے سنیئی یا نہ سنیئی اگر سنتی تو
سنی کیون ان سنی قولہ ملائکہ اونکی حکم مین انی قولہ سبکو شامل جاوی اقول یہ باتین جو آپنے قدرت اور رضا
کی لکھین سچ ہی کہ شیعہ اسکی قائل ہین کہ ایزد کردگار نی انبیاء اور ائمہ علیہم السلام کو مخصوص باین
کرامات و معجزات کیا ہی اور مثل اہلسنت کی ہرگون بر ہنہ سر زہ گرد اور ہر مجذوب و دیوانہ صحرا
نوبرد اور ہر کاشت معصیت و فجور کو صاحبان مقامات اور درجات کا نہین جانتے اور

جناب رسول خدا کو ان جمیع فضائل مین ساری دنیا سی افضل و اعلیٰ سمجھتے ہین لیکن باینہمہ
کل انبیا اور ائمہ کو تابع حکم و مرضی خدا جانتی ہین پس جس جگہ ان لوگون کو حکم کسی امر کے
اظہار اور اعلان کا ہوتا تھا وہان بجا اوری فرمان خدا مین سر مو کوتاہی نکرتی تھی اگرچہ نوبت
بجان و مال و ہتک حرمت بظاہر پہنچی جیسا کہ جناب سید الشہدا روحی لہ الفدا نی کیا اور جس
جگہ حکم خدا مخفی و استتار و بوفی الغار ہوتا تھا اگرچہ کفار و منافقین استہزا کرین مہان کچھ استہزا
کی پروا نکرتی حکم خدا کی تعمیل فرماتی تھی اگر مستہزئین کو کچھ بھی دین اور ایمان سی بہرہ ہوتا تو اتنا
تو سمجھتے کہ قوت و قدرت انبیا اور ائمہ اطہار علیہم السلام محض مستعار ہی اور قوی متکل موجود
حضرت ایزد کردگار ہی اور خود فرماتا ہی ولو شاء ربک لآمن من فی الارض
کلھم جمیعا پس باوجود اس قدرت اور اختیار کی انبیا اور اوصیا کا سر مو خوف و قتل
مین پڑنا اور اشال فرعون کو چار سو برس تک دعوای انا ربکم الاعلیٰ پر چھوڑ دینا نہین ہی
مگر کسے وجہ سی پس وہی وجہ تقیۂ انبیا اور ائمہ کی لئی کافی ہی قولہ تعالیٰ خوف و ترس مین ہی
اقول آری مقتضای عقل و شرع یہی ہی کہ انسان دوستون پر اعتماد کری اور اپنی دشمنون سے
ہمیشہ خائف رہی عادی کی تاکید مگر سے غافل ہونا عین حماقت ہی لیکن اس غفلت کو کوئی عقل و شرع نہین
کہتا ہی خدا اور رسول نے ایسی خوف و ترس کو کبھی منع نہین فرمایا قولہ اور اپنی امامت کا دعوی نکرین
اقول جھوٹی کی سو نہین کیا کسی امام علیہ السلام نی دعوی امامت نہین کیا کس امام نی حجج و دلائل باہرہ
و معجزات باہرہ سی طالبین کی اپنے امامت پر قائم نہین کی کس امام نی اتمام حجت نہین کیا
پر نہین کیا اگر کسی عقل کسی نقل کی بنا پر نہین کرتی کہ دنیا کی لاکھون ملتا کی نزدیک امامت یا نبوت کسی
کی بغیر دعوی کے بغیر حجت اور دلیل لائق ثابت ہو جای بلکہ وہ کل دنیا والون سی کہی مین ہر گز تم
نہین ہون گے کہ زبردستی اوسکو امام اور پیغمبر مانی لگین اگر نبوت اور امامت ایسی ہی ہوتی

تو تعجب ہی کہ حضرت مخاطب اور اونکی اوستادجی کیون نہین یہ تنگ نام اور پرتنگ بھی بلکہ حق تو یہ
ہی کہ باوجود سعی وکوشش بسیار کی ایتک امامت کرسانونکی سب بے ثمر وحاصل ہوئی امامت مسلمانون
کی کون پونچھی آپکے نزدیک امامت خلافت مصنوعی ابوبکر سی بھی نہایت آسان تر ٹھہرے
اسلئے کہ اوسمین بھی بڑی بڑی اہتمامات بلیغہ سقیفہ بندی اور اخذ بیعت مین بطمع دسے
حکومت شام وریاست مصر اور ایالت یمن اور افسری فوج اور وعدۂ اعطای مال سفت کہ
عبارت خمس وزکوۃ سے ہی کرنا پڑی تھی اور نہایت حسن تدبیر اور حسن انتظام کی ضرورت ہوئی
تھی چنانچہ بڑی داد اسپر آپکی ازالۃ الخفامین فرماتے ہین کہ وقت بیعت ابوبکری بہت مشکلین پیش
آئین ازانجملہ یہ کہ سادات اہلبیت نے بیعت سی تقاعد کیا لیکن خلیفہ ثانی نے آب حسن تدبیر اور تلافی
فتنہ کو بچایا یعنے خانۂ اہلبیت جلایا ظاہرا اسی سبب سے خلیفہ ثانی فرماتی تھی کہ بیعت ابی بکر کانت
فلتۃ وقی اللہ شرہا کما فی صحیح البخاری فی کتاب الحدود یعنی بیعت ابوبکر ایک اتفاقی امر تھا
کہ خدا نے اوسکی شر سی بچایا الغرض بنا جای تعجب ہی کہ خلافت مصنوعی مین تو یہ اہتمام ہوئے
اور امامت حقہ بقول آپکی بی کچھ کہے سنے امامونکو حاصل ہو گئی یہ بات تو ہمارے سمجھ مین ہرگز نہین آتے
حضرت مخاطب اپنی برادران حاکمین سے جیسا چاہین ارشاد فرماوین وہ البتہ مان لین گے چونکہ
عقل الحاکم فی الدہر مشہور ہی قولہ کسی سی سچ بات نکمین اقول تم جھوٹی ہوا دشمنون نی سبھی سے
سچ بات کسی دشمنون سی جو حکم تقیۃً بیان فرمایا حالت تقیہ کے لئے وہی حکم سچا تھا اور دوستون سی جو حکم
غیر تقیہ مین بیان فرمایا غیر حالت تقیہ مین وہی حکم سچا تھا ہر سخن جای و ہر نکتہ مکانی دارد تو اگر فرق مراتب
نکنی زندیقی قولہ اپنی اصحت خواہی سی کوئی آزار اقوال سخن ساز البتہ عقلا کرتے ہین خاص خواص ہی سی کہین
اور اعادی کی مزہ پر دروازہ بند کرین قولہ ڈرتی ڈرتی اپنی شاگردونکو علوم دینی تعلیم کرین اقول سچ ہے تو اسے
فرمایا کہ اونہون نے کبھی امامت کا دعوی ہی نہین کیا پھر اونکی شاگرد کہان سے جمع ہو گئی جنکو علوم دینی تعلیم کرتے

حضور مثل امام جعفر صادق علیہ السلام کی کہ چار ہزار شاگرد آپکے ہین اگر یہ لوگ دین کیواسطے اونکی پاس
نہین جمع ہوتی تھی تو کیا عمر اور ابوبکر کیطرح اونکی پاس بھی لوگ بطمع دنیا مال مفت لینی کو جمع ہوتے
تھی الغرض عقیدہ حقہ اہل حق اس بارہ مین یہی ہے کہ ائمہ علیہم السلام مین جن لوگون نی تقیہ کیا
بحکم خدا و رسول نکیا اونہون نے کیا بحکم خدا و رسول کیا اور بعد اتمام حجت خدا اپنی دشمنون
سے تقیہ کیا نہ دینداروں سی اور اہل دین اونکی فیوض سی مہا الکمن بقدر ذرہ بھی محروم رہی
اور کفار اور منافقین جس طرح فیض انبیا سی محروم رہے اوسی طرح فیض ائمہ سی حرمان نصیب ہے قولہ ایک بات صاحب
سامنے آجائی اقول آری اگر وہ بات صاحب شان ثانی اثنین یا ثالث ثلثہ صاحب فتنہ و فساد و دروغ
ہی تو اوسکی سامنے اظہار سخن راز سی انکار ضرور ہی قولہ اپنے مخلص احباب پر لعنت اور تبرا
کرنی لگین اقول حقیقت مین کل لعنت اور تبری کا مرجع طرف موسسین اساس تظلم کی ہوتا
ہی مگر خدائی مخالفین کی کانون اور آنکھون پر پردی پڑی ہین اور دلون کو اندھا کیا ہی کہ وہ نہین
سمجھتے ہین چنانچہ مشہور ہی کہ معاویہ لعنہ اللہ من معاویۃ الہاویۃ نی بعض مومنین کو تکلیف دے
کہ جناب امیر علیہ السلام سی سر منبر تبرا کرین اونہون نی منبر پر جاکر کہا ان علی ابن ابی طالب امیر المومنین
والمعاویۃ یامرنے ان العنہ فلعنہ اللہ علیہ حاضرین کو دل سمجھے کہ جناب امیر سی تبری کیا حالانکہ
اونہون نے معاویہ پر لعنت کی قولہ ائمہ کرام کی خوف مین اور ابوبکر کی خوف مین کیا امتیاز کیا قرار
دیا ہی اقول اتنی ہی سمجھ ہوتی تو راہ ہدایت سی راہ ضلالت پر کیون جاتے الحمد للہ کہ یہ امتیاز
ممیزین کو حاصل ہی بچند وجہ اول خوف ائمہ مورد نہی نہین ہی اور خوف ابوبکر مورد نہی ہی دوم خوف ائمہ
معصومین ایمان کی تقویت ہی اور خوف ابوبکر خلاف مقتضی ایمان ہی سوم خوف ائمہ مرضی مولود خدا و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
اور خوف ابوبکر خلاف مرضی مولود خدا و رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم چہارم خوف ائمہ مستلزم ازدیاد عین ایمان اور ایقان کی
ہی اور خوف ابوبکر اوپر عدم تصدیق اور تکذیب بوعدہ خدا و رسول اور عدم ایمان آیات خدا کی

پنجم خوف ائمہ مستتبع کسے اقتبیح کا نہین ہی اور خوف ابوبکر مستتبع ہی ایک امر شنیع کا کہ خدا اور رسولؐ کو منظور ایک امر کا استتار اور ابوبکر کو بطینتی منظور اوسکا اعلان و اظہار ہوا بالجملہ اگر آپ ائمہ اور ابوبکر مین کچھ فرق سمجھتے تو دونو کی فعل مین بھی فرق سمجھتے لاحول ولا قوۃ الا باللہ کجا ائمہ ہدیٰ اور کجا عبد العزیٰ کجا نار اور کجا نور کجا کوہ کی کھڑی کی چمک اور کجا شعلہ سطور لا تستوی الظلمات والنور ولا الظل ولا الحرور ولا تستوی اصحاب النار اصحاب الجنۃ اصحاب الجنۃ ھم الفائزون آپکی نزدیک فرعون و موسیٰ اور ابوجہل اور جناب رسولخدا یکسان ہین یہ تو فرمائیے کہ ابوبکر کی شان مین کونسا آیہ تطہیر آیا اور کونسا آیہ مباہلہ خدا نے نازل فرمایا کونسا سورہ ہل اتی اور ترا کان لا اسئلکم علیہ اجرا الا المودۃ فی القربیٰ ابوبکر کہا گیا الغرض فرق درمیان ائمہ طاہرینؑ کی اور اخوان من کان من الکافرین کی ہمپر خوب روشن اور جلی اور مثل آفتاب نصف النہار کی منجلی ہی پس اسی وجہ سی ہم فرق بین فرق الفریقین کرتے ہین اگر آپکو بھی خدا ہدایت دی تو آپ بھی ہمین قولہ علاوہ انبیا کی خدا کی کلام سی مومنین کا بھی خائف ہونا ثابت ہوتا ہی اقول نہ انبیا اور اوصیا کی خوف کا ہمکو انکار ہی نہ خوف مومنین کا انکار ہے بلکہ ہمنی مکرر بیان کیا بعضی اقسام خوف نہایت مستحسن بلکہ عین طاعت اور عبادت خدا ہین کلام اوس مین ہی جو مثل خوف ابوبکر کی قبیح اور مستہجن ہی کہ مبتنی اوپر عدم تصدیق وعدۂ خدا و رسولؐ اور مستتبع گریہ وزاری و بیقراری و افشای راز رسولؐ خداوند باری ہی اور ہمکو فرار عن الزحف ہی قولہ اللہ جلشانہ فرماتا ہی ان الذین قالوا ربنا اللہ ثم استقاموا تتنزل علیھم الملائکۃ الخ اقول جس خوف کا ذکر اس آیہ وافی ہدایہ مین ہے وہ خوف جان و مال نہین وہ خوف از کفار اشرار نہین وہ خوف دنیاوی نہین بلکہ خوف اخروی ہی اور وہ خوف مصداق خشیۃ اللہ ہی جو اسوہ من اللہ ہی اور مومنین کی لئی وار دنیا مین عین عبادت

اور طاعت ہی اور مبتنی بر کمال دین و ایمان ہی پس اس خوف کو ذکر کرنا مقابلہ مین اوس
خوف کی جو سراسر بیدینی اور معصیت خدا و رسول ہی کا رحضرت مخاطب ہی توضیح اسکی
اس طرح پر ہی کہ جناب باری بہ نسبت مومنین کاملین کی فرماتا ہی کہ جن لوگون نی ربنا اللہ
کہا یعنے ایمان بخدا لائی اس طور پر کہ اوسکی ذات او صفات اور احکام سب کا ایمان لائی
پس داخل ہو گئی تحت مین اسکی کل ضروریات ایمان ثم استقاموا بعد اسکی اوس ایمان پر اور
مقتضائی ایمان پر مرتی دم تک ثابت قدم اور مستقل بھی رہے یعنی مثل صحابہ مرتدین کی مرتد
نہین ہو گئی ایسے کامل ایمان پر وقت مرنیکی یا قبر مین یا وقت بعث و نشور کی یا تینون وقتون
مین علی اختلاف التفسیر ملائکہ رحمت جانب پروردگار سی یہ بشارات نازل ہونگی اور
اونسے کہین گی تم لوگ نہ ڈرو نہ غمناک ہو لہاں قیامت اور عقابہای جہنم سی اور غمگین نہو اسطے
فوت ثواب کی یا بوجہ معاصی سابقہ کی کہ وہ مغفور ہین اور بشارت لو بہشت سنبر شت
کی وہ بہشت کہ جسکا وارد دنیا مین انبیا نے تمسی وعدہ کیا تہا پس باتفاق مفسرین اس آیہ مین بیان حال دنیا
نہین ہی بلکہ بیان حال اوسوقت کا ہی جسوقت انسان دار تکلیف سی خارج ہو جاتا ہی پس یہ خوف
جسکا ذکر اس آیہ مین ہی دار دنیا مین نہایت مستحسن اور عین ایمان اور طاعت تہا اور نہی لاتخافوا
کو جو خارج از دار تکلیف اطلاق کی گئی ہی نہی تکلیفی تحریمی ٹہرانا ممکن نہین ہی اور کلام ہمارا نہی
تکلیفی مین تہا کہ بالاصالۃ التحریمی ہی نہ ہر نہی مین خواہ دار تکلیف مین ہو خواہ دار آخرت مین
پس ذکر اس سنکا من فیہ مین دلیل کمال غباوت یا غوایت ہی قولہ پہر ایک کو دوسری جگہ
پر اللہ جل شانہ مومنین سے فرماتا ہی لاتحزنوا وانتم الاعلون اقول جناب والا آپ
ہزار لاتحزنوا انکا لین مگر مثل لاتحزن ابوبکر کی نہوگا اسلئے کہ نہ تصدیق کرنا وعدہ خدا و رسول
کی اور نہ ایمان لانا ساتھہ آیات خدا کی اور رونا پیٹنا چلانا کہ جس سی افشار راز خدا و رسول ہو

ہمنے آپکی کتابون سے ثابت کردیا پس اگر اس لاتحزنوا مین ہے آپ یہ سب باتین ثابت
کردیجیگا تو ہمکو کیا عذر ہوسکتا ہی اسمین کہ ہم اس لاتحزنوا کو بھی مثل لاتحزن ابوبکر کی ممنوعی
نہی تحریمی پر کرین کیونکہ یہان عصمت مانعہ عن العمل علی التحریم نہین ہی خصوصًا نظر بسیاق و
سباق آیہ کہ جسکو آپنی اپنی مطلوب کی موافق سمجھہ کی بسبت سارق القرآن چہ اوڑالاہی یہ کونسی حق پسندی
وبیدینی ہی اور اس چوٹے پن سی بجز خسر الدنیا والآخرۃ وذلک ہو الخسران المبین کی کیا فائدہ
التماس ہے حقیقت حال یہ ہی کہ خداوند تعالیٰ بہ نسبت اون کچی مسلمانونکی جو جہاد مین جانے
وہن اور سستے کرتی تھی یون فرماتا ہے لاتھنوا ولاتحزنوا وانتم الاعلون ان کنتم مومنین حاصل مضمون ہدایت مشحون یہ ہی کہ جناب باری فرماتا
ہی کہ اے کچی مسلمانو ای سست اعتقیدو جہاد مین جانے سستی مت کرو اور تم مین سے جو
لوگ شہید راہ خدا ہون اونپر اسقدر حزن وغم نکرو جو جہاد سے تمکو مانع ہو یا مثل شیوخ ثلاثہ
کی تمہاری لئی سورث فرار عن الزحف ہو اسلئے کہ غلبہ از جانب خدا تمہاری ہی لئی مقرر کیا
گیا ہی اگر تم سچا ایمان بخدا ورسول لائی ہو تو جیسا ہم کہتی ہین ویسا کرو یعنی سستی نکرو اور رنج
غم سی اور خوف والم سی مثل حضرات ثلاثہ کی بھاگ نکھڑی ہو پس انتم الاعلون کو یا ملت
لاتھنوا ولاتحزنوا کی ہی جیسے ان اللہ مع الذین اتقوا لاتحزن کی ہی یعنے ای کمبخت کیون روتا
پیٹتا ہے خدا ہماری ساتھ ہی ہمکو بچا ہی گا اوسی طرح سے یہان بہی جناب باری فرماتا ہی
ای کمبختو ای بے نصیبو کیون جہاد فی سبیل اللہ سے جان چراتی ہو کیون مری جاتی ہو کیون
روتی پیٹتی ہو خدا تمکو غالب کریگا یہ جبن واضطراب تمہارا عبث ہی پس لاریب کہ نہی لاتھنوا
نہی تکلیفی تحریمی ہی کیون کہ بالاتفاق جہاد فی سبیل اللہ مین وہن اور سستی کرنا حرام ہی پس
بقرینۂ سیاق سے لاتحزنوا بہی اگر تحریمی ہو تو کیا قباحت ہی اور مراد حزن سے یہان بہی وہی

حزن ہوسکتا ہی جو اشال پیارغار کی اسی غار مین موجب عار اور صف جنگ مین موجب فرار
اور قوتی دبرای الکفار الفجار ہوتا تہا اب نظر کیجی طرف مرتبہ سباق کے کہ انکنتم مومنین
اسپر دلالت کرتا ہی کہ یہ وہن اور حزن مقتضائی ایمان نہین ہی بلکہ مقتضای بی ایمانی ہی
اور لاریب کہ جو بات مقتضای بیدینی اور بے ایمانی ہی وہ حرام ہی پس نہی تحریمی ہوئی و
ہذا ہو المطلوب والحمد للہ اور قطع نظر اس سی کہ ہم دونو نہیون کا تحریمی ہونا ثابت کرین ہم ایک
مختصر بات یہ کہتی ہین کہ آپ مدعی ہین کہ دونو نے لاتحزن اور لاتحزنوا کی ایک ہی قسم کے
ہین ہم اسکو باس خاطر عاطر مسلم رکہتے ہیں لیکن نہی لاتحزنوا وانتم الاعلون
کی مقید ہی بہ شرط انکنتم مومنین کی جسکا سبب یہ ہی کہ حزن کرنا شان مومنین سی
نہین ہی اور جب یہ حزن خلاف ایمان ہوا تو جو حزن کہ لاتحزن ان اللہ معنا مین ہی
وہ بہی ضرور ہی کہ خلاف ایمان ہوا اسلئے کہ بقول آپکی دونو حزن اور دونو نہی ایک ہی قسم کی
ہین پس ایک امر دو ہوا نہین ہوسکتے تو ضرور ہوا کہ حزن لاتحزن بہی بی ایمانی ابوبکر کے
دلیل محکم ہوا اور ہمارا مطلب اس سی زائد نہین ہی اب آپکو اختیار ہی کہ نہی کی جو معنی چاہے
قرار دیجئے قولہ قاضی صاحب بہی اسکا اقرار کرینگے کہ نہی زجر توبیخ کے لئی ہی اقول
کیون قاضی صاحب کی اقرار کا مانع کون ہی اور اگر بالفرض یہان کوئی مانع ہو تو ابوبکر مین جسکا بیجا رونا
پیٹنا ہم آپکی کتابون سے ثابت کرچکی کون مانع ہی قولہ یہی فرماوینگے کہ تسلی اور تشفی کی لئے
ہی اقول نعوذ باللہ اگر مثل تمہارے ہوتی تو ایسا ہی کہتے کہ مبین ابوبکر کی جان بچے سو
بخیریت شیون نسی تو اسکے طمع نرکہئی قولہ پہر ہم نہین سمجہتے اقول ہندی کی چندی
کرکی تو سمجہاتی ہین پہر ہی اگر نسمجہے تو ایسی سمجہ پر پتہر پڑین قولہ ہزار جگہ واسطی تشفی اور تسلی
کے اقول نہی اگر ہزار جگہ واسطے تسلی کی ہو تو لاکہ جگہ واسطے تحریم کی ہی اور بلاقرینہ

واسطے تحریم ہی کی ہی قولہ اگر کوئی قرینہ عقاب اور خشکی کا پایا جاتا تو ہم تسلیم کرتی اقول
معنے اصلی مین قرینہ کی کیا حاجت قرینہ معنی تاویلی کی لئی چاہیے علاوہ اسکی شیعون کی
نزدیک سیکڑون قرینہ ہین اونی قرینہ یہ ہے کہ جب قبیح حرکات ناشایستہ ابوبکر صدیق شامل عدم توفیق آیات خدا
عدم تصدیق بوعدۂ خدا اور قلق اور انزعاج اور بکا اور قصد افشائی راز خدا اور رسول ہنی تمہارے
